UNIVERSAL
LIBRARY

OU_224577

UNIVERSAL
LIBRARY

سلسلۂ نصابی کتب علمیہ عثمانیہ

علم مثلث مستوی

تصنیف

ای۔ ڈبلیو۔ ہابسن۔ ایس سی ڈی ایل۔ ایل۔ ڈی ایف۔ آر۔ ایس

ترجمہ

محمد نذیر الدین ایم۔ اے (عثمانیہ)

رکن سررشتۂ تالیف و ترجمہ جامعۂ عثمانیہ سرکار عالی

سنہ ۱۳۵۵ھ م سنہ ۱۳۴۵ف م سنہ ۱۹۳۶ء

مطبع جامعۂ عثمانیہ دارالطباعت حیدرآباد دکن

۸۶/۹۲

فہرست مضامین

علم مثلث مستوی

پہلا باب

زاوئی مقداروں کی پیمائش

دفعات	مضمون	صفحہ
۱	— تمہید۔	۱
۲ تا ۳	— کسی مقدار کے زاویہ کی تکوین۔	۲
۴	— زاویوں کی عددی پیمائش۔	۴
۵ تا ۱۰	— زاویوں کی دائری پیمائش۔	۵
۱۱	— دائری قوس کا طول۔	۹
۱۲	— دائرہ کے قطاع کا رقبہ۔	۱۴
	پہلے باب پر مثالیں۔	۱۵

دوسرا باب

دفعات	مضمون	صفحہ
	خطوں کی پیمائش۔ ظِل	
۱۳ تا ۱۶	خطوں کی پیمائش۔	۱۸
۱۷	ظِل۔	۲۰
	تیسرا باب	
	دائری تفاعل	
۱۸ تا ۲۱	دائری تفاعلوں کی تعریفات۔	۲۲
۲۲ تا ۲۴	دائری تفاعلوں کے درمیان رشتے۔	۲۷
۲۵	دائری تفاعلوں کی قیمتوں کے حدود۔	۳۰
۲۶ تا ۲۹	دائری تفاعلوں کے خواص۔	۳۰
۳۰	دائری تفاعلوں کی دوریت	۳۵
۳۱	دائری تفاعلوں کی علامت اور مقدار میں تبدیلیاں۔	۳۶
۳۲	دائری تفاعلوں کی ہندسی تعبیر۔	۳۹
۳۳	وہ زاوئے جنکا دائری تفاعل وہی ہے۔	۴۱
۳۴	بعض زاویوں کے دائری تفاعلوں کا تعیّن۔	۴۲
۳۵ تا ۳۸	مقلوب دائری تفاعل۔	۴۶
	تیسرے باب پر مثالیں	۴۹
	چوتھا باب	
	دو یا دو سے زیادہ زاویوں کے دائری تفاعل	
۳۹ تا ۴۳	جیب اور جیب التمام کے لیے جمع اور تفریق کے ضابطے۔	۵۳

دفعات	مضمون	صفحہ
۴۴ تا ۴۵	دو جیوب یا دو جیوب التمام کے مجموعہ یا فرق کے لیے ضابطے۔	۶۰
۴۶	مماس اور مماس التمام کے لیے جمع اور تفریق کے ضابطے۔	۶۶
۴۷	مختلف ضوابط۔	۶۷
۴۸	تین زاویوں کے لیے جمع کے ضابطے۔	۷۰
۴۹	زاویوں کی کسی تعداد کے لیے جمع کے ضابطے	۷۱
۵۰	جیوب یا جیوب التمام کے حاصل ضرب کو جیوب یا جیوب التمام کے حاصل جمع کے طور پر بیان کرنا۔	۷۴
۵۱	ضعفی زاویوں کے دائری تفاعلوں کے لیے ضوابط۔	۷۸
۵۲	جیب یا جیب التمام کی قوتوں کے لیے ضعفی زاویوں کی جیوب یا جیوب التمام کی رقوم میں چلے۔	۸۰
۵۳	مقلوب تفاعلوں کے درمیان رشتے۔	۸۲
۵۴	ضابطوں کے ہندسی ثبوت۔	۸۳
	چوتھے باب پر مثالیں۔	۸۷

پانچواں باب

تحت ضعفی زاویوں کے دائری تفاعل

۵۵ تا ۶۳	ضوابط۔	۹۶
۶۴	دئے ہوئے زاویے کے ایک ثلث کے دائری تفاعل۔	۱۰۷
۶۵ تا ۶۶	بعض زاویوں کے دائری تفاعلوں کی تعیین۔	۱۱۱
	پانچویں باب پر مثالیں۔	۱۱۶

دفعات	مضمون	صفحہ
۱۱۰ تا ۱۱۱	۔ مثلثی جدولوں کا بیان اور ان کا استعمال ۔	۲۳۷
۱۱۲ تا ۱۱۴	۔ متناسب اجزاء کا اصول ۔	۲۴۲
۱۱۵ تا ۱۱۷	۔ لوگارتمی اعمال حساب کے لیے ضابطوں کو موزوں بنانا ۔	۲۴۹

دسواں باب

مثلث کے ضلعوں اور زاویوں کے درمیان رشتے

۱۱۸ تا ۱۲۴	۔ مسائل ۔	۲۵۳
۱۲۵	۔ مثلث کا رقبہ ۔	۲۶۰
۱۲۶	۔ مثلث کے ضلعوں اور زاویوں میں تغیرات ۔	۲۶۱
۱۲۷ تا ۱۲۸	۔ کثیر الاضلاعوں کے زاویوں اور ضلعوں کے درمیان رشتے ۔	۲۶۴
۱۲۹	۔ کثیر الاضلاع کا رقبہ	۲۶۵
	دسویں باب پر مثالیں ۔	۲۶۷

گیارہواں باب

مثلثوں کا حل

۱۳۰	۔ تمہید	۲۷۴
۱۳۱ تا ۱۳۳	۔ قائم الزاویہ مثلثوں کا حل ۔	۲۷۴
۱۳۴ تا ۱۴۰	۔ غیر قائم الزاویہ مثلثوں کا حل ۔	۲۷۸

دفعات	مضمون	صفحہ
۱۴۱ تا ۱۴۴	کثیر الاضلاعوں کا حل۔	۲۸۹
۱۴۵ تا ۱۴۹	بلندیاں اور فاصلے۔	۲۹۳
	گیارہویں باب پر مثالیں۔	۳۰۰

بارہواں باب

مثلثوں اور ذوار بعتہ الاضلاعوں کے خواص

۱۵۰	تمہید۔	۳۱۳
۱۵۱	مثلث کا حائط دائرہ	۳۱۳
۱۵۲ تا ۱۵۴	مثلث کے اندرونی اور جانبی دائرے۔	۳۱۴
۱۵۵	خطوط وسطی۔	۳۲۱
۱۵۶	زاویوں کے ناصف	۳۲۳
۱۵۷	مثلث پائین۔	۳۲۴
۱۵۸	خاص نقطوں کے درمیان فاصلے۔	۳۲۶
۱۵۹	مثلث کے رقبہ کے لیے جملے۔	۳۳۰
۱۶۰ تا ۱۶۳	مثلثوں کے خواص۔	۳۳۱
۱۶۴ تا ۱۶۷	ذوار بعتہ الاضلاعوں کے خواص۔	۳۳۴
۱۶۸	منتظم کثیر الاضلاعوں کے خواص۔	۳۴۲
۱۶۹	مثالیں۔	۳۴۳
	بارہویں باب پر مثالیں	۳۵۰

تیرہواں باب

دفعات	مضمون	صفحہ
	ملتف اعداد	
۱۷۰	تمہید۔	۳۷۰
۱۷۱ تا ۱۷۴	ملتف اعداد کی ہندسی تعبیر۔	۳۷۰
۱۷۵ تا ۱۷۷	ملتف عددوں کی جمع۔	۳۷۴
۱۷۸	ملتف عددوں کی ضرب۔	۳۷۷
۱۷۹	ایک ملتف عدد کو دوسرے سے تقسیم کرنا۔	۳۷۹
۱۸۰ تا ۱۸۵	ملتف عددوں کی قوتیں۔	۳۸۱
۱۸۶ تا ۱۸۷	ڈیموائر کا مسئلہ۔	۳۸۸
۱۸۸	اجزائے ضربی۔	۳۹۳
۱۸۹	دائرہ کے خواص۔	۳۹۶
۱۹۰	مثالیں۔	۳۹۸
	تیرہویں باب پر مثالیں۔	۴۰۰
	چودھواں باب	
	لامتناہی سلسلوں کا نظریہ	
۱۹۱	تمہید۔	۴۰۷
۱۹۲ تا ۱۹۶	حقیقی سلسلوں کا استدقاق۔	۴۰۷
۱۹۷	ملتف سلسلوں کا استدقاق۔	۴۱۷
۱۹۸	مسلسل تفاعل۔	۴۲۰
۱۹۹ تا ۲۰۱	یکساں استدقاق۔	۴۲۱
۲۰۲	سلسلہ ہندسیہ۔	۴۲۸

دفعات	مضمون	صفحہ
۲۰۳ تا ۲۰۸	صعودی صحیح قوتوں کے سلسلے۔	۴۳۰
۲۰۹	دو سلسلوں کے حاصل ضرب کا استدقاق۔	۴۴۲
۲۱۰	دوہرے سلسلوں کا استدقاق۔	۴۴۴
۲۱۱ تا ۲۱۲	مسئلہ ثنائی۔	۴۴۹
۲۱۳ تا ۲۱۷	ضعفی زاویوں کے دائری تفاعل۔	۴۵۸
۲۱۸ تا ۲۱۹	کسی زاویہ کے دائری ناپ کا پھیلاؤ اس کی جیب کی قوتوں میں۔	۴۶۹
۲۲۰ تا ۲۲۲	جیوب اور جیوب التمام کی قوتوں کو ضعفی زاویوں کی جیوب اور جیوب التمام میں بیان کرنا۔	۴۷۲

پندرہواں باب

قوت نمائی تفاعل۔ لوکارتم

۲۲۳ تا ۲۲۷	قوت نمائی سلسلہ۔	۴۷۹
۲۲۸	دائری تفاعلوں کے پھیلاؤ۔	۴۸۶
۲۲۹ تا ۲۳۰ (ز)	دائری تفاعلوں کی قوت نمائی قیمتیں۔	۴۸۷
۲۳۱ تا ۲۳۲	قوت نما اور دائری تفاعلوں کی دوریت۔	۴۹۲
۲۳۳ تا ۲۳۷	دائری تفاعلوں کی تحلیلی تعریف۔	۴۹۴
۲۳۸ تا ۲۳۹	طبعی لوکارتم۔	۵۰۲
۲۴۰ تا ۲۴۴	عام قوت نما تفاعل۔	۵۰۴
۲۴۵	کسی اساس پر لوکارتم۔	۵۰۹
۲۴۶ تا ۲۴۸	عام ترین لوکارتم۔	۵۱۰
۲۴۹ تا ۲۵۰	لوکارتمی سلسلہ۔	۵۱۳

دفعات	مضمون	صفحہ
۲۵۱	گریگوری کا سلسلہ۔	۵۱۹
۲۵۱(ا) تا ۲۵۱(ج)	دائرہ کی تربیع۔	۵۲۱
۲۵۲ تا ۲۵۴	دائرہ کی تقریبی تربیع۔	۵۳۰
۲۵۵	مثلثی متماثلات۔	۵۳۳
۲۵۶ تا ۲۵۷	سلسلوں کا جمع کرنا۔	۵۳۵
	پندرہویں باب پر مثالیں۔	۵۴۰

سولھواں باب

زائدی تفاعلات

۲۵۸	تمہید۔	۵۵۳
۲۵۹	زائدی تفاعلوں کے درمیان رشتے۔	۵۵۳
۲۶۰ تا ۲۶۱	جمع کے ضابطے۔	۵۵۵
۲۶۲	ضِعفوں یا تحت ضِعفوں کے لیے ضابطے۔	۵۵۶
۲۶۳ تا ۲۶۵	زائدی تفاعلوں کے لیے سلسلے۔	۵۵۶
۲۶۶	زائدی تفاعلوں کی دَوریئت۔	۵۵۸
۲۶۷ تا ۲۷۰	قائم الزاویہ قطع زائد کے قطاع کا رقبہ۔	۵۵۹
۲۷۱	ملتف دلیلوں کے دائری تفاعلوں کے لیے جملے۔	۵۶۶
۲۷۲ تا ۲۷۴	ملتف دلیلوں کے مقلوب دائری تفاعل۔	۵۶۷
۲۷۵ تا ۲۷۶	مقلوب زائدی تفاعل۔	۵۷۱
۲۷۷	کبھی مساواتوں کا حل۔	۵۷۳
۲۷۸	گڈرمینی تفاعل کی جدول۔	۵۷۵
	سولھویں باب پر مثالیں۔	۵۷۷

دفعات	مضمون	صفحہ
	سترہواں باب	
	لامتناہی حاصل ضرب	
۲۷۹ تا ۲۸۱	ــ لامتناہی حاصل ضربوں کا استدقاق ــ	۵۸۰
۲۸۲ تا ۲۹۲	ــ جیب اور جیب التمام کو لامتناہی حاصل ضربوں کے طور پر بیان کرنا ــ	۵۸۹
۲۹۲ (ا)	ــ قوت نما تفاعل کو لامتناہی حاصل ضرب کے طور پر بیان کرنا ــ	۶۰۸
۲۹۳ تا ۲۹۵	ــ مماس، مماس التمام، قاطع اور قاطع التمام کے لیے جملے ــ	۶۰۹
۲۹۶ تا ۲۹۹	ــ دلیل کی قوتوں میں مماس، مماس التمام، قاطع، اور قاطع التمام کو بیان کرنا ــ	۶۱۷
۳۰۰	ــ لوکارتمی جیب اور جیب التمام کے لیے جملے ــ	۶۲۷
۳۰۱	ــ مثالیں ــ	۶۳۳
	سترہویں باب پر مثالیں ــ	۶۳۶
	اٹھارواں باب	
	مسلسل کسیریں	
۳۰۲ تا ۳۰۳	ــ π کے غیر منطق ہونے کا ثبوت ــ	۶۴۵
۳۰۴	ــ دو طوی ہندسی سلسلوں کے خارج قسمت کا استحالہ ــ	۶۴۷
۳۰۵	ــ یولر کا استحالہ ــ	۶۴۹
	اٹھارویں باب پر مثالیں ــ	۶۴۹
	متفرق مثالیں ــ	۶۵۱

علم مثلث مُستوی

پہلا باب

زاوئی مقداروں کی پیمایش

۱ ۔ علم مثلث مُستوی کا اولین مقصد، مُستوی مثلثوں کو حل کرنیکا طریقہ دریافت کرنا ہے مُستوی مثلث میں تین ضلع اور تین زاوئے ہوتے ہیں اور اگر ان چھ اجزاء میں سے کسی تین کی مقداریں دیجائیں اور ان دیئے ہوئے اجزا میں سے کم از کم ایک ضلع ہو تو بعض شرطوں کے تحت باقی اجزاء کی مقداروں کی تعیین کرنا ممکن ہے، اِس کو مثلث کا حل کرنا کہتے ہیں۔ ہم دیکھینگے کہ علم مثلث مُستوی کے اس اولین مقصد کو حاصل کرنے میں زاوئی مقدار کے بعض تفاعلوں کو داخل کرنا ضروری ہوگا، یہ تفاعل دائری تفاعل کے نام سے موسوم کئے جاتے ہیں۔ اِس طرح وسیع مفہوم میں علم مثلث مُستوی میں اِن دائری تفاعلوں کے خواص کی تحقیق اور تحلیلی اور ہندسی تحقیقاتوں میں اِن خواص کے اطلاقات بھی شامل ہیں جو مثلثوں کے حل سے تعلق نہیں رکھتے۔

کسی مقدار کے زاویہ کی تکوین

۲۔ اقلیدسی ہندسہ میں جن زاویوں پر بحث ہوتی ہے وہ سب کے سب دو قائمہ زاویوں سے کم ہوتے ہیں، لیکن علم مثلث مستوی کے مقاصد کے لئے زاوئی مقدار کے تخیل کی توسیع کرنا ضروری ہے تاکہ تمام مثبت اور منفی مقداروں کے زاوئے شامل ہو جائیں۔

فرض کرو کہ و ا ایک ثابت خط مستقیم ہے اور ایک خط مستقیم و ف جو ابتداء میں و ا پر منطبق ہوتا ہے نقطہ و کے گرد مخالف سمت ساعت گھومتا ہے، تب جیسے وہ گھومتا ہے زاویہ ا و ف کی تکوین کرتا ہے اور جب و ف محل و ا پر پہنچتا ہے تو وہ دو قائمہ زاویوں کے مساوی ایک زاویہ کی تکوین کر چکتا ہے اور پھر اگر وہ اسی سمت میں گھومنا جاری رکھے تو وہ پھر آ کے و ا پر منطبق ہوتا ہے، اب وہ چار قائمہ زاویوں میں سے گھوم چکا ہوتا ہے؛ پھر ہم فرض کر سکتے ہیں کہ و ف اسی سمت میں گھومنا جاری رکھتا ہے اور و کے گرد متعدد مکمل چکر پورے کرتا ہے؛ ہر دفعہ جب وہ ایک مکمل گردش کر لیتا ہے تو وہ چار قائمہ زاوئے مرتسم کرتا ہے، اور اگر وہ کسی محل و ف میں رک جائے تو وہ ایک ایسے زاویہ کی تکوین کر چکا ہوگا جو ف کے محل کے (2)



مطابق کسی مطلق مقدار سے تعبیر ہو سکتا ہے اب ہم یہ قرارداد اختیار کرینگے کہ زاویہ مرتسمہ مثبت ہے جبکہ وف مخالف سمت ساعت گھومے اور منفی ہے جبکہ وف اسکی مخالف سمت میں یعنی سمت ساعت کے موافق گھومے۔ یہ قرارداد بالکل اختیاری ہے، اگر ہم چاہتے تو موافق سمت ساعت کو مثبت زاویے کے لئے لے سکتے تھے۔

اب ہماری قرارداد کی بموجب جب، وف، مخالف سمت ساعت ایک مکمل گردش کرلیتا ہے تو وہ چار مثبت قائمہ زاویوں میں سے گھوم جاتا ہے، اور جب وہ موافق سمت ساعت ایک مکمل گردش کرلیتا ہے تو وہ چار منفی قائمہ زاویوں میں سے گھوم جاتا ہے۔

کسی مقدار کے زاویہ کی تکوین مثال ذیل سے واضح ہو سکتی ہے:- اس زاویہ پر غور کرو جو گھڑی کی بڑی سوئی سے تکوین پاتا ہے۔ ہر گھنٹہ میں یہ سوئی چار قائمہ زاویوں میں سے گھوم جاتی ہے اور جتنی مرتبہ گھوم چکتی ہے اس کا کوئی نشان نہیں چھوڑتی، لیکن یہ کام چھوٹی سوئی سے انجام پاتا ہے جو ایک گھنٹہ میں چار قائمہ زاویوں کا صرف بارہواں حصہ گھومتی ہے اور اس طرح بارہ گھنٹے سے کم کسی وقت میں وہ زاویہ ناپ سکتے ہیں جس میں سے بڑی سوئی گھوم چکی ہے۔ اب اس غرض کے لئے کہ بڑی سوئی سے تکوین یافتہ زاوئے مثبت ہوں اور اس کا ابتدائی محل اوپر کی شکل کے محل کے مطابق ہو سکے ہمیں یہ فرض کرنا پڑے گا کہ سوئیاں اس سمت کے مخالف گھومتی ہیں جس میں کہ وہ فی الواقعی گھوم رہی ہیں اور بارہ بجے کی بجائے تین بجے ایک دوسرے پر منطبق ہوتی ہیں۔

(3) ۳۔ فرض کرو کہ گھومنے والے خط کا آخری محل (بموجب شکل) وف ہے۔ وہ زاویہ جو اس نے محل وا سے محل وف تک گھومنے میں مرتسم کیا ہے بے شمار مثبت اور منفی زاویوں میں سے ایک ہو سکتا ہے بلحاظ اُن مکمل گردشوں کی تعداد اور سمت کے جو گھومنے والے خط نے کئے ہیں۔ ایسے کسی دو زاویوں میں چار قائمہ زاویوں کے مثبت یا منفی ضعف کا فرق ہوگا۔ ہم ان تمام زاویوں کو جو خطوط وا، وف سے محدود ہوتے ہیں ہم اختتامی زاوئے کہیں گے اور انکو (وا، وف)

سے تعبیر کریں گے، زاویوں (و ا، و ف) میں سے مقداراً چھوٹے سے چھوٹا زاویہ اقلیدسی زاویہ ا و ف ہے، اور باقی سب زاوئے "زاوئے ا و ف کی جبری قیمت میں چار قائمہ زاویوں کے مثبت یا منفی ضعف جمع کرنے سے حاصل ہوتے ہیں۔

زاویوں کی عددی پیائش

۴۔ یہ بتا دینے کے بعد کہ کسی مثبت یا منفی مقدار کے زاویہ سے کیا مراد ہے دوسرا کام زاویوں کی پیائش سے متعلق ہے اور انکی عددی پیائش کے لئے ایک نظام کا مقرر کرنا ضروری ہے۔ اس مقصد کے لئے ہمیں ایک اکائی زاویہ کا فیصلہ کر لینا چاہیئے جو مستقل مقدار کا اختیاری طور پر منتخب کردہ کوئی زاویہ ہو سکتا ہے، تب باقی سب زاویوں کی پیائش اُن نسبتوں سے ہو سکتی ہے جو ان کو اس اکائی زاویہ کے ساتھ ہوں۔ ظاہر ہے کہ زاویہ قائمہ فطری اکائی ہے جو لیجا سکتی ہے لیکن چونکہ معمولی مقدار کے زاوئے اس صورت میں ایک سے چھوٹی کسروں سے تعبیر ہونگے اس لئے اس سے چھوٹے زاویہ کو اکائی مقرر کرنا زیادہ سہولت بخش ہے عام طور پر جو اکائی مستعمل ہے وہ درجہ ہے جو زاویہ قائمہ کا نوواں حصہ ہے۔ پھر درجہ کے کسرات سے بچنے کے لئے درجہ کو ساٹھ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جن کو دقیقہ کہتے ہیں اور نیز دقیقہ کو ساٹھ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جنکو ثانیہ کہتے ہیں۔ ایک ثانیہ سے کمتر زاویوں کو ثانیہ کے اعشاریہ کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔ ثالثہ جو ثانیہ کا ساٹھواں حصہ ہو سکتا ہے استعمال نہیں کیا جاتا۔ د درجوں کے زاویہ کو د° سے تعبیر کیا جاتا ہے، م دقیقوں کے زاویہ کو م′ سے اور ن ثانیوں کے زاویہ کو ن″ سے۔ اس طرح زاویہ د° م′ ن″ سے مراد وہ زاویہ ہے جس میں د درجے + م دقیقے + ن ثانیے شامل ہیں اور وہ زاویہ قائمہ کے

$$\frac{د}{۹۰} + \frac{م}{۹۰ \times ۶۰} + \frac{ن}{۹۰ \times ۶۰ \times ۶۰}$$

کے مساوی ہے۔

زاویوں کی عددی پیمایش کا یہ نظام ستینی نظام کہلاتا ہے۔ مثلاً
زاویہ ۲۳° ۱۴′ ۵۶٫۴″، زاویہ قائمہ کا $\frac{۲۳}{۹۰} + \frac{۱۴}{۹۰ \times ۶۰} + \frac{۵۶٫۴}{۹۰ \times ۶۰ \times ۶۰}$ ہے۔

(۴) یہ تجویز پیش تھی کہ زاویوں کی پیمایش کا اعشاری نظام استعمال کیا جائے۔ اس نظام میں زاویہ قائمہ سو مرتبوں (Grades) میں تقسیم کیا جاتا ہے، مرتبہ سو دقیقوں میں اور دقیقہ سو ثانیوں میں، تب گ مرتبوں م دقیقوں اور ن ثانیوں کے زاویہ کو گ م ن لکھا جاتا ہے۔ مثلاً زاویہ ۱۳° ۹۷′ ۲٫۴″ زاویہ قائمہ کے ۱۳٫۹۷۰۲۴ کے مساوی ہے۔ لیکن یہ نظام کبھی بھی استعمال نہیں ہوا، خصوصاً اس وجہ سے کہ وقت کو طول بلد کے مرتبوں میں تبدیل کرنا ذرا تکلیف دہ ہے تاوقتیکہ دن کی تقسیم موجودہ صورت کے علاوہ کوئی اور نہ کیجائے۔ اگر مرتبوں کا نظام اختیار کیا جاتا تو دن ۲۴ گھنٹوں کی بجائے چالیس گھنٹوں میں تقسیم کیا جا سکتا تھا اور گھنٹہ ایک سو دقیقوں میں اور یہ امر وقت پیماؤں میں تغیر کرنے کو مستلزم ہوتا۔ وقت کے اس نظام کا ایک گھنٹہ طول بلد کے $\frac{۱}{۴۰}$ مرتبوں کے فرق کے متناظر ہے، جو کسری ہونے کی وجہ سے تکلیف دہ ہے۔

یہ ایک دلچسپ واقعہ ہے کہ بابلیوں (Babylonians) نے بھی چار قائمہ زاویوں کی ۳۶۰ حصوں میں تقسیم کو استعمال کیا تھا۔ انھوں نے چار قائمہ کو اس تعداد میں کیوں تقسیم کیا اس بارے میں بہت قیاس آرائیاں کی گئی ہیں۔

زاویوں کی دائری پیمایش

۵۔ تمام خالص عملی مقاصد میں زاویوں کی عددی پیمایش کا ستینی نظام بالعموم استعمال کیا جاتا ہے لیکن نظری مقاصد کے لئے زاویہ کی ایک مختلف اکائی لینا زیادہ سہولت بخش ہے کسی دائرہ میں جس کا مرکز و ہے فرض کرو کہ اب ایک قوس ہے جس کا طول



دائرے کے نیم قطر کے مساوی ہے تو ہم ثابت کریں گے کہ زاویہ **ا و ب** کی مقدار مستقل ہے اور کسی خاص دائرہ پر منحصر نہیں ہوگی اس زاویہ کو نیم قطری یا دائری ناپ کی اکائی کہا جائے گا اور کسی دوسرے زاویہ کی مقدار کو اس نسبت سے بیان کیا جائے گا جو اس کو اکائی زاویہ کے ساتھ ہو اور یہ نسبت زاویہ کا **دائری ناپ** کہلائیگی۔

(۱۱) ۶۔ **اب** یہ ثابت کرنے کے لئے کہ نیم قطری ایک مستقل زاویہ ہے ہم حسب ذیل دو مسئلے مان لیں گے:۔

(ا) ایک ہی دائرہ میں مختلف قوسوں کے طول ایک دوسرے کے ساتھ وہی نسبت رکھتے ہیں جو ان کے محاذی مرکز پر بننے والے زاویوں میں ہوتی ہے۔

(ب) دائرے کے پورے محیط کا طول قطر کے ساتھ ایک ایسی نسبت رکھتا ہے جو سب دائروں کے لئے ایک ہی ہے۔

مسئلہ (ا) اقلیدس مقالہ ششم مسئلہ ۳۳ میں سے اور مسئلہ (ب) کا ثبوت اس باب کے ختم پر دیا گیا ہے۔ (ا) سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ

$$\frac{\text{قوس ا ب}}{\text{دائرہ کا محیط}} = \frac{\text{زاویہ ا و ب}}{\text{۴ قائمہ زاوئے}}$$

چونکہ قوس **ا ب** دائرہ کے نیم قطر کے مساوی ہے ان نسبتوں میں سے پہلی نسبت مسئلہ (ب) کی رو سے تمام دائروں کے لئے ایک

ہی ہے، اس لئے زاویہ اُوب مستقل مقدار کا ہے اور کسی خاص دائرہ پر منحصر نہیں ہے۔

۷۔ آگے چل کر یہ بتایا جائے گا کہ دائرہ کے محیط اور اس کے قطر میں جو نسبت ہوتی ہے وہ ایک غیر منطق عدد ہے، یعنی ہم صحیح اعداد م اور ن معلوم نہیں کر سکتے ایسے کہ ہے ٹھیک ٹھیک اس نسبت کے مساوی ہو۔ ہم کسی آیندہ باب میں وہ مختلف طریقے بیان کریں گے جو اس نسبت کی قیمت تقریبی طور پر محسوب کرنے میں استعمال ہوتے ہیں۔ یہ نسبت بالعموم ۲۱ سے تعبیر کیجاتی ہے۔ فی الحال یہ کہنا کافی ہے کہ ۲۱ صرف ایک غیر مختتم غیر متوالی اعشاریہ کی شکل میں حاصل کیا جا سکتا ہے اور اس کی قیمت اعشاریہ کے بیس مقامات تک یہ ہے

۳٫۱۴۱۵۹۲۶۵۳۵۸۹۷۹۳۲۳۸۴۶

اکثر تقریبی قیمت ۳٫۱۴۱۵۹ کا استعمال کرنا کافی ہوگا۔ نسبتیں

$\frac{۲۲}{۷}$ = ۳٫۱۴۲۸۵۷، $\frac{۳۵۵}{۱۱۳}$ = ۳٫۱۴۱۵۹۲۹ بھی ۲۱ کی تقریبی قیمتوں کے طور پر استعمال کیجا سکتی ہیں کیونکہ وہ علی الترتیب اعشاریہ کے دو اور چھ مقامات تک ۲۱ کی صحیح قیمت کے مطابق ہیں۔

۸۔ ہم بتا چکے ہیں کہ نیم قطری کو چار قائمہ زاویوں کے ساتھ وہی نسبت ہے جو ایک دائرہ کے نصف قطر کو اس کے محیط کے ساتھ ہے، پس نیم قطری $\frac{۲}{۲۱}$ × ایک زاویہ قایمہ کے مساوی ہے، اب چونکہ زاویہ قائمہ ۹۰° کا ہوتا ہے اس لئے ۲۱ کی تقریبی قیمت ۳٫۱۴۱۵۹۲۷ استعمال کرنے سے، ہمیں نیم قطری کی تقریبی قیمت درجوں میں ۵۷٫۲۹۵۷۷۹۶° حاصل ہوتی ہے یعنی درجہ کے اعشاری حصہ کو دقیقوں اور ثانیوں میں بیان کرنے سے ۵۷° ۱۷′ ۴۴٫۸۱″۔ (6)

گلیشر (Glaisher) نے نیم قطری کی قیمت ثانیوں میں اعشاریہ

کے اہم مقامات تک صحیح محسوب کی ہے[1]۔ $\frac{1}{\pi}$ کی قیمت اعشاریہ کے ۱۴۱ مقامات تک حاصل کیجا چکی ہے[2]۔

۹۔ زاویہ قائمہ کا دائری ناپ $\frac{1}{2}\pi$ ہے، اور دو قائمہ زاویوں کا π، اور اب ہم درجوں میں دیئے ہوئے کسی زاویہ کا دائری ناپ معلوم کر سکتے ہیں، اور اس کے برعکس نیم قطری میں دیئے ہوئے کسی زاویہ کو درجوں میں بیان کر سکتے ہیں؛ اگر ایک زاویہ میں د درجے ہوں اور اس کا دائری ناپ طہ ہو تو $\frac{\text{طہ}}{\pi} = \frac{\text{د}}{180}$ کیونکہ ان میں سے ہر ایک نسبت اُس نسبت کو ظاہر کرتی ہے جو دیئے ہوئے زاویہ کو دو قائموں کے ساتھ ہے؛ پس د درجوں کے زاویہ کا دائری ناپ $\frac{\pi}{180}$ د ہے اور دائری ناپ طہ کے زاویہ میں درجوں کی تعداد $\frac{180}{\pi}$ طہ ہے، اگر زاویہ درجوں دقیقوں اور ثانیوں میں دیا جائے جیسے د° م' ن" تو اس کا دائری ناپ یہ ہے

$$(\text{د} + \text{م} \backslash 60 + \text{ن} \backslash 3600) \backslash \pi \backslash 180$$

π کا دائری ناپ ....۳۲۹۵۰۱۷۴۵، ہے، π^2 کا ....۲۹۰۸۸۸۲۰۰۰، اور π^3 کا ...۴۸۴۸۱۳۷۰۰۰۰۰، ہے۔

۱۰۔ قوس اف کے محاذی دائرہ کے مرکز پر کے زاویہ اوف کا دائری ناپ

$$\frac{\text{قوس اف}}{\text{دائرہ کا نصف قطر}}$$

---

[1] دیکھو کارٹلی جرنل جلد چہارم مضمون On the calculation of the value of the theoritical unit angle to a great number of places.

[2] دیکھو Grunert's Archiv جلد اول ۱۸۴۱ء۔

کے مساوی ہے، کیونکہ یہ نسبت $\frac{\text{قوس اف}}{\text{قوس اب}}$ یعنی $\frac{\text{زاویہ اوف}}{\text{زاویہ اوب}}$ کے مساوی ہے۔

قوس اف پورے محیط سے بڑی ہو سکتی ہے اور اس کو مثبت یا منفی طور پر ناپا جا سکتا ہے اُس سمت کی بموجب جس میں وہ ابتدائی نقطہ ا سے ناپی گئی ہے؛ اس طرح کسی مقدار کے زاویہ کا دائری ناپ وہ نسبت ہے جو اس قوس کے طول کو جس کے محاذی زاویہ بنتا ہے دائرے کے نیم قطر کے ساتھ ہے۔ نیم قطر والے دائرہ کی قوس کا طول رط ہوتا ہے جبکہ ط اس زاویہ کا دائری ناپ ہو جو اس قوس کے محاذی دائرہ کے مرکز پر بنتا ہے۔ اس طرح دائرہ کا پورا محیط ۲ ۱۱ ر ہے۔

(7) دائری قوس کا طول

۱۱۔ اوپر یہ مان لیا گیا ہے کہ دائری قوس کا طول وجود رکھتا ہے اور قوس کی عددی پیمائش ہو سکتی ہے، اس امر کی اب تحقیق کیجائے گی۔ طول کا اصلی تخیل ایک خطی وقفہ کا تخیل ہے یعنی خط مستقیم کا ایک محدود حصہ، اور منحنی کی قوس کے طول (مثلاً دائری قوس کا طول) کے تخیل کو اس سے ماخوذ سمجھنا چاہیئے۔ ہم تسلیم کرلیں گے کہ خط مستقیم کے ایک دیے ہوئے محدود حصہ کا طول وجود رکھتا ہے اور اسے ایک محدود منطق یا غیر منطق عدد سے تعبیر کیا جا سکتا ہے جو طول کی کسی مقررہ اکائی پر منحصر ہوتا ہے۔ اب دائری قوس اب کے طول کو معلوم کرنے کے لئے ہم حسب ذیل



عمل کرتے ہیں:- فرض کرو کہ قوس اب متعدد نقطوں $ا_1، ا_2 ... ا_{ن-1}$ پر تقسیم کی گئی ہے، اندرونی نا بند کثیر ضلعی $ا_1 ا_2 ... ا_{ن-1} ب$ پر غور کرو۔ اِس کثیر ضلعی کے ضلعوں کے طولوں کے مجموعہ $ا_1 ا_2 + ا_2 ا_3 + ...$

$+ ا_{ن-1} ب$ کی ایک محدود قیمت ف ہے۔ پھر قوس اب کے اندر ایک نیا کثیر ضلعی $ا_1 ا_2 ... ا_{ن-1} ب$ بناؤ جس میں ن > ن اور اس کثیر ضلعی کا بڑے سے بڑا ضلع کثیر ضلعی $ا_1 ا_2 ... ب$ کے بڑے سے بڑے ضلع سے چھوٹا ہو، فرض کرو کہ اس نئے نا بند کثیر ضلعی کے ضلعوں کا مجموعہ ف ہے۔ اسی طرح قوس اب کی متواتر تقسیم در تقسیم جاری رکھنے سے ہمیں اندرونی نا بند کثیر ضلعیوں کا ایک تواتر ملتا ہے جنکے ضلعوں کے طولوں کے مجموعے اعداد $ف_1، ف_2، ف_3 ...$ کے ایک تواتر سے تعبیر ہو سکتے ہیں اور یہ تواتر غیر محدود طور پر جاری رکھا جا سکتا ہے۔ اگر عدد $ف_ن$ کی ایک معین انتہا ل ہو جو قوس اب کی متواتر تقسیم در تقسیم کے طریقہ پر منحصر نہ ہو اور صرف اِس شرط کے تحت ہو کہ $ف_ن$ کے جواب میں نا بند کثیر ضلعی کا بڑے سے بڑا ضلع لا انتہا چھوٹا ہو جائے جبکہ ن لا انتہا بڑا ہو تو یہ کہا جاتا ہے کہ قوس اب کا طول ل ہے۔ یہ دکھانے کے لئے کہ دائری قوس طول رکھتی ہے یہ دِکھانا ضروری ہے کہ یہ انتہا ل موجود ہے، اور اب ہم اسے ثابت کریں گے۔ تعریف سے یہ واضح ہے کہ اگر اب ج ایک قوس ہو اور اب، ب ج کے طول معین ہوں تو اج کا طول بھی معین ہوگا، اور اب ج کا طول قوسوں اب، ب ج کے طولوں کا مجموعہ ہوگا۔ اس لئے یہ ثابت کرنا کافی ہوگا کہ کوئی قوس جو نصف دائرہ سے کم ہے معین طول رکھتی ہے۔ اول ہم کثیر الاضلاعوں کے اس مخصوص تواتر پر غور کرتے ہیں جس میں ہر کثیر ضلعی کے راس تواتر کے (8)

باقی سب کثیر ضلعوں کے راس بھی ہیں۔ اِن نا بند کثیر الاضلاعوں کے طولوں کو
$ف_1$، $ف_2$، ... $ف_ن$، ... سے تعبیر کرکے یہ ثابت کیا جاسکتا ہے کہ

$$ف_1 < ف_2 < ف_3 .... < ف_ن ...$$

کیونکہ مبادی علم ہندسہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ $ل_ر$ طول میں $ل_{ر+1}$ اور $ل_{ر+2}$ کو ملانے والے ایک نا بند کثیر ضلعی کے ضلعوں کے مجموعہ سے کم ہے
نیز اعداد $ف_1$، $ف_2$، ... $ف_ن$ ... سب کے سب ایک مستقل عدد سے کم ہیں۔ کیونکہ فرض کرو کہ قوس $أ ب$ کے سروں $أ ب$ پر مماس $ت أ$، $ت ب$ ہیں، $ب ت$ کے متوازی $أ_1 ع_1$، ... $ل_{ن-1} ع_{ن-1}$ کھینچو اور نیز $أ ت$ کے متوازی $ل_1 ب_1$، $ل_2 ب_2$، ... $ل_{ن-1} ب_{ن-1}$ کھینچو۔

$$ل_1 < أ_1 ع_1 + ل_1 ع_1 < أ_1 ع_1 + ت ب_1$$

اور $ل_2 < ع_1 ع_2 + ب_1 ب_2$ وغیرہ

پس $ل_1 + ل_2 + ... + ل_{ن-1} ب < أ ت + ب ت$

اسلئے $ف_ن < أ ت + ب ت$

اب انتہاؤں کے نظریہ کے ایک اساسی اصول کی بموجب، چونکہ عددوں $ف_1$، $ف_2$، ... $ف_ن$ ... کا تواتر ایسا ہے کہ ہر ایک اپنے بعد والے عدد سے کم ہے اور نیز ان میں سے سب عدد ایک مستقل عدد سے کم ہیں اِسلئے تواتر کی ایک انتہا ل ہے ایسی کہ اگر ہ ایک اختیاری مثبت عدد خواہ کتنا ہی چھوٹا ہو ن کی ایک خاص قیمت ن ایسی دریافت ہوسکتی ہے کہ اس سے بڑی ن کی تمام قیمتوں کے لئے $ف_ن$ کا ل سے

عمل کرتے ہیں:۔ فرض کرو کہ قوس اب متعدد نقطوں $ا_1، ا_2 ... ا_{ن-1}$ پر تقسیم کی گئی ہے، اندرونی نا بند کثیر ضلعی $ا_1 ا_2 ... ا_{ن-1} ب$ پر غور کرو۔ اِس کثیر ضلعی کے ضلعوں کے طولوں کے مجموعہ $ا_1 ا_2 + ا_2 ا_3 + ...$ $+ ا_{ن-1} ب$ کی ایک محدود قیمت ف ہے۔ پھر قوس اب کے اندر ایک نیا کثیر ضلعی $ا_1 ا_2 ... ا_{ن-1} ب$ بناؤ جس میں ن < ن اور اس کثیر ضلعی کا بڑے سے بڑا ضلع کثیر ضلعی $ا_1 ا_2 ... ب$ کے بڑے سے بڑے ضلع سے چھوٹا ہو، فرض کرو کہ اس نئے نا بند کثیر ضلعی کے ضلعوں کا مجموعہ $ف_2$ ہے۔ اسی طرح قوس اب کی متواتر تقسیم در تقسیم جاری رکھنے سے ہمیں اندرونی نا بند کثیر ضلعیوں کا ایک تواتر ملتا ہے جنکے ضلعوں کے طولوں کے مجموعے اعداد $ف_1، ف_2، ف_3 ... ف_ن ...$ کے ایک تواتر سے تعبیر ہو سکتے ہیں اور یہ تواتر غیر محدود طور پر جاری رکھا جا سکتا ہے۔ اگر عدد $ف_ن$ کی ایک معین انتہا ل ہو جو قوس اب کی متواتر تقسیم در تقسیم کے طریقہ پر منحصر نہ ہو اور صرف اِس شرط کے تحت ہو کہ $ف_ن$ کے جواب میں نا بند کثیر ضلعی کا بڑے سے بڑا ضلع لا انتہا چھوٹا ہو جائے جبکہ ن لا انتہا بڑا ہو تو یہ کہا جاتا ہے کہ قوس اب کا طول ل ہے۔ یہ دکھانے کے لئے کہ دائری قوس طول رکھتی ہے یہ دِکھانا ضروری ہے کہ یہ انتہا ل موجود ہے، اور اب ہم اسے ثابت کریں گے۔ تعریف سے یہ واضح ہے کہ اگر اب ج ایک قوس ہو اور اب، ب ج کے طول معین ہوں تو اج کا طول بھی معین ہوگا، اور اب ج کا طول قوسوں اب، ب ج کے طولوں کا مجموعہ ہوگا۔ اس لئے یہ ثابت کرنا کافی ہوگا کہ کوئی قوس جو نصف دائرہ سے کم ہے معین طول رکھتی ہے۔ اول ہم کثیر الاضلاعوں کے اس مخصوص تواتر پر غور کرتے ہیں جس میں ہر کثیر ضلعی کے راس تواتر کے (8)

باقی سب کثیر ضلعوں کے راس بھی ہیں۔ اِن نا بند کثیر الاضلاعوں کے طولوں کو
$ف_1$، $ف_2$، ... $ف_ن$، ... سے تعبیر کرکے یہ ثابت کیا جاسکتا ہے کہ

$$ف_1 < ف_2 < ف_3 \ldots < ف_ن \ldots$$

کیونکہ مبادی علم ہندسہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ $ل_{ر+1}$ طول میں $ل_ر$ اور $ل_{ر+1}$ کو ملانے والے ایک نا بند کثیر ضلعی کے ضلعوں کے مجموعہ سے کم ہے
نیز اعداد $ف_1$، $ف_2$، ... $ف_ن$ ... سب کے سب ایک مستقل عدد سے کم ہیں۔ کیونکہ فرض کرو کہ قوس $أ ب$ کے سروں $أ$ $ب$ پر مماس $ت أ$، $ت ب$ ہیں، $ب ت$ کے متوازی $أ_2 ع_2$، ... $أ_{ن-1} ع_{ن-1}$ کھینچو اور نیز $أ ت$ کے متوازی $أ_2 ب_2$، $أ_3 ب_3$، ... $أ_{ن-1} ب_{ن-1}$ کھینچو۔

$$أ_1 < أ_2 ع_2 + أ_2 ع_2 < أ_2 ع_2 + ت ب_2$$

اور $أ_2 أ_3 < ع_2 ع_3 + ب_2 ب_3$ وغیرہ

پس $أ_1 أ_2 + أ_2 أ_3 + \ldots + أ_{ن-1} ب < أ ت + ب ت$

اسلئے $ف_ن < أ ت + ب ت$

اب انتہاؤں کے نظریہ کے ایک اساسی اصول کی بموجب، چونکہ عددوں $ف_1$، $ف_2$ ... $ف_ن$ ... کا تواتر ایسا ہے کہ ہر ایک اپنے بعد والے عدد سے کم ہے اور نیز ان میں سے سب عدد ایک مستقل عدد سے کم ہیں اِسلئے تواتر کی ایک انتہا ل ہے ایسی کہ اگرچہ ایک اختیاری مثبت عدد خواہ کتنا ہی چھوٹا ہو ن کی ایک خاص قیمت ن ایسی دریافت ہوسکتی ہے کہ اس سے بڑی ن کی تمام قیمتوں کے لئے $ف_ن$ کا ل سے

فرق صہ سے چھوٹا ہو۔

اگر ا، ب کو ملانے والے کثیر ضلعی جن کے طول ف۱، ف۲، ... ف ن، ... ہیں خواہ کیسے ہی ہوں اور اگر وہ اس شرط کے ماتحت نہ ہوں کہ ہر ایک کے راس باقی دوسروں کے راس ہیں لیکن صرف اس شرط کے ماتحت ہوں کہ ن وین کثیر ضلعی کا بڑے سے بڑا ضلع گھٹتا ہے جیسے ن بڑھتا ہے اور اس کی انتہا صفر ہے تو ہم اس صورت میں تواتر ف۱، ف۲، ... ف ن، ... کا مقابلہ متذکرہ خاص تواتر کے ساتھ کرتے ہیں جس کے متعلق یہ دکھایا جا چکا ہے کہ کثیر الاضلاعوں کے طولوں کی ایک معین انتہا ل موجود ہے۔ فرض کرو کہ اس خاص تواتر ف۱، ف۲ ..... سے متعلق ایک خاص کثیر ضلعی ا۱ ا۲ ... ا ن ب ایسا ہے جس کا طول ل۔ صہ سے بڑا ہے۔

اب ایک صحیح عدد ن معلوم کیا جا سکتا ہے ایسا کہ اگر ن ≥ ن تو کثیر ضلعی ا عہ بہ جہ .... کہ .... ب میں جس کا طول ف ن ہے بڑے سے بڑا ضلع کثیر ضلعی ا۱ ا۲ ... ا ن ب کے چھوٹے سے چھوٹے ضلع سے کم ہو اور نیز صہ سے کم ہو۔ تب نقطوں عہ، بہ، جہ، ... میں سے بعض نقطے قوسوں ا۱ ا۲، ا۲ ا۳ ... میں سے ہر ایک میں واقع ہیں۔ فرض کرو کہ ا۱ میں عہ، بہ، جہ واقع ہوتے ہیں، تب

ا عہ + عہ بہ + بہ جہ + جہ ا > ک ا۱ ا۲

یہ اور اس قسم کی نامساواتیں ا ضہ + ضہ صہ + ... + ک ا ا۱ ا۲ وغیرہ استعمال کرنے سے اور چونکہ جہ ا، ا ضہ، ....

سب کے سب $\frac{صہ}{۲}$ سے کم ہیں ہمیں حاصل ہوتا ہے

$ف_ن + صہ > ا_۱ + ا_۲ + \dots + ا_{ر-۱} ب > ل - صہ$،

اسلئے $ف_ن > ل - ۲ صہ$، بشرطیکہ $ن \geqslant ن_۰$

پھر کثیر ضلعی $ا_۱ ا_۲ \dots ب$ پر جو اُس تواتر کا ہے جن کے طول $ف_۱، ف_۲$ ... ہیں غور کرو جبکہ یہ کثیر ضلعی اتنے آگے کا ہے کہ اس کا بڑے سے بڑا ضلع $< ہ$ ... ک ب کے چھوٹے سے چھوٹے ضلع سے کم ہے اور نیز $\frac{صہ}{۲^{س}}$ سے کم ہے جہاں اس آخری کثیر ضلعی میں ضلعوں کی تعداد س ہے۔ پہلے کی طرح ہم دیکھتے ہیں کہ

$ف_ن < صہ + ا_۱ ا_۲ + ا_۲ ا_۳ + \dots < ل + صہ$

لیکن یہ بتایا جا چکا ہے کہ اگر $ن \geqslant ن_۰$ تو $ف_ن$، $ل + صہ$ اور $ل - ۲ صہ$ کے درمیان واقع ہوتا ہے اور اس لئے $ف_ن$ اور ل میں ۲ صہ سے کم فرق ہے۔ اب چونکہ صہ کا انتخاب اختیاری ہے اور اس کی ہر قیمت کے جواب میں ایک صحیح عدد $ن_۰$ حاصل ہوتا ہے اسلئے یہ ثابت ہوا کہ ن کو لا انتہا بڑھانے پر $ف_ن$ کی وہی انتہا ل ملتی ہے جو کثیر الاضلاعوں کے اُس خاص تواتر کی ہے جس پر ہم نے پہلے غور کیا ہے۔

پس یہ ثابت ہوا کہ دائری قوس کا طول ایک معین عدد سے ناپا جا سکتا ہے جبکہ طول کی کوئی اکائی مان لی جائے۔

پورے دائرہ کا محیط م بھی اُن اندرونی بند کثیر الاضلاعوں کے گھیروں کے تواتر کی انتہا معلوم کرنے سے حاصل ہو سکتا ہے جبکہ بڑے سے بڑا ضلع لا انتہا چھوٹا ہو جائے جیسے تواتر آگے بڑھے۔

اب اقلیدس مقالہ ششم مسئلہ ۳۳ کے مطابق یہ ثابت کیا جائیگا

کہ ایک ہی دائرے کی مختلف قوسوں کے طولوں میں وہی نسبت ہوتی ہے جو مرکز پر ان قوسوں کے محاذی بننے والے زاویوں میں ہے۔

یہ ثابت کرنے کے لئے کہ دائروں کے محیط ایسے بدلتے ہیں جیسے ان کے قطر فرض کرو کہ دو دائرے ہیں جن کے قطر ق اور قَ ہیں اگر دو متشابہ کثیر ضلعی ان دائروں کے اندر بنائے جائیں تو متشابہ مستقیم الاضلاع اشکال کے خواص کی بنا پر یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ان کثیر الاضلاعوں کے گھیرے ایک دوسرے کے ساتھ وہی نسبت رکھتے ہیں جو ق اور قَ میں ہے۔ اب دائروں کے محیط م اور مَ کو ان انتہاؤں (۱۵) کے برابر سمجھا جا سکتا ہے جو کثیر الاضلاعوں کے دو تواتروں کے گھیروں فـن، فَـن کی ہیں جبکہ ـن کے متناظر کثیر ضلعی، ن کی ہر قیمت کے لئے، اُس کثیر ضلعی کے متشابہ ہو جو فَـن کے جواب میں ہے۔ اب

چونکہ فـن : فَـن = ق : قَ اس لئے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ فـن کی انتہا کو فَـن کی انتہا کے ساتھ جو نسبت ہے وہ نسبت ق : قَ کے مساوی ہے؛ اور اس لئے

م : مَ = ق : قَ

دائرہ کے قطاع کا رقبہ

۱۳۔ فرض کرو کہ دائرہ کا مرکز و ہے۔ اس کی کسی قوس ا ب سے جو قطاع محدود ہوتا ہے اس کے رقبہ کی تعریف اس طرح کی جاتی ہے کہ یہ مثلثوں وا۱ا۲، وا۲ا۳ ... وا$_{ن-۱}$ا$_ن$ کے رقبوں کے مجموعے کی انتہا ہے جبکہ کثیر ضلعی ا۱ا۲ ... ا$_{ن-۱}$ا$_ن$ کے ضلعوں کی تعداد لا انتہا بڑی ہو اور اس کا بڑے سے بڑا ضلع لا انتہا چھوٹا ہو جیسا کہ دفعہ (۱۱) میں بتایا جا چکا ہے۔ یہ ثابت کرنا لازم ہوگا کہ یہ انتہا موجود ہے اور ایک

معین عدد کے برابر ہے۔

فرض کرو کہ وسے ضلعوں $ا_۱$، $ا_۲$، ... $ا_{ن-۱}$ ب پر عمود کھینچے گئے ہیں اور ان کے طول $ق_۱$، $ق_۲$، ... $ق_ن$ ہیں، تب مثلثوں کے رقبوں کا مجموعہ ہے

$$\frac{۱}{۲}(ق_۱ \times ا_۱ + ق_۲ \times ا_۲ + \dots + ق_ن \times ا_{ن-۱} ب)$$

اور یہ مجموعہ، $\frac{۱}{۲} ق' \times ف_ن$ اور $\frac{۱}{۲} ق'' \times ف_ن$ کے درمیان واقع ہوتا ہے جہاں $ق'$ اور $ق''$ عددوں $ق_۱$، $ق_۲$، ... $ق_ن$ میں سے علی الترتیب بڑے سے بڑے اور چھوٹے سے چھوٹے عدد ہیں اور $ف_ن$ کثیر ضلعی کے ضلعوں کا مجموعہ ہے۔ $ف_ن$ کی انتہا موجود ہے کیونکہ یہ قوس ا ب کا طول ہے۔ نیز عددوں $ق'$، $ق''$ کی ایک ہی انتہا ہے اور وہ دائرہ کا نصف قطر ہے، کیونکہ ان میں اور نصف قطر میں کثیر ضلعی کے بڑے سے بڑے ضلع کے نصف سے کم کا فرق ہے۔ پس قطاع کا رقبہ ایک محدود عدد ہے جو دائرہ کے نصف قطر اور قوس ا ب کے طول ر ط کے نصف حاصل ضرب کے مساوی ہے، جہاں ط، زاویہ ا و ب کا دائری ناپ ہے۔ اس طرح رقبہ ا و ب = $\frac{۱}{۲}$ ر۲ ط۔ پورا دائرہ ایک قطاع خیال کیا جاسکتا ہے جس کو محدود کرنیوالی قوس پورا محیط ہے؛ پس پورے دائرہ کا رقبہ ۲ ر۲ ہے۔

باب اول پر مثالیں

۱۔ پیمایش کی اکائی کیا ہونی چاہیئے کہ اس کے لحاظ سے کسی زاویہ کا عددی ناپ اُس فرق کے مساوی ہو سکے جو درجوں اور دائری ناپ میں بیان کرنے پر اس کے عددی ناپوں کے درمیان ہوتا ہے۔

ا ج = جب (عہ + بہ) ، ا ب = جب عہ ، اور ج د = جم بہ ؛ اس طرح مسئلہ بالا ضابطہ

جب (عہ + بہ) = جب عہ جم بہ + جم عہ جب بہ

کے مماثل ہے۔

(۲) فرض کرو کہ ج د ، دائرہ کا ایک قطر ہے اور ب ج د = عہ ، ا ج د = بہ ، تو ا ب = جب (عہ - بہ) اور مسئلہ بالا ضابطہ

جب (عہ - بہ) + جب بہ جم عہ = جم بہ جب عہ

کے مماثل ہے۔

(۳) فرض کرو کہ ب د ، دائرہ کا ایک قطر ہے اور ا د ب = عہ ، زاویہ ج ب د = بہ ، تو ا د ج = $\frac{1}{2}$ ۲ + عہ - بہ ، اس طرح ا ج = جم (عہ - بہ) اور مسئلہ بالا ضابطہ

جم (عہ - بہ) = جم عہ جم بہ + جب عہ جب بہ

کے مماثل ہے۔

(۴) فرض کرو کہ ج د ، دائرہ کا ایک قطر ہے اور ب ج د = عہ ، ا د ج = بہ ، تب ب ج ا = عہ + بہ - $\frac{1}{2}$ ۲ ، ا ب = - جم (عہ + بہ) اور مسئلہ بالا ضابطہ

- جم (عہ + بہ) + جم عہ جم بہ = جب عہ جب بہ

کے مماثل ہے۔

مثال: سائل ذیل کے ثبوت میں ٹولمی کا مسئلہ استعمال کرو:-

جب عہ جب (بہ - جہ) + جب بہ جب (جہ - عہ) + جب جہ جب (عہ - بہ) = ۰

جب (عہ + بہ) جب (بہ + جہ) = جب عہ جب جہ + جب بہ جب (عہ + بہ + جہ)

دو جیوب یا دو جیوب التمام کے مجموعہ یا فرق کے لئے ضابطے

۴۴- جمع اور تفریق کے ضابطوں سے ہم فوراً حاصل کرتے ہیں

جب (ا + ب) + جب (ا - ب) = ۲ جب ا جم ب ،

جب (ا + ب) - جب (ا - ب) = ۲ جم ا جب ب ،

جم(ا+ب) +جم(ا- ب) = ۲جم ا جم ب

جم(ا- ب) - جم(ا + ب) = ۲جب ا جب ب

فرض کرو ا + ب = ج ، ا - ب = د ، تو چونکہ ا = $\frac{1}{2}$ (ج + د) اور ب = $\frac{1}{2}$ (ج - د) ، اس لئے حسب ذیل ضابطے حاصل ہوتے ہیں۔

جب ج + جب د = ۲جب $\frac{1}{2}$(ج+د) جم $\frac{1}{2}$ (ج - د) " " " (۵)

جب ج - جب د = ۲ جم $\frac{1}{2}$(ج+د) جب $\frac{1}{2}$ (ج - د) " " " (۶)

جم ج + جم د = ۲جم $\frac{1}{2}$(ج+د) جم $\frac{1}{2}$ (ج - د) " " " (۷)

جم د - جم ج = ۲جب $\frac{1}{2}$(ج+د) جب $\frac{1}{2}$ (ج - د) " " " (۸)

(42) یہ اہم ضابطے (۵) ، (۶) ، (۷) ، (۸) دو زاویوں کی جیوب یا جیوب التمام کے مجموعہ یا فرق کو دو دائری تفاعلوں کے حاصل ضرب کے طور پر بیان کرتے ہیں ، ان کو الفاظ میں یوں بیان کیا جاسکتا ہے :-

دو زاویوں کی جیوب کا مجموعہ ، ان زاویوں کے نصف مجموعہ کی جیب اور نصف فرق کی جیب التمام کے حاصل ضرب کا دوچند ہوتا ہے۔

دو زاویوں کی جیوب کا فرق ، ان زاویوں کے نصف مجموعہ کی جیب التمام اور نصف فرق کی جیب کے حاصل ضرب کا دوچند ہوتا ہے۔

دو زاویوں کی جیوب التمام کا مجموعہ ، ان زاویوں کے

نصف مجموعہ کی جیب التمام اور نصف فرق کی جیب التمام کے حاصل ضرب کا دوچند ہوتا ہے۔

دو زاویوں کی جیوب التمام کا فرق، اِن زاویوں کے نصف مجموعہ کی جیب اور اُلٹے نصف فرق کی جیب کے دوچند حاصل ضرب کے مساوی ہوتا ہے۔

۴۵ — یہ ضابطے ہندسی طور پر ظِلوں کے طریقہ سے ثابت کئے جا سکتے ہیں۔



فرض کرو کہ ب وا = ج، ج وا = د، اور فرض کرو کہ ب و = و ج، ب ج پر عمود و ن کھینچو تو ن، ب ج کا نقطہ وسطی ہے، نیز

ن وا = ½ (ج + د)، ن وب = ن وج = ½ (ج − د)

اب وا پر و ب اور وج کے ظِلوں کا مجموعہ، وا پر و ن، ن ب، و ن اور ن ج کے ظِلوں کے مجموعہ کے مساوی ہے اور چونکہ ن ب اور ن ج کے ظِل مساوی اور مختلف العلامت ہیں اس لئے یہ مجموعہ و ن کے ظِل کے دوچند کے مساوی ہے۔ اس لئے

و ب جم ج + وج جم د = ۲ و ن جم ½ (ج + د)

اور چونکہ

$$\text{وں} = \text{وب جم} \tfrac{1}{2} (\text{ج} - \text{د})$$

اس لئے ضابطہ

(43) $$\text{جم ج} + \text{جم د} = 2\,\text{جم} \tfrac{1}{2} (\text{ج} + \text{د})\ \text{جم} \tfrac{1}{2} (\text{ج} - \text{د}) \quad \ldots \quad (۷)$$

حاصل ہوتا ہے۔

اگر وا پر ظل لینے کی بجائے اسکے علی القوائم خط پر ظل لئے جائیں تو

$$\text{وب جب ج} + \text{وج جب د} = 2\,\text{وں جب} \tfrac{1}{2} (\text{ج} + \text{د})$$

اس لئے

$$\text{جب ج} + \text{جب د} = 2\,\text{جب} \tfrac{1}{2} (\text{ج} + \text{د})\ \text{جم} \tfrac{1}{2} (\text{ج} - \text{د}) \quad \ldots \quad (۵)$$

نیز وا پر وج کا ظل = وب کا ظل + ب ں کے ظل کا دوچند

یعنے

$$\text{وج جم د} = \text{وب جم ج} + 2\,\text{ب ں جب} \tfrac{1}{2} (\text{ج} + \text{د})$$

اس لئے $\text{جم د} - \text{جم ج} = 2\,\text{جب} \tfrac{1}{2} (\text{ج} + \text{د})\ \text{جب} \tfrac{1}{2} (\text{ج} - \text{د}) \quad (۸)$

اور اگر ہم وا پر کے عمود پر ظل لیں تو

$$\text{وج جب د} = \text{وب جب ج} - 2\,\text{ب ں جم} \tfrac{1}{2} (\text{ج} + \text{د}) \quad \ldots \quad (۷)$$

یا $$\text{جب ج} - \text{جب د} = 2\,\text{جب} \tfrac{1}{2} (\text{ج} - \text{د})\ \text{جم} \tfrac{1}{2} (\text{ج} + \text{د}) \quad \ldots\ (۶)$$

لوکارتموں کی ایجاد سے قبل تقریباً ایک صدی تک عددوں کو، جیوب کی جدولوں کے ذریعہ ضرب دینے کا ایک عجیب طریقہ رائج تھا۔ یہ طریقۂ ضابطہ

$$\text{جب ا جب ب} = \tfrac{1}{2}\{\text{جم} (\text{ا} - \text{ب}) - \text{جم} (\text{ا} + \text{ب})\}$$

کے استعمال پر منحصر تھا۔ زاوئے ا اور ب جن کی جیوب، علامت اعشاریہ کو نکالدینے کے بعد، اُن اعداد کے مساوی ہوتے ہیں جن کو ضرب دینا مقصود ہوتا ہے جیوب کی ایک جدول سے معلوم کئے جاسکتے ہیں اور پھر اسی جدول سے جم (ا + ب)، جم (ا - ب) معلوم ہوسکتی ہیں، ان آخری جیوب التمام کے فرق کا نصف مطلوبہ

حاصل ضرب ہے۔ اس طریقہ کو προσθαφαιρεσις کہتے تھے گلیشر کے ایک مضمون "On multiplication by a table of single entry" میں جو فلاسیفکل میگزین بابتہ ۱۸۷۸ء میں شائع ہوا تھا اس طریقہ کا ذکر ملے گا۔

امثلہ

۱۔ ثابت کرو متماثلہ

جب ا جب (ب - ج) جب (ب + ج - ل) + جب ب جب (ج - ل) ×
جب (ج + ا - ب) + جب ج جب (ا - ب) جب (ا + ب - ج)
= ۲ جب (ب - ج) جب (ج - ل) جب (ا - ب)

دائیں جانب کی دوسری اور تیسری ارقام لکھی جا سکتی ہیں

$\frac{1}{4}$ جب ب {جم (ب - ۲ ا) - جم (۲ ج - ب)} + $\frac{1}{4}$ جب ج {جم (ج - ۲ ب) - جم (۲ ل - ج)}

اور یہ = $\frac{1}{4}$ {جب ۲ (ب - ل) + جب ۲ ل - جب ۲ ج - جب ۲ (ب - ج)}
+ $\frac{1}{4}$ {جب ۲ (ج - ب) + جب ۲ ب - جب ۲ ل - جب ۲ (ج - ا)}

= $\frac{1}{4}$ (جب ۲ ب - جب ۲ ج) - $\frac{1}{4}$ جب ۲ (ب - ج) + $\frac{1}{4}$ {جب ۲ (ب - ا) - جب ۲ (ج - ل)}

= جب (ب - ج) {$\frac{1}{4}$ جم (ب + ج) - جم (ب - ج) + $\frac{1}{4}$ جم (ب + ج - ۲ ل)}

جو = جب (ب - ج) {جم ا جم (ب + ج - ل) - جم (ب - ج)} !

اس میں رقم جب ا جب (ب - ج) جب (ب + ج - ا) جمع کرنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

جب (ب - ج) {جم (ب + ج - ۲ ل) - جم (ب - ج)}

یعنی ۲ جب (ب - ج) جب (ج - ل) جب (ا - ب)

(۲) — ثابت کرو کہ

Σ جم ا جب (ب - ج) جب (ب + ج - ل) (44)

۲ جب (ب - ج) جب (ج - ا) جب (ا - ب)

اسکو مثال (۱) سے ا، ب، ج کو ۹۰° - ا، ۹۰° - ب، ۹۰° - ج میں تبدیل کرکے اخذ کیا جاسکتا ہے، یا بلاواسطہ مثال (۱) کی طرح ثابت کیا جاسکتا ہے۔

متماثلات ذیل ثابت کرو:

(۳) Σ جب ا جب (ب - ج) = ۰، Σ جم ا جب (ب - ج) = ۰

(۴) Σ جب (ب + ج) جب (ب - ج) = ۰، Σ جم (ب + ج) جب (ب - ج) = ۰

(۵) Σ جب ب جب ج جب (ب - ج) = - جب (ب - ج) جب (ج - ا) جب (ا - ب)

Σ جم ب جم ج جم (ب - ج) = - جب (ب - ج) جب (ج - ا) جب (ا - ب)

(۶) اگر ا + ب + ج = π تو ثابت کرو کہ

جب² ا = جب² ب + جب² ج - ۲ جب ب جب ج جم ا

اور جم² ا = ۱ - جم² ب - جم² ج - ۲ جم ا جم ب جم ج

مثلثی متماثلات کی ایک کثیر تعداد اسی طرح کے جبری متماثلات کے مماثل ہے[1] منتاً حسب ذیل جبری متماثلات مثالوں (۱) تا (۵) کے جواب میں ہیں:-

Σ ا (ب - ج) (ب + ج - ا) = ۲ (ب - ج) (ج - ا) (ا - ب)

(۱) اور (۲) کے جواب میں،

Σ ا (ب - ج) = ۰، (۳) کے جواب میں؛

Σ (ب + ج) (ب - ج) = ۰، (۴) کے جواب میں؛

Σ ب ج (ب - ج) = - (ب - ج) (ج - ا) (ا - ب)، (۵) کے جواب میں

---

[1] ایسی مطابقات کی ایک کثیر تعداد ایم۔ گیلن (M. Gelin) نے "Mathesis" جلد دوم میں دی ہے۔

ہم ان مطابقات کا نظریہ ساتویں باب میں بیان کریں گے۔

مماس اور مماس التمام کے لئے جمع اور تفریق کے ضابطے

۴۶۔ جیب اور جیب التمام کے جمع اور تفریق کے ضابطوں سے ہم دو زاویوں کے مجموعہ یا فرق کے مماس یا مماس التمام کے لئے ان زاویوں کے مماس یا مماس التمام کی رقوم میں ضابطے اخذ کر سکتے ہیں۔ مثلاً

$$\text{مس}(ا \pm ب) = \frac{\text{جب}(ا \pm ب)}{\text{جم}(ا \pm ب)} = \frac{\text{جب ا جم ب} \pm \text{جم ا جب ب}}{\text{جم ا جم ب} \mp \text{جب ا جب ب}}$$

پس اس کسر کے شمار کنندہ اور نسب نما کو جم ا جم ب سے تقسیم کرنے پر

$$\text{مس}(ا \pm ب) = \frac{\frac{\text{جب ا}}{\text{جم ا}} \pm \frac{\text{جب ب}}{\text{جم ب}}}{1 \mp \frac{\text{جب ا جب ب}}{\text{جم ا جم ب}}}$$

اس لئے حسب ذیل دو ضابطے ملتے ہیں

$$\text{مس}(ا + ب) = \frac{\text{مس ا} + \text{مس ب}}{1 - \text{مس ا مس ب}} \quad \text{(۹)}$$

$$\text{مس}(ا - ب) = \frac{\text{مس ا} - \text{مس ب}}{1 + \text{مس ا مس ب}} \quad \text{(۱۰)}$$

(45) اسی طرح اور دو ضابطے حاصل ہوتے ہیں

$$\text{مم}(ا + ب) = \frac{\text{مم ا مم ب} - 1}{\text{مم ا} + \text{مم ب}} \quad \text{(۱۱)}$$

$$\text{مم}(ا - ب) = \frac{\text{مم ا مم ب} + 1}{\text{مم ب} - \text{مم ا}} \quad \text{(۱۲)}$$

ضوابط (۹) تا (۱۲) مماس اور مماس التمام کے لئے جمع اور تفریق کے ضابطے ہیں۔

مختلف ضوابط

۴۷ ۔ حسب ذیل ضابطے اُن ضابطوں سے اخذ کئے جا سکتے ہیں جو ہم نے دو زاویوں کے لئے حاصل کئے ہیں۔
یہ ضابطے استخالات کو عمل میں لانے میں اکثر مفید ہوتے ہیں۔ طالب علم کو ہر ضابطہ کی تصدیق خود کر لینی چاہیئے۔

جب (ا + ب) جب (ا - ب) = جب² ا - جب² ب = جم² ب - جم² ا ... (۱۳)

جم (ا + ب) جم (ا - ب) = جم² ا - جب² ب = جم² ب - جب² ا .... (۱۴)

جب (ا + ب) . جم (ا - ب) = جب ا جم ا + جب ب جم ب ..... (۱۵)

جم (ا + ب) جب (ا - ب) = جب ا جم ا - جب ب جم ب .... (۱۶)

$$\frac{\text{جب (ا + ب)}}{\text{جب (ا - ب)}} = \frac{\text{مس ا + مس ب}}{\text{مس ا - مس ب}} \quad \ldots\ldots \quad (۱۷)$$

$$\frac{\text{جم (ا + ب)}}{\text{جم (ا - ب)}} = \frac{\text{۱ - مس ا مس ب}}{\text{۱ + مس ا مس ب}} \quad \ldots\ldots \quad (۱۸)$$

$$\text{مس ا} \pm \text{مس ب} = \frac{\text{جب (ا} \pm \text{ب)}}{\text{جم ا جم ب}} \quad \ldots\ldots\ldots \quad (۱۹)$$

دو جیوب یا جیوب التمام کے جمع اور تفریق کے ضابطوں سے ہمیں فوراً حسب ذیل ضابطے حاصل ہوتے ہیں:-

$$\frac{\text{جب ا + جب ب}}{\text{جب ا - جب ب}} = \frac{\text{مس} \frac{1}{2} \text{(ا + ب)}}{\text{مس} \frac{1}{2} \text{(ا - ب)}} \quad (۲۰)$$

$$\frac{\text{جب ا} \pm \text{جب ب}}{\text{جم ا + جم ب}} = \text{مس} \frac{1}{2} \text{(ا} \pm \text{ب)} \quad (۲۱)$$

$$\frac{\text{جب}\, ا \pm \text{جب}\, ب}{\text{جم}\, ب - \text{جم}\, ا} = \text{مم}\frac{1}{2}(ا \mp ب) \quad \ldots\ldots \quad (۲۲)$$

$$\frac{\text{جم}\, ا + \text{جم}\, ب}{\text{جم}\, ب - \text{جم}\, ا} = \text{مم}\frac{1}{2}(ا + ب)\,\text{مم}\frac{1}{2}(ا - ب) \quad \ldots\ldots \quad (۲۳)$$

مثالیں (46)

۱۔ ثابت کرو متماثلہ

۱ - جم^۲ ا - جم^۲ ب - جم^۲ ج + ۲ جم ا جم ب جم ج

= ۴ جب $\frac{1}{2}$ (ا + ب + ج) جب $\frac{1}{2}$ (- ا + ب + ج) جب $\frac{1}{2}$ (ا - ب + ج) ×
جب $\frac{1}{2}$ (ا + ب + ج)

دائیں جانب کا جملہ لکھا جاسکتا ہے

- جم^۲ ا - جم (ب + ج) جم (ب - ج) + جم ا {جم (ب + ج) + جم (ب - ج)}
جو مساوی ہے {جم ا - جم (ب + ج)} {جم (ب - ج) - جم ا} کے۔
اب ان میں سے ہر جزو ضربی کو دو اجزائے ضربی میں تحلیل کرنے سے بائیں جانب کا جملہ حاصل ہوتا ہے۔ اگر ± ا ± ب ± ج / ۲ π کا ضعف ہو تو

۱ - جم^۲ ا - جم^۲ ب - جم^۲ ج + ۲ جم ا جم ب جم ج = ۰

یہ نتیجہ بعض اوقات مفید ثابت ہوتا ہے۔

۲۔ ثابت کرو کہ

۱ - جم^۲ ا - جم^۲ ب - جم^۲ ج - ۲ جم ا جم ب جم ج

= - ۴ جم $\frac{1}{2}$ (ا + ب + ج) جم $\frac{1}{2}$ (- ا + ب + ج) جم $\frac{1}{2}$ (ا - ب + ج) جم $\frac{1}{2}$ (ا + ب - ج)

اس کو (۱) سے اخذ کیا جاسکتا ہے، یا بلا واسطہ بھی ثابت کیا جاسکتا ہے۔

۳۔ ثابت کرو کہ اگر ا + ب + ج = ن π تو

جب^۲ ا + جب^۲ ب + جب^۲ ج = (- ۱)$^{ن-۱}$ ۴ جب ا جب ب جب ج

کیونکہ

جب^۲ ا + جب^۲ ب + جب^۲ ج = ۲ جب ا جم ا + ۲ جب (ن π - ا) جم (ب - ج)

$= ۲ \text{ جب } \frac{۱}{۲}\{(-۱)^{ن} \text{ جم } (ب + ج) - (-۱)^{ن} \text{ جم } (ب - ج)\}$ ،

$= (-۱)^{ن-۱} \; ۴ \text{ جب } ا \text{ جب } ب \text{ جب } ج$

۴ — اسی مفروض کے مطابق جو مثال (۳) میں فرض کیا گیا ہے ثابت کرو کہ

$۱ + \text{جم } ۲ا + \text{جم } ۲ب + \text{جم } ۲ج = (-۱)^{ن} \; ۴ \text{ جم } ا \text{ جم } ب \text{ جم } ج$

متماثلات ذیل ثابت کرو: —

۵ — $\text{جب } ۳ا = ۴ \text{ جب } ا \text{ جب } (۶۰° + ا) \text{ جب } (۶۰° - ا)$

۶ — $\text{جم } ۳ا = ۴ \text{ جم } ا \text{ جم } (۶۰° + ا) \text{ جم } (۶۰° - ا)$

۷ — $\text{جب } ا + \text{جب } ب + \text{جب } ج - \text{جب } (ا + ب + ج)$

$= ۴ \text{ جب } \frac{۱}{۲}(ب + ج) \text{ جب } \frac{۱}{۲}(ج + ا) \text{ جب } \frac{۱}{۲}(ا + ب)$

۸ — $\text{جم } ا + \text{جم } ب + \text{جم } ج + \text{جم } (ا + ب + ج)$

$= ۴ \text{ جم } \frac{۱}{۲}(ب + ج) \text{ جم } \frac{۱}{۲}(ج + ا) \text{ جم } \frac{۱}{۲}(ا + ب)$

۹ — $\Sigma \text{ جب } ۲ا \text{ جب}^{۲}(ب + ج) - \text{جب } ۲ا \text{ جب } ۲ب \text{ جب } ۲ج$

$= ۲ \text{ جب } (ب + ج) \text{ جب } (ج + ا) \text{ جب } (ا + ب)$

۱۰ — $\Sigma \text{ جم } ۲ا \text{ جم}^{۲}(ب + ج) - \text{جم } ۲ا \text{ جم } ۲ب \text{ جم } ۲ج$

$= ۲ \text{ جم } (ب + ج) \text{ جم } (ج + ا) \text{ جم } (ا + ب)$

۱۱ — $\Sigma \text{ جب}^{۲} ا \text{ جب } (ب + ج - ا) - ۲ \text{ جب } ا \text{ جب } ب \text{ جب } ج$

$= \text{جب } (ب + ج - ا) \text{ جب } (ج + ا - ب) \text{ جب } (ا + ب - ج)$

۱۲ — $\Sigma \text{ جم}^{۲} ا \text{ جم } (ب + ج - ا) - ۲ \text{ جم } ا \text{ جم } ب \text{ جم } ج$

$= \text{جم } (ب + ج - ا) \text{ جم } (ج + ا - ب) \text{ جم } (ا + ب - ج)$

(47) مثالیں (۹) اور (۱۰) جبری متماثلہ

$\Sigma ۲ا (ب + ج)^{۲} - ۸ ا ب ج = ۲ (ب + ج)(ج + ا)(ا + ب)$

کے جواب میں ہیں اور (۱۱) اور (۱۲) متماثلہ

Σ و^{2} (ب + ج - ا) - ۲ (ب ج = (ب + ج - ا)(ج + ا - ب)(ا + ب - ج)

کے جواب ہیں۔

تین زاویوں کے لئے جمع کے ضابطے

۴۸ — جمع کے ضابطوں (۱) اور (۲) کی مدد سے ہم تین زاویوں کے حاصل جمع کے دائری تفاعلوں کو ان زاویوں کے تفاعلوں کی رقوم میں بیان کر سکتے ہیں، چنانچہ

جب (ا + ب + ج) = جب (ا + ب) جم ج + جم (ا + ب) جب ج

= (جب ا جم ب + جم ا جب ب) جم ج + (جم ا جم ب - جب ا جب ب) جب ج،

اور جم (ا + ب + ج)

= جم (ا + ب) جم ج - جب (ا + ب) جب ج

= (جم ا جم ب - جب ا جب ب) جم ج - (جب ا جم ب + جم ا جب ب) جب ج،

پس جب (ا + ب + ج)

= جب ا جم ب جم ج + جب ب جم ج جم ا + جب ج جم ا جم ب

- جب ا جب ب جب ج ... ... (۲۴)

اور جم (ا + ب + ج)

= جم ا جم ب جم ج - جم ا جب ب جب ج - جم ب جب ج جب ا

- جم ج جب ا جب ب ... ... (۲۵)

ضابطوں (۲۴) اور (۲۵) کو اس شکل میں لکھا جا سکتا ہے

جب (ا + ب + ج)

= جم ا جم ب جم ج (مس ا + مس ب + مس ج - مس ا مس ب مس ج)

اور جم (ا + ب + ج)

= جم ا جم ب جم ج (۱ - مس ب مس ج - مس ج مس ا - مس ا مس ب)

پس عمل تقسیم سے یہ ضابطہ حاصل ہوتا ہے

$$\text{مس}(ا+ب+ج) = \frac{\text{مس}ا + \text{مس}ب + \text{مس}ج - \text{مس}ا\,\text{مس}ب\,\text{مس}ج}{۱ - \text{مس}ب\,\text{مس}ج - \text{مس}ج\,\text{مس}ا - \text{مس}ا\,\text{مس}ب}$$

اسی طرح ضابطہ ذیل بھی حاصل ہو سکتا ہے

$$\text{مم}(ا+ب+ج) = \frac{\text{مم}ا + \text{مم}ب + \text{مم}ج - \text{مم}ا\,\text{مم}ب\,\text{مم}ج}{\text{مم}ب\,\text{مم}ج + \text{مم}ج\,\text{مم}ا + \text{مم}ا\,\text{مم}ب - ۱} \quad (۲۷)$$

(48)

مثالیں

۱۔ ثابت کرو کہ مس (۴۵° + ا) - مس (۴۵° - ا) = ۲ مس ۲ ا

۲۔ ثابت کرو کہ اگر ا + ب + ج = ن π تو

مس ا + مس ب + مس ج - مس ا مس ب مس ج = ۰

اور اگر ا + ب + ج = (۲م + ۱) $\frac{\pi}{۲}$ تو

مس ب مس ج + مس ج مس ا + مس ا مس ب = ۱

اور مماس التمام کے لئے متناظر مسئلے بیان کرو۔

زاویوں کی کسی تعداد کے لئے جمع کے ضابطے

۴۹ — یہ ظاہر ہے کہ اب ہم چار زاویوں کے حاصل جمع کے دائری تفاعلوں کے لئے ضابطے حاصل کر سکتے ہیں، اور پھر پانچ زاویوں کے حاصل جمع کے لئے، اور علی ہذا۔ استقراء کے طریقہ سے ہم ثابت کریں گے کہ ن زاویوں ا، ا۲، ا۳ ... ان کے حاصل جمع کی جیب

اور جیب التمام کے لئے یہ ضابطے ہیں

جب (ا۱ + ا۲ + ... + اں) = ج۱ - ج۳ + ج۵ - ... ... (۲۸)

جم (ا۱ + ا۲ + ... اں) = ج۰ - ج۲ + ج۴ - ... ... (۲۹)

جہاں ج ر سے ن زاویوں میں سے ر ر کی جیوب اور باقی ن - ر زاویوں کی جیوب التمام کے حاصل ضربوں کا مجموعہ تعبیر ہوتا ہے اور ن زاویوں میں سے ر زاوئے ہر ممکن طریقہ سے منتخب کئے گئے ہیں، پس

ج۰ = جم ا۱ جم ا۲ ... جم اں ،

ج۱ = جب ا۱ جم ا۲ جم ا۳ ... جم اں + جم ا۱ جب ا۲ جم ا۳ ... جم اں ... ... ،

ضوابط (۲۸) اور (۲۹) صورتوں ن = ۲، ن = ۳ کے لئے ضابطوں (۱)، (۲) اور (۲۴)، (۲۵) کے مطابق ہیں، یہ مان لو کہ یہ ضابطے ن زاویوں کے لئے درست ہیں، ہم ثابت کریں گے کہ یہ، (ن + ۱) زاویوں کے لیے بھی درست ہیں، اب

جب (ا۱ + ا۲ + ... + اں + ا ں+۱)

= جب (ا۱ + ... + اں) جم ا ں+۱ + جم (ا۱ + ... + اں) جب ا ں+۱

= جم ا ں+۱ (ج۱ - ج۳ + ج۵ ...) + جب ا ں+۱ (ج۰ - ج۲ + ج۴ ....) ،

فرض کرو کہ ج ر سے زاویوں ا۱ ا۲ ... ا ں+۱ میں سے ر ر زاویوں کی جیوب اور باقی ن + ۱ - ر زاویوں کی جیوب التمام کے حاصل ضربوں کا مجموعہ تعبیر ہوتا ہے جبکہ ن + ۱ زاویوں میں سے ر زاوئے ہر ممکن طریقہ سے منتخب کئے گئے ہوں۔ تب

$$\text{ج}_{\text{ا}} = \text{ج}_{\text{ا}}\,\text{جم}\,\text{ل}_{\text{ن}+\text{ا}} + \text{ج}\,\text{جب}\,\text{ل}_{\text{ن}+\text{ا}}$$

کیونکہ ج جم ل ن+ا کی ہر رقم میں زاویوں ل ا، ل ۲ ... ل ن میں سے ایک کی جیب ہے اور ج جب ل ن+ا کی ہر رقم میں صرف جب ل ن+ا ہے۔

(49) اسی طرح

$$\text{ج}_{\text{۲}} = \text{ج}_{\text{۳}}\,\text{جم}\,\text{ل}_{\text{ن}+\text{ا}} + \text{ج}_{\text{۲}}\,\text{جب}\,\text{ل}_{\text{ن}+\text{ا}}$$

$$\text{ج}_{\text{۵}} = \text{ج}_{\text{۵}}\,\text{جم}\,\text{ل}_{\text{ن}+\text{ا}} + \text{ج}_{\text{۴}}\,\text{جب}\,\text{ل}_{\text{ن}+\text{ا}}$$

. . . . . .

. . . . . .

اس لئے جب (ل ا + ل ۲ + ... + ل ن+ا) = ج ۔ ج ۳ + ج ۵ ۔ ...

اسی طرح ہم ثابت کر سکتے ہیں کہ جم (ل ا + ... + ل ن+ا) = ج ۔ ج ۲ + ج ۴ ....

پس اگر ضوابط (۲۸) اور (۲۹)، ن زاویوں کے لئے درست ہیں تو وہ ن + ا زاویوں کے لئے بھی درست ہیں، اور یہ ثابت کیا جا چکا ہے کہ وہ، ن = ۲، ۳ کے لئے درست ہیں اس لئے وہ عام طور پر درست ہیں۔

ان ضابطوں کو اس شکل میں لکھا جا سکتا ہے

جب (ل ا + ل ۲ + ... + ل ن) = جم ل ا جم ل ۲ × ... × جم ل ن (م ا ۔ م ۳ + م ۵ ....)

جم (ل ا + ل ۲ + ... + ل ن) = جم ل ا جم ل ۲ ... جم ل ن (ا ۔ م ۲ + م ۴ ۔ ...)،

جن میں م ر سے مس ل ا، مس ل ۲ ...، مس ل ن میں سے ر، ر مماسوں کے حاصل ضربوں کا مجموعہ تعبیر ہوتا ہے، اس لئے تقسیم کے عمل سے

$$\text{مس}(\text{ل ا} + \text{ل ۲} + \ldots + \text{ل ن}) = \frac{\text{م ا} - \text{م ۳} + \text{م ۵} - \ldots}{\text{ا} - \text{م ۲} + \text{م ۴} - \ldots} \quad \ldots\ldots \quad (۳۰)$$

جو ن زاویوں کے مجموعہ کے مماس کو ان زاویوں کے مماسوں کی رقوم میں بیان کرتا ہے۔

ضابطہ (۳۰) کو بلا واسطہ بھی ثابت کیا جا سکتا ہے۔ مان لو کہ وہ ن زاویوں کے لئے درست ہے ہم ثابت کریں گے کہ وہ ن + ۱ زاویوں کے لئے بھی درست ہے۔ اس طرح

$$\text{مس}(\text{ل}_1 + \text{ل}_2 + \cdots + \text{ل}_{\text{ن}+1}) = \frac{\text{مس}(\text{ل}_1 + \text{ل}_2 + \cdots + \text{ل}_{\text{ن}}) + \text{مس}\,\text{ل}_{\text{ن}+1}}{1 - \text{مس}(\text{ل}_1 + \text{ل}_2 + \cdots + \text{ل}_{\text{ن}})\,\text{مس}\,\text{ل}_{\text{ن}+1}}$$

$$= \frac{(\text{م}_1 - \text{م}_3 + \text{م}_5 - \cdots) + \text{مس}\,\text{ل}_{\text{ن}+1}\,(1 - \text{م}_2 + \text{م}_4 - \cdots)}{(1 - \text{م}_2 + \text{م}_4 - \cdots) - \text{مس}\,\text{ل}_{\text{ن}+1}\,(\text{م}_1 - \text{م}_3 + \text{م}_5 - \cdots)}$$

اب اگر ن + ۱ زاویوں میں سے ر ر زاویوں کے مماسوں کے حاصل ضربوں کا حاصل جمع $\text{م}_{\text{ر}}$ سے تعبیر ہو تو

$$\text{م}'_1 = \text{م}_1 + \text{مس}\,\text{ل}_{\text{ن}+1}$$

$$\text{م}'_2 = \text{م}_2 + \text{م}_1\,\text{مس}\,\text{ل}_{\text{ن}+1}$$

$$\text{م}'_3 = \text{م}_3 + \text{م}_2\,\text{مس}\,\text{ل}_{\text{ن}+1}$$

اس لئے $$\text{مس}(\text{ل}_1 + \text{ل}_2 + \cdots + \text{ل}_{\text{ن}+1}) = \frac{\text{م}'_1 - \text{م}'_3 + \text{م}'_5 - \cdots}{1 - \text{م}'_2 + \text{م}'_4 - \cdots}$$

اور چونکہ ضابطہ (۳۰)، ن = ۲، ۳ کے لئے درست ہے اس لئے ن = ۴ کے لئے درست ہے اور اس لئے عام طور پر درست ہے۔

(50) جیوب یا جیوب التمام کے حاصلضرب کو جیوب یا جیوب التمام کے حاصل جمع کے طور پر بیان کرنا

۵۰۔ ہم ایسے ضابطے حاصل کر سکتے ہیں جو زاویوں کی کسی تعداد کی جیوب یا جیوب التمام کے حاصل ضرب کو ان زاویوں کی جیوب یا جیوب التمام

کے مجموعہ کے طور پر بیان کریں۔

مثلاً

$$۲ \text{جب} \theta_1 \text{جب} \theta_2 = \text{جم}(\theta_1 - \theta_2) - \text{جم}(\theta_1 + \theta_2)$$

$$۴ \text{جب} \theta_1 \text{جب} \theta_2 \text{جب} \theta_3 = ۲ \text{جب} \theta_3 \{\text{جم}(\theta_1 - \theta_2) - \text{جم}(\theta_1 + \theta_2)\}$$

$$= \text{جب}(\theta_1 - \theta_2 + \theta_3) + \text{جب}(-\theta_1 + \theta_2 + \theta_3)$$

$$+ \text{جب}(\theta_1 + \theta_2 - \theta_3) - \text{جب}(\theta_1 + \theta_2 + \theta_3)$$

$$= \Sigma \text{جب}(-\theta_1 + \theta_2 + \theta_3) - \text{جب}(\theta_1 + \theta_2 + \theta_3)$$

$$۸ \text{جب} \theta_1 \text{جب} \theta_2 \text{جب} \theta_3 \text{جب} \theta_4 = ۲ \text{جب}(\theta_1 - \theta_2 + \theta_3) \text{جب} \theta_4 + \dots$$

$$- ۲ \text{جب}(\theta_1 + \theta_2 + \theta_3) \text{جب} \theta_4$$

$$= \text{جم}(\theta_1 - \theta_2 + \theta_3 - \theta_4) - \text{جم}(\theta_1 - \theta_2 + \theta_3 + \theta_4)$$

$$+ \text{جم}(-\theta_1 + \theta_2 + \theta_3 - \theta_4) - \text{جم}(-\theta_1 + \theta_2 + \theta_3 + \theta_4)$$

$$+ \text{جم}(\theta_1 + \theta_2 - \theta_3 - \theta_4) - \text{جم}(\theta_1 + \theta_2 - \theta_3 + \theta_4)$$

$$- \text{جم}(\theta_1 + \theta_2 + \theta_3 - \theta_4) + \text{جم}(\theta_1 + \theta_2 + \theta_3 + \theta_4)$$

$$= \text{جم}(\theta_1 + \theta_2 + \theta_3 + \theta_4) - \Sigma \text{جم}(\theta_1 + \theta_2 + \theta_3 - \theta_4)$$

$$+ \frac{1}{2} \Sigma \text{جم}(\theta_1 + \theta_2 - \theta_3 - \theta_4)$$

اسی طرح

$$۲ \text{جم} \theta_1 \text{جم} \theta_2 = \text{جم}(\theta_1 - \theta_2) + \text{جم}(\theta_1 + \theta_2)$$

$$۴ \text{جم} \theta_1 \text{جم} \theta_2 \text{جم} \theta_3 = ۲ \text{جم}(\theta_1 - \theta_2) \text{جم} \theta_3 + ۲ \text{جم}(\theta_1 + \theta_2) \text{جم} \theta_3$$

$$= \text{جم}(-\theta_1 + \theta_2 + \theta_3) + \text{جم}(\theta_1 - \theta_2 + \theta_3)$$

$$+ \text{جم}(\theta_1 + \theta_2 - \theta_3) + \text{جم}(\theta_1 + \theta_2 + \theta_3)$$

$$= \Sigma \text{جم}(-\angle_1 + \angle_2 + \angle_3) + \text{جم}(\angle_1 + \angle_2 + \angle_3)$$

$$2^3 \text{جم}\angle_1 \text{جم}\angle_2 \text{جم}\angle_3 = \Sigma \text{جم}(-\angle_1 + \angle_2 + \angle_3) + \frac{1}{2}\Sigma \text{جم}(\angle_1 + \angle_2 - \angle_3) + \text{جم}(\angle_1 + \angle_2 - \angle_3)$$

ن زاویوں کے لئے عام ضابطے یہ ہیں:- اگر ن جفت ہے تو

$$(-1)^{\frac{ن}{2}} 2^{ن-1} \text{جب}\angle_1 \text{جب}\angle_2 \dots \text{جب}\angle_ن$$

$$= \text{جتا}_ن - \text{جتا}_{ن-1} + \text{جتا}_{ن-2} \dots + (-1)^{\frac{ن}{2}} \frac{1}{2} \text{جتا}_{\frac{1}{2}ن} \dots \quad (۳۱)$$

(51) جہاں $\text{جتا}_{ن-ر}$ وہ حاصل جمع ہے جو زاویوں $\angle_1 \angle_2 \dots \angle_ن$ میں سے $ن-ر$ زاویوں کو مثبت اور باقی $ر$ زاویوں کو منفی لیکر ان کے حاصل جمع کی جیوب التمام کو جمع کرنے سے حاصل ہوتا ہے، ہر اجتماع میں منفی زاویے لئے گئے ہیں - اگر ن طاق ہے تو

$$(-1)^{\frac{ن-1}{2}} 2^{ن-1} \text{جب}\angle_1 \text{جب}\angle_2 \dots \text{جب}\angle_ن$$

$$= \text{ظتا}_ن - \text{ظتا}_{ن-1} + \text{ظتا}_{ن-2} \dots + (-1)^{\frac{ن-1}{2}} \text{ظتا}_{\frac{1}{2}(ن+1)} \dots \quad (۳۲)$$

جہاں $\text{ظتا}_{ن-ر}$ وہ حاصل جمع ہے جو زاویوں میں سے $ن-ر$ زاویوں کو مثبت اور باقی $ر$ زاویوں کو منفی لیکر ان کے حاصل جمع کی جیوب کو جمع کرنے سے حاصل ہوتا ہے - اسی طرح اگر ن جفت ہے تو

$$2^{ن-1} \text{جم}\angle_1 \text{جم}\angle_2 \dots \text{جم}\angle_ن$$

$$= \text{جتا}_ن + \text{جتا}_{ن-1} + \text{جتا}_{ن-2} \dots + \frac{1}{2} \text{جتا}_{\frac{1}{2}ن} \dots \quad (۳۳)$$

اور اگر ن طاق ہے تو

$$2^{ن-1} \text{جم}\angle_1 \text{جم}\angle_2 \text{جم}\angle_3 \dots \text{جم}\angle_ن$$

$$= ج_ن + ج_{ن-۱} + \cdots + ج_{\frac{۱}{۲}(ن-۱)} \quad \cdots \quad (۳۴)$$

ضابطوں (۳۱)، (۳۲)، (۳۳)، (۳۴) کو اوپر ن = ۲، ۳، ۴ کے لئے ثابت کیا جا چکا ہے اور اب ان کو استقراء کے طریقہ سے عام صورت کے لئے ثابت کیا جائے گا، مان لو کہ ضابطہ (۳۱) ن زاویوں کے لئے درست ہے، اس کو ۲ جب ا$_{ن+۱}$ سے ضرب دو اور کسی رقم ۲ ج$_ن$ ر جب ا$_{ن+۱}$ کی بجائے جیوب کا مجموعہ رکھو تو حاصل ضرب

$$(-۱)^{\frac{ن}{۲}} ۲^ن \text{ جب ا}_۱ \text{ جب ا}_۲ \cdots \text{ جب ا}_ن \text{ جب ا}_{ن+۱}$$

کے لئے حسب ذیل جملہ حاصل ہوتا ہے

$$د_{ن+۱} - د_ن + \cdots + (-۱)^{\frac{ن}{۲}} د_{\frac{۱}{۲}(ن+۲)}$$

جہاں د$_ر$ وہ حاصل جمع ہے جو ن + ۱ زاویوں میں سے ر، ر زاویوں کو مثبت اور باقی زاویوں کو منفی لیکر ان کے حاصل جمع کی جیوب کو جمع کرنے سے حاصل ہوتا ہے، پس یہ وہی ہے جو ضابطہ (۳۲) ہو جاتا ہے جبکہ اس میں ن کو ن + ۱ میں بدلا جائے، پھر یہی عمل اس نتیجہ کے ساتھ کرو تو حاصل ضرب

$$(-۱)^{\frac{ن+۱}{۲}} ۲^{ن+۱} \text{ جب ا}_۱ \text{ جب ا}_۲ \cdots \text{ جب ا}_{ن+۲}$$

$$= ج'_{ن+۲} - ج'_{ن+۱} \cdots + (-۱)^{\frac{ن+۲}{۲}} \frac{۱}{۲} ج'_{\frac{۱}{۲}(ن+۲)}$$

(۱۰) ثابت کرو کہ $\frac{\Sigma \text{ جب ۳ ع جب (ب − ج)}}{\Sigma \text{ جب ۲ (ج − ب)}} = \text{جب (ع + ب + ج)}$

اور عام صورت میں جبکہ ن کوئی طاق عدد ہو

$$\frac{\Sigma \text{ جب ن ع جب (ب − ج)}}{\Sigma \text{ جب ۲ (ج − ب)}} = \Sigma \{\text{جب (ف ع + ق ب + رج)}\}$$

جہاں ف، ق، ر کوئی طاق اعداد ہیں جن کا مجموعہ ن ہے۔

(۱۱) اگر

$$\text{ا}^2 \text{ جم ع جم ب + ا (جب ع + جب ب) + ۱ = ۰،}$$

$$\text{ا}^2 \text{ جم ع جم ج + ا (جب ع + جب ج) + ۱ = ۰،}$$

تو ثابت کرو کہ

$$\text{ا}^2 \text{ جم ب جم ج + ا (جب ب + جب ج) + ۱ = ۰،}$$

جہاں ب، ج کم ہیں π سے۔

(۱۲) اگر ط کی دو قیمتیں ط، ط، ہوں جو مساوات

$$۱ + \frac{\text{جم ط جم فہ}}{\text{جم}^{۲}\text{ عہ}} + \frac{\text{جب ط جب فہ}}{\text{جب}^{۲}\text{ عہ}} = ۰$$

کو پورا کرتی ہیں تو ثابت کرو کہ اس مساوات میں اگر ط، فہ کی بجائے ط، اور ط، درج کئے جائیں تو وہ مساوات کو پورا کرینگے۔

(۱۳) اگر (96)

ا جم عہ جم ب + ب جب عہ جب ب = ج، ا جم ب جم جہ + ب جب ب جب جہ = ج،

ا جم جہ جم ضہ + ب جب جہ جب ضہ = ج، ا جم ضہ جم صہ + ب جب ضہ جب صہ = ج

اور ا جم صہ جم عہ + ب جب صہ جب عہ = ج

تو ثابت کرو کہ

$$\frac{۱}{\text{ا}^{۳}} + \frac{۱}{\text{ب}^{۳}} + \frac{۱}{\text{ج}^{۳}} = \left(\frac{۱}{\text{ب}} + \frac{۱}{\text{ج}}\right)\left(\frac{۱}{\text{ج}} + \frac{۱}{\text{ا}}\right)\left(\frac{۱}{\text{ا}} + \frac{۱}{\text{ب}}\right)$$

جہاں زاویے سب کے سب غیر مساوی، اور صفر اور ۲ π کے درمیان ہیں۔

(۱۴) اگر

جب (ط + عہ) = جب (فہ + عہ) = جب ب

اور ا جب (ط + فہ) + ب جب (ط - فہ) = ج

تو ثابت کرو کہ یا

ا جب (۲ عہ ± ۲ ب) = - ج، یا ا جب ۲ عہ ± ب جب ۲ ب = ج

(۱۵) اگر مساوات $\text{جب}^{۲ن+۲}\ ط \setminus \text{جب}^{۲ن}\ \text{عہ} + \text{جم}^{۲ن+۲}\ ط \setminus \text{جم}^{۲ن}\ \text{عہ} = ۱$

درست رہے جبکہ ن = ا تو ثابت کرو کہ وہ درست رہیگی جبکہ ن کوئی مثبت صحیح عدد ہو۔

(۱۶) مساواتوں

۴ (جم عہ جم طہ + جم فہ) (جم عہ جب طہ + جب فہ)

= ۴ (جم عہ جم طہ + جم پہ) (جم عہ جب طہ + جب پہ) = (جم فہ - جم پہ) (جب فہ - جب پہ)

سے طہ ساقط کرو، اور ثابت کرو کہ جم (فہ - پہ) = ۱، یا جم ۲ عہ

(۱۷) اگر $\frac{\text{مس ا}}{\text{مس ب}} = \frac{\text{جب (لا - عہ)}}{\text{جب عہ}}$، اور $\frac{\text{مس ا}}{\text{مس ۲ب}} = \frac{\text{جب (لا - ۲ عہ)}}{\text{جب ۲ عہ}}$

تو ثابت کرو کہ $\frac{\text{مس ا}}{\text{جب ۲ ب}} = \frac{\text{جب لا}}{\text{جب ۲ عہ}} = \frac{\text{جم لا}}{\text{جم ۲ عہ - جم ۲ ب}}$

(۱۸) اگر عہ، ب، ج، غیر مساوی ہوں اور ہر ایک π سے کم تو ثابت کرو کہ مساواتوں کا نظام

$$\frac{\text{جب (۲ عہ - ب - ج)}}{\text{جم (۲ عہ + ب + ج)}} = \frac{\text{جب (۲ ب - ج - عہ)}}{\text{جم (۲ ب + ج + عہ)}} = \frac{\text{جب (۲ ج - عہ - ب)}}{\text{جم (۲ ج + عہ + ب)}}$$

ایک واحد مساوات

جم ۲ (ب + ج) + جم ۲ (ج + عہ) + جم ۲ (عہ + ب) = ۰

کے مماثل ہے۔

(۱۹) اگر لا = ۲ جم (ب - ج) + جم (طہ + عہ) + جم (طہ - عہ)

= ۲ جم (ج - عہ) + جم (طہ + ب) + جم (طہ - ب)

= - ۲ جم (عہ - ب) - جم (طہ + ج) - جم (طہ - ج)

تو ثابت کرو کہ لا = جب ۲ طہ اگر زاویوں عہ، ب، ج میں سے کسی دو کا فرق نہ معدوم ہو اور نہ π کے کسی ضعف کے مساوی ہو۔

(۲۰) اگر ا + ب + ج = ۱۸۰° اور اگر

$$\sum \text{جب}(۲ن+۱) \mid \text{جب}(ب-ج) = ۰$$

جہاں ن ایک صحیح عدد ہے تو ثابت کرو کہ

$$\sum \text{جب}(ن-۱) \mid \text{جب}(ن+۱)(ب-ج) = ۰$$

(۲۱) اگر (97)

$$\text{مم}\tfrac{۱}{۲}(ء+ب)(\text{جم}\,ج - \text{جم}\,ضہ) + \text{مم}\tfrac{۱}{۲}(ء+ج)(\text{جم}\,ضہ - \text{جم}\,ب)$$
$$+ \text{مم}\tfrac{۱}{۲}(ء+ضہ)(\text{جم}\,ب - \text{جم}\,ج) = ۰$$

اور کوئی دو زاویے مساوی نہ ہوں، یا کسی دو زاویوں میں π کے ضعف کا فرق نہ ہو تو ثابت کرو کہ

$$\text{مم}\tfrac{۱}{۲}(ب+ء)(\text{جم}\,ج - \text{جم}\,ضہ) + \text{مم}\tfrac{۱}{۲}(ب+ج)(\text{جم}\,ضہ - \text{جم}\,ء)$$
$$+ \text{مم}\tfrac{۱}{۲}(ب+ضہ)(\text{جم}\,ء - \text{جم}\,ج) = ۰$$

(۲۲) اگر $\dfrac{\text{جب}(ء+ط)}{\text{جب}(ء+ف)} + \dfrac{\text{جب}(ب+ط)}{\text{جب}(ب+ف)} = \dfrac{\text{جم}(ء+ط)}{\text{جم}(ء+ف)} + \dfrac{\text{جم}(ب+ط)}{\text{جم}(ب+ف)} = ۲$

تو ثابت کرو کہ یا تو ء اور ب میں $\tfrac{۱}{۲}\pi$ کے طاق ضعف کا فرق ہے، یا ط اور ف میں π کے جفت ضعف کا فرق ہے۔

(۲۳) اگر $\sum ا.\text{جم}(ف+پ) + ب.\text{جم}(ف-پ) + ج = ۰$،

$$\sum ا.\text{جم}(پ+ط) + ب.\text{جم}(پ-ط) + ج = ۰،$$

$$\sum ا.\text{جم}(ط+ف) + ب.\text{جم}(ط-ف) + ج = ۰،$$

اور اگر ط، پ، ف سب غیر مساوی ہوں تو ثابت کرو کہ $ا^۲ - ب^۲ + ۲بج = ۰$

(۲۴) اگر $\dfrac{\text{جم}(ء+ب+ط)}{\text{جب}(ء+ب).\text{جم}^۲ ج} = \dfrac{\text{جم}(ج+ء+ط)}{\text{جم}(ب+ء).\text{جم}^۲ ب}$

اور ب، ج غیر مساوی ہوں تو ثابت کرو کہ مساوات بالا کا ہر رکن

$$= \frac{\text{جم}(\text{ب}+\text{ج}+\text{ط})}{\text{جب}(\text{ب}+\text{ج})\,\text{جم}^{2}\text{ء}}$$

اور $$\text{جم ط} = \frac{\text{جب}(\text{ب}+\text{ج})\,\text{جب}(\text{ج}+\text{ء})\,\text{جب}(\text{ء}+\text{ب})}{\text{جم}(\text{ب}+\text{ج})\,\text{جم}(\text{ج}+\text{ء})\,\text{جم}(\text{ء}+\text{ب})+\text{جب}^{2}(\text{ء}+\text{ب}+\text{ج})}$$

(۲۵) اگر ا، ب، ج مثبت زاویے ہوں جن کا مجموعہ ۱۸۰° ہے تو ثابت کرو کہ

$$\text{جم ا} + \text{جم ب} + \text{جم ج} > 1 \text{ اور } \not< \frac{3}{2}$$

(۲۶) حل کرو مساوات

$$64\,\text{جب}^{6}\text{ ط} + \text{جب}^{2}\text{ ط} = 0$$

(۲۷) اگر $2\text{س} = \text{لا} + \text{ما} + \text{ی}$ تو ثابت کرو کہ

$$\text{مس}(\text{س}-\text{لا}) + \text{مس}(\text{س}-\text{ما}) + \text{مس}(\text{س}-\text{ی}) - \text{مس س}$$

$$= \frac{4\,\text{جب لا جب ما جب ی}}{1-\text{جم}^{2}\text{لا}-\text{جم}^{2}\text{ما}-\text{جم}^{2}\text{ی}-2\,\text{جم لا جم ما جم ی}},$$

نیز $$\text{مس}^{4}(\text{س}-\text{لا}) + \text{مس}^{4}(\text{س}-\text{ما}) + \text{مس}^{4}(\text{س}-\text{ی}) - \text{مس}^{4}\text{ س}$$

$$= \text{مس}^{4}\frac{16\,\text{لا ما ی}}{(\text{لا}^{2}+\text{ما}^{2}+\text{ی}^{2}+4)^{2}-4(\text{ما}^{2}\text{ی}^{2}+\text{ی}^{2}\text{لا}^{2}+\text{لا}^{2}\text{ما}^{2})}$$

(۲۸) اگر $$\frac{\text{جم ط}}{\text{جم ء}} + \frac{\text{جب ط}}{\text{جب ء}} = \frac{\text{جم ف}}{\text{جم ء}} + \frac{\text{جب ف}}{\text{جب ء}} = 1$$

تو ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{جم ط جم ف}}{\text{جم}^{2}\text{ء}} + \frac{\text{جب ط جب ف}}{\text{جب}^{2}\text{ء}} + 1 = 0$$

(۲۹) اگر ۲ جب عہ جم (ط + فہ) = ۲ جم (ط − فہ) + جم² عہ ،

اور ۲ جب عہ جم (ط + پہ) = ۲ جم (پہ − ط) + جم² عہ ،

تو ثابت کرو کہ ۲ جب عہ جم (فہ + پہ) = ۲ جم (فہ − پہ) + جم² عہ

(۳۰) اگر جم (ما − ی) + جم (ی − لا) + جم (لا − ما) = $-\frac{۳}{۲}$

تو ط کی تمام قیمتوں کے لیے ثابت کرو کہ

جم³ (لا + ط) + جم³ (ما + ط) + جم³ (ی + ط) − ۳ جم (لا + ط) جم (ما + ط) جم (ی + ط) = ۰

(۳۱) اگر

$$\frac{\text{جب } رلا}{ل} = \frac{\text{جب } (ر+۱)لا}{م} = \frac{\text{جب } (ر+۲)لا}{ن}$$

تو ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{جم } رلا}{۲م^۲ - ل(ل+ن)} = \frac{\text{جم } (ر+۱)لا}{م(ن-ل)} = \frac{\text{جم } (ر+۲)لا}{ن(ل+ن) - ۲م^۲}$$

(۳۲) ثابت کرو کہ مساواتیں

$$(لا + \frac{۱}{لا}) \text{ جب عہ} = \frac{ما}{ی} + \frac{ی}{ما} + \text{جم}^۲ \text{عہ} ،$$

$$(ما + \frac{۱}{ما}) \text{ جب عہ} = \frac{ی}{لا} + \frac{لا}{ی} + \text{جم}^۲ \text{عہ} ،$$

$$(ی + \frac{۱}{ی}) \text{ جب عہ} = \frac{لا}{ما} + \frac{ما}{لا} + \text{جم}^۲ \text{عہ}$$

غیر تابع نہیں ہیں اور وہ

$$لا + ما + ی = \frac{۱}{لا} + \frac{۱}{ما} + \frac{۱}{ی} = -\text{جب عہ}$$

کے مماثل ہیں ۔

۳۳ ۔ ثابت کرو کہ جملہ

۲ جم (ب-جہ) جم (ط+ب) جم (ط+جہ) + ۲ جم (جہ-عہ) جم (ط+جہ) جم (ط+جہ)
+ ۲ جم (عہ-ب) جم (ط+عہ) جم (ط+ب) - جم ۲ (ط+عہ) - جم ۲ (ط+ب) - جم ۲ (ط+جہ) - ۱
ط پر منحصر نہیں ہے؛ اس کی قیمت جیوب التمام کے حاصل ضرب کے طور پر ظاہر کرو۔

(۳۴) اگر مساوات

$$\text{مس}\,(ط + \frac{1}{4}\pi) = ۳\,\text{مس}\,۳ط$$

کے چار حل عہ، ب، جہ، ضہ ہوں اور ان میں سے کسی دو کے مماس مساوی نہ ہوں تو ثابت کرو کہ

$$\text{مس عہ} + \text{مس ب} + \text{مس جہ} + \text{مس ضہ} = ۰\,،$$
$$\text{مس ۲عہ} + \text{مس ۲ب} + \text{مس ۲جہ} + \text{مس ۲ضہ} = \frac{۴}{۳}$$

(۳۵) اگر $۶\,\text{مس}\,(ر+لا) = ۳\,\text{مس}\,(ر+لا) = ۲\,\text{مس}\,(ر+ی)$

تو ثابت کرو کہ $۳\,\text{جب}^۲(لا-ما) + ۵\,\text{جب}^۲(ما-ی) - ۲\,\text{جب}^۲(ی-لا) = ۰$

(۳۶) حل کرو مساواتیں

$$\begin{cases} \text{جب}^{-۱}\,لا - \text{جب}^{-۱}\,ما = \pi\,\frac{۲}{۳} \\ \text{جم}^{-۱}\,لا - \text{جم}^{-۱}\,ما = \pi\,\frac{۱}{۳} \end{cases}$$

(۳۷) ثابت کرو کہ مسلسل کسر

$$\frac{۱}{۲\,\text{مس عہ}} + \frac{۱}{۲\,\text{مس عہ}} + \frac{۱}{۲\,\text{مس عہ}} + \cdots\cdots$$

کا ن واں مستدق ہے

$$\frac{(\text{مس عہ} + \sqrt{\text{قط عہ}})^{ن} - (\text{مس عہ} - \sqrt{\text{قط عہ}})^{ن}}{(\text{مس عہ} + \sqrt{\text{قط عہ}})^{ن+۱} - (\text{مس عہ} - \sqrt{\text{قط عہ}})^{ن+۱}}$$

(۳۸) مساواتوں

$$\begin{cases} ۳\sqrt{۱}\,\text{جم}\,ط + \sqrt{۱}\,\text{جم}\,۳ط = ۴\,لا \\ ۲\sqrt{۱}\,\text{جب}\,ط - \sqrt{۱}\,\text{جب}\,۳ط = ۴\,ما \end{cases}$$

سے ط ساقط کرو۔

(۳۹) اگر $\frac{\text{مس}(ط-ع)}{ف} = \frac{\text{مس}(فہ-ع)}{ق} = \frac{\text{مس}(پہ-ع)}{ر}$ (۸۹)

تو ثابت کرو کہ

$ف(ق-ر)^{۲}\,\text{جم}(فہ-پہ)+ق(ر-ف)^{۲}\,\text{جم}(پہ-ط)+ر(ف-ق)^{۲}\,\text{جم}(ط-فہ)=۰$

(۴۰) $\frac{۱}{۱+ا\,\text{جم}\,ط+ب\,\text{جب}\,ط}$ کو اس شکل

$۱+\frac{۱}{۱}\,\text{جم}(ط-ع)+\frac{۱}{۱^{۲}}\,\text{جم}\,۲(ط-ع)+\ldots$

کے ایک سلسلہ میں پھیلاؤ۔

(۴۱) مساوات مس ۳ط ۔ مس ۲ط ۔ مس ط = ۰ کو حل کرو۔

(۴۲) اگر

$\text{جم}^{۲}لا+\text{جم}^{۲}ما=\text{جم}\,۳ع^{،}\,\text{جب}^{۲}لا+\text{جب}^{۲}ما=\text{جب}\,۳ع^{،}$ اور $لا+ما=۲$ ہو

تو ثابت کرو کہ

$۸\,\text{جب}^{۳}۲(ع+ب)=۲۷\,\text{جب}\,۲ب\,\text{جب}^{۲}۲\,\text{بہ جم}(۳ع+ب)$

(۴۳) اگر $ا\,\text{جم}\,فہ\,\text{جم}\,پہ+ب\,\text{جب}\,فہ\,\text{جب}\,پہ=ج^{،}$

$ا\,\text{جم}\,پہ\,\text{جم}\,ط+ب\,\text{جب}\,پہ\,\text{جب}\,ط=ج^{،}$

$ا\,\text{جم}\,ط\,\text{جم}\,فہ+ب\,\text{جب}\,ط\,\text{جب}\,فہ=ج$

تو ثابت کرو کہ $ب ج+ج ا+ا ب=۰^{،}$ اِلّا آنکہ $ا=ب=ج$

(۴۴) حل کرو مساوات

$\text{جم}^{-۱}(لا+\frac{۱}{۲})+\text{جم}^{-۱}لا+\text{جم}^{-۱}(لا-\frac{۱}{۲})=\pi\frac{۳}{۲}$

(۴۵) مساواتوں

$أ^{3}$ ما جب فہ + $ب^{3}$ لا جم فہ + أب (أ جب فہ + ب) جم فہ = ۰،

أ لا قط فہ − ب ما قم فہ = $أ^{2}$ − $ب^{2}$

سے فہ ساقط کرو۔

(۴۶) حل کرو مساوات

جم ۵ ط + ۵ جم ۳ ط + ۱۰ جم ط = $\frac{1}{2}$

(۴۷) مساواتوں

أ جم ط . جم ۲ ط = ۲ (أ جم ط − لا)،

أ جب ط جب ۲ ط = ۲ (أ جب ط − ما)

سے ط ساقط کرو۔

(۴۸) ثابت کرو کہ مساوات ۳ لا + ما = نَ (جہاں ن صحیح عدد ہے)

کے حل ثبت صحیح اعداد میں (بشمول صفر) معلوم کیے جائیں تو ان کی تعداد ہے

$$\left[\frac{\pi\left(1+\frac{\text{ن}}{2}\right)\frac{1}{6}}{\text{جم}\frac{\pi}{4}}\right]^{\frac{1}{3}}\left[\text{ن}+2+(-1)^{\text{ن}}\right]$$

(۴۹) حل کرو مساوات

۶ جم ۳ ط − جب ۳ ط − ۱۰ جم ۲ ط + ۵ جب ۲ ط + ۲۲ جم ط − ۵ جب ط = ۱۰

(۵۰)
$$\frac{\text{قم}^{2}\text{ ط} - \text{مس}^{2}\text{ ط}}{\text{مم}^{2}\text{ ط} + \text{مس}^{2}\text{ ط} - 1}$$

کی بڑی سے بڑی قیمت معلوم کرو۔

(100) (۵۱) ثابت کرو کہ کسر مسلسل

$$\frac{\text{قط}^{2}\text{ عہ}}{4} \quad \frac{\text{قط}^{2}\text{ عہ}}{-4} \quad \frac{\text{قط}^{2}\text{ عہ}}{-4} \quad \frac{\text{قط}^{2}\text{ عہ}}{-4} \quad \cdots\cdots \text{ ر خارج قسمتوں تک}$$

$$= \frac{\text{جب ر عہ}}{2\text{ جب (ر + ۱) عہ جم عہ}}$$

(۵۲) مساواتوں

ا جب (ط-ع)+ب جب (ط+ع) = لا جب (ف+ب) + ما جب (ف-ب)،

ا جم (ط-ع) - ب جم (ط+ع) = لا جم (ف+ب) - ما جم (ف-ب)

ط ± ف = جہ

سے ط، ف ساقط کرو۔

(۵۳) ثابت کرو کہ

Σ جم ع (جم ۳ ب - جم ۳ ج)

= ۴ (جم ب - جم ج)(جم ج - جم ع)(جم ع - جم ب)(جم ع + جم ب + جم ج)

(۵۴) اگر ا جم ع + ب جم ب + ج جم ج = ۰،

ا جب ع + ب جب ب + ج جب ج = ۰،

ا قط ع + ب قط ب + ج قط ج = ۰

تو ثابت کرو کہ بالعموم ± ا ± ب ± ج = ۰

(۵۵) مساواتوں

جب ۳ ($\frac{1}{4}$ π + ط) + ۳ جب ($\frac{1}{4}$ π + ط) = ۲ ا،

جب ۳ ($\frac{1}{4}$ π - ط) + ۳ جب ($\frac{1}{4}$ π - ط) = ۲ ب

سے ط ساقط کرو۔

(۵۶) اگر مساوات مس (ط+ع) = ک مس ۲ ط

کو پورا کرنیوالی ط کی قیمتیں ط، ط۱، ط۲ ہوں اور ان میں سے کسی دو میں π کے ضعف کا فرق نہ ہو تو ثابت کرو کہ

ط۱ + ط۲ + ط۳ + ع

π کا ایک ضعف ہے۔

(۵۷) ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{جم } ۴\,ا}{\text{جب } ا \text{ جب } (ا-ب) \text{ جب } (ا-ج)} = ۸ \text{ جب } (ا+ب+ج) + \text{قم } ا \text{ قم } ب \text{ قم } ج$$

(۵۸) ثابت کرو کہ

$$۲\{\text{جب}^۳(ط-ع)\,\text{جم}\,۲(ع-ف)\,\text{جب}(ب-ج)+\text{جب}^۳(ط-ب)\,\text{جم}\,۲(ب-ف)\,\text{جب}(ج-ع)$$
$$+\text{جب}^۳(ط-ج)\,\text{جم}\,۲(ج-ف)\,\text{جب}(ع-ب)\}$$
$$=\{\text{جب}\,۲ع+\text{جب}\,۲ب+\text{جب}\,۲ج-۳\,\text{جب}\,۲ط\}\,\text{جب}(ب-ج)\,\text{جب}(ج-ع)\,\text{جب}(ع-ب)$$

جہاں $ف = \frac{۱}{۲}(ع+ب+ج-۳ط)$

(۵۹) اگر $ا+ب+ج+د = ۱۸۰°$ تو ثابت کرو کہ

$$(س-\text{جب}\,ا)(س-\text{جب}\,ب)(س-\text{جب}\,ج)(س-\text{جب}\,د)$$
$$=\frac{۱}{۴}(\text{جب}\,ا\,\text{جب}\,ب+\text{جب}\,ج\,\text{جب}\,د)(\text{جب}\,ب\,\text{جب}\,ج+\text{جب}\,ا\,\text{جب}\,د)$$
$$(\text{جب}\,ج\,\text{جب}\,ا+\text{جب}\,ب\,\text{جب}\,د)$$

جہاں $۲س = \text{جب}\,ا+\text{جب}\,ب+\text{جب}\,ج+\text{جب}\,د$

(101) (۶۰) ثابت کرو کہ سلسلہ

$$\text{جم}\,ع+\text{جم}(ع+ب)+\text{جم}(ع+۲ب)+\dots$$

کی ن رقموں کے حاصل ضربوں کا مجموعہ جبکہ ان میں سے دو دو کو لیکر ضرب دیا جائے یہ ہے

$$\frac{۱}{۴}\,\text{قم}^۲\frac{۱}{۲}ب\,\text{قط}\,\frac{۱}{۲}ب\,\text{جب}\,\frac{۱}{۲}ن\,ب\,[\text{جب}\,\frac{۱}{۲}ن\,ب\,\text{جم}\,\frac{۱}{۲}ب+\text{جب}\,\frac{۱}{۲}(ن-۱)\,ب$$
$$\times\text{جم}\{۲ع+(ن-۱)ب\}]-\frac{۱}{۴}ن$$

(۶۱) اگر $\frac{\text{جم}\,ط+\text{جب}\,ط}{۲+\text{جم}\,۲ط+\text{جب}\,۲ط} = \frac{۴(\text{جم}\,ط-\text{جب}\,ط)(\text{جم}\,۲ط-\text{جب}\,۲ط)}{۴(\text{جم}\,۲ط-\text{جب}\,۲ط)^۲-(\text{جم}\,ط-\text{جب}\,ط)^۲}$

تو ثابت کرو کہ ط کی تین قیمتیں ہونگی ایسی کہ

$$\text{مس}^۴ط+\text{مس}\,ط^۴+\text{مس}\,ط^۴ = ۹$$

(۶۲) اگر مس ۲ط = مس ۲فہ = مس ۲پہ
تو ثابت کرو کہ ط + فہ + پہ، $\frac{1}{2}\pi$ کا ایک طاق ضعف ہے بشرطیکہ مس ط، مس فہ، مس پہ سب غیر مساوی ہوں۔

(۶۳) اگر لا جم عہ + ما جب عہ + ی + جم ۲عہ = ۰،
لا جم بہ + ما جب بہ + ی + جم ۲بہ = ۰،
لا جم جہ + ما جب جہ + ی + جم ۲جہ = ۰،

تو ثابت کرو کہ

لا جم فہ + ما جب فہ + ی + جم ۲فہ
= ۸ جب $\frac{1}{2}$ (عہ + بہ + جہ + فہ) جب $\frac{1}{2}$ (فہ - عہ) جب $\frac{1}{2}$ (فہ - بہ) جب $\frac{1}{2}$ (فہ - جہ)

(۶۴) مساواتوں

مس ط + مس فہ = ل،
قط ط + قط فہ = ب،
قم ط + قم فہ = ج

سے ط اور فہ ساقط کرو اور ثابت کرو کہ اگر ب اور ج ہم علامت ہوں تو

ب ج > ۲ ل

(۶۵) ثابت کرو کہ مساواتوں

$$\frac{\text{جم}^3 (\text{ط} - ۳\text{عہ})}{\text{جم}^3 \text{عہ}} = \frac{\text{جم}^3 (\text{ط} - ۳\text{بہ})}{\text{جم}^3 \text{بہ}} = \frac{\text{جم}^3 (\text{ط} - ۳\text{جہ})}{\text{جم}^3 \text{جہ}}$$

سے ط کو ساقط کیا جائے تو نتیجہ حاصل ہوتا ہے

جب (بہ - جہ) جب (جہ - عہ) جب (عہ - بہ) {جم (عہ + بہ + جہ) - ۴ جم عہ جم بہ جم جہ} = ۰

(۶۶) اگر (۱ - لا + لا^2)$^{-1}$ کو لا کی قوتوں میں پھیلایا جائے تو ثابت کرو کہ لا^n کا سر

جب $\frac{1}{3}$ (ن + ۱) π \ جب $\frac{1}{3}\pi$ ہے۔

(۶۷) ثابت کرو کہ Σ جم ۴عہ جب (بہ + جہ) جب (بہ - جہ)
= - ۸ جب (بہ - جہ) جب (جہ - عہ) جب (عہ - بہ) جب (بہ + جہ) جب (جہ + عہ) جب (عہ + بہ)

(۶۸) ثابت کرو کہ

$$\Sigma \text{جم}\, ۲(ب+جـ-عـ)\,\text{جب}(ب-جـ)\,\text{جم}\, عـ$$

$$= ۸\,\text{جب}(ب-جـ)\,\text{جب}(جـ-عـ)\,\text{جب}(عـ-ب)\,\text{جم}\, عـ\,\text{جم}\, ب\,\text{جم}\, جـ$$

(۶۹) اگر $\text{ا جب}\, ط + ب\,\text{جم}\, ط = \text{ا قم}\, ط + ب\,\text{قط}\, ط$

تو ثابت کرو کہ مساوات کا ہر رکن

$$= (\text{ا}^{\frac{۲}{۳}} - ب^{\frac{۲}{۳}})(\text{ا}^{\frac{۲}{۳}} + ب^{\frac{۲}{۳}})^{\frac{۱}{۲}}$$

(۷۰) $\text{جب}(ب-جـ) + \text{جب}(جـ-عـ) + \text{جب}(عـ-ب)$

کی بڑی سے بڑی قیمت معلوم کرو۔

(102) ۷۱ حل کرو مساوات

$$\text{جم}(لا-\text{ا})\,\text{جم}(لا-ب)\,\text{جم}(لا-ج)$$

$$= \text{جب ا جب ب جب ج جب لا} + \text{جم ا جم ب جم ج جم لا}$$

(۷۲) حل کرو مساوات

$$\text{جم ۲لا} + \text{جم ۲}(لا-\text{ا}) + \text{جم ۲}(لا-ب) + \text{جم ۲}(لا-ج) = ۴\,\text{جم ا جم ب جم ج}$$

(۷۳) حل کرو مساوات

$$\text{جب}^{۳}۳\text{ا} + \text{جب}^{۳}۲\text{ا} = \text{جب}^{۲}\text{ا}\,(\text{جب ۳ا} + \text{جب ۲ا})$$

(۷۴) مساواتوں

$$\text{ا جم ۲ط} + ب\,\text{جب ۲ط} = ج,$$

$$\text{اَ جم ۳ط} + \text{بَ جب ۳ط} = ۰$$

سے ط ساقط کرو۔

(۷۵) اگر $\text{ا} + ب + ج = ۱۸۰°$ تو ثابت کرو کہ

$$\text{جب}^{۲}\tfrac{۱}{۲}ب\,\text{جب}^{۲}\tfrac{۱}{۲}ج + \text{جب}^{۲}\tfrac{۱}{۲}ج\,\text{جب}^{۲}\tfrac{۱}{۲}\text{ا} + \text{جب}^{۲}\tfrac{۱}{۲}\text{ا}\,\text{جب}^{۲}\tfrac{۱}{۲}ب$$

$$\leqslant \tfrac{۱}{۱۲}(\text{جب}^{۲}\text{ا} + \text{جب}^{۲}ب + \text{جب}^{۲}ج)$$

(۷۶) مساواتوں

۴ لا = ۵ ا جم ط − ا جم ۵ ط ،

۴ با = ۵ ا جب ط − ا جب ۵ ط

سے ط ساقط کرو۔

(۷۷) اگر جم ۲ ا جب (ب − جہ) قط (ب + جہ)

= جم ۲ ب جب (جہ − عہ) قط (جہ + عہ) = جم ۲ جہ جب (عہ − ب) قط (عہ + ب)

تو ثابت کرو کہ

جم ۲ عہ + جم ۲ ب + جم ۲ جہ = ۰ ،

اور جب ۲ (ب + جہ) + جب ۲ (جہ + عہ) + جب ۲ (عہ + ب) = ۰

(۷۸) ثابت کرو کہ

$$\sum_{م=۰}^{م=ہ} \text{جم}(م عہ + ب) = \text{جم}\left(\frac{۱}{۲} ہ عہ + ب\right) \text{جب} \frac{۱}{۲} (ہ+۱) عہ \text{قم} \frac{۱}{۲} عہ$$

اور $\sum_{م=۰}^{م=ہ} \sum_{ن=۰}^{ن=ن} \sum_{پ=۰}^{پ=پ} \ldots$ جم (م عہ + ن ب + پ جہ + ...)

= جم $\frac{۱}{۲}$ (ہ عہ + ن ب + پ جہ + ...) جب $\frac{۱}{۲}$ (ہ+۱) عہ جب $\frac{۱}{۲}$ (ن + ۱) ب ....

× قم $\frac{۱}{۲}$ عہ قم $\frac{۱}{۲}$ ب ....

امثلہ ۷۹ تا ۹۳ کے حسب ذیل سلسلوں کو ن رقموں تک جمع کرو :۔

(۷۹) جب^۲ عہ + جب^۲ ۲ عہ + جب^۲ ۳ عہ + ... + جب^۲ ن عہ

(۸۰) جب^۲ عہ جب ۲ عہ + جب^۲ ۲ عہ جب ۳ عہ + ... + جب^۲ ن عہ جب (ن + ۱) عہ

(۸۱) قم عہ قم (عہ + ب) + قم (عہ + ب) قم (عہ + ۲ ب) + قم (عہ + ۲ ب) قم (عہ + ۳ ب)

+ .... + قم {عہ + (ن − ۱) ب} قم (عہ + ن ب)

(۸۲) جب لا جب ۲ لا جب ۳ لا + جب ۲ لا جب ۳ لا جب ۴ لا + ...
+ جب ن لا جب (ن + ۱) لا جب (ن + ۲) لا

(۸۳) جب^{۳} عہ + $\frac{۱}{۳}$ جب^{۳} ۳ عہ + $\frac{۱}{۲۳}$ جب^{۳} ۳^{۲} عہ + . . . + $\frac{۱}{۳^{ن-۱}}$ جب^{۳} ۳$^{ن-۱}$ عہ

(۸۴) مس ط مس ۳ ط + مس ۲ ط مس ۴ ط + . . . + مس ن ط مس (ن + ۲) ط

(۸۵) مس ط قط ۲ ط + مس ۲ ط قط ۲^{۲} ط + . . . + مس ۲$^{ن-۱}$ ط قط ۲^{ن} ط (103)

(۸۶) مس لا + $\frac{۱}{۲}$ مس $\frac{لا}{۲}$ + $\frac{۱}{۴}$ مس $\frac{لا}{۴}$ + . . . + $\frac{۱}{۲^{ن-۱}}$ مس $\frac{لا}{۲^{ن-۱}}$

(۸۷) مس لا قط^{۲} لا + $\frac{۱}{۸}$ مس $\frac{لا}{۲}$ قط^{۲} $\frac{لا}{۲}$ + $\frac{۱}{۱۸}$ مس $\frac{لا}{۲۲}$ قط^{۲} $\frac{لا}{۲^{۲}}$ + ...
+ $\frac{۱}{۸^{ن-۱}}$ مس $\frac{لا}{۲^{ن-۱}}$ قط^{۲} $\frac{لا}{۲^{ن-۱}}$

(۸۸) ۱ + ج جم ط جم فہ + ج^{۲} جم ۲ ط جم ۲ فہ + . . . + ج$^{ن-۱}$ جم (ن - ۱) ط جم (ن - ۱) فہ

(۸۹) $\frac{جم ۲ ط}{جب^{۲} ۲ ط}$ + $\frac{۲ جم ۴ ط}{جب^{۲} ۴ ط}$ + $\frac{۴ جم ۸ ط}{جب^{۲} ۸ ط}$ + . . . + $\frac{۲^{ن-۱} جم ۲^{ن} ط}{جب^{۲} ۲^{ن} ط}$

(۹۰) $\frac{جب ط}{جم ط + جم^{۲} ط}$ + $\frac{جب ۲ ط}{جم ۲ ط + جم^{۲} ۲ ط}$ + . . . + $\frac{جب ن ط}{جم ن ط + جم^{۲} ن ط}$

(۹۱) $\frac{جم ۲ عہ}{۱ - جم^{۲} ۲ عہ قط^{۲} عہ}$ + $\frac{جم ۳ عہ}{۱ - جم^{۲} ۳ عہ قط^{۲} عہ}$ + . . . + $\frac{جم (ن + ۱) عہ}{۱ - جم^{۲} (ن + ۱) عہ قط^{۲} عہ}$

(۹۲) ۱ × ۳ جب $\frac{π}{ن}$ + ۳ × ۵ جب $\frac{π^{۳}}{ن}$ + . . . + (۲ن - ۱) (۲ن + ۱) جب $\frac{(۲ن-۱) π}{ن}$

(۹۳) ۳ × ۴ جب عہ + ۴ × ۵ جب ۲ عہ + . . . + (ن + ۲) (ن + ۳) جب ن عہ

(۹۴) اگر مساوات

جب (ط + عہ) + جب (ط + بہ) + جب (عہ + بہ) = ۰

کے دو حل ط۱، ط۲ ہوں جہاں ط۱، ط۲، عہ، بہ میں سے ہر ایک ۲ π سے کم ہے تو ثابت کرو کہ

جب (ط۱ + ط۲) + جب (بہ + ط۱) + جب (بہ + ط۲) = ۰

(۹۵) ۔ ثابت کرو کہ

$$\frac{1}{2}\,\text{مم}^{-1}\frac{\sqrt{1+4^{\frac{3}{2}}}}{\sqrt{3}}+\frac{1}{3}\,\text{مس}^{-1}\frac{\sqrt{1+4^{\frac{3}{2}}}}{\sqrt{3}}=\frac{1}{6}\,\pi$$

اور

$$\frac{1}{2}\,\text{مس}^{-1}\frac{\sqrt{1+2^{\frac{3}{2}}}}{\sqrt{3}}-\frac{1}{3}\,\text{مس}^{-1}\frac{\sqrt{1+2^{\frac{3}{2}}}}{\sqrt{3}}=\frac{1}{36}\,\pi$$

(۹۶) اگر ط کی چار غیر مساوی قیمتیں عہ، بہ، جہ، ضہ، ہر ایک ۲ π سے کم ہو اور وہ مساوات

جم ۲ (لہ − ط) + جم (مہ − ط) + جم نہ = ۰

کو پورا کریں تو ثابت کرو کہ

عہ + بہ + جہ + ضہ − ۴ لہ = ۲ ن π ،

اور

جب ½ (بہ + جہ + ضہ − عہ − ۲ مہ) + جب ½ (جہ + ضہ + عہ − بہ − ۲ مہ)

+ جب ½ (ضہ + عہ + بہ − جہ − ۲ مہ) + جب ½ (عہ + بہ + جہ − ضہ − ۲ مہ) = ۰

(104)

ساتواں باب

ضعفی زاویوں کے تفاعلوں کو پھیلانا

جیب یا جیب التمام کی نزولی قوتوں میں سلسلہ

۷۸ — دفعہ ۵۱ کے ضابطہ (۴۰) میں اگر ہم جب^{۲} ا کی بجائے اس کی قیمت (۱ − جم^{۲} ا) رکھیں اور سلسلہ کو جم ا کی قوتوں میں ترتیب دیں تو جم ن ا کے لیے صرف جم ا کی قوتوں میں ایک جملہ حاصل ہوگا۔ ا کی بجائے ط رکھنے سے حاصل ہوتا ہے

$$\text{جم ن ط} = \text{جم}^{ن} ط - \frac{ن(ن-۱)}{۲\lfloor} \text{جم}^{ن-۲} ط (۱ - \text{جم}^{۲} ط) + \dots$$

$$+ (-۱)^{ر} \frac{ن(ن-۱)\dots(ن-۲ر+۱)}{۲ر\lfloor} \text{جم}^{ن-۲ر} ط (۱ - \text{جم}^{۲} ط)^{ر} + \dots$$

اِس سلسلہ میں $(-۱)^{ر}$ جم$^{ن-۲ر}$ ط کا سر ہے

$$\frac{ن(ن-۱)\dots(ن-۲ر+۱)}{۲ر\lfloor} + \frac{ن(ن-۱)\dots(ن-۲ر-۱)}{۲ر+۲\lfloor} (ر+۱)$$

$$+ \frac{ن(ن-۱)\dots(ن-۲ر-۳)}{۲ر+۴\lfloor} \times \frac{(ر+۱)(ر+۲)}{۲\lfloor} + \dots$$

یہ سر $(۱+لا)^{ن}$ اور $(۱ - \frac{۱}{۲ن})^{ر+۱}$ کے حاصل ضرب میں $لا^{۲ر}$ کا جو

سر ہے اُس کے مساوی ہے جہاں لا کو ایک سے بڑا فرض کیا گیا ہے؛ اس لیے یہ سر، اُس سر کے مساوی ہے جو $(1+\text{لا})^{\text{ن}-\text{ر}-1}(1-\frac{1}{\text{لا}})^{(\text{ر}+1)}$ کے پھیلاؤ میں $\text{لا}^{\text{ر}-1}$ کا ہے۔ یہ آخری سر

$$= \frac{(\text{ن}-\text{ر}-1)\cdots(\text{ن}-2\text{ر}+1)}{\lfloor\text{ر}} \left\{ \text{ر} + (\text{ن}-2\text{ر})(\text{ر}+1) + \frac{(\text{ن}-2\text{ر})(\text{ن}-2\text{ر}-1)}{\lfloor 2} (\text{ر}+2) + \cdots \right\}$$

(105)

اور یہ

$$= \frac{(\text{ن}-\text{ر}-1)\cdots(\text{ن}-2\text{ر}+1)}{\lfloor\text{ر}} \left\{ \text{ر}(1+1)^{\text{ن}-2\text{ر}} + (\text{ن}-2\text{ر})(1+1)^{\text{ن}-2\text{ر}-1} \right\}$$

$$= \frac{\text{ن}(\text{ن}-\text{ر}-1)\cdots(\text{ن}-2\text{ر}+1)}{\lfloor\text{ر}} \, 2^{\text{ن}-2\text{ر}-1}$$

جم$^{\text{ن}}$ ط کا سر $\frac{1}{2}\{(1+1)^{\text{ن}} + (1-1)^{\text{ن}}\}$ یعنی $2^{\text{ن}-1}$ حاصل ہوتا ہے؛ جم$^{\text{ن}-2}$ ط کا سر $(1+\text{لا})^{\text{ن}-2}(1-\frac{1}{\text{لا}})^{2}$ کے پھیلاؤ میں اُس رقم کے مساوی ہے جس میں لا شامل نہیں ہوتا اور یہ رقم ہے $(1+1)^{\text{ن}-2} + (\text{ن}-2)(1+1)^{\text{ن}-3}$ یا

$$\text{ن} \times 2^{\text{ن}-3}$$

پس

$$\text{جم ن ط} = 2^{\text{ن}-1}\,\text{جم}^{\text{ن}}\text{ط} - \frac{\text{ن}}{\lfloor 1} 2^{\text{ن}-3}\,\text{جم}^{\text{ن}-2}\text{ط} + \frac{\text{ن}(\text{ن}-3)}{\lfloor 2} 2^{\text{ن}-5}\,\text{جم}^{\text{ن}-5}\text{ط} \cdots (1)$$

اس کی عام رقم ہے

$$(-1)^{\text{ر}} \frac{\text{ن}(\text{ن}-\text{ر}-1)\cdots(\text{ن}+2\text{ر}+1)}{\lfloor\text{ر}} \, 2^{\text{ن}-2\text{ر}-1}\,\text{جم}^{\text{ن}-2\text{ر}}\text{ط}$$

اسی طرح دفعہ ۵۱ کے ضابطہ (۳۹) سے ہمیں سلسلہ ملتا ہے

$$\frac{\text{جب ن ط}}{\text{جب ط}} = ۲^{ن-۱} \text{جم}^{ن-۱} ط - \frac{ن-۲}{۱} ۲^{ن-۳} \text{جم}^{ن-۳} ط$$

$$+ \frac{(ن-۳)(ن-۴)}{\underline{۲}} ۲^{ن-۵} \text{جم}^{ن-۵} ط \quad \ldots\ldots (۲)$$

اور اس کی عام رقم ہے

$$(-۱)^{ر} \frac{(ن-ر-۱)\ldots(ن-۲ر)}{\underline{ر}} ۲^{ن-۲ر-۱} \text{جم}^{ن-۲ر-۱} ط$$

۷۹ ــــ اگر ضابطوں (۱) اور (۲) میں ط کو $\frac{۱}{۲}$ ـ ط میں تبدیل کریں تو ضابطے حاصل ہوتے ہیں

$$(-۱)^{\frac{ن}{۲}} \text{جم ن ط} = ۲^{ن-۱} \text{جب}^{ن} ط - \frac{ن}{۱} ۲^{ن-۳} \text{جب}^{ن-۲} ط + \frac{ن(ن-۳)}{\underline{۲}} ۲^{ن-۵} \text{جب}^{ن-۴} ط$$

$$- \ldots\ldots\ldots (۳)$$

$$(-۱)^{\frac{ن}{۲}-۱} \text{جب ن ط} \setminus \text{جم ط} = ۲^{ن-۱} \text{جب}^{ن-۱} ط - \frac{ن-۲}{۱} ۲^{ن-۳} \text{جب}^{ن-۳} ط$$

$$+ \frac{(ن-۳)(ن-۴)}{\underline{۲}} ۲^{ن-۵} \text{جب}^{ن-۵} ط - \ldots (۴)$$

جبکہ ن جفت ہو، اور

$$(-۱)^{\frac{۱}{۲}(ن-۱)} \text{جب ن ط} = ۲^{ن-۱} \text{جب}^{ن} ط - \frac{ن}{۱} ۲^{ن-۳} \text{جب}^{ن-۲} ط$$

$$+ \frac{ن(ن-۳)}{\underline{۲}} ۲^{ن-۵} \text{جب}^{ن-۴} ط - \ldots (۵)$$

$$(-۱)^{\frac{۱}{۲}(ن-۱)} \text{جم ن ط} \setminus \text{جم ط} = ۲^{ن-۱} \text{جب}^{ن-۱} ط - \frac{ن-۲}{۱} ۲^{ن-۳} \text{جب}^{ن-۳} ط \quad (106)$$

$$+ \frac{(ن-۳)(ن-۴)}{\underline{۲}} ۲^{ن-۵} \text{جب}^{ن-۵} ط \ldots (۶)$$

جبکہ ن طاق ہو۔

جیب یا جیب التمام کی صعودی قوتوں میں سلسلے

۸۰ ـــــ جم ن ط، جب ن ط کے پھیلاؤ. جم ط یا جب ط کی صعودی قوتوں میں معلوم کرنے کے لیے ہم اُن چھ سلسلوں کو جو اوپر حاصل کیے گئے ہیں اُلٹی ترتیب میں لکھ سکتے ہیں۔ تاہم مطلوبہ سلسلوں کو بالراست معلوم کرنا بہتر ہوگا۔

اول فرض کرو کہ ن جفت ہے تو

$$\text{جم ن ط} = (1-\text{جب}^2 ط)^{\frac{1}{2}ن} - \frac{ن(ن-1)}{\lfloor 2}(1-\text{جب}^2 ط)^{\frac{1}{2}ن-1}\text{جب}^2 ط$$

$$+\frac{ن(ن-1)(ن-2)(ن-3)}{\lfloor 4}(1-\text{جب}^2 ط)^{\frac{1}{2}ن-2}\text{جب}^4 ط - \ldots\ldots ؟$$

اب مسئلہ ثنائی کے ذریعہ $1-\text{جب}^2 ط$ کی ہر قوت کو پھیلانے سے

$$\text{جم ن ط} = 1-\left\{\frac{ن}{2}+\frac{ن(ن-1)}{2}\right\}\text{جب}^2 ط+\left\{\frac{\frac{ن}{2}\left(\frac{ن}{2}-1\right)}{\lfloor 2}+\frac{ن(ن-1)}{2}\left(\frac{ن}{2}-1\right)\right.$$

$$\left.+\frac{ن(ن-1)(ن-2)(ن-3)}{\lfloor 4}\right\}\text{جب}^4 ط - \ldots\ldots$$

اس پھیلاؤ میں $(-1)^{س}\,\text{جب}^{2س} ط$ کا سر ہے

$$\frac{\frac{1}{2}ن\left(\frac{1}{2}ن-1\right)\ldots\left(\frac{1}{2}ن-س+1\right)}{\lfloor س}+\frac{ن(ن-1)}{\lfloor 2}\frac{\left(\frac{1}{2}ن-1\right)\ldots\left(\frac{1}{2}ن-س+1\right)}{\lfloor س-1}$$

$$+\frac{ن(ن-1)(ن-2)(ن-3)}{\lfloor 4}\frac{\left(\frac{1}{2}ن-2\right)\ldots\left(\frac{1}{2}ن-س+1\right)}{\lfloor س-2}+\ldots\ldots$$

جس کو شکل ذیل میں لکھا جا سکتا ہے

$$\frac{1}{\lfloor س} \times \frac{ن(ن-۲)(ن-۴)\cdots(ن-۲س+۲)}{۱\times۳\times۵\times\cdots(۲س-۱)}\left\{\left(\frac{۲س-۱}{۲}\right)\left(\frac{۲س-۱}{۲}-۱\right)\cdots\left(\frac{۲س-۱}{۲}-س+۱\right)\right.$$

$$+س\left(\frac{۲س-۱}{۲}\right)\left(\frac{۲س-۱}{۲}-۱\right)\cdots\left(\frac{۲س-۱}{۲}-س+۲\right)\left(\frac{ن-۱}{۲}\right)$$

$$+\frac{س(س-۱)}{\lfloor ۲}\left(\frac{۲س-۱}{۲}\right)\left(\frac{۲س-۱}{۲}-۱\right)\cdots\left(\frac{۲س-۱}{۲}-س+۳\right)\left(\frac{ن-۱}{۲}\right)\left(\frac{ن-۱}{۲}-۱\right)$$

$$+\ .\ .\ .\ .\ .\ .$$

(107) اب وانڈر ماںڈ کا مسئلہ[1] ہے

$$(ف+ق)^{س} = ف^{س} + س\,ف^{س-۱}\,ق^{۱} + \frac{س(س-۱)}{\lfloor ۲}\,ف^{س-۲}\,ق^{۲} + \cdots$$

جس میں $ف^{س}$، $ف(ف-۱)\cdots(ف-س+۱)$ کو تعبیر کرتا ہے۔ چونکہ یہ مسئلہ ف اور ق کی تمام قیمتوں کے لیے درست ہے، اس لیے فرض کرو کہ $ف = \frac{۲س-۱}{۲}$، $ق = \frac{ن-۱}{۲}$، تب خطوط وحدانی کے اندر کے سلسلوں پر یہ مسئلہ استعمال کرنے سے ہم دیکھتے ہیں کہ $(-۱)^{س}$ جب $۲^{۲س}$ ط کا سر ہے

$$\frac{۱}{\lfloor س}\cdot\frac{ن(ن-۲)\cdots(ن-۲س+۲)}{۱\times۳\times۵\times\cdots(۲س-۱)}\left(\frac{۱}{۲}ن\right)\left(\frac{۱}{۲}ن+س-۱\right)\left(\frac{۱}{۲}ن+س-۲\right)\cdots\left(\frac{۱}{۲}ن\right)$$

یا $$\frac{ن^{۲}(ن^{۲}-۲^{۲})(ن^{۲}-۴^{۲})\cdots(ن^{۲}-۲^{۲}س^{۲})}{\lfloor ۲س}$$

---

[1] دیکھو اسمتھ کا الجبرا صفحہ ۲۸۸، یا کرسٹل کا الجبرا جلد دوم صفحہ ۹۔

پس جب ، ن جفت ہو تو

$$\text{جم}^{ن} ط = ۱ - \frac{ن^۲}{|۲} \text{جب}^۲ ط + \frac{ن^۲(ن^۲-۲^۲)}{|۴} \text{جب}^۴ ط \ \ldots\ldots$$

$$+(-۱)^{س} \frac{ن^۲(ن^۲-۲^۲)\ldots(ن^۲-۲س-۲^۲)}{|۲س} \text{جب}^{۲س} ط + \ldots\ldots (۷)$$

یہ سلسلہ، سلسلہ (۳) الٹی ترتیب میں لکھا ہوا ہے۔

۸۱ — نیز

$$\text{جب}^{ن} ط = \text{جم} ط \{ن(۱-\text{جب}^۲ ط)^{\frac{۱}{۲}ن-۱} \text{جب} ط - \frac{ن(ن-۱)(ن-۲)}{|۳} (۱-\text{جب}^۲ ط)^{\frac{۱}{۲}ن-۲} \text{جب}^۲ ط + \ldots\}$$

فرض کرو کہ ن جفت ہے، سلسلہ کی ہر رقم کو جب^۲ ط کی قوتوں میں پھیلاؤ تو ہمیں

$(-۱)^{س+۱}$. جم ط جب$^{۲س-۱}$ ط کا سر ملتا ہے

$$\frac{۱}{|(س-۱)} \frac{ن(ن-۲)\ldots(ن-۲س+۲)}{۱\times۳\times۵\times\ldots\times(۲س-۱)} \left\{\left(\frac{۲س-۱}{۲}\right)^{س-۱} + (س-۱)\left(\frac{۲س-۱}{۲}\right)^{س-۲}\left(\frac{ن-۱}{۲}\right)\right.$$

$$\left. + \frac{(س-۱)(س-۲)}{|۲} \left(\frac{۲س-۱}{۲}\right)^{س-۳} \left(\frac{ن-۱}{۲}\right)^{۲} + \ldots\ldots\ldots \right\}$$

جو

$$= \frac{۱}{|س-۱} \times \frac{ن(ن-۲)\ldots(ن-۲س+۲)}{۱\times۳\times۵\times\ldots\times(۲س-۱)} (\tfrac{۱}{۲}ن + س - ۱)\ldots(\tfrac{۱}{۲}ن+۱)$$

$$= \frac{ن(ن^۲-۲^۲)(ن^۲-۴^۲)\ldots(ن^۲-۲س-۲^۲)}{|۲س-۱}$$

(108)

پس ن جفت ہونے کی صورت میں

$$\text{جب}^{ن} ط = \text{جم}^{ن} ط = \frac{ن}{۱} \text{جب} ط - \frac{ن(ن^۲-۲^۲)}{|۳} \text{جب}^۳ ط + \ldots\ldots$$

$$+(-۱)^{س-۱} \frac{ن(ن^۲-۲^۲)\ldots(ن^۲-۲س-۲^۲)}{|۲ن-۱} \text{جب}^{۲س-۱} ط + \ldots$$

۸۲ ـــــ جب، ن طاق ہو تو

$$\text{جم ن ط} = \text{جم ط}\left\{(1-\text{جب}^2 ط)^{\frac{1}{2}(ن-1)} - \frac{ن(ن-1)}{\lfloor 2}(1-\text{جب}^2 ط)^{\frac{1}{2}(ن-3)}\text{جب}^2 ط\right.$$

$$\left. + \ldots\ldots\right\}$$

اور $\text{جب ن ط} = ن(1-\text{جب}^2 ط)^{\frac{1}{2}(ن-1)}\text{جب ط}$

$$- \frac{ن(ن-1)(ن-2)}{\lfloor 3}(1-\text{جب}^2 ط)^{\frac{1}{2}(ن-3)}\text{جب}^3 ط + \ldots\ldots$$

اب پچھلی دفعہ کی طرح جب ط کی قوتوں میں سلسلوں کو پھیلانے سے اسی طرح ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\text{جم ن ط} = 1 - \frac{ن^2-1^2}{\lfloor 2}\text{جب}^2 ط + \frac{(ن^2-1^2)(ن^2-3^2)}{\lfloor 4}\text{جب}^4 ط - \ldots$$

$$+(-1)^س \frac{(ن^2-1^2)(ن^2-3^2)\ldots(ن^2-(2س-1)^2)}{\lfloor 2س}\text{جب}^{2س} ط$$

$$+ \ldots\ldots \quad (9)$$

اور $\text{جب ن ط} = \frac{ن}{1}\text{جب ط} - \frac{ن(ن^2-1^2)}{\lfloor 3}\text{جب}^3 ط + \frac{ن(ن^2-1^2)(ن^2-3^2)}{\lfloor 5}\text{جب}^5 ط$

$$- \ldots + (-1)^{س-1}\frac{ن(ن^2-1^2)\ldots(ن^2-(2س-3)^2)}{\lfloor 2س-1}\text{جب}^{2س-1} ط$$

$$+ \ldots \quad \ldots\ldots (10)$$

۸۳ ـــ اگر ضابطوں (۷)، (۸)، (۹)، (۱۰) میں ط کو $\frac{1}{2}\pi - ط$ سے بدل دیا جائے تو حسب ذیل ضابطے حاصل ہوتے ہیں

$$(-1)^{\frac{1}{2}ن}\text{جم ن ط} = 1 - \frac{ن^2}{\lfloor 2}\text{جم}^2 ط + \frac{ن^2(ن^2-2^2)}{\lfloor 4}\text{جم}^4 ط$$

$$- \frac{ن^2(ن^2-2^2)(ن^2-4^2)}{\lfloor 6}\text{جم}^6 ط + \ldots\ldots \quad (11)$$

$$(-1)^{\frac{1}{2}(ن+1)} \text{جب ن ط} \backslash \text{جب ط} = \frac{ن}{1} \text{جم ط} - \frac{ن(ن^2-2^2)}{3} \text{جم}^3 \text{ط}$$

$$+ \frac{ن(ن^2-2^2)(ن^2-4^2)}{5} \text{جم}^5 \text{ط} - \quad \ldots \quad (12)$$

جبکہ ن جفت ہو، اور

$$(-1)^{\frac{1}{2}(ن-1)} \text{جب ن ط} \backslash \text{جب ط} = 1 - \frac{ن^2-1^2}{2} \text{جم}^2 \text{ط}$$

$$+ \frac{(ن^2-1^2)(ن^2-3^2)}{4} \text{جم}^4 \text{ط} - \quad \ldots \quad (13)$$

اور

$$(-1)^{\frac{1}{2}(ن-1)} \text{جم ن ط} = \frac{ن}{1} \text{جم ط} - \frac{ن(ن^2-1^2)}{3} \text{جم}^3 \text{ط}$$

(109)

$$+ \frac{ن(ن^2-1^2)(ن^2-3^2)}{5} \text{جم}^5 \text{ط} - \quad \ldots \quad (14)$$

جبکہ ن طاق ہو۔ یہ سب ضابطے وہی ہیں جو دفعات ۷۸ اور ۷۹ میں حاصل کئے گئے تھے۔

تحت ضعفی زاویوں کے دائری تفاعل

۸۴ — اگر ہم ضابطوں (۱) تا (۶) میں یا ان کی مماثل شکلوں (۷) تا (۱۴) میں ط کی بجائے $\frac{\text{ط}}{ن}$ لکھیں تو ایسی مساواتیں ملتی ہیں جن سے جم $\frac{\text{ط}}{ن}$ یا جب $\frac{\text{ط}}{ن}$ دریافت ہوسکتا ہے جبکہ جم ط اور جب ط دیے گئے ہوں۔ ہم مختلف صورتوں پر غور کرینگے۔

(۱) فرض کرو کہ جم ط دیا گیا ہے، تب اُسی مساوات سے جو (۱) سے حاصل کی گئی ہے جم $\frac{\text{ط}}{ن}$ کی ن قیمتیں ملینگی۔ پس جم ط دیا گیا ہے تو اُن تمام زاویوں کی جیوب التمام معلوم ہونے کی اُمید رکھنی چاہیے جو $\frac{۲ک\pi \pm \text{ط}}{ن}$

میں شامل ہیں، کیونکہ ۲ک π ± ط سے وہ تمام زاویے تعبیر ہوتے ہیں جن کی جیب اتمام وہی ہے جو ط کی ہے، اس میں ک کوئی صحیح عدد ہے۔ اب ک کی خواہ کوئی قیمت ہو ہم رکھ سکتے ہیں ± ک = س + ک ن جس میں س کی قیمت ۰، ۱، ۲، ۳، ... ، ن - ۱ میں سے ہمیشہ کوئی ایک ہے اور ک مثبت یا منفی صحیح عدد ہے۔ تب

$$\text{جم}\frac{۲\text{ک}\,\pi \pm \text{ط}}{\text{ن}} = \text{جم}\left(\frac{\text{ط} + ۲\text{س}\,\pi}{\text{ن}} \pm ۲\pi\,\text{ک}\right) = \text{جم}\frac{\text{ط} + ۲\text{س}\,\pi}{\text{ن}}$$

اس طرح ہمیں حسب ذیل ن قیمتوں کے حاصل ہونے کی توقع رکھنی چاہیے:-

$$\text{جم}\frac{\text{ط}}{\text{ن}}\text{، جم}\frac{\text{ط} + ۲\pi}{\text{ن}}\text{، جم}\frac{\text{ط} + ۴\pi}{\text{ن}}\text{، ... ، جم}\frac{\text{ط} + ۲(\text{ن}-۱)\pi}{\text{ن}}$$

اور یہ قیمتیں اُس مساوات کی اصلیں ہونگی جو (۱) سے حاصل ہوتی ہے۔ یہ سب اصلیں بالعموم مختلف ہوتی ہیں کیونکہ ان میں سے کسی دو زاویوں کا مجموعہ یا فرق ۲ π کا ضعف نہیں ہے۔

(۲) فرض کرو جم ط دیا گیا ہے، تب اُن مساواتوں سے جو (۳) یا (۶) سے حاصل ہوتی ہیں جب $\frac{\text{ط}}{\text{ن}}$ کی قیمتیں ملینگی۔ (۶) کو استعمال کرنے سے پیشتر ہمیں اس کی ہر جانب کا مربع لینا چاہیے اور جم۲ $\frac{\text{ط}}{\text{ن}}$ کی بجائے ۱-جب۲ $\frac{\text{ط}}{\text{ن}}$ لکھنا چاہیے؛ اس طرح (۶) سے جب $\frac{\text{ط}}{\text{ن}}$ کے لیے ۲ ن درجہ کی ایک مساوات ملتی ہے جبکہ ن طاق ہو، اور مساوات (۳) سے ن درجہ کی ایک مساوات ملتی ہے جبکہ ن جفت ہو۔ پس ہمیں جب $\frac{۲\text{ک}\,\pi \pm \text{ط}}{\text{ن}}$ کی تمام قیمتیں حاصل ہونے کی توقع رکھنی چاہیے جبکہ جم ط دیا گیا ہو۔ پچھلی صورت کی طرح ہم یہ دکھا سکتے ہیں کہ یہ تمام قیمتیں جملہ جب $\frac{۲\text{س}\,\pi \pm \text{ط}}{\text{ن}}$ میں شامل ہیں جہاں س کی قیمتیں ۰، ۱، ۲، ... ، ن - ۱ ہیں۔ جب، ن طاق ہو تو یہ سب قیمتیں مختلف ہوتی ہیں اور اس لیے ۲ ن قیمتیں حاصل ہوتی ہیں اور یہ اُس مساوات کی ۲ ن اصلیں ہیں جو (۶) سے حاصل ہوئی ہے۔ جب، ن جفت ہو تو جب $\frac{(\text{ن}-۲\text{س})\pi - \text{ط}}{\text{ن}}$ = جب $\frac{۲\text{س}\,\pi + \text{ط}}{\text{ن}}$ (110)

اس لیے اُس صورت میں صرف ن قیمتیں ہیں اور وہ (۳) سے حاصل کردہ مساوات سے ملتی ہیں۔

(۳) فرض کرو جب ط دیا گیا ہے، تب جم $\frac{ط}{ن}$ معلوم کرنے کے لیے ہم وہ مساوات استعمال کرتے ہیں جو (۲) سے حاصل ہوتی ہے؛ اس مساوات سے جم $\frac{ط}{ن}$ کی ۲ن قیمتیں حاصل ہوتی ہیں، کیونکہ اس مساوات کو استعمال کرنے سے پیشتر ہمیں طرفین کا مربع لینا اور جب ^{۲} $\frac{ط}{ن}$ کی بجائے ^{۲} جم $\frac{ط}{ن}$ رکھنا پڑتا ہے۔ حسب سابق ہم یہ ثابت کرتے ہیں کہ جملہ جم $\frac{س ۲ π + (-۱)^{س} ط}{ن}$ کی ۲ن قیمتیں ہیں؛ اس طرح ۲ن درجہ کی ایک مساوات سے جم $\frac{ط}{ن}$ جب ط کی رقوم میں معلوم ہوتا ہے۔

(۴) فرض کرو کہ جب ط دیا گیا ہے، تب جب $\frac{ط}{ن}$ معلوم کرنے کے لیے ہم وہ مساوات استعمال کرتے ہیں جو (۴) یا (۵) سے حاصل ہوتی ہے بموجب اس کے کہ ن جفت یا طاق ہے۔ اگر ن جفت ہے تو (۴) سے حاصل کردہ مساوات سے جب $\frac{ط}{ن}$ کی ۲ن قیمتیں ملتی ہیں، یہ قیمتیں جب $\frac{س ۲ π + (-۱)^{س} ط}{ن}$ کی ۲ن قیمتیں ہونگی۔ اگر ن طاق ہے تو (۵) سے حاصل کردہ مساوات سے جب $\frac{ط}{ن}$ کی ن قیمتیں ملینگی جو جب $\frac{س ۲ π + (-۱)^{س} ط}{ن}$ کی ن مختلف قیمتیں ہونگی۔

مساواتوں کی اصلوں کے متشاکل تفاعل

۸۵ ــــ ضابطہ (۱) کو جم ط میں ن دیں درجہ کی ایک مساوات خیال کیا جا سکتا ہے جبکہ جم ن ط دیا گیا ہو۔ اب چونکہ ن زاویوں ط، ط + $\frac{۲ π}{ن}$، ط + $\frac{۴ π}{ن}$، ..... ط + $\frac{۲ (ن-۱) π}{ن}$ میں سے ہر زاویہ ایسا ہے کہ اس کے ن گنے کی جیب التمام جم ن ط کے مساوی ہے اور چونکہ جم ط، جم (ط + $\frac{۲ π}{ن}$) جم (ط + $\frac{۴ π}{ن}$)، ..... جم {ط + $\frac{۲ (ن-۱) π}{ن}$} سب کے سب مختلف ہیں، وہ جم ط کی مساوات (۱۱۱)

کی اصلیں ہیں؛ اب ہم ن جیوب التمام جم (ط + $\frac{۲ ر}{ن}$ π) {جور = ۰، ۱، ۲، ... ن - ۱ رکھنے سے حاصل ہوتی ہیں} کے متشاکل تفاعلات محسوب کرنے کیلئے وہ معمولی مسئلے استعمال کر سکتے ہیں جو مساواتوں کی اصلوں کے متشاکل تفاعلات محسوب کرنے میں استعمال ہوئے تھے۔ اگر ضابطوں (۱۱) اور (۱۴) کے استعمال کرنے میں سہولت ہو تو ہم انہیں استعمال کر سکتے ہیں کیونکہ وہ (۱) کے مماثل ہیں۔ نیز مساوات (۲)، اُن (ن - ۱) زاویوں کی جیوب التمام کے متشاکل تفاعلات محسوب کرنے میں استعمال ہو سکتی ہے جن کے لیے جب ن ط \ جب ط کی قیمت دی ہوئی ہو۔

اسی طرح مساوات (۳)، ۲ م جیوب

جب ط، جب (ط + $\frac{\pi}{م}$)، جب (ط + $\frac{\pi ۲}{م}$)، ... جب (ط + $\frac{۲ م \pi - \pi}{م}$)

کے متشاکل تفاعلات محسوب کرنے میں استعمال ہو سکتی ہے جبکہ ن = ۲ م۔

اسی طرح مسئلہ (۵)، ۲ م + ۱ جیوب

جب ط، جب (ط + $\frac{\pi ۲}{۲ م + ۱}$)، جب (ط + $\frac{\pi ۴}{۲ م + ۱}$)، ... جب (ط + $\frac{\pi ۲ م ۴}{۲ م + ۱}$)

کے متشاکل تفاعلات محسوب کرنے میں استعمال ہو سکتا ہے جبکہ ن = ۲ م + ۱ -

مساوات

$$\text{مس ن ط} \left\{ ۱ - \frac{ن (ن-۱)}{\lfloor ۲} \text{مس}^۲ ط + \frac{ن (ن-۱) (ن-۲) (ن-۳)}{\lfloor ۴} \text{مس}^۴ ط \ldots \right.$$

$$= ن \text{ مس ط} - \frac{ن (ن-۱) (ن-۲)}{\lfloor ۳} \text{مس}^۳ ط + \ldots .$$

کو مس ط کی مساوات سمجھا جا سکتا ہے جس کی اصلیں ہیں

مس ط، مس (ط + $\frac{\pi}{ن}$)، مس (ط + $\frac{\pi ۲}{ن}$)، ... مس (ط + $\frac{(ن-۱) \pi}{ن}$)

اور اس لیے اُس کو اِن جملوں کے متشاکل تفاعلات محسوب کرنے میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

(112)

امثلہ

(۱) ثابت کرو کہ زاویوں

$$ط،\ ط+\frac{۲\pi}{ن}،\ \ldots،\ ط+\frac{۲\pi(ن-۱)}{ن}$$

میں سے دو دو کے قاطع التماموں کے حاصل ضربوں کا مجموعہ $-\frac{۱}{۴}ن^{۲}$ قم$^{۲}\frac{۱}{۲}$ن ط ہے جہاں ن ایک جفت عدد ہے۔

مساوات (۷) استعمال کرنے سے یہ معلوم ہوگا کہ اگر مندرجہ بالا زاویوں میں سے ن-۲، ن-۲ زاویوں کی جیوب کے حاصل ضربوں کے مجموعہ کو ان سب زاویوں کی جیوب کے حاصل ضرب سے تقسیم کیا جائے تو حاصل قسمت مطلوبہ مجموعہ ہے؛ یہ حاصل قسمت جب^{۲} ط کے سر کے مساوی ہے اگر اس کو اس رقم سے تقسیم کیا جائے جس میں جب ط شامل نہیں ہوتا یعنے

$$\text{مطلوبہ مجموعہ} = \frac{ن^{۲}}{۲^{(۱-ن)}\text{جم}^{ن}ط}$$

$$= -\frac{ن^{۲}}{۴}\text{قم}^{۲}\frac{۱}{۲}ن ط$$

(۲) ثابت کرو کہ

$$\text{جم}^{۴}\frac{۱}{۹}\pi+\text{جم}^{۴}\frac{۲}{۹}\pi+\text{جم}^{۴}\frac{۳}{۹}\pi.\text{جم}^{۴}\frac{۴}{۹}\pi=\frac{۱۹}{۱۶}$$

اور

$$\text{قط}^{۴}\frac{۱}{۹}\pi+\text{قط}^{۴}\frac{۲}{۹}\pi+\text{قط}^{۴}\frac{۳}{۹}\pi+\text{قط}^{۴}\frac{۴}{۹}\pi=۱۱۲۰$$

اگر جب ۹ ط \ جب ط کو جم ط کی رقوم میں بیان کیا جائے اور پھر اس کو صفر کے مساوی رکھا جائے تو اس آٹھویں درجہ کی مساوات کو حل کرنے سے جم ط کی جو قیمتیں حاصل ہوتی ہیں وہ ہونگی

$$\text{جم}^{۰}\frac{۱}{۹}\pi،\ \text{جم}^{۰}\frac{۲}{۹}\pi،\ \ldots،\ \text{جم}^{۰}\frac{۸}{۹}\pi$$

لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ

جم $\frac{8}{9}\pi$ = − جم $\frac{1}{9}\pi$، جم $\frac{7}{9}\pi$ = − جم $\frac{2}{9}\pi$، .....

اس لیے مساوات متذکرہ بالا کی اصلیں ہیں

± جم $\frac{1}{9}\pi$، ± جم $\frac{2}{9}\pi$، جم $\frac{3}{9}\pi$، ± جم $\frac{4}{9}\pi$

اب ہم سلسلہ (۲) استعمال کر سکتے ہیں یا عمل کو اس طرح جاری کر سکتے ہیں :—

اگر جب ۹ط = ۰ تو

جب ۵ط . جم ۴ط + جم ۵ط جب ۴ط = ۰

یا

(جب ۳ط . جم ۲ط + جم ۳ط جب ۲ط) (۲ جم^۲ ۲ط − ۱)

+ (جم ۳ط جم ۲ط − جب ۳ط جب ۲ط) ۲ جب ۲ط جم ۲ط = ۰

جب ۳ط، جم ۲ط، وغیرہ کی بجائے ان کی قیمتیں درج کرو اور جزو ضربی جب ط کو خارج کرو اور فرض کرو کہ لا = جم^۲ ط تو لا میں حسب ذیل چار درجی مساوات حاصل ہوگی

{(۴ لا^۲ − ۱) (۲ لا − ۱) + ۲ (۴ لا^۲ − ۳ لا)}^{۲} − {۲ (۲ لا − ۱)^۲ − ۱}^{۲} + {۴ (۲ لا − ۱) (۴ لا^۲ − ۳ لا)}

− ۸ (۴ لا − ۱) (۱ − لا) لا (۲ لا − ۱) = ۰

یا (۱۶ لا^۴ − ۱۲ لا + ۱) (۸ لا^۲ − ۸ لا + ۱) + (۶۴ لا^۳ − ۸۰ لا^۲ + ۲۰ لا) (۲ لا − ۱) = ۰

یا لا کی قوتوں کے بموجب ترتیب دینے سے

۲۵۶ لا^۷ − ۴۴۸ لا^۶ + ۲۴۰ لا^۵ − ۴۰ لا^۴ + ۱ = ۰

اس مساوات کی اصلوں کا حاصل جمع $\frac{۴۴۸}{۲۵۶}$ ہے اور دو دو اصلوں کے حاصل ضربوں کا مجموعہ $\frac{۲۴۰}{۲۵۶}$ ہے، اس لیے اصلوں کے مربعوں کا مجموعہ = $\frac{۲۵۶ \times ۲۴۰ \times ۲ - ۴۴۸^۲}{۲(۲۵۶)^۲}$

= $\frac{19}{16}$، نیز اصلوں کے تکافیوں کے مربعوں کا مجموعہ = ۲۴۰ × ۲ − ۴۴۰^۲ = ۱۱۲۰

(۳) ثابت کرو کہ

جب ۵ع + جب ۲ع + جب ۴ع = $\frac{1}{2}$ ظا ۲ع

جہاں ع = $\frac{۲}{۱۷}$ π -

ہم دیکھتے ہیں کہ (جب ع + جب ۲ع + جب ۴ع)^۲ = جب^۲ ع + جب^۲ ۲ع + جب^۲ ۴ع

(113) اگر جب ۷ ط / جب ط کو جب ط کی رقوم میں پھیلایا جائے اور پھر اس کو صفر کے مساوی رکھا جائے تو جب ط کی مساوات کی اصلیں ہونگی

± جب ع، ± جب ۲ع، ± جب ۴ع

رکھو لا = جب^۲ ط تو لا میں مساوات حاصل ہوتی ہے

۶۴ لا^۳ - ۱۱۲ لا^۲ + ۵۶ لا - ۷ = ۰

اس لیے جب^۳ ع + جب^۲ ۲ع + جب^۲ ۴ع = $\frac{۱۱۲}{۶۴}$ = $\frac{۷}{۴}$

اس لیے جب ع + جب ۲ع + جب ۴ع = $\frac{۱}{۲}$ $\sqrt{۷}$

(۴) جب $\frac{π}{۱۷}$ کی قیمت معلوم کرو۔

لکھو ع = $\frac{۲π}{۱۷}$ تو اُس ضابطہ سے جو زاویوں کی جیوب التمام کے مجموعہ کے لیے ہے جبکہ زاوئے سلسلہ حسابیہ میں ہوں ہم معلوم کرتے ہیں۔

(جم ع + جم ۹ع + جم ۱۳ع + جم ۱۵ع) + (جم ۳ع + جم ۵ع + جم ۷ع + جم ۱۱ع) = - $\frac{۱}{۲}$

نیز (جم ع + جم ۹ع + جم ۱۳ع + جم ۱۵ع) اور (جم ۳ع + جم ۵ع + جم ۷ع + جم ۱۱ع) کو باہم ضرب دینے اور ہر دو جیوب التمام کے حاصل ضرب کی بجائے اِن دو جیوب التمام کے مجموعہ کا نصف رکھنے سے یہ معلوم ہوگا کہ

(جم ع + جم ۹ع + جم ۱۳ع + جم ۱۵ع) (جم ۳ع + جم ۵ع + جم ۷ع + جم ۱۱ع) = - ۱

پس خطوط وحدانی کے اندر کی دو مقداریں دو درجی مساوات ی^۲ + $\frac{۱}{۲}$ ی - ۱ = ۰ کی اصلیں ہیں، لیکن اس مساوات کی اصلیں $\frac{۱}{۴}$ (- ۱ ± $\sqrt{۱۷}$) ہیں۔ اب یہ آسانی سے معلوم ہوتا ہے کہ جم ع + جم ۹ع + جم ۱۳ع + جم ۱۵ع مثبت ہے اور جم ۳ع + جم ۵ع + جم ۷ع + جم ۱۱ع منفی ہے۔ اس لیے

جم ع + جم ۹ع + جم ۱۳ع + جم ۱۵ع = $\frac{۱}{۴}$ ($\sqrt{۱۷}$ - ۱)،

جم ۳ع + جم ۵ع + جم ۷ع + جم ۱۱ع = - $\frac{۱}{۴}$ ($\sqrt{۱۷}$ + ۱)

اب ہم یہ دکھا سکتے ہیں کہ (جم ع + جم ۱۳ع) (جم ۹ع + جم ۱۵ع) = - $\frac{۱}{۴}$

اس لیے جم عہ + جم ۱۳عہ، جم ۹عہ + جم ۱۵عہ اِس دو درجی مساوات

$$\text{لا}^2 - \frac{1}{4}(\sqrt{17} - 1)\,\text{لا} - \frac{1}{4} = 0$$

کی اصلیں ہیں۔ پس

$$\text{جم عہ} + \text{جم ۱۳عہ} = \frac{1}{8}\left(-1 + \sqrt{17} + \sqrt{34 - 2\sqrt{17}}\right)$$

اسی طرح حاصل ہوگا

$$\text{جم ۳عہ} + \text{جم ۵عہ} = \frac{1}{8}\left(-1 - \sqrt{17} + \sqrt{34 + 2\sqrt{17}}\right)$$

اب جم عہ جم ۱۳عہ $= \frac{1}{4}$(جم ۱۲عہ + جم ۱۴عہ) $= \frac{1}{2}$(جم ۳عہ + جم ۵عہ)؛ اور چونکہ ہم نے جم عہ، جم ۱۳عہ کے مجموعہ اور حاصل ضرب کو معلوم کر لیا ہے اس لیے ہم ان میں سے ہر ایک کو معلوم کر سکتے ہیں۔ یہ دیکھتے ہوئے کہ جم عہ > جم ۱۳عہ ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\text{جم عہ} = \frac{1}{16}\left\{\sqrt{17} - 1 + \sqrt{34 - 2\sqrt{17}} + 2\sqrt{17 + 3\sqrt{17} - \sqrt{170 + 38\sqrt{17}}}\right\}$$

تب ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\text{جب}\frac{\pi}{17} = \sqrt{\frac{1}{2}(1 - \text{جم عہ})}$$

$$= \frac{1}{8}\sqrt{34 - 2\sqrt{17} - 2\sqrt{34 - 2\sqrt{17}} - 4\sqrt{17 + 3\sqrt{17} - \sqrt{170 + 38\sqrt{17}}}}$$

(۵م) ثابت کرو کہ اگر ف (لا، ما) ایک متجانس تفاعل ہو لا، ما کا جس کے ابعاد ن۔۱ ہیں تو[1]

$$\frac{\text{ف}(\text{جب لا}، \text{جم ما})}{\text{جب}(\text{لا} - \text{عہ})\,\text{جب}(\text{لا} - \text{عہ})\cdots(\text{جب}(\text{لا} - \text{عن})}$$

$$= \sum_{\text{ر}=1}^{\text{ر}=\text{ن}} \frac{\text{ف}(\text{جب عہ}_\text{ر}، \text{جم عہ}_\text{ر})}{\text{جب}(\text{لا} - \text{عہ}_\text{ر})\,\text{جب}(\text{عہ}_\text{ر} - \text{عہ}_1)\,\text{جب}(\text{عہ}_\text{ر} - \text{عہ}_2)\cdots\text{جب}(\text{عہ}_\text{ر} - \text{عن})}$$

[1] ہرمٹ نے اس مسئلہ کو اپنے مضمون Sur l' Integration des Fonctions circulaires میں بیان کیا ہے جو Proc. Lond. math. Soc. بابتہ ۱۸۷۲ء میں شائع ہوا تھا۔

(114) اس مساوات کی دائیں طرف کا جملہ لکھا جا سکتا ہے

$$\frac{ف(م،۱)}{(م-ل_۱)(م-ل_۲)\cdots(م-ل_ن)} \times \frac{۱}{جم لا جم ع_۱ جم ع_۲ \cdots جم ع_ن}$$ ، جہاں م = مس لا، ل_ر = مس ع_ر

اب چونکہ ف(م، ۱)، ن - ۱ درجہ کا ہے جو ن سے کم ہے اس لیے جزوی کسور میں تحلیل کرنے کے معمولی طریقہ سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\frac{ف(م،۱)}{(م-ل_۱)(م-ل_۲)\cdots(م-ل_ن)} = \sum_{ر=۱}^{ر=ن} \frac{ف(ل_ر، ۱)}{(م-ل_ر)(ل_ر-ل_۱)(ل_ر-ل_۲)\cdots(ل_ر-ل_ن)}$$

$$= \frac{ف(جب ع_ر، جم ع_ر)}{جب(لا-ع_ر)\,جب(ع_ر-ع_۱)\cdots جب(ع_ر-ع_ن)} \quad \Sigma$$

اس طرح مطلوبہ نتیجہ اس سے حاصل ہو جاتا ہے۔

اجزائے ضربی

۸۶ ـــــــ چونکہ جم ن ط کو جم ط میں ن دیں درجہ کے ایک متغلق صحیح تفاعل کے طور پر بیان کیا جا سکتا ہے اس لیے ہم جم ن ط کو ن اجزائے ضربی کے حاصل ضرب کے طور پر جو جم ط میں خطی ہوں بیان کر سکتے ہیں۔ جم ط کی وہ قیمتیں جن کے لیے جم ن ط معدوم ہوتا ہے یہ ہیں:

$$جم \frac{\pi}{۲ن}، جم \frac{۳\pi}{۲ن}، \ldots، جم \frac{(۲ن-۱)\pi}{۲ن}$$

یہ جیوب التمام سب کی سب مختلف ہیں؛ اس لیے

$$جم ن ط = ا (جم ط - جم \frac{\pi}{۲ن})(جم ط - جم \frac{۳\pi}{۲ن}) \cdots (جم ط - جم \frac{(۲ن-۱)\pi}{۲ن})$$

جس میں ا ایک عددی جزوِ ضربی ہے۔ چونکہ جم ن ط کے لیے جو جملہ جم ط میں ہے

اس میں جم ط کی اعلیٰ ترین قوت $۲^{ن-۱}$ جم^{ن} ط ہے اس لیے ہم دیکھتے ہیں کہ $۱ = ۲^{ن-۱}$ ؛

اس لیے

$$\text{جم ن ط} = ۲^{ن-۱} (\text{جم ط} - \text{جم} \frac{\pi}{۲ن})(\text{جم ط} - \text{جم} \frac{۳\pi}{۲ن}) \dots (\text{جم ط} - \text{جم} \frac{(۲ن-۱)\pi}{۲ن})$$

اب $\text{جم} \frac{ر\pi}{۲ن} = - \text{جم} \frac{(۲ن-ر)\pi}{۲ن}$ ، اس لیے یہ جملہ لکھا جا سکتا ہے

$$\text{جم ن ط} = ۲^{ن-۱} \text{جم ط} (\text{جم}^{۲} \text{ط} - \text{جم}^{۲} \frac{\pi}{۲ن})(\text{جم}^{۲} \text{ط} - \text{جم}^{۲} \frac{۳\pi}{۲ن}) \dots (\text{جم}^{۲} \text{ط} - \text{جم}^{۲} \frac{(ن-۲)\pi}{۲ن})$$

جبکہ ن طاق ہو، اور

$$\text{جم ن ط} = ۲^{ن-۱} (\text{جم}^{۲} \text{ط} - \text{جم}^{۲} \frac{\pi}{۲ن})(\text{جم}^{۲} \text{ط} - \text{جم}^{۲} \frac{۳\pi}{۲ن}) \dots (\text{جم}^{۲} \text{ط} - \text{جم}^{۲} \frac{(ن-۱)\pi}{۲ن}) \quad (115)$$

جبکہ ن جفت ہو۔ نیز یہ جملے لکھے جا سکتے ہیں

$$\frac{\text{جم ن ط}}{\text{جم ط}} = ۲^{ن-۱} (\text{جب}^{۲} \frac{\pi}{۲ن} - \text{جب}^{۲} \text{ط})(\text{جب}^{۲} \frac{۳\pi}{۲ن} - \text{جب}^{۲} \text{ط}) \dots (\text{جب}^{۲} \frac{(ن-۲)\pi}{۲ن} - \text{جب}^{۲} \text{ط})$$

جبکہ ن طاق ہو، اور

$$\text{جم ن ط} = ۲^{ن-۱} (\text{جب}^{۲} \frac{\pi}{۲ن} - \text{جب}^{۲} \text{ط})(\text{جب}^{۲} \frac{۳\pi}{۲ن} - \text{جب}^{۲} \text{ط}) \dots (\text{جب}^{۲} \frac{(ن-۱)\pi}{۲ن} - \text{جب}^{۲} \text{ط})$$

جبکہ ن جفت ہو۔

ان جملوں میں سے ہر ایک میں ط = ۰ رکھنے سے ہمیں حسب ذیل مسئلے حاصل ہوتے ہیں:۔

$$\begin{cases} ۲^{\frac{۱}{۲}(ن-۱)} \text{جب} \frac{\pi}{۲ن} \text{جب} \frac{۳\pi}{۲ن} \dots \text{جب} \frac{(ن-۲)\pi}{۲ن} = ۱ \text{،} \\ \text{جبکہ ن طاق ہو، اور} \\ ۲^{\frac{۱}{۲}(ن-۱)} \text{جب} \frac{\pi}{۲ن} \text{جب} \frac{۳\pi}{۲ن} \dots \text{جب} \frac{(ن-۱)\pi}{۲ن} = ۱ \end{cases} \quad \dots\dots (۱۵)$$

جبکہ ن جفت ہو۔

جذر المربع نکالنے میں مثبت علامت لیگئی ہے کیونکہ زاویے سب کے سب حادہ ہیں۔

جم ن ط ÷ جم ط یا جم ن ط کے لیے جو جملے اوپر حاصل ہوئے ہیں اُن کو اگر ہم (۱۵) میں بیان کردہ حاصل ضربوں میں سے متناظر حاصل ضرب کا مربع لیکر اس سے تقسیم کریں تو ہمیں یہ جملے حاصل ہوتے ہیں:

$$\frac{\text{جم ن ط}}{\text{جم ط}} = \left(1-\frac{\text{جب}^2 ط}{\text{جب}^2 \frac{\pi}{2ن}}\right)\left(1-\frac{\text{جب}^2 ط}{\text{جب}^2 \frac{\pi\,3}{2ن}}\right)\cdots\left(1-\frac{\text{جب}^2 ط}{\text{جب}^2 \frac{\pi(2ن-2)}{2ن}}\right) \quad \ldots(16)$$

جبکہ ن طاق ہو، اور

$$\text{جم ن ط} = \left(1-\frac{\text{جب}^2 ط}{\text{جب}^2 \frac{\pi}{2ن}}\right)\left(1-\frac{\text{جب}^2 ط}{\text{جب}^2 \frac{\pi\,3}{2ن}}\right)\cdots\left(1-\frac{\text{جب}^2 ط}{\text{جب}^2 \frac{\pi(ن-1)}{2ن}}\right) \quad \ldots(17)$$

جبکہ ن جفت ہو۔

ہم اِن مسئلوں (۱۶) اور (۱۷) کو لکھ سکتے ہیں اس طرح :—

(116)

$$\frac{\text{جم ن ط}}{\text{جم ط}} = \prod_{ر=1}^{ر=\frac{1}{2}(ن-1)} \left(1-\frac{\text{جب}^2 ط}{\text{جب}^2 \frac{\pi(2ر-1)}{2ن}}\right) \quad \ldots\ldots(16)$$

جبکہ ن طاق ہو، اور

$$\text{جم ن ط} = \prod_{ر=1}^{ر=\frac{1}{2}ن} \left(1-\frac{\text{جب}^2 ط}{\text{جب}^2 \frac{\pi(2ر-1)}{2ن}}\right) \quad \ldots\ldots(17)$$

جبکہ ن جفت ہو =

۸۷ ——— دفعہ ماسبق کی طرح چونکہ جب ن ط / جب ط، جم ط میں ن - ۱ درجہ کا ایک جبری تفاعل ہے اس لیے اس کے لیے ایک

تناظر جملہ اجزائے ضربی میں معلوم کیا جا سکتا ہے جو (اجزائے ضربی) جم ط میں خطی ہوں؛ اس صورت میں

$$\text{جم}\frac{\pi}{\text{ن}}\text{، جم}\frac{\pi\,۲}{\text{ن}}\text{، ... ، جم}\frac{(\text{ن}-۱)\pi}{\text{ن}}$$

جم ط کی وہ قیمتیں ہیں جن کے لیے جب ن ط \ جب ط صفر کے مساوی ہے۔ یہ قیمتیں لکھی جا سکتی ہیں:

$$\pm\text{جم}\frac{\pi}{\text{ن}}\text{، }\pm\text{جم}\frac{\pi\,۲}{\text{ن}}\text{، ...}$$

پس حسب سابق

$$\frac{\text{جب ن ط}}{\text{جب ط}}=۲^{\text{ن}-۱}\text{جم}^{\text{ن}-۱}\text{ط}\left(\text{جم}^{۲}\text{ط}-\text{جم}^{۲}\frac{\pi}{\text{ن}}\right)\left(\text{جم}^{۲}\text{ط}-\text{جم}^{۲}\frac{\pi\,۲}{\text{ن}}\right)\ldots\left(\text{جم}^{۲}\text{ط}-\text{جم}^{۲}\frac{(\text{ن}-۲)\pi}{\text{ن}\,۲}\right)$$

جبکہ ن جفت ہو، اور

$$\frac{\text{جب ن ط}}{\text{جب ط}}=۲^{\text{ن}-۱}\left(\text{جم}^{۲}\text{ط}-\text{جم}^{۲}\frac{\pi}{\text{ن}}\right)\left(\text{جم}^{۲}\text{ط}-\text{جم}^{۲}\frac{\pi\,۲}{\text{ن}}\right)\ldots\left(\text{جم}^{۲}\text{ط}-\text{جم}^{۲}\frac{(\text{ن}-۱)\pi}{\text{ن}\,۲}\right)$$

جبکہ ن طاق ہو۔

اِن جملوں کو ہم حسب ذیل شکلوں میں لکھ سکتے ہیں:۔

$$\frac{\text{جب ن ط}}{\text{جب ط}}=۲^{\text{ن}-۱}\text{جم ط}\left(\text{جب}^{۲}\frac{\pi}{\text{ن}}-\text{جب}^{۲}\text{ط}\right)\left(\text{جب}^{۲}\frac{\pi\,۲}{\text{ن}}-\text{جب}^{۲}\text{ط}\right)\ldots\left(\text{جب}^{۲}\frac{(\text{ن}-۲)\pi}{\text{ن}\,۲}-\text{جب}^{۲}\text{ط}\right)$$

جبکہ ن جفت ہو، اور

$$\frac{\text{جب ن ط}}{\text{جب ط}}=۲^{\text{ن}-۱}\left(\text{جب}^{۲}\frac{\pi}{\text{ن}}-\text{جب}^{۲}\text{ط}\right)\left(\text{جب}^{۲}\frac{\pi\,۲}{\text{ن}}-\text{جب}^{۲}\text{ط}\right)\ldots\left(\text{جب}^{۲}\frac{(\text{ن}-۱)\pi}{\text{ن}\,۲}-\text{جب}^{۲}\text{ط}\right)$$

جبکہ ن طاق ہو۔

(117) آیندہ باب میں ہم یہ دکھائینگے کہ $\frac{\text{جب ن ط}}{\text{جب ط}}$ کی انتہان ہے جبکہ ط لا انتہا چھوٹا ہو؛ پس

$$\text{ان}=۲^{\frac{\text{ن}-۱}{۲}}\text{جب}\frac{\pi}{\text{ن}}\text{جب}\frac{\pi\,۲}{\text{ن}}\ldots\text{،}\quad\ldots\ldots(۱۸)$$

بائیں جانب آخری جزوِ ضربی جب $\frac{(\text{ن}-۲)\pi}{\text{ن}\,۲}$ یا جب $\frac{(\text{ن}-۱)\pi}{\text{ن}\,۲}$ ہے بموجب اس کے کہ ن جفت ہے یا طاق۔ پس

$$\text{جب ن ط} \setminus \text{ن جب ط} = \text{جم ط} \prod_{ر=1}^{ر=\frac{1}{2}(ن-2)} \left(1 - \frac{\text{جب}^2 ط}{\text{جب}^2 \frac{ر\pi}{ن}}\right) \quad \ldots\ldots (19)$$

جبکہ ن جفت ہو، اور

$$\text{جب ن ط} \setminus \text{ن جب ط} = \prod_{ر=1}^{ر=\frac{1}{2}(ن-1)} \left(1 - \frac{\text{جب}^2 ط}{\text{جب}^2 \frac{ر\pi}{ن}}\right) \quad \ldots\ldots (20)$$

جبکہ ن طاق ہو۔

۸۸ ——— جملہ جم ن ط ۔ جم ن فہ کو جم ط کا ن دیں درجہ کا ایک جبری تفاعل خیال کیا جا سکتا ہے اور اس لیے اُس کو اجزائے ضربی میں تحلیل کیا جا سکتا ہے؛ جم ط کی وہ قیمتیں جن کے لیے یہ جملہ معدوم ہوتا ہے یہ ہیں

جم فہ، جم $\left(\text{فہ} + \frac{2\pi}{ن}\right)$، جم $\left(\text{فہ} + \frac{4\pi}{ن}\right)$، ۔۔۔۔۔

اس لیے

$$\text{جم ن ط} - \text{جم ن فہ} = 2^{ن-1} \prod_{ر=0}^{ر=ن-1} \left\{\text{جم ط} - \text{جم}\left(\text{فہ} + \frac{2ر\pi}{ن}\right)\right\} \quad \ldots\ldots (21)$$

۸۹ ——— [1] اب ہم جملہ $لا^ن - 2 لا^{-ن}$ جم ن ط + ا کے اجزائے ضربی معلوم کرینگے۔

$$لا^ن - 2 \text{جم ن ط} + لا^{-ن} = (لا^{ن-1} + لا^{-ن+1})(لا - 2 \text{جم ط} + لا^{-1})$$
$$+ 2 \text{جم ط}\,(لا^{ن-1} - 2 \text{جم}(ن-1) ط + لا^{-ن+1})$$
$$- (لا^{ن-2} - 2 \text{جم}(ن-2) ط + لا^{-ن+2})$$

[1] فیررز (Ferrers) نے یہ طریقہ میسنجر آف میتھیمیٹک کی پانچویں جلد میں بیان کیا ہے۔

اگر ہم $\text{لا}^{ن}-۲.\text{جم}\,ن\,ط+\text{لا}^{ن}$ کو $ع_ن$ سے تعبیر کریں تو ہم اس متماثلہ کو لکھ سکتے ہیں

$$ع_ن=(\text{لا}^{ن-۱}+\text{لا}^{ن+۱})ع_۱+۲ع_{ن-۱}.\text{جم}\,ط-ع_{ن-۲}\;;$$

اس مساوات سے ظاہر ہے کہ $ع_ن$، $ع_۱$ سے تقسیم پذیر ہے بشرطیکہ $ع_{ن-۱}$ اور $ع_{ن-۲}$ $ع_۱$ سے تقسیم پذیر ہوں۔

اب $ع_۲=(\text{لا}-۲.\text{جم}\,ط+\text{لا}^{۱})(\text{لا}+۲\,\text{جم}\,ط+\text{لا}^{۱})$

اس لیے $ع_۲$، $ع_۱$ سے تقسیم پذیر ہے اور اس لیے $ع_۱$ بھی تقسیم پذیر ہے اور علیٰ ہذا القیاس۔

پس $ع_ن$، $ع_۱$ سے تقسیم پذیر ہے اور اس لیے $\text{لا}^{ن}-۲\,\text{لا}^{ن}.\text{جم}\,ن\,ط+$ اکا ایک (118)
جزو ضربی $\text{لا}^{۲}-۲\,\text{لا}\,\text{جم}\,ط+۱$ ہے؛ اب چونکہ جم ن ط کو بدلے بغیر ط کو $ط+\frac{۲ر۳}{ن}$ میں تبدیل کیا جا سکتا ہے اس لیے ہم دیکھتے ہیں کہ

$$\text{لا}^{۲}-۲\,\text{لا}\,\text{جم}\left(ط+\frac{۲ر۳}{ن}\right)+۱$$

دیے ہوئے جملہ کا ایک جزو ضربی ہے جبکہ ر کوئی صحیح عدد ہو۔ اگر ہم فرض کریں ر = ۰، ۱، ۲، ... ن - ۱ تو ہمیں دیے ہوئے جملہ کے ن مختلف اجزائے ضربی حاصل ہوتے ہیں اور کل اجزائے ضربی یہی ہیں، پس

$$\text{لا}^{۲ن}-۲\,\text{لا}^{ن}\,\text{جم}\,ن\,ط+۱=\prod_{ر=۰}^{ر=ن-۱}\left\{\text{لا}^{۲}-۲\,\text{لا}\,\text{جم}\left(ط+\frac{۲ر۳}{ن}\right)+۱\right\}\quad\ldots(۲۲)$$

اس کو شکل ذیل میں بھی لکھا جا سکتا ہے

$$\text{لا}^{۲ن}-۲\,\text{لا}^{ن}\,\text{جم}\,ن\,ط+۱=\text{لا}^{۲ن}\prod_{ر=۰}^{ر=ن-۱}\left\{\text{لا}^{۲}-۲\,\text{لا}\,\text{جم}\left(ط+\frac{۲ر۳}{ن}\right)+۱\right\}\quad\ldots(۲۳)$$

۹۰ ـــــــ مساوات (۲۲) میں رکھو ط = ۰۔ تو

$$(\text{لا}^{ن}-۱)^{۲}=\prod_{ر=۰}^{ر=ن-۱}\left(\text{لا}^{۲}-۲\,\text{لا}\,\text{جم}\,\frac{۲ر۳}{ن}+۱\right)$$

اور چونکہ جم $\frac{\pi ر ۲}{ن}$ = جم $\frac{\pi (ن - ر) ۲}{ن}$ اس لیے بائیں جانب کے اجزائے ضربی میں سے دو دو مساوی ہیں اِلّا آنکہ جب ، ن جفت ہو تو ایک واحد جزوِ ضربی لا^۲ + ۲ لا + ۱ ہے ، اور خواہ ن جفت ہو یا طاق بہرصورت جزو ضربی لا^۲ − ۲ لا + ۱ ہے ؛ اس لیے

$$لا^ن - ۱ = (لا - ۱) \prod_{ر=۱}^{ر=\frac{۱}{۲}(ن-۲)} (لا^۲ - ۲ لا جم \frac{\pi ر ۲}{ن} + ۱) \quad \ldots \quad (۲۴)$$

جبکہ ن جفت ہو ، اور

$$لا^ن - ۱ = (لا - ۱) \prod_{ر=۱}^{ر=\frac{۱}{۲}(ن-۱)} (لا^۲ - ۲ لا جم \frac{\pi ر ۲}{ن} + ۱) \quad \ldots \quad (۲۵)$$

جبکہ ن طاق ہو۔

نیز ضابطہ (۲۲) میں ط = $\frac{\pi}{ن}$ رکھنے سے

$$(لا^ن + ۱)^۲ = \prod_{ر=۰}^{ر=ن-۱} \{لا^۲ - ۲ لا جم \frac{\pi (۱+ر ۲)}{ن} + ۱\} \quad ؛$$

لیکن جم $\frac{\pi (۱+ر ۲)}{ن}$ = جم $\frac{\pi (ن-ر) ۲ - ۱}{ن}$

اس لیے دو دو اجزائے ضربی مساوی ہیں اِلّا آنکہ جب ، ن طاق ہو تو واحد جزو ضربی لا^۲ + ۲ لا + ۱ ہے ؛ پس

$$لا^ن + ۱ = \prod_{ر=۰}^{ر=\frac{۱}{۲}ن-۱} \{لا^۲ - ۲ لا جم \frac{\pi (۱+ر ۲)}{ن} + ۱\} \quad \ldots \quad (۲۶)$$

جبکہ ن جفت ہو ، اور

$$لا^ن + ۱ = (لا + ۱) \prod_{ر=۰}^{ر=\frac{۱}{۲}(ن-۳)} \{لا^۲ - ۲ لا جم \frac{\pi (۱+ر ۲)}{ن} + ۱\} \quad \ldots \quad (۲۷)$$

جبکہ ن طاق ہو۔

۹۱ ـــــ مساوات (۲۲) میں رکھو لا = ۱ تو

$$۱-جم ن ط = ۲^{ن-۱} \prod_{ر=۰}^{ر=ن-۱} \left\{ ۱-جم \left(ط + \frac{۲ر\pi}{ن} \right) \right\} \quad ؛$$

ط کو ۲ ط میں تبدیل کرنے سے یہ مساوات ہو جاتی ہے

$$جب^{۲} ن ط = ۲^{۲ن-۲} جب^{۲} ط \, جب^{۲} \left(ط + \frac{\pi}{ن} \right) جب^{۲} \left(ط + \frac{۲\pi}{ن} \right) \ldots جب^{۲} \left(ط + \frac{ن-۱}{ن} \pi \right)$$

یا $$جب ن ط = \pm ۲^{ن-۱} جب ط \, جب \left(ط + \frac{\pi}{ن} \right) جب \left(ط + \frac{۲\pi}{ن} \right) \ldots جب \left(ط + \frac{ن-۱}{ن} \pi \right)$$

جس میں مبہم علامت ابتک غیر معین ہے۔ دفعہ ۱۵ میں یہ بتایا جا چکا ہے کہ جب ط اور جم ط کی رقوم میں جب ن ط کے پھیلاؤ کی شکل معین ہے، اس لیے بائیں جانب کے حاصل ضرب کی علامت ہمیشہ ایک ہی ہے؛ اب رکھو ط = $\frac{\pi}{۲ن}$ تو صریحاً علامت جو لیجانی چاہیے مثبت ہے کیونکہ ہر جزوِ ضربی مثبت ہے۔

اس لیے

$$جب ن ط = ۲^{ن-۱} جب ط \, جب \left(ط + \frac{\pi}{ن} \right) جب \left(ط + \frac{۲\pi}{ن} \right) \ldots جب \left(ط + \frac{ن-۱}{ن} \pi \right) \quad \ldots\ldots (۲۸)$$

(اگر ۲۸) میں ط کو ط + $\frac{\pi}{۲ن}$ سے بدل دیا جائے تو

$$جم ن ط = ۲^{ن-۱} جب \left(ط + \frac{\pi}{۲ن} \right) جب \left(ط + \frac{۳\pi}{۲ن} \right) \ldots جب \left(ط + \frac{۲ن-۱}{۲ن} \pi \right) \quad \ldots\ldots (۲۹)$$

مسئلہ (۲۸) میں ط = ۰ رکھنے اور جذر المربع لینے سے مسئلہ (۱۸) حاصل ہوتا ہے۔ اسی طرح (۲۹) سے مسئلہ (۱۵) اخذ کیا جا سکتا ہے۔

امثلہ

(۱) ثابت کرو کہ اگر ن ایک طاق صحیح عدد ہو تو جب ن ط + جم ن ط
جب ط + جم ط سے، ورنہ جب ط - جم ط سے
تقسیم پذیر ہے۔

فرض کرو $ع_ن$ = جب ن ط + جم ن ط

تب $ع_ن + ع_{ن-۴}$ = ۲ جم ۲ ط × $ع_{ن-۲}$ = ۲ (جم² ط - جب² ط) $ع_{ن-۲}$

پس اگر $ع_{ن-۴}$، جم ط + جب ط سے یا جم ط - جب ط سے تقسیم پذیر ہے تو $ع_ن$ بھی اُسی مقدار سے تقسیم پذیر ہے۔ اب $ع_۴$ = جب ط + جم ط، اس لیے $ع_۵$، $ع_۹$، $ع_{۱۳}$، ... سب کے سب جب ط + جم ط سے تقسیم پذیر ہیں؛ نیز $ع_۱$ = جم ط - جب ط اس لیے $ع_۳$، $ع_{۱۱}$، ... سب کے سب جم ط - جب ط سے تقسیم پذیر ہیں۔

(۲) مس ن ط - مس ن ء کے اجزائے ضربی دریافت کرو۔

$$\text{مس ن ط} - \text{مس ن ء} = \frac{\text{جب ن (ط - ء)}}{\text{جم ن ط جم ن ء}}$$

(120) ضابطہ (۲۸) میں ط کی بجائے ء - ط رکھو تو

$$\text{جب ن (ط - ء)} = (-۱)^{\frac{ن-۱}{۲}}\, ۲^{ن-۱} \prod_{ر=۰}^{ر=ن-۱} \text{جب}\left(\text{ط - ء} - \frac{ر\pi}{ن}\right)$$

$$= (-۱)^{\frac{ن-۱}{۲}}\, ۲^{ن-۱}\, \text{جم}^{ن}\text{ ط} \prod_{ر=۰}^{ر=ن-۱} \left\{\text{مس ط میں (ء} + \frac{ر\pi}{ن})\right\}$$

$$= (-۱)^{\frac{ن-۱}{۲}}\, \text{جم}^{ن}\text{ ط جب ن} \prod_{ر=۰}^{ر=ن-۱} \left\{\text{مس ط - مس (ء} + \frac{ر\pi}{ن})\right\}$$

نیز (۱۶) اور (۱۷) سے

$$\text{جم ن ط} = \text{جم ط} \prod_{ر=۱}^{ر=\frac{۱}{۲}(ن-۱)} \left(۱ - \frac{\text{جب}^۲ ط}{\text{جب}^۲ \frac{ر\pi}{ن}}\right) \div \prod_{ر=۱}^{ر=\frac{ن-۱}{۲}} \left(۱ - \frac{\text{جب}^۲ ط}{\text{جب}^۲ \frac{ر\pi}{ن}}\right)$$

بموجب اس کے کہ ن طاق ہے یا جفت - اب ۱ - $\frac{\text{جب}^2 ط}{\text{جب}^2 ب}$ = $\text{جم}^2 ط \left(1 - \frac{\text{مس}^2 ط}{\text{مس}^2 ب}\right)$ اس لیے جم ن ط کا جملہ لکھا جا سکتا ہے

$$\text{جم}^ن ط \prod_{ر=1}^{\frac{1}{2}(ن-1)} \left(1 - \frac{\text{مس}^2 ط}{\text{مس}^2 \frac{2ر-1}{ن}\pi}\right) \text{ یا } \text{جم}^ن ط \prod_{ر=1}^{ر=\frac{1}{2}ن} \left(1 - \frac{\text{مس}^2 ط}{\text{مس}^2 \frac{2ر-1}{ن}\pi}\right)$$

اس لیے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\text{مس ن ط} - \text{مس ن ع} = (-1)^{\frac{ن-1}{2}} \frac{\text{جب ن}(ع + \frac{\pi}{2})}{\text{جم ن ع}} \frac{\prod_{ر=0}^{ر=ن-1} \{\text{مس ط} - \text{مس}(ع + \frac{ر\pi}{ن})\}}{\prod_{ر=1} \left(1 - \frac{\text{مس}^2 ط}{\text{مس}^2 \frac{2ر-1}{ن}\pi}\right)}$$

نسب نما میں حاصل ضرب ر = $\frac{1}{2}$ ن یا ر = $\frac{1}{2}$ (ن - ۱) تک لینا چاہیے بموجب اس کے کہ ن جفت ہو یا طاق -

ساتویں باب پر مثالیں

۱ - ثابت کرو کہ اگر ن ایک طاق مثبت صحیح عدد ہو اور ع = $\frac{\pi}{ن}$ تو

$$\text{مس ن ف} = (-1)^{\frac{1}{2}(ن-1)} \text{مس ف مس}(ف + ع) \ldots \text{مس}(ف + \overline{ن-1} ع)$$

اور $\text{ن مس ن ف} = \text{مس ف} + \text{مس}(ف + ع) + \ldots + \text{مس}(ف + \overline{ن-1} ع)$

۲ - ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{جب ۵ ط} - \text{جم ۵ ط}}{\text{جب ۵ ط} + \text{جم ۵ ط}} = \text{مس}(ط - \frac{1}{4}\pi) \frac{۱ - ۲\text{جب ۲ ط} - ۴\text{جب}^2 ۲ط}{۱ + ۲\text{جب ۲ ط} - ۴\text{جب}^2 ۲ط}$$

۳ - ثابت کرو کہ

$$\text{جم ن ع} = \text{جم ع} + \text{جم}(\text{ع} + \frac{\pi}{\text{ن}}) + \cdots + \text{جم}(\text{ع} + \frac{\text{ن}-1}{\text{ن}}\pi)$$

جہاں ن ایک صحیح عدد ہے۔

(121)

۴ ۔ اگر $\text{ف} = \frac{\pi}{13}$ تو ثابت کرو کہ

$$\text{جم ف} + \text{جم ۳ ف} + \text{جم ۹ ف} = \frac{1}{4}(1 + \sqrt{13})$$

اور $$\text{جم ۵ ف} + \text{جم ۷ ف} + \text{جم ۱۱ ف} = \frac{1}{4}(1 - \sqrt{13})$$

۵ ۔ ثابت کرو کہ

$$\text{جم}\frac{\pi}{15}\ \text{جم}\frac{2\pi}{15}\ \text{جم}\frac{4\pi}{15} \cdots \text{جم}\frac{7\pi}{15} = (\frac{1}{2})^7$$

۶ ۔ ثابت کرو کہ

$$\text{جم}\frac{2\pi}{7} + \text{جم}\frac{4\pi}{7} + \text{جم}\frac{6\pi}{7} = -\frac{1}{2}$$

وہ کبھی مساوات بناؤ جس کی اصلیں ہیں

$$\text{جم}\frac{2\pi}{7},\ \text{جم}\frac{4\pi}{7},\ \text{جم}\frac{8\pi}{7}$$

۷ ۔ ثابت کرو کہ مساوات

$$\text{ل}^3 - 3\sqrt{3}\,\text{ل}^2 - 3\,\text{ل} + \sqrt{3} = 0$$

کی اصلیں مس ۲۰°، مس ۸۰°، مس ۱۴۰° ہیں۔

۸ ۔ ثابت کرو کہ

$$\text{جب}^4\text{ع} + \text{جب}^4 2\text{ع} + \text{جب}^4 7\text{ع} + \text{جب}^4 9\text{ع} + \text{جب}^4 11\text{ع} + \text{جب}^4 13\text{ع} + \text{جب}^4 17\text{ع} + \text{جب}^4 19\text{ع} = \frac{13}{4}$$

جہاں $\text{ع} = \frac{\pi}{20}$

۹ ۔ ثابت کرو کہ

$$2^{\text{ن}-1}\,\text{جب ف جب}(\text{ف} + \frac{2\pi}{\text{ن}})\,\text{جب}(\text{ف} + \frac{4\pi}{\text{ن}}) \ldots \text{جب}(\text{ف} + \frac{\text{ن}-1}{\text{ن}}\pi)$$

$$= \text{جم}\frac{\text{ن}\pi}{2} - \text{جم ن}(\text{ف} + \frac{\pi}{2})$$

۱۰۔ ثابت کرو کہ

$$\text{مس } عہ + \text{مس}\left(\frac{\pi}{۲ن} - عہ\right) + \text{مس}\left(\frac{\pi ۲}{۲ن} + عہ\right) + \text{مس}\left(\frac{\pi ۳}{۲ن} - عہ\right) \ldots\ldots$$

۲ ن ارقام تک $= ۲ن$ قم $۲ن\ عہ$

۱۱۔ ثابت کرو کہ

$$\text{جب}\frac{\pi ۲}{۲ن}\ \text{جب}\frac{\pi ۴}{۲ن}\ \ldots\ \text{جب}\frac{ن-۴}{۲ن}\pi\ \text{جب}\frac{ن-۲}{۲ن}\pi\ \text{جب}\frac{ن}{۲ن}\pi = \frac{ن}{۲^{ن-۱}}$$

جہاں ن ایک جفت مثبت صحیح عدد ہے۔

۱۲۔ ثابت کرو کہ

$$\frac{ن}{۲ن-۱} = \frac{\text{جب}^۲\frac{\pi}{۲ن}}{\text{جب}^۲\frac{\pi}{۲ن-۱}} \times \frac{\text{جب}^۲\frac{\pi ۲}{۲ن}}{\text{جب}^۲\frac{\pi ۲}{۲ن-۱}} \times \ldots\ldots \times \frac{\text{جب}^۲\left(\frac{ن-۱}{۲ن}\pi\right)}{\text{جب}^۲\frac{ن-۱}{۲ن-۱}\pi}$$

جہاں ن کوئی مثبت صحیح عدد ہے۔

۱۳۔ ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{جب}\ ن\ ف\ \text{جب}\ ن\ ط}{\text{جب}\ ف\ \text{جب}\ ط} = ۲^{ن-۱}\left\{\text{جم}(ف-ط) - \text{جم}(ف+ط+\frac{\pi ۲}{ن})\right\}\left\{\text{جم}(ف-ط) - \text{جم}(ف+ط+\frac{\pi ۴}{ن})\right\} \ldots\ldots$$

بائیں جانب اجزائے ضربی کی تعداد ن - ۱ ہے۔

(122) ۱۴۔ ثابت کرو کہ م جب ن ط ۔ ن جب م ط، جب^۳ ط سے تقسیم پذیر ہے اگر م اور ن طاق صحیح عدد ہوں۔

۱۵۔ ثابت کرو کہ اگر م ایک مثبت صحیح عدد ہو تو قط^م ا + قم^م ا، قم ۲ ا کی قوتوں کے ایک سلسلہ سے بیان کیا جا سکتا ہے۔

۱۶۔ ثابت کرو کہ

$$ن = \frac{\text{جب}\ ۲عہ\ \text{جب}\ ۴عہ \ldots \text{جب}\ (۲ن-۲)عہ}{\text{جب}\ عہ\ \text{جب}\ ۳عہ \ldots \text{جب}\ (۲ن-۱)عہ}$$

جہاں $عہ = \frac{\pi}{۲ن}$

۱۷ ۔ ثابت کرو کہ

(۱) $\frac{\text{جب}^2 \text{لا}}{\text{جب}(\text{لا}-\text{ا})\,\text{جب}(\text{لا}-\text{ب})\,\text{جب}(\text{لا}-\text{ج})} = \Sigma \frac{\text{جب}^2 \text{ا}}{\text{جب}(\text{لا}-\text{ا})\,\text{جب}(\text{ا}-\text{ب})\,\text{جب}(\text{ا}-\text{ج})}$

(۲) $\frac{\text{جب لا}}{\text{جب}(\text{لا}-\text{ا})\,\text{جب}(\text{لا}-\text{ب})\,\text{جب}(\text{لا}-\text{ج})} = \Sigma \frac{\text{جم}(\text{لا}-\text{ا})\,\text{جب ا}}{\text{جب}(\text{لا}-\text{ا})\,\text{جب}(\text{ا}-\text{ب})\,\text{جب}(\text{ا}-\text{ج})}$

۱۸ ۔ ثابت کرو کہ

$$1 + \text{جم عہ} \cdot 1 + \text{جم}\left(\text{عہ} + \frac{2\pi}{\text{ن}}\right) \cdots 1 + \text{جم}\left(\text{عہ} + \frac{4(\text{ن}-1)\pi}{\text{ن}}\right)$$

کا حاصل ضرب ہے

$$2^{2-\text{ن}} \left\{(-1)^{\frac{1}{2}\text{ن}} - \text{جم}\tfrac{1}{2}\text{ن عہ}\right\}^2 \text{ یا } 2^{1-\text{ن}}(1 + \text{جم ن عہ})$$

بموجب اس کے کہ ن جفت ہے یا طاق ۔

۱۹ ۔ ثابت کرو کہ

$$\text{ن}^2 = (\text{سہہ}\tfrac{\pi}{2\text{ن}})^{-1} + (\text{سہہ}\tfrac{3\pi}{2\text{ن}})^{-1} + (\text{سہہ}\tfrac{5\pi}{2\text{ن}})^{-1} + \cdots$$

بائیں جانب ن رقمیں لیگئی ہیں ۔

۲۰ ۔ ثابت کرو کہ

$$(\text{مس}\tfrac{1}{2}°)(\text{مس}\tfrac{1}{2}°\,\text{مس}\tfrac{1}{2}°\,\text{مس}\tfrac{1}{2}°) = \frac{17 + 8\sqrt{3}}{32}$$

۲۱ ۔ اگر م طاق ہو تو ثابت کرو کہ

$$\text{مس م فہ} = \text{مس فہ}\,\text{مم}\left(\text{فہ} + \frac{\pi}{\text{م}2}\right)\text{مس}\left(\text{فہ} + \frac{2\pi}{\text{م}2}\right)\cdots\text{جم}\left(\text{فہ} + \frac{\text{م}-2}{\text{م}2}\pi\right)\text{مس}\left(\text{فہ} + \frac{\text{م}-1}{\text{م}2}\pi\right)$$

۲۲ ۔ اگر ۲ عہ = π تو ثابت کرو کہ

$$\sqrt{14} = 2^{\frac{13}{2}} \text{ جب ۱ع جب ۲ع} \times \dots \times \text{جب ۱۳ع}$$

اور $\text{جم ۲ع} + \text{جم ۶ع} + \text{جم ۱۰ع} = \frac{1}{2}\sqrt{7}$

۲۳ - ثابت کرو کہ $\text{مس}\frac{\pi}{2ن} \text{ مس}\frac{2\pi}{2ن} \times \dots \times \text{مس}\frac{ن-1}{2ن}\pi = 1$

جہاں ن کوئی مثبت صحیح عدد ہے -

۲۴ - ثابت کرو کہ

$$\text{قم لا} + \text{قم}(\text{لا} + \frac{2\pi}{ن}) + \dots + \text{قم}(\text{لا} + \frac{2(ن-1)\pi}{ن})$$

$$= ن\{\text{قم ن لا} + \text{قم}(ن\text{ لا} + \pi) + \dots + \text{قم}(ن\text{ لا} + \overline{ن-1}\,\pi)\}$$

۲۵ - ثابت کرو کہ (123)

$$2(1 + \text{جم ن ط}) \text{ یا } \frac{(1 + \text{جم ن ط})}{1 + \text{جم ط}}$$

۲ جم ط کے ایک منطق صحیح تفاعل کا مربع ہے بموجب اس کے کہ ن جفت ہے یا طاق - دکھاؤ کہ

$$1 + \text{جم ۹ط} = (1 + \text{جم ط})^2(16\,\text{جم}^4 ط - 8\,\text{جم}^3 ط - 12\,\text{جم}^2 ط + 4\,\text{جم ط} + 1)^2$$

۲۶ - ثابت کرو کہ $2^{ن-1}\,\text{جم}^ن ط - \text{جم ن ط}$، $1 + 2\,\text{جم ۲ط}$ سے تقسیم پذیر ہے اگر ن کی شکل ۶م - ۱ ہو اور $(1 + 2\,\text{جم ۲ط})^2$ سے تقسیم پذیر ہے اگر ن کی شکل ۶م + ۱ ہو جہاں م ایک مثبت صحیح عدد ہے -

ثابت کرو کہ

$$2^{11}\,\text{جم}^{11} ط - \text{جم ۱۱ط} = 11\,\text{جم ط}(1 + 2\,\text{جم ۲ط})\{(1 + 2\,\text{جم ۲ط})^3 + (1 + 2\,\text{جم ۲ط}) + 1\}$$

۲۷ - اگر ن ایک طاق مثبت صحیح عدد ہو اور

$$\text{مس}(\frac{1}{4}\pi + \frac{1}{2}\text{فہ}) = \text{مس}^ن(\frac{1}{4}\pi + \frac{1}{2}ط)$$

تو ثابت کرو کہ

$$\text{جب } ن ط = ن \text{ جب } ط \prod_{ر=۱}^{\frac{۱}{۲}(ن-۱)} \left\{ \frac{۱ + \text{جب}^۲ ط \text{ مم}^۲ \frac{ر\pi}{ن}}{۱ + \text{جب}^۲ ط \text{ مس}^۲ \frac{ر\pi}{ن}} \right\}$$

۲۸۔ ثابت کرو کہ شکل ف (جب ط، جم ط) \ ف (جب ط، جم ط) کا کوئی تفاعل جہاں ف او۔ ف سے ن درجے کے منطق صحیح تفاعل تعبیر ہوتے ہیں اور جن میں جم ط شامل ہے شکل $\frac{\pi ۱ \text{ جب } \frac{۱}{۲}(ط - ع)}{\pi \text{ جب } \frac{۱}{۲}(ط - ع')}$ میں بیان کیا جا سکتا ہے جہاں ۱ اور مقداریں ع، ع' منحصر نہیں ہیں ط پر اور شمار کنندہ میں ۲ ن اجزائے ضربی ہیں اور نسب نما میں ۲ ن اجزائے ضربی۔

اگر تفاعل $\frac{ا \text{ جم } ۲ ط + ب \text{ جم } ط + ج \text{ جب } ط + د}{آ \text{ جم } ۲ ط + ب \text{ جم } ط + ج \text{ جب } ط + د}$ کو اس شکل میں بیان کیا جائے تو ثابت کرو کہ $\sum ع$ اور $\sum ع'$ ، π کے جفت ضعف ہیں۔

۲۹۔ ثابت کرو کہ $\text{مس } \frac{\pi ۳}{۱۱} + ۴ \text{ جب } \frac{\pi ۲}{۱۱} = \sqrt{۱۱}$

۳۰۔ ثابت کرو کہ

$$\frac{۲ \text{ جب}^۶ ط + \text{جب } ۷ ط}{۲ \text{ جم}^۶ ط - \text{جم } ۷ ط} = \text{مس } ط \text{ مس}^۲ (ط + \tfrac{\pi}{۷}) \text{ مس}^۲ (ط - \tfrac{\pi}{۷})$$

(124)

آٹھواں باب

ایک زاویے کے دائری تفاعل اور دائری ناپ کے درمیان رشتے

۹۲ ـــــ اب ہم اُن مسئلوں کی تحقیق کرینگے جن سے ایسی حدود کا تعین ہوتا ہے جن کے درمیان ایک زاویہ کی جیب، جیب التمام، اور مماس واقع ہونے چاہئیں جبکہ اس زاویہ کا دائری ناپ ط، $\frac{1}{2}$ π سے کم ہو۔

پہلا مسئلہ جس کو ہم ثابت کرینگے یہ ہے کہ اگر ایک زاویہ کا دائری ناپ ط ہو جو $\frac{1}{2}$ π سے کم ہے تو

جب ط < ط < مس ط

اِلّا آنکہ ط = ۰۔



فرض کرو ا ب = ا ب' = ط؛ اور فرض کرو کہ م ب اور م ب'، ب اور ب' پر مماس ہیں، اور فرض کرو کہ ا پر کا مماس س ا س' ہے۔ دفعہ ۱۱ میں یہ دکھایا جا چکا ہے کہ قوس ا ب کا طول، ا س + س ب سے متجاوز نہیں ہوتا؛ اور اس طرح قوس ب ا ب'، ب س + ب' س' + س س' سے تجاوز نہیں کرتی اور اس لیے قوس ب ا ب' < ب م + م ب'؛ یا قوس ب ا < ب م۔

نیز

قوس ب ا > ب ا > ب ج

اس لیے $\frac{\text{ب ج}}{\text{و ب}} < \frac{\text{قوس ب ا}}{\text{و ب}} < \frac{\text{ب م}}{\text{و ب}}$

اب ط = $\frac{\text{قوس ب ا}}{\text{و ب}}$، جب ط = $\frac{\text{ب ج}}{\text{و ب}}$ اور مس ط = $\frac{\text{ب م}}{\text{و ب}}$

(125) اس لیے جب ط < ط < مس ط۔ اگر ط، $\frac{1}{2}\pi$ سے بڑا ہوتا تو م، و کی دوسری جانب واقع ہوتا اور وہ نامساواتیں جن کو ہم نے استعمال کیا ہے ممکن ہے درست نہ رہتیں۔

چونکہ جب ط < ط < مس ط، اس لیے ۱ < $\frac{\text{ط}}{\text{جب ط}}$ < قط ط؛ اب فرض کرو کہ ط کو لا انتہا گھٹا دیا گیا ہے، تب قط ط کی انتہا جبکہ ط = ۰، ایک ہے؛ اس لیے نیز $\frac{\text{ط}}{\text{جب ط}}$ کی انتہا بھی جبکہ ط کو لا انتہا گھٹا دیا جاتا ہے ایک ہے۔ نیز چونکہ

$\frac{\text{جب ط}}{\text{ط}}$ = (ط قم ط)^{۲} اور $\frac{\text{مس ط}}{\text{ط}}$ = قط ط × (ط قم ط)^{۲}

اس لیے ہمیں یہ مسئلے ملتے ہیں کہ $\frac{\text{جب ط}}{\text{ط}}$ اور $\frac{\text{مس ط}}{\text{ط}}$ کی انتہا جبکہ ط

کو لا انتہا گھٹا دیا جائے ہر ایک ایک ہے۔

اس مسئلہ کو یوں بھی ثابت کیا جا سکتا ہے:۔ مثلث و ا ب، قاطع و ا ب، اور مثلث و ب م مقدار کی صعودی ترتیب میں ہیں؛ اور مثلث و ا ب = $\frac{1}{2}$ و ا × ب ج = $\frac{1}{2}$ و ا^2 جب ط، نیز قاطع و ا ب = $\frac{1}{2}$ و ا^2 × ط، اور

$$\Delta \text{ و ب م} = \frac{1}{2} \text{ و ب} \times \text{ب م} = \frac{1}{2} \text{ و ب}^2 \times \text{مس ط}$$

اس لیے جب ط < ط < مس ط

۹۳ ——— دفعہ ۵ میں یہ بیان کیا گیا تھا کہ نظری مقاصد کے لیے زاویہ کا دائری ناپ دوسرے ناپوں کے مقابلہ میں زیادہ سہولت بخش ہے، اس کا سبب یہ ہے کہ اس ناپ میں زاویہ کی جیب اور مماس دونوں انتہا میں خود زاویہ کے مساوی ہوتے ہیں جبکہ زاویہ کو لا انتہا گھٹا دیا جاتا ہے؛ لیکن اگر ہم کوئی اور ناپ استعمال کریں، مثلاً ثانیے، تو یہ صورت نہیں ہوتی۔ چنانچہ ثانیوں کی صورت میں

$$\frac{\text{جب ن}''}{\text{ن}''} = \frac{\text{جب ط}}{\text{ط}} \times \frac{\pi}{۶۰ \times ۶۰ \times ۱۸۰}$$

$$\frac{\text{مس ن}''}{\text{ن}''} = \frac{\text{مس ط}}{\text{ط}} \times \frac{\pi}{۶۰ \times ۶۰ \times ۱۸۰}$$

جہاں ن ثانیوں کا دائری ناپ ط ہے؛ اس لیے $\frac{\text{جب ن}''}{\text{ن}''}$، $\frac{\text{مس ن}''}{\text{ن}''}$ کی انتہاؤں میں سے ہر ایک جبکہ ن کو لا انتہا گھٹا دیا جائے $\frac{\pi}{۶۰ \times ۶۰ \times ۱۸۰}$ کے مساوی ہے۔ پس اگر ہم دائری ناپ کی بجائے ثانیے استعمال کریں تو ضابطوں کی اُس بڑی جماعت میں جس میں ط = ۰ کے لیے $\frac{\text{جب ط}}{\text{ط}}$ اور $\frac{\text{مس ط}}{\text{ط}}$ کی انتہائیں شریک ہوتی ہیں ایک کی بجائے ہمیشہ عدد $\frac{\pi}{۶۰ \times ۶۰ \times ۱۸۰}$

واقع ہوتا رہیگا۔

(126) م جب $\frac{ع}{م}$، م مس $\frac{ع}{م}$ میں سے ہر ایک کی اِنتہا جبکہ م لا انتہا بڑا کیا جاتا ہے ع ہے، کیونکہ م جب $\frac{ع}{م}$ = ع $\left(\frac{\text{جب ط}}{\text{ط}}\right)$، م مس $\frac{ع}{م}$ = ع $\left(\frac{\text{مس ط}}{\text{ط}}\right)$ جہاں ط = $\frac{ع}{م}$، اور جب م کو لا انتہا بڑا کیا جاتا ہے تو ط لا انتہا چھوٹا ہو جاتا ہے۔

$\frac{\text{جب ف ط}}{\text{جب ق ط}}$ اور $\frac{\text{مس ف ط}}{\text{مس ق ط}}$ میں سے ہر ایک کی انتہا جبکہ ط لا انتہا گھٹا دیا جائے $\frac{\text{ف}}{\text{ق}}$ کے مساوی ہے۔

۹۴ ـــــ اگر ط < $\frac{1}{2}$ تو مس $\frac{1}{2}$ ط > $\frac{1}{2}$ ط اور جب $\frac{1}{2}$ ط > $\frac{1}{2}$ ط جم $\frac{1}{2}$ ط، اس لیے

۲ جب $\frac{1}{2}$ ط . جم $\frac{1}{2}$ ط > ط جم^2 $\frac{1}{2}$ ط

یا جب ط > ط (۱ − جب^2 $\frac{1}{2}$ ط)

اب جب^2 $\frac{1}{2}$ ط < ($\frac{1}{2}$ ط)^2

اس لیے جب ط > ط (۱ − $\frac{1}{4}$ ط^2)، یا جب ط > ط − $\frac{1}{4}$ ط^3

نیز جم ط = ۱ − ۲ جب^2 $\frac{1}{2}$ ط اور یہ بڑا ہے ۱ − ۲ ($\frac{1}{2}$ ط)^2 سے یا

جم ط > ۱ − $\frac{1}{2}$ ط^2

نیز چونکہ جب $\frac{1}{2}$ ط > $\frac{1}{2}$ ط − $\frac{1}{4}$ ($\frac{1}{2}$ ط)^3 اس لیے

جم ط < ۱ − ۲ ($\frac{1}{2}$ ط − $\frac{1}{32}$ ط^3)^2 < ۱ − $\frac{1}{2}$ ط^2 + $\frac{1}{16}$ ط^4 − $\frac{6}{32}$ ط^4

پس جم ط < ۳۲ − $\frac{1}{2}$ ط^2 + $\frac{1}{19}$ ط^4 ۔ محصلہ نتائج کو بیان کیا جا سکتا ہے اس طرح:

اگر ایک زاویہ کا دائری ناپ ط ہو جو $\frac{1}{2}$ π سے کم ہے

تو جب ط، ط اور ط - $\frac{1}{4}$ ط^3 کے درمیان واقع ہوتا ہے اور جم ط

۱ - $\frac{1}{2}$ ط^2 اور ۱ - $\frac{1}{2}$ ط^2 + $\frac{1}{16}$ ط^4

کے درمیان واقع ہوتا ہے۔

۹۵ - اب ہم یہ دکھائینگے کہ اگر ط < $\frac{1}{2}$ π تو

جب ط > ط - $\frac{1}{6}$ ط^3 اور جم ط < ۱ - $\frac{1}{2}$ ط^2 + $\frac{1}{24}$ ط^4

اس سے جب ط اور جم ط کی حدود دفعہ سابق میں حاصل کردہ حدود سے زیادہ تنگ ہو جاتی ہیں۔

ہم جانتے ہیں کہ

$$۳ \text{ جب } \frac{1}{3} \text{ ط} - \text{ جب ط} = ۴ \text{ جب}^3 \frac{1}{3} \text{ ط}،$$

$$۳ \text{ جب } \frac{\text{ط}}{3} - \text{ جب } \frac{\text{ط}}{3} = ۴ \text{ جب}^3 \frac{\text{ط}}{3^2}،$$

$$۳ \text{ جب } \frac{\text{ط}}{3^{ن-1}} - \text{ جب } \frac{\text{ط}}{3^{ن}} = ۴ \text{ جب}^3 \frac{\text{ط}}{3^{ن}}$$

اِن مساواتوں کو علی الترتیب ۱، ۳، ۳^2، ...، ۳$^{ن-1}$ سے ضرب دو اور پھر جمع کرو تو

$$۳^{ن} \text{ جب } \frac{\text{ط}}{3^{ن}} - \text{ جب ط} = ۴ \left(\text{جب}^3 \frac{\text{ط}}{3} + ۳ \text{ جب}^3 \frac{\text{ط}}{3^2} + \cdots + ۳^{ن-1} \text{ جب}^3 \frac{\text{ط}}{3^{ن}} \right)$$

اس لیے (127)

$$\frac{\text{ط} \times \frac{\text{جب } \frac{\text{ط}}{3^{ن}}}{\frac{\text{ط}}{3^{ن}}} - \text{ جب ط}}{} < ۴ \left(\frac{\text{ط}^3}{3^3} + \frac{\text{ط}^3}{5^3} + \cdots + \frac{\text{ط}^3}{3^{2ن+2}} \right)$$

اب ن کو لا انتہا بڑا کرو تو $\frac{\text{جب } \frac{\text{ط}}{3^{ن}}}{\frac{\text{ط}}{3^{ن}}}$ کی انتہا ایک ملتی ہے اور سلسلہ

$$۱ + \frac{1}{2^3} + \frac{1}{4^3} + \cdots$$

کی انتہا $= \frac{1}{1-\frac{1}{2^3}} = \frac{9}{8}$ ؛

اس لیے $ط - جب ط < \frac{1}{6} ط^3$ ، یا $جب ط > ط - \frac{1}{6} ط^3$

نیز $جم ط = 1 - 2 جب^2 \frac{1}{2} ط$

اس لیے $جم ط < 1 - 2(\frac{1}{2} ط - \frac{1}{48} ط^3)^2 < 1 - \frac{1}{2} ط^2 + \frac{1}{24} ط^4$

پس جب ط، ط اور $ط - \frac{1}{6} ط^3$ کے درمیان واقع ہوتا ہے؛ اور جم ط، $1 - \frac{1}{2} ط^2$ اور $1 - \frac{1}{2} ط^2 + \frac{1}{24} ط^4$ کے درمیان واقع ہوتا ہے جبکہ ط، $\frac{1}{2}$ ط سے کم ہو۔

نیز چونکہ $مس ط = جب ط \setminus جم ط$ اس لیے

$مس ط > (ط - \frac{1}{6} ط^3)(1 - \frac{1}{2} ط^2)^{-1} < (ط - \frac{1}{6} ط^3)(1 + \frac{1}{2} ط^2 + \frac{1}{4} ط^4)$

یا $مس ط > ط + \frac{1}{3} ط^3 + \frac{1}{2} ط^5 - \frac{1}{24} ط^7$ ، اس لیے $مس ط > ط + \frac{1}{3} ط^3$

یولر کا حاصل ضرب

۹۶ ـــــ چونکہ $جب ط = 2 جب \frac{1}{2} ط . جم \frac{1}{2} ط$ ،

$جب \frac{ط}{2} = 2 جب \frac{ط}{2^2} . جم \frac{ط}{2^2}$ ،

$جب \frac{ط}{2^2} = 2 جب \frac{ط}{2^3} . جم \frac{ط}{2^3}$

. . . . . .

$جب \frac{ط}{2^{ن-1}} = 2 جب \frac{ط}{2^ن} جم \frac{ط}{2^ن}$

اس لیے عملِ ضرب سے

$$\text{جب } ط = 2^{ن} \text{جم} \frac{ط}{2} \text{جم} \frac{ط}{2^2} \text{جم} \frac{ط}{2^3} \ldots \text{جم} \frac{ط}{2^{ن}} \text{جب} \frac{ط}{2^{ن}}$$

(128) اب جبکہ ن کو لا انتہا بڑا کیا جاتا ہے تو $2^{ن}$ جب $\frac{ط}{2^{ن}}$ کی انتہا ط ہے۔ پس حاصل ضرب

$$\text{جم} \frac{ط}{2} \text{جم} \frac{ط}{2^2} \text{جم} \frac{ط}{2^3} \ldots \text{جم} \frac{ط}{2^{ن}}$$

کی انتہا جبکہ ن کو لا انتہا بڑا کیا جائے $\frac{\text{جب } ط}{ط}$ ہے۔

اس حاصل ضرب میں رکھو ط $= \frac{1}{2}$ تو ہمیں $\frac{2}{\pi}$ کے لیے ویٹا کا یہ جملہ

$$\frac{2}{\pi} = \frac{\sqrt{2}}{2} \times \frac{\sqrt{2+\sqrt{2}}}{2} \times \frac{\sqrt{2+\sqrt{2+\sqrt{2}}}}{2} \times \ldots$$

حاصل ہوتا ہے۔

امثلہ

(۱) ثابت کرو کہ جیسے ط، صفر سے $\frac{1}{2}\pi$ تک بڑھتا ہے $\frac{\text{جب } ط}{ط}$ مسلسل گھٹتا ہے اور $\frac{\text{مس } ط}{ط}$ مسلسل بڑھتا ہے۔

ہم دکھائینگے کہ $\frac{\text{جب } ط}{ط} > \frac{\text{جب } (ط+ھ)}{ط+ھ}$، یعنی

$(ط+ھ)$ جب ط $>$ ط (جم ھ جب ط + جم ط جب ھ)، یا

$$\frac{\text{مس } ط}{ط} > \frac{\text{جب } ھ}{ھ + (1 - \text{جم } ھ) ط}$$

ہم جانتے ہیں کہ $\frac{\text{مس } ط}{ط} > 1 > \frac{\text{جب } ھ}{ھ}$ اور $\frac{\text{جب } ھ}{ھ} > \frac{\text{جب } ھ}{ھ + (1 - \text{جم } ھ) ط}$

کیونکہ 1 - جم ھ مثبت ہے، اور اس لیے نامساوات بالا ثابت ہو چکی، اس طرح $\frac{\text{جب } ط}{ط}$

ایک سے $\frac{2}{\pi}$ تک گھٹتا ہے جیسے ط صفر سے $\frac{1}{2}\pi$ تک بڑھتا ہے۔

پھر ہم یہ دکھائینگے کہ

$$\frac{\text{مس}(ط+ھ)}{ط+ھ} < \frac{\text{مس ط}}{ط} \text{ ، یا}$$

$$ط \text{ جب } (ط+ھ) \cdot \text{جم } ط < (ط+ھ) \text{ جب } ط \text{ جم } (ط+ھ)$$

یعنی $$ط \text{ جب } ھ < ھ \text{ جب } ط \text{ جم } (ط+ھ)$$

یا $$\frac{\text{جب } ھ}{ھ} < \frac{\text{جب } ط}{ط} \text{ جم } (ط+ھ)$$

اب ہم فرض کرسکتے ہیں ھ < ط، پس پہلے مسئلہ کی رو سے

$$\frac{\text{جب } ھ}{ھ} > \frac{\text{جب } ط}{ط} \text{ ، اور اس لیے } \frac{\text{جب } ط}{ط} > \frac{\text{جب } ط}{ط} \text{ جم } (ط+ھ)$$

اس طرح $\frac{\text{مس } ط}{ط}$ ایک سے ∞ تک بڑھتا ہے جیسے ط صفر سے $\frac{1}{2}\pi$ تک بڑھتا ہے۔

دفعہ ۳۲ میں دی ہوئی جم ط اور جب ط کی ترسیموں سے یہ نظر آئیگا کہ مسائل بالا درست ہیں؛ چنانچہ پہلی صورت میں وہ نسبت جو معین کو فصلہ کے ساتھ ہے گھٹتی ہے اور دوسری صورت میں بڑھتی ہے جیسے ط صفر سے $\frac{1}{2}\pi$ تک بڑھتا ہے۔

(۲) ثابت کرو کہ مساوات مس لا = لہ لا کی حقیقی اصلوں کی تعداد لا انتہا ہے، نیز بڑی اصلوں کی تقریبی قیمتیں معلوم کرو۔

دفعہ ۳۲ میں تفاعل مس لا کی ترسیم کھینچی گئی ہے؛ اُسی شکل میں تفاعل لہ لا کی ترسیم کھینچو، یہ ایک خطِ مستقیم ہے جو دیں سے گزرتا ہے۔ یہ خطِ مستقیم (129) صریحاً مس لا کی ترسیم کی ہر شاخ کو قطع کریگا، اور لا کی وہ قیمتیں جو نقاطِ تقاطع کے تناظر ہیں دی ہوئی مساوات کے حل ہیں۔ اس لیے مساوات کی ایک اصل

$$\text{لا} = (۲\text{ک} - ۱)\frac{\pi}{2} \text{ اور } (۲\text{ک} + ۱)\frac{\pi}{2}$$

کے درمیان ہے جہاں ک کوئی صحیح عدد ہے۔ اگر ک لہ بڑا ہو تو $(۲ک+۱)\frac{\pi}{۲}$ صریحاً ایک تقریبی حل ہے؛ اس سے زیادہ نزدیک کا تقرب معلوم کرنا ہو تو فرض کرو لا = $(۲ک+۱)\frac{\pi}{۲}$ + ما جہاں ما چھوٹا ہے، تب۔ جم ما = لہ ما + $(۲ک+۱)\frac{لہ\pi}{۲}$؛ اب جم ما = ۱، جب ما = ما رکھنے سے اور ما^۲ کو نظر انداز کرنے سے

$-۱ = (۲ک+۱)\frac{لہ\pi}{۲}$ ما، یا ما $= -\frac{۲}{(۲ک+۱)لہ\pi}$، اس لیے لا $= (۲ک+۱)\frac{\pi}{۲} - \frac{۲}{(۲ک+۱)لہ\pi}$

تقریبی حل ہے۔ اس سے بھی زیادہ تقریبی حل معلوم کرنے کے لیے ما^۳ نظر انداز کرو تو اُن رقموں میں جن میں ما^۲ شامل ہے ما $= -\frac{۲}{(۲ک+۱)لہ\pi}$ رکھنے سے حاصل ہوتا ہے

$\frac{۱}{۲}$ ما$^۲ - ۱ = \{لہ ما + (۲ک+۱)\frac{لہ\pi}{۲}\}$ ما $= لہ$ ما$^۲ +$ ما $(۲ک+۱)\frac{لہ\pi}{۲}$،

اس لیے ما $(۲ک+۱)\frac{لہ\pi}{۲} = -۱ + (\frac{۱}{۲} - لہ)\frac{۴}{(۲ک+۱)^۲ لہ^۲ \pi^۲}$

یا ما $= -\frac{۲}{(۲ک+۱)لہ\pi} + (\frac{۱}{۲} - لہ)\frac{۸}{(۲ک+۱)^۳ لہ^۳ \pi^۳}$

اس لیے لا کی تقریبی قیمت ہے

لا $= (۲ک+۱)\frac{\pi}{۲} - \frac{۲}{(۲ک+۱)لہ\pi} + (\frac{۱}{۲} - لہ)\frac{۸}{(۲ک+۱)^۳ لہ^۳ \pi^۳}$

(۳) ثابت کرو کہ

$\frac{۱}{ظ} =$ مم ظ $+ \frac{۱}{۲}$ مس $\frac{ظ}{۲} + \frac{۱}{۴}$ مس $\frac{ظ}{۴} + \frac{۱}{۸}$ مس $\frac{ظ}{۸} +$ ... تک

یہ آسانی کے ساتھ دکھایا جا سکتا ہے کہ

$\frac{۱}{۲}$ مم $\frac{ظ}{۲}$ - مم ظ $= \frac{۱}{۲}$ مس $\frac{ظ}{۲}$،

اس لیے نیز $\frac{1}{4}$ مم $\frac{ط}{4} - \frac{1}{2}$ مم $\frac{ط}{2} = \frac{1}{4}$ مس $\frac{ط}{4}$،

. . . . . .

$\frac{1}{2^{ن}}$ مم $\frac{ط}{2^{ن}} - \frac{1}{2^{ن-1}}$ مم $\frac{ط}{2^{ن-1}} = \frac{1}{2^{ن}}$ مس $\frac{ط}{2^{ن}}$

اس لیے عمل جمع سے

$\frac{1}{2}$ مس $\frac{ط}{2} + \frac{1}{4}$ مس $\frac{ط}{2^{2}} + \dots + \frac{1}{2^{ن}}$ مس $\frac{ط}{2^{ن}} = \frac{1}{2^{ن}}$ مم $\frac{ط}{2^{ن}} -$ مم ط

اب اگر ن کو لانہتا بڑھا دیا جائے تو $\frac{1}{2^{ن}}$ مم $\frac{ط}{2^{ن}}$ کی انتہائی قیمت $\frac{1}{ط}$ ہے، اس لیے سلسلہ کا انتہائی مجموعہ $\frac{1}{ط} -$ مم ط ہے۔

اگر ہم رکھیں ط = $\frac{1}{4}$ π تو حسب ذیل مسئلہ حاصل ہوتا ہے

$\frac{1}{\pi} = \frac{1}{4}$ مس $\frac{\pi}{4} + \frac{1}{8}$ مس $\frac{\pi}{8} + \frac{1}{16}$ مس $\frac{\pi}{16} + \dots$

بعض جملوں کی انتہایں

(130)

۹۷ ——— اگر ن کو لانہتا بڑھا دیا جائے تو جم $\frac{ط}{ن}$، جب $\frac{ط}{ن}$ میں سے ہر ایک کی انتہا ایک ہے؛ اس لیے (جم $\frac{ط}{ن}$)^{ل}، $\left(\frac{\text{جب } \frac{ط}{ن}}{\frac{ط}{ن}}\right)^{ل}$ میں سے ہر ایک کی انتہا بھی ایک ہے بشرطیکہ ل کوئی عدد ہو جو ن کے تابع نہیں ہے؛ لیکن اگر ل، ن کا تفاعل ف (ن) ہو جو ن کے لاتناہی ہونے پر لاتناہی ہو جاتا ہے تو جملے (جم $\frac{ط}{ن}$)$^{ف(ن)}$، $\left(\frac{\text{جب } \frac{ط}{ن}}{\frac{ط}{ن}}\right)^{ف(ن)}$ جماعت $\mathfrak{A}$ سے متعلق غیر معین شکلیں ہیں اور ان کی

انتہاؤں کی قیمتیں ف (ن) کی شکل پر منحصر ہیں۔

(جم $\frac{ط}{ن}$) ف (ن) کی انتہائی قیمتیں معلوم کرنے کے لیے اس جملہ کو ء سے تعبیر کرو تو ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\text{لوک}_{و}\ ء = \frac{1}{2}\ ف\ (ن)\ \text{لوک}_{و}\ \left(1 - \text{جب}^{2}\ \frac{ط}{ن}\right)$$

اب ہم اس مسئلہ کو معلومہ مسئلہ کے طور پر مان لینگے کہ اگر لا کو لا انتہا گھٹا دیا جائے تو

$$\text{نہا}\ \frac{\text{لوک}_{و}\ (1 - لا)}{لا} = -1$$

تب چونکہ

$$\text{لوک}_{و}\ ء = \frac{1}{2}\ ف\ (ن)\ \text{جب}^{2}\ \frac{ط}{ن}\ \frac{\text{لوک}_{و}\ \left(1 - \text{جب}^{2}\ \frac{ط}{ن}\right)}{\text{جب}^{2}\ \frac{ط}{ن}}$$

اس لیے لوک$_{و}$ ء کی انتہا $\frac{1}{2}$ ف (ن) جب^{2} $\frac{ط}{ن}$ کی انتہا کے مساوی ہے مگر مختلف علامت کے ساتھ بشرطیکہ یہ موخر الذکر انتہا موجود ہو۔ ہم حسب ذیل صورتوں میں لوک$_{و}$ ء کی انتہا اور اس لیے ء کی انتہا معلوم کر سکتے ہیں:۔

(۱) اگر ف (ن) = ن تو اس صورت میں ف (ن) جب^{2} $\frac{ط}{ن}$ = ن جب $\frac{ط}{ن}$ جب $\frac{ط}{ن}$ اور ن جب $\frac{ط}{ن}$ کی انتہا ط ہے اور جب $\frac{ط}{ن}$ کی صفر ہے؛ اس لیے لوک$_{و}$ ء کی انتہا صفر ہے اور اس لیے ء کی انتہا ایک ہے۔

(181) (۲) اگر ف (ن) = ن^{2} تو اس صورت میں ف (ن) جب^{2} $\frac{ط}{ن}$ = (ن جب $\frac{ط}{ن}$)^{2} جس کی انتہا ط^{2} ہے۔ اس لیے لوک$_{و}$ ء کی انتہا $\frac{1}{2}$ ط^{2} ہے اور ء کی $\frac{1}{2}$ ط^{2}۔

(۳) اگر ف (ن) = ن^ف جہاں ف ⟶ ۲ تو اس صورت میں
ف (ن) جب^۲ طہ/ن = ن^ف ⟶ ۲ (ن جب طہ/ن)^۲ اور یہ لا انتہا بڑھتا ہے جبکہ ن
لا انتہا بڑھتا ہے۔ اس لیے لوک ء کی انتہا ۔ ∞ ہے اور اس لیے ء کی
انتہا صفر ہے۔

۹۸ ـــــ $\left(\frac{\text{جب } \frac{\text{طہ}}{\text{ن}}}{\frac{\text{طہ}}{\text{ن}}}\right)^{\text{ن}}$ کی انتہائی قیمت معلوم کرنے کے لیے

چونکہ $\frac{\text{جب } \frac{\text{طہ}}{\text{ن}}}{\frac{\text{طہ}}{\text{ن}}}$ ایک سے کم ہے اور $\frac{\text{جب } \frac{\text{طہ}}{\text{ن}}}{\text{مس } \frac{\text{طہ}}{\text{ن}}}$ (یا جم ط) سے بڑا ہے

اس لیے $\left(\frac{\text{جب } \frac{\text{طہ}}{\text{ن}}}{\frac{\text{طہ}}{\text{ن}}}\right)^{\text{ن}}$ کی انتہا ۱^ن یا ۱ اور $\left(\text{جم } \frac{\text{طہ}}{\text{ن}}\right)^{\text{ن}}$ کے درمیان واقع
ہے؛ اس طرح دفعہ ماسبق کی صورت (۱) سے $\left(\frac{\text{جب } \frac{\text{طہ}}{\text{ن}}}{\frac{\text{طہ}}{\text{ن}}}\right)^{\text{ن}}$ کی انتہا
ایک ہے۔ نیز ہم دیکھتے ہیں کہ $\left(\frac{\text{جب } \frac{\text{طہ}}{\text{ن}}}{\frac{\text{طہ}}{\text{ن}}}\right)^{\text{ن}^۲}$ اور $\left(\frac{\text{جب } \frac{\text{طہ}}{\text{ن}}}{\frac{\text{طہ}}{\text{ن}}}\right)^{\text{ن}^{\text{ف}}}$

(ف ⟶ ۲) کی انتہائی قیمتیں علی الترتیب ۱ اور قو^۲ طہ^۲ کے درمیان، اور
ایک اور صفر کے درمیان واقع ہیں۔

زاویہ کی جیب اور جیب التمام کے لیے سلسلے
اس کے دائری ناپ کی قوتوں میں

۹۹ ـــــ چوتھے باب کے ضابطوں (۳۹)، (۴۰) میں ۱ کی بجائے ط لکھو

اور فرض کرو لا = ن ط تو

$$\text{جب لا} = \text{ن جم}^{\text{ن-۱}} \text{ط جب ط} - \frac{\text{ن(ن-۱)(ن-۲)}}{\text{۳}} \text{جم}^{\text{ن-۳}} \text{ط جب}^{\text{۳}} \text{ط} + \ldots$$

$$+(-۱)^{\text{ر}} \frac{\text{ن(ن-۱)} \ldots \text{(ن-۲ر)}}{\text{۲ر+۱}} \text{جم}^{\text{ن-۲ر-۱}} \text{ط جب}^{\text{۲ر+۱}} \text{ط} + \ldots$$

$$\text{جم لا} = \text{جم}^{\text{ن}} \text{ط} - \frac{\text{ن(ن-۱)}}{\text{۲}} \text{جم}^{\text{ن-۲}} \text{ط جب}^{\text{۲}} \text{ط} + \ldots$$

$$+(-۱)^{\text{س}} \frac{\text{ن(ن-۱)} \ldots \text{(ن-۲س+۱)}}{\text{۲س}} \text{جم}^{\text{ن-۲س}} \text{ط جب}^{\text{۲س}} \text{ط} + \ldots$$

(132) ان سلسلوں کو حسب ذیل شکلوں میں لکھا جا سکتا ہے:۔

$$\text{جب لا} = \text{لا جم}^{\text{ن-۱}} \text{ط} \left(\frac{\text{جب ط}}{\text{ط}}\right) - \frac{\text{لا(لا-ط)(لا-۲ط)}}{\text{۳}} \text{جم}^{\text{ن-۳}} \text{ط} \left(\frac{\text{جب ط}}{\text{ط}}\right)^{\text{۳}} + \ldots$$

$$+(-۱)^{\text{ر}} \frac{\text{لا(لا-ط)} \ldots \text{(لا-۲رط)}}{\text{۲ر+۱}} \text{جم}^{\text{ن-۲ر-۱}} \text{ط} \left(\frac{\text{جب ط}}{\text{ط}}\right)^{\text{۲ر+۱}} + \ldots$$

$$\text{جم لا} = \text{جم}^{\text{ن}} \text{ط} - \frac{\text{لا(لا-ط)}}{\text{۲}} \text{جم}^{\text{ن-۲}} \text{ط} \left(\frac{\text{جب ط}}{\text{ط}}\right)^{\text{۲}} + \ldots$$

$$+(-۱)^{\text{س}} \frac{\text{لا(لا-ط)} \ldots \text{(لا-۲س+۱ط)}}{\text{۲س}} \text{جم}^{\text{ن-۲س}} \text{ط} \left(\frac{\text{جب ط}}{\text{ط}}\right)^{\text{۲س}} + \ldots$$

ان میں سے ہر سلسلہ میں رقموں کی تعداد ن پر منحصر ہوتی ہے اور جیسے ن لا انتہا بڑھتا ہے رقموں کی تعداد لا انتہا بڑھتی ہے۔ پس اس غرض کے لیے کہ جملوں کی انتہایں حاصل ہوں جبکہ ن کو لا انتہا بڑھا دیا جائے یہ ضروری ہے کہ ان میں سے ہر سلسلہ کی بجائے ایک ایسا

سلسلہ رکھا جائے جس میں رقموں کی تعداد مستقل ہو اور ن کے ساتھ لا انتہا نہ بڑھے۔

جب لا کے لیے جو سلسلہ ہے اُس کی (ر + ۲) ویں رقم کو (ر + ۱) ویں رقم کے ساتھ جو نسبت ہے وہ ہے

$$-\frac{(\text{لا}-۲ر+۱ط)(\text{لا}-۲ر+۲ط)}{(۲ر+۲)(۲ر+۳)}\times\left(\frac{\text{مس}\,ط}{\text{ط}}\right)^{۲}\ ;$$

یہ عدد منفی ہے اور

$$\left\{\frac{\text{لا}^{۲}}{(۲ر+۲)(۲ر+۳)}+\left(\frac{\text{لا}}{\text{ن}}\right)^{۲}+\frac{\text{لا}^{۲}}{\text{ن}^{۲}}\times\frac{۱}{ر+۱}\right\}\left(\frac{\text{مس}\,ط}{\text{ط}}\right)^{۲}$$

سے عدداً کم ہے۔

اگر لا کی کوئی مستقل قیمت ہو تو $\left(\frac{\text{مس}\,ط}{\text{ط}}\right)^{۲}$ گھٹتا ہے جیسے ن بڑھتا ہے؛ ن اور ر کی قیمتیں ن، ر منتخب کی جا سکتی ہیں ایسی کہ جملہ بالا کی قیمتیں ن ≥ ن، اور ر ≥ ر، کے لیے ایک سے چھوٹی حاصل ہوں۔ پس لا کی اس مستقل قیمت کے لیے اور ن کی اُن تمام قیمتوں کے لیے جو ن سے بڑی یا اس کے مساوی ہیں جب لا کا سلسلہ ایسا ہے کہ ایک ثابت رقم (جس کا محل ن پر منحصر نہیں ہے) سے اور اس کے بعد ہر رقم اپنی ماقبل رقم سے عدداً چھوٹی ہے۔ اب چونکہ ایک ایسے سلسلہ کا مجموعہ جس کی ارقام بتبادلہ مثبت منفی ہوں اور ہر رقم اپنی ماقبل رقم سے عدداً چھوٹی ہو پہلی رقم سے چھوٹا ہوتا ہے اس لیے

$$\text{جب لا} = \text{لا}\,\text{جم}^{\text{ن}-۱}\,ط\left(\frac{\text{جب}\,ط}{\text{ط}}\right)-\frac{\text{لا}(\text{لا}-ط)\cdots(\text{لا}-۲ط)}{\lfloor ۳}\,\text{جم}^{\text{ن}-۳}\,ط\left(\frac{\text{جب}\,ط}{\text{ط}}\right)^{۳}$$

$$+\cdots+(-۱)^{\text{ر}}\,\text{صہ}\,\frac{\text{لا}(\text{لا}-ط)\cdots(\text{لا}-۲ر ط)}{\lfloor (۲ر+۱)}\,\text{جم}^{\text{ن}-۲ر-۱}\,ط\left(\frac{\text{جب}\,ط}{\text{ط}}\right)^{۲ر+۱}$$

جہاں $ط = \frac{\text{لا}}{\text{ن}}$ بشرطیکہ ن ≥ ن، ؛ ر، ن پر منحصر نہیں ہے اور صہ،

(185) صفر اور ۱ کے درمیان ایک عدد ہے۔ صحیح عدد ر کی کوئی قیمت ہو سکتی ہے جو ر سے کم نہ ہو۔

اسی طرح ہم ثابت کر سکتے ہیں کہ

$$\text{جم}^{\text{ن}}\ \text{لا} = \text{جم}^{\text{ن}}\ \text{ط} - \frac{\text{لا}(\text{لا}-\text{ط})}{\text{۲}!}\ \text{جم}^{\text{ن}-\text{۲}}\ \text{ط}\ \left(\frac{\text{جب ط}}{\text{ط}}\right)^{\text{۲}}$$

$$+ \frac{\text{لا}(\text{لا}-\text{ط})(\text{لا}-\text{۲ط})(\text{لا}-\text{۳ط})}{\text{۴}!}\ \text{جم}^{\text{ن}-\text{۴}}\ \text{ط}\ \left(\frac{\text{جب ط}}{\text{ط}}\right)^{\text{۴}} - \ldots\ldots$$

$$+ (-\text{۱})^{\text{س}}\ \text{صہ}\ \frac{\text{لا}(\text{لا}-\text{ط})\ldots\ldots(\text{لا}-\text{۲س}-\text{۱ط})}{(\text{۲س})!}\ \text{جم}^{\text{ن}-\text{۲س}}\ \text{ط}\ \left(\frac{\text{جب ط}}{\text{ط}}\right)^{\text{۲س}}$$

بشرطیکہ ن ے نَ ؛ س؛ ن پر منحصر نہیں ہے اور صہ، صفر اور ایک کے درمیان ایک عدد ہے۔

اب فرض کرو کہ ن لا انتہا بڑھا دیا گیا ہے تو جب لا اور جم لا کے لیے جو جملے ہیں ان کی انتہائیں ان تفاعلوں کو تعبیر کرنی چاہیں۔ اب چونکہ ہر سلسلہ میں رقموں کی تعداد مستقل ہے اور ن کے تابع نہیں اس لیے ہمیں صرف مختلف رقموں کی انتہاؤں کو جمع کرنا ہوگا تاکہ مجموعہ کی انتہا معلوم ہو سکے۔ $\left(\frac{\text{جب ط}}{\text{ط}}\right)^{\text{ک}}$ کی انتہا جبکہ ک ن پر منحصر نہیں ہے ایک ہے۔ نیز $\frac{\text{جم}^{\text{ن}}\ \text{ط کی انتہا}}{\text{جم}^{\text{ک}}\ \text{ط کی انتہا}} = \text{جم}^{\text{ن}-\text{ک}}\ \text{ط}$ کی انتہا

اور دفعہ ۹۷ میں یہ ثابت کیا گیا ہے کہ لوک جم$^{\text{ن}}$ ط = ۱، اور چونکہ لوک جم ط = ۱ اس لیے لوک جم$^{\text{ک}}$ ط = ۱ حاصل ہوتا ہے؛ اس لیے لوک جم$^{\text{ن}-\text{ک}}$ ط = ۱؛ اعداد صہ اور صہ، ن پر منحصر ہیں لیکن ن کی ہر قیمت کے لیے وہ صفر اور ایک کے درمیان ہیں اور اس لیے ان کی انتہائیں صہ اور صہ ایک سے تجاوز نہیں کر سکتیں۔ پس ہمیں حاصل ہوتا ہے

جب لا = لا − $\frac{\text{لا}^3}{\text{ل}3}$ + $\frac{\text{لا}^5}{\text{ل}5}$ − ... + (−۱)$^{\text{ر}}$ صہ $\frac{\text{لا}^{2\text{ر}+1}}{\text{ل}(2\text{ر}+1)}$ ،

جم لا = ۱ − $\frac{\text{لا}^2}{\text{ل}2}$ + $\frac{\text{لا}^4}{\text{ل}4}$ − .... + (−۱)$^{\text{س}}$ صہ $\frac{\text{لا}^{2\text{س}}}{\text{ل}2\text{س}}$

جہاں صہ اور صہ ثبت عدد ہیں جو ایک سے تجاوز نہیں کر سکتے ۔

یہ نتیجے درست رہتے ہیں لا کی ہر قیمت کے لیے اور ر اور س کی تمام قیمتوں کے لیے جو ثابت صحیح اعداد ہوں اور س سے بڑے یا ان کے مساوی ہوں ۔ پس یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ لا کی ہر قیمت کے لیے جب لا حسب ذیل مستدق سلسلہ سے تعبیر ہوتا ہے

لا − $\frac{\text{لا}^3}{\text{ل}3}$ + $\frac{\text{لا}^5}{\text{ل}5}$ − ... + (−۱)$^{\text{م}}$ $\frac{\text{لا}^{2\text{م}+1}}{\text{ل}(2\text{م}+1)}$ + ...

اور جم لا حسب ذیل مستدق سلسلہ سے تعبیر ہوتا ہے

۱ − $\frac{\text{لا}^2}{\text{ل}2}$ + $\frac{\text{لا}^4}{\text{ل}4}$ − ... + (−۱)$^{\text{م}}$ $\frac{\text{لا}^{2\text{م}}}{\text{ل}2\text{م}}$ + ...

کیونکہ پہلے سلسلہ کی رقموں کی ایک مقررہ تعداد کا مجموعہ، جب لا سے بقدر $\frac{\text{لا}^{2\text{ر}+1}}{\text{ل}(2\text{ر}+1)}$ سے زیادہ فرق نہیں رکھتا جو لا کی ہر قیمت کے لیے (184)

اتنا چھوٹا ہو سکتا ہے جتنا ہم چاہیں اگر ر کو کافی بڑا لیا جائے ۔

یہ واقعہ اس امر کے مشاہدہ کرنے سے واضح ہے کہ نسبت $\frac{\text{لا}^2}{2\text{ر}\,(2\text{ر}+1)}$

× $\frac{\text{لا}^{2\text{ر}+1}}{\text{ل}(2\text{ر}+1)}$: $\frac{\text{لا}^{2\text{ر}-1}}{\text{ل}(2\text{ر}-1)}$ ، لا کی کسی مقررہ قیمت کے لیے ر کو کافی بڑا لینے سے اتنی چھوٹی بنائی جا سکتی ہے جتنی ہم چاہیں ۔

اسی طرح کا استدلال جم لا کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

مثالیں

(۱) جم^{۳} لا کو لا کی قوتوں میں پھیلاؤ۔

جم^{۳} لا = $\frac{۱}{۴}$ (جم ۳ لا + ۳ جم لا)؛ اس لیے جم ۳ لا، جم لا کو لا کی قوتوں میں پھیلانے سے ہمیں جم^{۳} لا کے پھیلاؤ میں عام رقم حاصل ہوتی ہے

$$\frac{(-۱)^{ن} \; ۳^{۲ن} + ۳}{۴ \; \lfloor ۲ن} \; لا^{۲ن}$$

یہ معلوم ہوگا کہ جم لا یا جب لا کی کسی صحیح عددی قوت کو یا ایسی قوتوں کے حاصل ضرب کو لا کی قوتوں میں پھیلایا جا سکتا ہے اگر ہم اس جملہ کو لا کے ضعفوں کی جیوب یا جیوب التمام کی رقوم میں بیان کریں۔

(۲) مس لا کو لا کی قوتوں میں اُس رقم تک پھیلاؤ جس میں لا^{۱۰} شامل ہے۔

مس لا = جب لا ÷ جم لا

$$= \{لا - \frac{لا^{۳}}{۶} + \frac{لا^{۵}}{۱۲۰} - \frac{لا^{۷}}{۵۰۴۰}\} \{۱ + \frac{لا^{۲}}{۲} + \frac{لا^{۴}}{۲۴} + \frac{لا^{۶}}{۷۲۰}\}$$

لا^{۱۰} سے اعلیٰ رتبہ کی رقموں کو خارج کر دینے سے۔ دوسرے جزو ضربی کو پھیلانے سے حاصل ہوتا ہے

$$\text{مس لا} = \{لا - \frac{لا^{۳}}{۶} + \frac{لا^{۵}}{۱۲۰} - \frac{لا^{۷}}{۵۰۴۰}\} \{۱ + (\frac{لا^{۲}}{۲} - \frac{لا^{۴}}{۲۴} + \frac{لا^{۶}}{۷۲۰}) + (\frac{لا^{۲}}{۲} - \frac{لا^{۴}}{۲۴})^{۲} + (\frac{لا^{۲}}{۲})^{۳}\}$$

ضرب دینے اور لا^{۱۰} تک کی رقموں کے سروں کو اکٹھا کرنے سے

$$\text{مس لا} = لا + \frac{۱}{۳} لا^{۳} + \frac{۲}{۱۵} لا^{۵} + \frac{۱۷}{۳۱۵} لا^{۷}$$

(۳) $\frac{\text{جب (مس لا) - مس (جب لا)}}{\text{لا}^{۷}}$ کی انتہا معلوم کرو جبکہ لا = ۰

اس جملہ کا شمار کنندہ جبکہ مثال ماسبق کا پھیلاؤ استعمال کیا جائے

= مس لا - $\frac{۱}{۶}$ مس^{۳} لا + $\frac{۱}{۱۲۰}$ مس^{۵} لا - $\frac{۱}{۵۰۴۰}$ مس^{۷} لا - جب لا - $\frac{۱}{۳}$ جب^{۳} لا

- $\frac{۲}{۱۵}$ جب^{۵} لا - $\frac{۱۷}{۳۱۵}$ جب^{۷} لا

اور یہ، لا^{۷} سے اعلیٰ رتبہ کی رقموں کو خارج کر دینے سے،

= (لا + $\frac{۱}{۳}$ لا^{۳} + $\frac{۲}{۱۵}$ لا^{۵} + $\frac{۱۷}{۳۱۵}$ لا^{۷}) - $\frac{۱}{۶}$ لا^{۳} (۱ + لا^{۲} + $\frac{۱۱}{۱۵}$ لا^{۴}) + $\frac{۱}{۱۲۰}$ لا^{۵} (۱ + $\frac{۵}{۳}$ لا^{۲})

- $\frac{۱}{۵۰۴۰}$ لا^{۷} - (لا - $\frac{۱}{۶}$ لا^{۳} + $\frac{۱}{۱۲۰}$ لا^{۵} - $\frac{۱}{۵۰۴۰}$ لا^{۷}) - $\frac{۱}{۳}$ لا^{۳} (۱ - $\frac{۱}{۲}$ لا^{۲} + $\frac{۱}{۴۰}$ لا^{۴} + $\frac{۱}{۱۲}$ لا^{۴})

- $\frac{۲}{۱۵}$ (۱ - $\frac{۵}{۶}$ لا^{۲}) - $\frac{۱۷}{۳۱۵}$ لا^{۷}

یہ جملہ - $\frac{۱}{۴۰}$ لا^{۷} میں تحویل ہو جاتا ہے - اس لیے دیے ہوئے جملہ کی انتہا - $\frac{۱}{۴۰}$ ہے۔

(135) مثلثی اور جبری متماثلات کے درمیان ایک رشتہ

۱۰۰ ——— کسی مثلثی متماثلہ سے جس میں زاویے حرفوں کے متجانس تفاعل ہوں جبری متماثلات کا ایک سلسلہ اخذ کیا جا سکتا ہے اس طور پر کہ دائری تفاعلوں کو زاویوں کے دائری ناپ کی قوتوں میں پھیلایا جائے اور ایک ہی رتبہ کی رقموں کو مساوی رکھا جائے۔ مثلاً ضابطہ جب ا جب ب = $\frac{۱}{۲}$ {جم (ا - ب) - جم (ا + ب)} میں جیوب اور جیوب التمام میں سے ہر ایک کو پھیلاؤ اور دوسرے رتبہ کی رقموں کو مساوی رکھو تو

$$\text{ا ب} = \frac{۱}{۴} \{(\text{ا} + \text{ب})^{۲} - (\text{ا} - \text{ب})^{۲}\}$$

چوتھے باب کے دفعات ۴۴ اور ۴۷ میں ہم نے متعدد مثالیں متماثل مثلثی اور جبری متماثلات کی دی ہیں، ہر صورت میں مثلثی متماثلہ سے جبری متماثلہ حاصل ہوتی ہے اگر متذکرہ بالا طریقہ کو کام میں لایا جائے۔ مثلاً دفعہ ۴۷ کی مثال (۱۱) پر غور کرو، اس کو لکھا جا سکتا ہے

$$\Sigma \text{جب}^2 ا \text{ جب } (ب+ج-ا) - ۲ \text{ جب } ا \text{ جب } ب \text{ جب } ج$$

$$= \text{جب } (ب+ج-ا) \text{ جب } (ج+ا-ب) \text{ جب } (ا+ب-ج)$$

اگر ہم جیوب کو پھیلانے کے بعد تیسرے رتبہ کی رقموں کو مساوی رکھیں تو ہمیں حسب ذیل متماثل جبری متماثلہ مساوات حاصل ہوتی ہے

$$\Sigma ا^2 (ب+ج-ا) - ۲ ا ب ج = (ب+ج-ا)(ج+ا-ب)(ا+ب-ج)$$

آٹھویں باب پر مثالیں

۱۔ ہندسی طور پر ثابت کرو کہ

$$\text{مس } ط \geqslant ۲ \text{ مس } \frac{۱}{۲} ط \text{، جہاں } ط < \frac{۱}{۲} \pi$$

۲۔ مس ۳ ط مم ۳ ط کی قیمت میں جو تبدیلیاں ہوتی ہیں جبکہ ط صفر سے $\frac{۱}{۲}$ ۱۶ تک بڑھتا ہے ان کو مرتسم کرو۔

ثابت کرو کہ اس جملہ کی اقل قیمت ۱۷ − ۱۲ √۲ ہے اور اعظم قیمت ۱۷ + ۱۲ √۲ ہے

۳۔ ثابت کرو کہ مس ۳ ط مم ط، ۳ اور $\frac{۱}{۳}$ کے درمیان واقع نہیں ہو سکتا۔

۴۔ ثابت کرو کہ $ط > \frac{۳ \text{ جب } ط}{۲ + \text{مم } ط}$، جہاں $ط < \frac{۱}{۲} \pi$

۵۔ ثابت کرو کہ ۳ مس ۵ ط > ۵ مس ۳ ط، اگر ط، صفر اور $\frac{\pi}{۱۰}$ کے درمیان واقع ہو۔

۶۔ ثابت کرو کہ $\frac{۱}{\text{جب}^2 ط} - \frac{۱}{ط^2}$ کی انتہائی قیمت (جبکہ ط = ۰) $\frac{۱}{۳}$ ہے۔

(136) ۷ ۔ ثابت کرو کہ جب (جم ط) < جم (جب ط)، ط کی تمام قیمتوں کے لیے۔

۸ ۔ ثابت کرو کہ لامتناہی حاصل ضرب

$$(۱ - \text{مس}^۲ \frac{\text{ط}}{۲})(۱ - \text{مس}^۲ \frac{\text{ط}}{۲^۲})(۱ - \text{مس}^۲ \frac{\text{ط}}{۲^۳}) \ldots\ldots$$

کی انتہائی قیمت $\frac{\text{ط}}{\text{مس ط}}$ ہے۔

۹ ۔ اگر $\frac{\text{جب (ط - فہ)}}{\text{جب فہ}} = ۱ + \text{ن}$ اور ن بہت چھوٹا ہو تو ثابت کرو کہ

$$\text{جب فہ} = (۱ - \frac{۱}{۲}\text{ن})\ \text{جب}\ \frac{۱}{۲}\text{ط}، \text{تقریباً}$$

۱۰ ۔ $\frac{\text{جب (ط جم ط)}}{\text{جم (ط جب ط)}}$ کی انتہائی قیمت معلوم کرو جبکہ ط = $\frac{۱}{۲}$ π

۱۱ ۔ $\frac{\text{مس ۲ ط - ۲ مس ط}}{\text{ط}^۳}$ کی انتہائی قیمت معلوم کرو جبکہ ط = ۰

۱۲ ۔ ثابت کرو کہ

$$\left(\frac{\text{مم ط}}{\sqrt{۲ - ۲\ \text{جب ط}}}\right)^۲ \text{مس}^۲ (\frac{۱}{۴}\ \text{π} + \frac{۱}{۲}\text{ط})$$

کی انتہائی قیمت $\frac{۳}{۲}$ ہے جبکہ ط = $\frac{۱}{۲}$ π

۱۳ ۔ ثابت کرو کہ

$$(\frac{\text{جب لا}}{\text{لا}})^۲ = ۱ - \text{جب}^۲ \frac{\text{لا}}{۲} - \text{جم}^۲ \frac{\text{لا}}{۲}\ \text{جب}^۲ \frac{\text{لا}}{۴} - \text{جم}^۲ \frac{\text{لا}}{۲}\ \text{جم}^۲ \frac{\text{لا}}{۴}\ \text{جب}^۲ \frac{\text{لا}}{۸} - \ldots$$

۱۴ ۔ اگر مساوات

$$\text{مس ط} = \frac{۱}{\text{مم ع}_۱ + \text{مم ع}_۲} + \frac{۱}{\text{مم ع}_۳ + \text{مم ع}_۴}$$

میں ع$_۱$، ع$_۲$، ع$_۳$، ع$_۴$ سب زاویے تقریباً مساوی ہوں تو ثابت کرو کہ ط

$$= \frac{۱}{۴}(\text{ع}_۱ + \text{ع}_۲ + \text{ع}_۳ + \text{ع}_۴)$$

کے تقریباً مساوی ہے۔

۱۵۔ سلسلہ ذیل جمع کرو۔

جم $\frac{ط}{۲}$ + ۲ جم $\frac{ط}{۲}$ جم $\frac{ط}{۲^۲}$ + $۲^۲$ جم $\frac{ط}{۲}$ جم $\frac{ط}{۲^۲}$ جم $\frac{ط}{۲^۳}$ + ... ن رقموں تک

۱۶۔ ثابت کرو کہ سلسلہ

مس $\frac{لا}{۲}$ قط لا + مس $\frac{لا}{۲^۲}$ قط $\frac{لا}{۲}$ + مس $\frac{لا}{۲^۳}$ قط $\frac{لا}{۲^۲}$ + ... ∞ تک

کا حاصل جمع مس لا ہے۔

۱۷۔ ثابت کرو کہ

ط۔جب ط جم ط = ۲ جب ط جب^۲ $\frac{ط}{۲}$ + $۲^۲$ جب $\frac{ط}{۲}$ جب^۲ $\frac{ط}{۲^۲}$

+ $۲^۳$ جب $\frac{ط}{۲^۲}$ جب $\frac{ط}{۲^۳}$ + ... ∞ تک

۱۸۔ ثابت کرو کہ مس ط = $\frac{۲}{\text{مم } \frac{ط}{۲}} - \frac{۲}{\text{مم } \frac{ط}{۴}} - \frac{۲}{\text{مم } \frac{ط}{۸}} - \cdots$

۱۹۔ اگر ط < ۱۲ تو ثابت کرو کہ

۲ [جب $\frac{ط}{۲}$ + جب $\frac{ط}{۲^۲}$ + ... + جب $\frac{ط}{۲^ن}$] [جم $\frac{ط}{۲}$ + جم $\frac{ط}{۲^۲}$ + ... + جم $\frac{ط}{۲^ن}$]

< [جب ط × جب $\frac{ط}{۲}$ .... × جب $\frac{ط}{۲^{ن-۱}}$] $^{\frac{۱}{ن}}$

(137) ۲۰۔ اگر ا اور ب مثبت مقداریں ہوں اور اگر $ا_۱ = \frac{۱}{۲}$ (ا + ب)، $ب_۱ = (ا_۱ ب)^{\frac{۱}{۲}}$

$ا_۲ = \frac{۱}{۲}$ ($ا_۱$ + $ب_۱$)، $ب_۲ = (ا_۲ ب_۱)^{\frac{۱}{۲}}$ اور علیٰ ہذا تو ثابت کرو کہ

$$ا_ن = ب_ن = \frac{(ب^۲ - ا^۲)^{\frac{۱}{۲}}}{\text{جم}^{-۱} \frac{ا}{ب}}$$

بتاؤ کہ کس طرح π کی قیمت اس ضابطہ کے ذریعہ محسوب کی جا سکتی ہے۔

۲۱۔ لامتناہی حاصل ضرب

$(\text{جب } ط \text{ جم } \frac{1}{2} ط)^{\frac{1}{2}} (\text{جب } \frac{1}{2} ط \text{ جم } \frac{1}{4} ط)^{\frac{1}{4}} (\text{جب } \frac{1}{4} ط \text{ جم } \frac{1}{8} ط)^{\frac{1}{8}} \ldots$

کی انتہائی قیمت معلوم کرو۔

۲۲۔ اگر مس $ط = 4$ ط تو ط کی قیمت صفر اور $\frac{1}{2}\pi$ کے درمیان یہ ہوگی

$$\frac{\pi}{2} - \left(\frac{1}{\pi^2} + \frac{11}{3\pi^{22}} + \frac{4703}{5\pi^{480}} + \ldots\right)$$

۲۳۔ ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{جب } ط}{1 + 2 \text{ جم } ط} = \sum_{ن=1}^{\infty} \left\{ \frac{\text{جب } \frac{ط}{2^ن}}{2 \text{ جم } \frac{ط}{2^ن} - 1} \times \frac{1}{2^ن} \right\}$$

۲۴۔ ثابت کرو کہ

$$\frac{2 \text{ جم } 2^ن ط + 1}{2 \text{ جم } ط + 1} = (2 \text{ جم } ط - 1)(2 \text{ جم } 2ط - 1) \ldots (2 \text{ جم } 2^{ن-1} ط - 1)$$

۲۵۔ ن رقموں تک جمع کرو سلسلہ

$$\frac{1}{2} \text{ لوک مس } 2ط + \frac{1}{2^2} \text{ لوک مس } 2^2 ط + \frac{1}{2^3} \text{ لوک مس } 2^3 ط + \ldots$$

۲۶۔ اگر یہ دیا جائے کہ $\frac{ط^ن \text{ جب}^ن ط}{ط^ن - \text{جب}^ن ط}$ کی انتہائی قیمت جبکہ ط = ۰، نہ صفر ہے نہ لامتناہی تو ن معلوم کرو۔

۲۷۔ $\frac{1 - \text{جم } 2لا + \text{جم } 4لا - \text{جم } 6لا + \text{جم } 8لا - \text{جم } 10لا - \text{جم } 14لا + \text{جم } 16لا}{3 - 4 \text{ جم } 2لا + \text{جم } 4لا}$

کی انتہائی قیمت معلوم کرو جبکہ لا = ۰۔

۲۸ ۔ ثابت کرو کہ اُس لاتناہی سلسلہ کا مجموعہ جس کی رویں رقم

$$(-1)^{ر-1} \frac{ر}{۲ر-۱} \times \frac{۱}{\lfloor ۲ر-۲}$$

ہے $\frac{۱}{\sqrt{۲}}$ جب $(\frac{۱}{۴}\pi + ۱)$ ہے ۔

۲۹ ۔ اگر صہ بہت چھوٹا ہو اور فہ = ط ۔ ۲ صہ جب ط + $\frac{۳}{۴}$ صہ^۲ جب ۲ ط تو ثابت کرو کہ
ط = فہ + ۲ صہ جب فہ + $\frac{۵}{۴}$ صہ^۲ جب ۲ فہ، تقریباً

۳۰ ۔ اگر ما = ی + ک جب (ی + ک عہ) تو ی کو چھوٹی مقدار ک کی قوتوں میں اُس رقم تک پھیلاؤ جس میں کا شامل ہے ۔

۳۱ ۔ مثلثی متماثلہ

جب (د-ب) جب (ا-ج) + جب (ب-ج) جب (ا-د) + جب (ج-د) جب (ا-ب) = ۰
سے جبری متماثلہ

$$(د-ب)(ا-ج)\{(د-ب)^۲ + (ا-ج)^۲\} + (ب-ج)(ا-د)\{(ب-ج)^۲ + (ا-د)^۲\}$$
$$+ (ج-د)(ا-ب)\{(ج-د)^۲ + (ا-ب)^۲\} = ۰$$

اخذ کرو ۔

(138) ۳۲ ۔ ثابت کرو کہ فہ، $\frac{۳ \text{ جب } ۲ \text{ فہ}}{۲(۲ + \text{جم } ۲ \text{ فہ})}$ سے تقریباً $\frac{۴}{۴۵}$ فہ^۵ کا فرق رکھتا ہے جہاں
فہ ایک چھوٹا زاویہ ہے ۔

۳۳ ۔ اُس چھوٹے سے چھوٹے زاویہ کا دائری ناپ اعشاریہ کے ۵ مقامات تک معلوم کرو جو مساوات

$$\text{جب } (لا + \frac{۱}{۶}\pi) = ۱۰ \text{ جب لا}$$

کو پورا کرتا ہے ۔

۳۴ ۔ مساوات (جب ط)$^{\text{جم ط}}$ = ب کو تقریبی طور پر حل کرو جہاں ب مثبت ہے

اور بڑا نہیں ہے اور یہ معلوم ہے کہ ط، عہ کے تقریباً مساوی ہے اور عہ خود بہت چھوٹا نہیں ہے۔

۳۵ - ثابت کرو کہ ط کی صرف ایک مثبت قیمت ہے ایسی کہ ط = ۲ جب ط، اس کی قیمت اعشاریہ کے دو مقامات تک لوکارتمی جدول کے ذریعہ معلوم کرو۔

۳۶ - رشتہ (جب^۱ لا = ب جب^۱ ما میں جہاں ا اور ب، ایک دوسرے کے لحاظ سے مفرد، صحیح عدد ہیں ثابت کرو کہ لا کی ہر قیمت کے جواب میں ما کی ۲ ب قیمتیں ہیں سوائے اُس صورت کے جبکہ ا اور ب دونوں طاق ہوں اور اس صورت میں ما کی ب قیمتیں ہیں۔

۳۷ - یہ مانکر کہ اگر عہ وہ حادہ زاویہ ہو جس کی جیب $\frac{\sqrt{۳}}{۴}$ ہے جب، عہ کو $\frac{\sqrt{۳}}{۲۵۶}$ ہونا چاہیئے ثابت کرو کہ جم عہ - جم $\frac{۲۲}{۷}$ کا اضافہ $\frac{۳}{۱۰۲۷}$ پر ۵ ..... سے کم ہے۔

نواں باب

مثلثی جدولیں

(139)

۱۰۱ ــــــــ علم مثلث کے ضابطوں کو مثلثوں کے حل میں اور عددی اعمال میں عملاً مفید ہونے کیلیے یہ ضروری ہے کہ ہمارے پاس عددی جدولیں موجود ہوں جن میں زاویوں کے دائری تفاعل درج ہوں، چنانچہ ان جدولوں سے ہم ایک دیے ہوئے زاویے کے متناظر دائری تفاعلوں کی قیمتیں کافی صحت کے ساتھ معلوم کرسکیں اور (بالعکس) وہ زاویہ معلوم کرسکیں جو تفاعل کی ایک دی ہوئی قیمت کے متناظر ہو۔ ایسی جدولیں دو قسم کی ہوتی ہیں، (۱) طبعی[1] جیوب، جیوب التمام، مماسوں، وغیرہ کی جدولیں جن میں زاویوں کی جیوب، جیوب التمام، مماسوں وغیرہ کی عددی قیمتیں اعشاریہ کے چند مقامات تک درج شدہ ہوتی ہیں، اور (۲) لوکارتمی جیوب، جیوب التمام، مماسوں وغیرہ کی جدولیں جن میں اساس ۱۰ پر ان تفاعلوں کے لوکارتم اعشاریہ کے چند مقامات تک درج شدہ ہوتے ہیں۔

---

[1] ۔ لوکارتموں کو پہلے "مصنوعی اعداد" کہا جاتا تھا اور اس لیے معمولی اعداد طبعی اعداد کہلاتے تھے۔

موخرالذکر جدولیں اکثر عملی مقاصد کے لیے استعمال ہوتی ہیں، اس قسم کی تقریباً تمام جدولوں میں تمام لوکارتموں کو بقدر ۱۰ کے بڑھا دیا جاتا ہے اور اس طرح منفی لوکارتموں کے استعمال سے اجتناب کیا جاتا ہے۔ اس طریقہ پر اضافہ شدہ لوکارتموں کو جدولی لوکارتم کہتے ہیں اور ان کو لکھا جاتا ہے یوں ل جب ۳۰°، اِس لیے

ل جب ۳۰° = ۱۰ + لوک جب ۳۰°

طبعی دائری تفاعلوں کی جدولیں محسوب کرنا

۱۰۲ ـــــ ہم اول یہ بتائینگے کہ طبعی دائری تفاعلوں کی جدولیں کس طرح محسوب کی جاتی ہیں جن سے اِن تفاعلوں کی قیمتیں، صفر سے ۹۰° تک آیا ۰° کے وقفوں سے تمام زاویوں کے لیے، اعشاریہ کے چند خاص مقررہ مقامات تک صحیح طور پر معلوم ہونگی۔ ہم پہلے آ اور ۰° کی جیب اور جیب التمام محسوب کریں گے۔

(140) (۱) جب آ، جم آ معلوم کرنا۔

فرض کرو $ط = \frac{\pi}{۱۸۰ \times ۶۰}$، آ کے دائری ناپ کو تعبیر کرتا ہے، تب

$ط = \frac{۳٫۱۴۱۵۹۲۶۵۳۵۸۹۷۹۳}{۱۰۸۰۰} = ۰٫۰۰۲۹۰۸۸۸۲۰۸۶۶۵$

اعشاریہ کے ۱۵ مقامات تک، اس لیے

$\frac{۱}{۶} ط^۳ = \frac{۱}{۶} (۰٫۰۰۲۹۰۸۸۸۲۰۸۶۶۵)^۳ = ۴ \ldots\ldots\ldots\ldots ۰٫$

اعشاریہ کے ۱۲ مقامات تک۔

اب دفعہ ۹۵ کے مسئلہ کی رُو سے جب آ، ط اور ط − $\frac{۱}{۶}$ ط^۳ کے

درمیان واقع ہوتا ہے اور یہ دو عدد صرف اعشاریہ کے بارہویں مقام میں ایک دوسرے سے فرق رکھتے ہیں، اس لیے اعشاریہ کے ۱۱ مقامات تک جب اَ کی صحیح قیمت ہے

۰٫۰۰۰ ۲۹۰۸۸۸۲۰

نیز ہمیں حاصل ہوتا ہے ۱ - $\frac{1}{2}$ طہ^{2} = ۰٫۹۹۹۹۹۹۹۵ ۷۶۹ ۲۰۲۵۰۲۹

اعشاریہ کے ۱۸ مقامات تک۔ اور

$\frac{1}{24}$ طہ^{4} = $\frac{1}{24}$ (۰٫۰۰۰ ۲۹)^{2} = ۰٫۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۲۹

اعشاریہ کے ۱۷ مقامات تک۔

اب جم اَ، ۱ - $\frac{1}{2}$ طہ^{2} اور ۱ - $\frac{1}{2}$ طہ^{2} + $\frac{1}{24}$ طہ^{4} کے درمیان واقع ہے، اور چونکہ یہ دو عدد صرف اعشاریہ کے ۱۶ ویں مقام میں ایک دوسرے سے فرق رکھتے ہیں اس لیے اعشاریہ کے ۱۵ مقامات تک

جم اَ = ۰٫۹۹۹۹۹۹۹۵ ۷۶۹ ۲۰۲۵

(۲) جب ۰ اً، جم ۰ اً معلوم کرنا۔

اگر طہ = $\frac{\pi}{۶۴۸۰۰}$، جو ۰ اً کا دائری ناپ ہے

تو طہ = ۰٫۰۰۰ ۴۸۴۸ ۱۳۶۸ ۱۱۰ اعشاریہ کے ۵ مقامات تک

$\frac{1}{6}$ طہ^{3} = ۰٫۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۲۱، اعشاریہ کے ۵ مقامات تک

اس لیے طہ اور طہ - $\frac{1}{6}$ طہ^{3} یہ دو عدد ۱۲ ویں مقام تک ایک دوسرے کے مماثل ہیں۔

اس لیے جب ۰ اً = ۰٫۰۰۰ ۴۸۴۸ ۱۳۶۸ ۱۱۰، اعشاریہ کے ۱۲ مقامات تک

نیز $\frac{1}{24}$ طہ^{4} اعشاریہ کے ۱۷ مقامات تک صفر ہے، اس لیے جم ۰ اً = ۱ - $\frac{1}{2}$ طہ^{2} یا

جم ۰ اً = ۰٫۹۹۹۹۹۹۹۹ ۹۸۸۲ ۴۸۰، اعشاریہ کے ۱۳ مقامات تک

۱۰۳ ـــــــ ضابطوں

جب ن ا = ۲ جم ا جب (ن - ۱) ا - جب (ن - ۲) ا،

جم ن ا = ۲ جم ا جم (ن - ۱) ا - جم (ن - ۲) ا،

کی مدد سے ہم آ یا ۰ آ کے ضعفوں کی جیوب اور جیوب التمام محسوب کر سکتے ہیں۔ فرض کرو ا = ۰ آ، ۲ جم ۰ آ = ۲ - ک جہاں ک = ۲۳۵۰۴.....، تو یہ ضابطے لکھے جا سکتے ہیں۔

جب ن ا جب (ن-۱) ا = {جب (ن-۱) ا - جب (ن-۲) ا} - ک جب (ن-۱) ا

جم ن ا - جم (ن-۱) ا = {جم (ن-۱) ا - جم (ن-۲) ا} - ک جم (ن-۱) ا؛

(141) اگر ان ضابطوں میں ہم رکھیں ن = ۲ تو ہم جب ۰ آ اور جم ۰ آ محسوب کر سکتے ہیں۔ اب ن = ۳، ۴، ۵، ... فرض کرنے سے فرقوں جب ن ا جب (ن-۱) ا، جم ن ا - جم (ن-۱) ا کو محسوب کیا جا سکتا ہے اگر ان سے پہلے کے فروق جم (ن-۱) ا - جم (ن-۲) ا، جب (ن-۱) ا - جب (ن-۲) ا اور نیز جب (ن-۱) ا اور جم (ن-۱) ا معلوم کر لیے گئے ہوں؛ پس یہ فرق ضابطوں کے مسلسل استعمال سے معلوم کیے جا سکتے ہیں؛ پھر ہم جب ن ا، جم ن ا معلوم کر سکتے ہیں اور اس طرح ۰ آ کے وقفوں سے زاویوں کی جیوب اور جیوب التمام کی ایک جدول بنا سکتے ہیں۔ چونکہ ک = ۴ ۵ ۲۳.....،

اس لیے ک جب (ن-۱) ا، ک جم (ن-۱) ا کو محسوب کرنے میں ہمیں جب (ن-۱) ا، جم (ن-۱) ا کی قیمت کے صرف پہلے چند ہندسوں کو استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔

۴ ۱۰ — جب ضابطوں کے متواتر استعمال سے جب ن ا، جم ن ا حسب قاعدہ بالا محسوب کر لیے جاتے ہیں تو جب ا، جم ا کی تقریبی قیمتوں کے استعمال سے جو خطائیں پیدا ہوتی ہیں وہ اس عمل میں اکٹھی ہو جائینگی؛ اس لیے یہ غور کرنا ضروری ہے کہ اس عمل میں اعشاریہ کے کتنے مقامات استعمال کیے جائیں کہ جب ا، جم ا کی اختیار کردہ قیمتوں سے (جو اعشاریہ کے چند مقامات تک صحیح ہیں) ہمیں جب ن ا، جم ن ا کی قیمتیں اعشاریہ کے مقامات کی ایک مقررہ تعداد تک صحیح معلوم ہو سکیں۔

فرض کرو کہ جب ا، جم ا اعشاریہ کے م مقامات تک محسوب کیے گئے ہیں

اور فرض کرو کہ ا کے متواتر ضعفوں کی جیوب اور جیوب التمام کے محسوب کرنے میں اعشاریہ کے مقامات کی تعداد ر رکھی گئی ہے؛ فرض کرو کہ جب ن ا یا جم ن ا کی قیمت جو اس عمل سے حاصل ہوتی ہے عن ہے، اور اس کے جواب میں صحیح قیمت عن + لان ہے، تب

تب $\text{ع}_{\text{ن}} + \text{لا}_{\text{ن}} = (۲ - \text{ک})(\text{ع}_{\text{ن}-۱} + \text{لا}_{\text{ن}-۱}) - (\text{ع}_{\text{ن}-۲} + \text{لا}_{\text{ن}-۲})$

نیز $\text{ع}_{\text{ن}} = (۲ - \text{ک})\,\text{ع}_{\text{ن}-۱} - \text{ع}_{\text{ن}-۲}$،

جہاں ک، اعشاریہ کے ر مقامات تک ک کی تقریبی قیمت ہے۔ فرض کرو

$(\text{ک} - \text{ک})\,\text{ع}_{\text{ن}-۱} = \text{ما}_{\text{ن}}$ تو

$$\text{ع}_{\text{ن}} = (۲ - \text{ک})\,\text{ع}_{\text{ن}-۱} - \text{ع}_{\text{ن}-۲} + \text{ما}_{\text{ن}}$$

اِس لیے $\text{لا}_{\text{ن}} = (۲ - \text{ک})\,\text{لا}_{\text{ن}-۱} - \text{لا}_{\text{ن}-۲} - \text{ما}_{\text{ن}}$

یا $\text{لا}_{\text{ن}} = ۲\,\text{لا}_{\text{ن}-۱} - \text{لا}_{\text{ن}-۲} - \text{ی}_{\text{ن}}$، جہاں $\text{ی}_{\text{ن}} = \text{ما}_{\text{ن}} + \text{ک}\,\text{لا}_{\text{ن}-۱}$

اس کو لکھا جا سکتا ہے $(\text{لا}_{\text{ن}} - \text{لا}_{\text{ن}-۱}) = (\text{لا}_{\text{ن}-۱} - \text{لا}_{\text{ن}-۲}) - \text{ی}_{\text{ن}}$

پس اسی طرح $(\text{لا}_{\text{ن}-۱} - \text{لا}_{\text{ن}-۲}) = (\text{لا}_{\text{ن}-۲} - \text{لا}_{\text{ن}-۳}) - \text{ی}_{\text{ن}-۱}$

. . . . . .

$$\text{لا}_{۲} - \text{لا}_{۱} = \text{لا}_{۱} - \text{ی}_{۲}$$

اس لیے $\text{لا}_{\text{ن}} - \text{لا}_{\text{ن}-۱} = \text{لا}_{۱} - (\text{ی}_{۲} + \text{ی}_{۳} + \ldots + \text{ی}_{\text{ن}})$؛

عدد ک $\text{لا}_{\text{ن}-۱}$، بمقابلہ $۲\,\text{لا}_{\text{ن}-۱}$ کے بہت چھوٹا ہے؛ اس لیے $\text{ما}_{\text{ن}} + \text{ک}\,\text{لا}_{\text{ن}-۱}$، $\text{ما}_{\text{ن}}$ سے ناقابلِ قدر فرق رکھتا ہے؛ پس عددوں $\text{ی}_{۲}$، $\text{ی}_{۳}$، ...، $\text{ی}_{\text{ن}}$ میں سے ہر ایک، $\frac{۱}{۱۰^{\text{ر}}}$ سے کم ہے اور اس لیے اِن کا حسابی اوسط طن، $\frac{۱}{۱۰^{\text{ر}}}$ سے کم ہے، اس لیے

$$ل_ن - ل_{ن-۱} = ل_۱ - (ن-۱)\, ط_ن ،$$

$$ل_{ن-۱} - ل_{ن-۲} = ل_۱ - (ن-۲)\, ط_{ن-۱} ،$$

$$\cdots\cdots\cdots\cdots$$

$$ل_۲ - ل_۱ = ل_۱ - ط_۲$$

یا $$ل_ن = ن\, ل_۱ - (ط_۲ + ۲ ط_۳ + \cdots + \overline{ن-۱}\, ط_ن) ؛$$

(142) اب چونکہ $ط_۲$، $ط_۳$، ...، $ط_ن$ میں سے ہر ایک $\frac{۱}{۱۰^ر}$ سے کم ہے اس لیے

$$-(ط_۲ + ۲ ط_۳ + \cdots) < \frac{\frac{۱}{۲} ن (ن-۱)}{۱۰^ر}$$

یعنی $$ل_ن < \frac{ن}{۱۰^م} + \frac{ن(ن-۱)}{۲ \times ۱۰^ر}$$

پس بداہتہ $$ل_ن < \frac{ن}{۱۰^م} + \frac{ن^۲}{۲ \times ۱۰^ر} \cdots\cdots\cdots (ع)$$

اگر اس ضابطہ میں رکھیں $م = ۱۲$، $ن = ۱۰۸۰۰$ تو

$$ل_ن < \frac{۱۰۸}{۱۰^{۱۰}} + \frac{۵۸۳۲}{۱۰^{ر-۴}}$$

$$< ۰.۰۰۰۰۰۰۰۱۰۸ + ۰.۰۰ \cdots\cdots ۵۸۳۲ ،$$

جہاں آخری عدد اعشاریہ میں $(ر-۸)$ صفر ہیں؛ اس لیے اگر $ر = ۱۵$ تو $ل_ن <$ ۰.۰۰۰۰۰۰۲ یعنی $ل_ن$ اعشاریہ کے سات مقامات تک صحیح ہے۔ اب $۱۰۸۰۰ \times ۱۰'' = ۳۰^\circ$، اس لیے ۳۰° کی جیب یا جیب التمام اعشاریہ کے سات مقامات تک صحیح معلوم ہوگی۔ اگر ہم $۱۰''$ کے ضعفوں کے ذریعے ۳۰° تک کی جیوب یا جیوب التمام کے محسوب کرنے میں شروع سے آخر تک اعشاریہ کے ۱۵ مقامات لکھیں۔ ضابطہ (ع) ایسی سب صورتوں میں عدد ر کو متعین کرنے کے لیے استعمال ہو سکتا ہے تاکہ $ل_ن$ اعشاریہ کے مقامات کی ایک خاص تعداد تک صفر ہو سکے[1]

[1] اس دفعہ کا مکمل مواد سیرٹ (Serret) کی ٹرگنومیٹری سے لیا گیا ہے۔

مثال

ثابت کرو کہ ۰°۱ کے ضعفوں کے ذریعے ۵°۴ تک کی جیوب اور جیوب التمام کو اعشاریہ کے ۸ صحیح مقامات تک محسوب کرنے کے لیے جب کہ جم ۰°۱، جب ۰°۱ کی قیمتیں اعشاریہ کے ۱۲ مقامات تک معلوم ہیں یہ ضروری ہے کہ شروع سے آخر تک عملِ حساب میں اعشاریہ کے ۱۷ مقامات رکھے جائیں۔

۱۰۵ ——— جب اُن زاویوں کی جیوب اور جیوب التمام کی جدول درکار ہو جو ۰°۱ کے یا اُ کے وقفوں پر ہیں تو صرف ۳۰° تک کے زاویوں کے لیے قیمتیں محسوب کرنا ضروری ہوتا ہے کیونکہ ہم پھر ۳۰° سے ۹۰° تک کے زاویوں کی جیوب اور جیوب التمام کی قیمتیں ضابطوں

$$\text{جب } (۳۰° + ا) + \text{جب } (۳۰° - ا) = \text{جم } ا$$

$$\text{جم } (۳۰° - ا) - \text{جم } (۳۰° + ا) = \text{جب } ا$$

کے ذریعے ا کو ۳۰° تک تمام قیمتیں دینے سے حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر ۴°۵ تک کے زاویوں کی جیوب اور جیوب التمام حاصل ہو جائیں تو پھر ۴°۵ اور ۹۰° کے درمیان کے زاویوں کی جیوب اور جیوب التمام ضابطہ

$$\text{جب } ا = \text{جم } (۹۰° - ا)$$

کے ذریعے حاصل ہو سکتی ہیں؛ پس ۴°۵ سے آگے کے زاویوں کے لیے عملِ حساب کو جاری رکھنا غیر ضروری ہے۔

دائری تفاعلوں کی جدولوں کو محسوب کرنے کا جو طریقہ ہم نے اوپر بیان کیا ہے وہ دراصل رہیٹی کس (Rheticus; 1514 - 1576) کا ہے؛ اس نے جیوب، مماسوں، اور قاطعوں کی جدولیں تیار کی تھیں جو ۱۵۹۶ء میں اس کے انتقال کے بعد شایع ہوئیں۔ قدیم ترین جدول ٹولمی[۱] کی (Almagest) میں وتروں کی جدول ہے جو نصف درجہ کے وقفوں پر کے زاویوں کے لئے ہے۔ جدولوں کے مضمون پر تاریخی معلومات ہٹن (Hutton) کی ہسٹری آف میتھامیٹیکل ٹیبلس (143)

[۱] Ptolemy

(History of Mathematical Tables) سے حاصل ہوگی نیز دیکھو انگلش انسائیکلوپیڈیا میں ڈی مارگن[1] کا مضمون جدولوں پر۔

عددی جدولوں کی تصدیق

۱۰۶ ـــــ پچھلے طریقہ سے زاویوں کی جیوب اور جیوب التمام کی محسوب کردہ قیمتوں کی صحت کی تصدیق کرنے کے لیے طریقوں کا معلوم کرنا ضروری ہے، یہ تصدیق حسب ذیل ذرایع سے بہ عمل لائی جاسکتی ہے۔

(۱) دفعہ ۶۶ میں ہم نے زاویوں ۱°، ۲°، ۳°..... کی جیوب اور جیوب التمام کی اصم قیمتوں کی ایک جدول بنائی تھی؛ اس لیے ہم ان زاویوں کی جیوب اور جیوب التمام کو اعشاریہ کے مقامات کی کسی مطلوبہ تعداد تک محسوب کر سکتے ہیں، پھر مصرحۂ بالا طریقہ سے زاویوں کے تفاعلوں کی جو قیمتیں حاصل ہوئی ہیں اُن کا مقابلہ اس طرح حاصل شدہ قیمتوں کے ساتھ کیا جا سکتا ہے۔ اگر ضرورت ہو تو اُن زاویوں کی جیوب اور جیوب التمام کی قیمتیں جو ۳۰′ کے وقفوں پر ہیں نصف زاویوں کے ضابطوں کے ذریعہ حاصل کی جاسکتی ہیں اور اس طرح ہمیں اعمالِ حساب پر اور زیادہ قریبی جانچ کا طریقہ حاصل ہوتا ہے۔

(۲) بعض مشہور ضابطے جن کو تصدیق کے ضابطے کہا جاتا ہے، یہ ہیں

جم (۳°۶ + ۱) + جم (۳°۶ − ۱) = جم ۱ + جب (۱°۸ + ۱) + جب (۱°۸ − ۱)،

جب ۱ = جب (۳°۶ + ۱) − جب (۳°۶ − ۱) + جب (۲°۷ − ۱) − جب (۲°۷ + ۱)

(یہ دو ضابطے یولر کے ہیں)

[1] De Morgan

جم ۱ = جب (۵۴° + ۱) + جب (۵۴° - ۱) - جب (۱۸° + ۱) - جب (۱۸° - ۱)
(یہ لیجنڈر کا ضابطہ ہے)
تصدیق کے لئے صرف یہ کرنا ہوتا ہے کہ ان متماثلات میں تفاعلوں کی حاصل کردہ قیمتیں درج کیجائیں۔

مماسوں اور قاطعوں کی جدولیں

۱۰۷ ـــــ مماسوں کی جدول بنانا ہو تو ۵۴° تک کے زاویوں کے مماس، ضابطہ مس ۱ = جب ۱ / جم ۱ کے ذریعے جیوب اور جیوب التمام کی جدولوں سے معلوم کرو؛ پھر ۵۴° سے ۹۰° تک کے زاویوں کے مماس کا گنولی[1] کے ضابطے

مس (۵۴° + ۱) = ۲ مس ۲ ۱ + مس (۵۴° - ۱)

کے ذریعے حاصل ہو سکتے ہیں۔
قاطع التماموں کی جدول ضابطہ قم ۱ = مس ½ ۱ + مم ۱ کے ذریعے اور قاطعوں کی جدول ضابطہ قط ۱ = مس ۱ + مس (۵۴° - ½ ۱) کے ذریعے بنائی جاسکتی ہیں۔

سلسلوں کے ذریعہ قیمتیں محسوب کرنا (144)

۱۰۸ ـــــ زاویوں کی جیوب اور جیوب التمام کو محسوب کرنے کا ایک جدید تر طریقہ دفعہ ۹۹ کے سلسلے استعمال کرنے کا ہے؛ اگر ہم رکھیں لا = م / ن × π/۲ تو

جب (م/ن × ۹۰°) = (م/ن × π/۲) - ⅓ (م/ن × π/۲)³ + 1/5! (م/ن × π/۲)⁵ - ...

[1] Cagnoli

$$\text{جم}\left(\frac{\text{م}}{\text{ن}} \times ۹۰^\circ\right) = ۱ - \frac{۱}{۲!}\left(\frac{\text{م}}{\text{ن}} \times \frac{\pi}{۲}\right)^۲ + \frac{۱}{۴}\left(\frac{\text{م}}{\text{ن}} \times \frac{\pi}{۲}\right)^۴ - \dots\dots$$

اس طرح ہمیں حاصل ہوتے ہیں ضابطے

$\frac{\text{م}}{\text{ن}}$	جب $\left(\frac{\text{م}}{\text{ن}} \times ۹۰^\circ\right)$ =	۱۳	۶۱۹۲۳	۹۴۸۹۶	۶۳۲۶۰	۱۵۵۷۰۷۹
$\frac{\text{م}^۳}{\text{ن}^۳}$	−	۵۸	۲۵۳۶۵	۰۶۲۴۶	۴۰۹۷۵	۰۵۶۴۵۹۶
$\frac{\text{م}^۵}{\text{ن}^۵}$	+	۰۵	۰۴۵۱۲	۴۶۱۶۶	۲۶۲۶۲	۰۱۰۷۹۶۹
$\frac{\text{م}^۷}{\text{ن}^۷}$	−	۰۷	۶۸۸۱۰	۳۵۳۱۸	۱۷۵۴۱	۰۱۰۰۴۶۸
$\frac{\text{م}^۹}{\text{ن}^۹}$	+	۱۹	۳۵۹۸۲	۸۴۷۸۷	۰۴۳۱۱	۰۱۰۰۰۱۶
$\frac{\text{م}^{۱۱}}{\text{ن}^{۱۱}}$	−	۵۳	۲۱۲۰۸	۴۳۲۳۵	۳۵۹۸۸	۰۱۰۰۰۰۰
$\frac{\text{م}^{۱۳}}{\text{ن}^{۱۳}}$	+	۹۳	۲۱۹۶۷	۲۱۷۲۹	۰۰۵۶۹	۰۱۰۰۰۰۰
$\frac{\text{م}^{۱۵}}{\text{ن}^{۱۵}}$	−	۱۱	۵۱۰۹۸	۶۸۸۰۳	۰۰۰۰۶	۰۱۰۰۰۰۰۰۰۰
$\frac{\text{م}^{۱۷}}{\text{ن}^{۱۷}}$	+	۱۱	۹۳۵۷۳	۰۶۰۶۶	۰۰۰۰۰۰۰۰۰	۰۱۰۰۰۰۰۰۰۰
$\frac{\text{م}^{۱۹}}{\text{ن}^{۱۹}}$	−	۴۷	۷۷۰۶۵	۰۰۰۴۳	۰۰۰۰۰۰۰۰۰	۰۱۰۰۰۰۰۰۰۰۰
$\frac{\text{م}^{۲۱}}{\text{ن}^{۲۱}}$	+	۲۳	۲۵۷۱۴	۰۰۰۰۰	۰۰۰۰۰۰۰۰۰	۰۱۰۰۰۰۰۰۰۰۰
$\frac{\text{م}^{۲۳}}{\text{ن}^{۲۳}}$	−	۳۹	۰۰۱۲۵	۰۰۰۰۰	۰۰۰۰۰۰۰۰۰	۰۱۰۰۰۰۰۰۰۰۰
$\frac{\text{م}^{۲۵}}{\text{ن}^{۲۵}}$	+	۵۲	۰۰۰۰۰	۰۰۰۰۰	۰۰۰۰۰۰۰۰۰	۰۱۰۰۰۰۰۰۰۰۰

جم (ن ۹۰°) =	۱ ۰۰۰۰۰۰ ۰۰۰۰۰ ۰۰۰۰۰ ۰۰۰۰۰ ۰۰
$\frac{م^{۲}}{ن^{۲}}$	− ۴۳ ۸۲۷۳۵ ۳۶۱۶۹ ۰۵۵۰۱ ۱۶۲۳۳۷۰
$\frac{م^{۴}}{ن^{۴}}$	+ ۶۶ ۱۳۶۲۳ ۰۱۰۴۸ ۹۵۰۷۹ ۰۲۵۳۶۶
$\frac{م^{۶}}{ن^{۶}}$	− ۳۱ ۸۷ ۹۶۰۸۷ ۶۳۳۵۲ ۳۴۸۰۷ ۰۰۲۰۸۶
$\frac{م^{۸}}{ن^{۸}}$	+ ۰۲ ۴۲۶۵۸ ۷۴۸۳۹ ۹۲۶۰۲ ۰۰۰۰۹۱
$\frac{م^{۱۰}}{ن^{۱۰}}$	− ۵۵ ۰۶۰۶۰ ۴۲۳۷۳ ۵۲۰۲۰ ۰۰۰۰۰۲
$\frac{م^{۱۲}}{ن^{۱۲}}$	+ ۷۲ ۸۸۱۸۱ ۸۷۴۷۷ ۰۴۷۱۰ ۰۰۰۰۰۰
$\frac{م^{۱۴}}{ن^{۱۴}}$	− ۱۹ ۰۸۳۷۹ ۸۶۶۰۳ ۰۰۰۶۳ ۰۰۰۰۰۰
$\frac{م^{۱۶}}{ن^{۱۶}}$	+ ۹۸ ۶۳۱۱۴ ۶۵۶۵۹ ۰۰۰۰۰ ۰۰۰۰۰۰
$\frac{م^{۱۸}}{ن^{۱۸}}$	− ۰۱ ۴۴۰۰۲ ۰۰۵۲۹ ۰۰۰۰۰ ۰۰۰۰۰۰
$\frac{م^{۲۰}}{ن^{۲۰}}$	+ ۹۲ ۴۳۷۷۳ ۰۰۰۰۳ ۰۰۰۰۰ ۰۰۰۰۰۰
$\frac{م^{۲۲}}{ن^{۲۲}}$	− ۹۹ ۰۱۸۳۵ ۰۰۰۰۰ ۰۰۰۰۰ ۰۰۰۰۰۰
$\frac{م^{۲۴}}{ن^{۲۴}}$	+ ۲۱ ۰۰۰۰۸ ۰۰۰۰۰ ۰۰۰۰۰ ۰۰۰۰۰۰
$\frac{م^{۲۶}}{ن^{۲۶}}$	− ۰۳ ۰۰۰۰۰ ۰۰۰۰۰ ۰۰۰۰۰ ۰۰۰۰۰۰

(145) چونکہ صرف ۵م تک کے زاویوں کی جیوب اور جیوب التمام کا محسوب کرنا ضروری ہے اس لیے کہ کسر $\frac{م^{ن}}{ن^{ن}}$ ہمیشہ $\frac{1}{2}$ سے کم لی جاتی ہے، اس لیے سلسلوں کی بہت تھوڑی رقمیں اعشاریہ کے چند مقامات تک قیمتیں دریافت کرنے کے لیے کافی ہیں۔ یہ سلسلے یولر کی Analysis of the Infinite سے لیے گئے ہیں جہاں انہیں اعشاریہ کے مزید چھ مقامات تک دیا گیا ہے۔

لوکارتمی جدولیں

۱۰۹ــــ جب طبعی جیوب اور جیوب التمام کی جدولیں تیار ہو جائیں تو لوکارتمی جیوب اور جیوب التمام کی جدولیں معمولی لوکارتم کی جدولوں کے ذریعے بنائی جاسکتی ہیں کیونکہ ان جدولوں سے کسی زاویہ کی جیب یا جیب التمام کی محسوب کردہ عددی قیمت کا لوکارتم ملیگا؛ اس طور پر حاصل شدہ لوکارتم میں ۱۰ اجمع کرو تو متناظر جدولی لوکارتم مل جاتا ہے۔ لوکارتمی مماس زشتہ

ل مس ا = ۱۰ + ل جب ا − ل جم ا

کے ذریعہ معلوم کیے جاسکتے ہیں اور اس طرح لوکارتمی مماسوں کی ایک جدول تیار ہوسکتی ہے۔ ہم کسی آئندہ باب میں ایک راست طریقہ بتائینگے جس سے لوکارتمی جیوب، جیوب التمام اور مماس کی جدولیں بنائی جاسکتی ہیں۔

مثلثی جدولوں کا بیان اور ان کا استعمال

۱۱۰ــــ مثلثی جدولیں، طبعی یا لوکارتمی، بموجب ذیل بنائی جاتی ہیں:-

(۱) ان سے بالراست صرف صفر اور ۹۰° کے درمیانی زاویوں کے لیے تفاعلوں کی قیمتیں حاصل ہوتی ہیں؛ ان حدود سے متجاوز مقداروں کے زاویوں کے لیے تفاعلوں کی قیمتیں فوراً اخذ کی جاسکتی ہیں۔

(۲) ان جدولوں سے صفر سے ۴۵° تک اور ۴۵° سے ۹۰° تک کے زاویوں کے تفاعلوں کی قیمتیں ایک ہی ہندسوں کی دو مرتبہ قرارات کے ذریعے ملتی ہیں؛ تفاعلوں کے نام، جیب، جیب التمام، مماس اور نیز درجے (< ۴۵°) صفحہ کی پیشانی پر لکھے ہوتے ہیں، اور متناظر دقیقے اور ثانیے دائیں طرف کے ستون میں لکھے ہوتے ہیں، زاویے بڑھتے جاتے ہیں جیسے جیسے ہم ستون میں نیچے اترتے ہیں؛ نیز جیب التمام، جیب، مماس التمام اور درجے (> ۴۵°) صفحہ کے پائین پر ان ستونوں میں بالترتیب لکھے جاتے ہیں[1]

[1] اس عبارت کا سلسلہ صفحہ ۲۴۰ پر دیکھو۔

۔	″	جیب	فرق	جیب التمام	فرق	مماس	فرق	مماس التمام	″	۔
۵۰	۰	۹٫۴۸۶۰۷۴۹		۹٫۹۷۸۶۱۴۸	۶۵۵	۹٫۵۰۷۴۶۰۲	۶۸ ۷۲۲	۰٫۴۹۲۵۳۹۸	۰	۱۰
	۱۰	۹٫۴۸۶۱۴۰۴		۹٫۹۷۸۶۰۸۰	۶۵۴	۹٫۵۰۷۵۳۲۴	۶۸ ۷۲۲	۰٫۴۹۲۴۶۷۶	۵۰	
	۲۰	۹٫۴۸۶۲۰۵۸		۹٫۹۷۸۶۰۱۲	۶۵۴	۹٫۵۰۷۶۰۴۶	۶۸ ۷۲۲	۰٫۴۹۲۳۹۵۴	۴۰	
	۳۰	۹٫۴۸۶۲۷۱۲		۹٫۹۷۸۵۹۴۴	۶۵۴	۹٫۵۰۷۶۷۶۸	۶۷ ۷۲۲	۰٫۴۹۲۳۳۲۲	۳۰	
	۴۰	۹٫۴۸۶۳۳۶۶		۹٫۹۷۸۵۸۷۷	۶۵۴	۹٫۵۰۷۷۴۹۰	۶۸ ۷۲۲	۰٫۴۹۲۲۵۱۰	۲۰	
	۵۰	۹٫۴۸۶۴۰۲۰		۹٫۹۷۸۵۸۰۹	۶۵۴	۹٫۵۰۷۸۲۱۲	۶۸ ۷۲۱	۰٫۴۹۲۱۷۸۸	۱۰	
۵۱	۰	۹٫۴۸۶۴۶۷۴		۹٫۹۷۸۵۷۲۱	۶۵۴	۹٫۵۰۷۸۹۳۳	۶۸ ۷۲۲	۰٫۴۹۲۱۰۶۷	۰	۹

۷۲ درجے

ـ	ـ″	مماس	فرق	مماس التمام	فرق	جیب	فرق	جیب التمام		
	۱۰	۹٫۴۸۶۵۳۲۸		۹٫۹۷۸۵۶۷۳		۹٫۵۰۷۹۶۵۵		۰٫۴۹۲۰۳۴۵	۵۰	
			۶۵۴		۶۸		۷۳۱			
	۲۰	۹٫۴۸۶۵۹۸۲		۹٫۹۷۸۵۶۰۵		۹٫۵۰۸۰۳۷۶		۰٫۴۹۱۹۶۲۴	۴۰	
			۶۵۳		۶۷		۷۲۲			
	۳۰	۹٫۴۸۶۶۶۲۵		۹٫۹۷۸۵۵۳۸		۹٫۵۰۸۱۰۹۸		۰٫۴۹۱۸۹۰۲	۳۰	
			۶۵۴		۶۸		۷۲۱			
	۴۰	۹٫۴۸۶۷۲۸۹		۹٫۹۷۸۵۴۷۰		۹٫۵۰۸۱۸۱۹		۰٫۴۹۱۸۱۸۱	۲۰	
			۶۵۳		۶۸		۷۲۱			
	۵۰	۹٫۴۸۶۷۹۴۲		۹٫۹۷۸۵۴۰۲		۹٫۵۰۸۲۵۴۰		۰٫۴۹۱۷۴۶۰	۱۰	
			۶۵۳		۶۸		۷۲۱			
۵۲	۰	۹٫۴۸۶۸۵۹۵		۹٫۹۷۸۵۲۳۴		۹٫۵۰۸۳۲۶۱		۰٫۴۹۱۶۷۳۹	۰	

جن میں صفحہ کی پیشانی پر جیب، جیب التمام، مماس لکھے ہوئے ہیں؛ بائیں طرف کے ستون میں ان زاویوں کے دقیقے اور ثانیے لکھے ہوتے ہیں جو قبل الذکر زاویوں کے تکملے ہیں، ظاہر ہے کہ یہ موخر الذکر زاویے بڑھتے ہیں جیسے جیسے ہم ستون میں اوپر چڑھتے ہیں۔ ہم نے نمونہ کے طور پر اوپر کیلٹ (Callet) کے سات ہندسی لوکارتمی جدولوں کے ایک صفحہ کا حصہ دیا ہے، یہ جدولیں ۱۰ کے وقفوں پر کے زاویوں کے لیے تیار کی گئی ہیں۔

مثلاً جس ستون کے سرے پر جیب التمام لکھا ہے اس کی تیسری سطر سے ہمیں حاصل ہوتا ہے کہ ۹٫۹۷۸۶۰۱۲ زاویہ ۱۷° ۵۰′ کی جدولی لوکارتمی جیب التمام ہے، اور بائیں طرف کے ستون میں دقیقوں اور ثانیوں کو پڑھنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہی عدد، متکمل زاویے ۲° ۹′ ۴۰″ کی لوکارتمی جیب ہے۔ یہ مشاہدہ طلب ہے کہ لوکارتمی جیوب اور مماس زاویہ کے ساتھ بڑھتے ہیں لیکن لوکارتمی جیوب التمام اور مماس التمام زاویہ کے بڑھنے سے گھٹتے ہیں۔

۱۱۱ —— اب اگر کوئی زاویہ ایسا ہو جس کی مقدار دو زاویوں کے درمیان جن کے تفاعل جدول میں درج ہیں واقع ہے تو اس زاویہ کے تفاعلوں کو معلوم کرنے کے لئے ہم ایک اصول استعمال کرینگے جس کی تحقیق ابھی کی جائیگی؛ وہ اصول یہ ہے کہ سوائے ان زاویوں کے جو یا تو بہت چھوٹے ہیں یا زاویہ قائمہ کے بہت قریب ہیں کسی زاویہ کے طبعی تفاعل یا لوکارتمی تفاعل میں چھوٹی تبدیلیاں خود زاویے میں جو تبدیلی ہوئی ہے اس کے متناسب ہوتی ہیں۔

مثلاً اگر دو متصلہ جدولی قیمتوں کے درمیان فرق ع ہے جب کہ جدولی زاویے میں ۱۰′ کا فرق ہے تو چھوٹے جدولی زاویہ کے تفاعل کی (۱۴۶)

قیمت اور اس سے بقدر ما بڑے ایک زاویہ کے تفاعل کی قیمت کے درمیان فرق $\frac{۱}{۱۰}$ عہ ہوگا؛ زاویہ میں ۰ً اضافہ کے جواب میں تفاعل کا اضافہ عہ ہے اور اس لیے زاویہ میں ما (< ۰ً) کے اضافہ کے جواب میں تفاعل کا اضافہ عہ کی وہ کسر ہے جو ما کو ۱۰ کے ساتھ ہے، یعنے $\frac{۱}{۱۰}$ عہ۔ کیلٹ کی جدولوں میں (جس کا نمونہ اوپر دیا گیا ہے) متصلہ لوگارتموں کے درمیان کے فرق بغیر علامت اعشاریہ کے اُس ستون میں دیے گئے ہیں جس کے سرے پر "فرق" لکھا ہے۔

مثلاً فرض کرو کہ ہمیں ل جب ۱۷° ۵۱′ ۱۳″ کی قیمت معلوم کرنی ہے، جدول سے ہم حاصل کرتے ہیں

ل جب ۱۷° ۵۱′ ۰″ = ۹٫۴۸۶۵۳۲۸

ل جب ۱۷° ۵۱′ ۶۰″ = ۹٫۴۸۶۵۹۸۲

فرق = ۶۵۴

تب $\frac{۳}{۱۰}$ × ۶۵۴ = ۱۹۶٫۲، اس لیے پہلے لوگارتم میں ۱۹۶۰۰۰۰ جمع کرنا چاہیے، اس طرح ہمیں حاصل ہوتا ہے

ل جب ۱۷° ۵۱′ ۱۳″ = ۹٫۴۸۶۵۵۲۲

نیز فرض کرو کہ ہمیں وہ زاویہ مطلوب ہے جس کا جدولی لوگارتمی مماس ۹٫۵۰۸۲۰۳۲ ہے۔ جدول میں ہم دیکھتے ہیں کہ دیا ہوا لوگارتم ذیل کے دو لوگارتموں کے درمیان واقع ہے۔

ل مس ۱۷° ۵۱′ ۴۰″ = ۹٫۵۰۸۱۸۱۹

ل مس ۱۷° ۵۱′ ۵۰″ = ۹٫۵۰۸۲۵۴۰

فرق = ۷۲۱

دیے ہوئے لوگارتمی مماس اور جدول سے حاصل شدہ پہلے لوگارتمی مماس کے درمیان فرق ۲۱۳ ہے، اس لیے وہ زاویہ جس کو ۱۷° ۵۱′ ۴۰″ میں جمع کرنا ہوگا $\frac{۲۱۳}{۷۲۱}$ × ۱۰″ = ۹٫۳″ (تقریباً) ہے۔ پس مطلوبہ زاویہ ہے ۱۷° ۵۱′ ۴۳″ تقریباً۔

متناسب اجزاء کا اصول

۱۱۲ــــ اب ہم اس امر کی تحقیق کرینگے کہ متناسب اضافہ کا اصول، جو ہم نے دفعہ سابق میں اختیار کیا ہے کہاں تک صحیح ہے اور کن مستثنیات کے ساتھ؟

فرض کرو کہ لا سے کوئی زاویہ تعبیر ہوتا ہے اور ف (لا) سے لا کا کوئی طبعی یا لوگارتمی تفاعل تعبیر ہوتا ہے تو ہم مختلف صورتوں میں یہ بتائینگے کہ اگر ھ کوئی چھوٹا زاویہ ہو جس کو دائری ناپ میں ناپا گیا ہے اور اگر اس کو لا میں جمع کیا جائے تو

ف (لا + ھ) ـ ف (لا) = ھ ف' (لا) + ھ² ر،

جہاں ف' (لا)، لا کا کوئی دوسرا تفاعل ہے اور ر، وہ تفاعل ہے جو محدود رہتا ہے جبکہ ھ = ۰

اس ربط سے ہم دیکھتے ہیں کہ اگر ھ کافی چھوٹا ہو تو لا کی ایک دی ہوئی قیمت کے لیے ف (لا + ھ) ـ ف (لا)، ھ کے متناسب ہے اور یہ معلوم ہوگا کہ بالعموم ھ² ر، اس قدر چھوٹا ہوگا کہ وہ تفاعلوں کی قیمتوں پر اعشاریہ (148)
کے مقامات کی اُس تعداد تک جو جدول میں درج ہے اثر اندازنہ ہوگا؛ پس لا کی ایک دی ہوئی قیمت کے لیے

$$\frac{\text{ف (لا + ھ) ـ ف (لا)}}{\text{ھ}}$$

اعشاریہ کے مقامات کی جدولی تعداد تک مستقل ہے۔ تاہم دو مستثنیٰ صورتیں پیدا ہونگی۔

(۱) اگر لا ایسا ہو کہ ف' (لا) بہت چھوٹا ہے تو فرق ف (لا + ھ) ـ ف (لا) معدوم ہو سکتا ہے بلحاظ اس رتبہ کے جو جدولوں میں درج ہے؛ تب فرق ف (لا + ھ) ـ ف (لا) کو ناقابل قدر (Insensible) کہتے ہیں اور

اس صورت میں ف (لا) کی دو یا زیادہ متصلہ جدولی قیمتیں ایک ہی ہو سکتی ہیں۔

(۲) اگر لا ایسا ہو کہ بمقابلہ ف (لا) کے ر بڑا ہے تو ممکن ہے کہ رقم ھ^۲ س بمقابلہ ھ ف (لا) کے چھوٹی نہ ہو؛ اِس صورت میں فرق ف (لا + ھ) - ف (لا) ھ کے متناسب نہیں ہے اور اس کو ہم بے قاعدہ کہینگے۔

اِن دونوں صورتوں (۱) اور (۲) میں تناسبوں کا طریقہ ناکام رہتا ہے لیکن ہم یہ بتا ئینگے کہ کس طرح خاص ترکیبوں سے یہ مشکلات رفع ہوتی ہیں۔

ٹیلر کے مسئلہ سے جس سے طالب علم واقف ہے یہ معلوم ہوگا کہ مندرجۂ بالا مسئلہ ٹیلر کے مسئلہ

ف (لا + ھ) = ف (لا) + ھ ف' (لا) + ½ ھ^۲ ف'' (لا + طھ)

کی خاص صورت ہے جس میں طہ صفر اور ایک کے درمیان واقع ہے، پس ر = ½ ف'' (لا + طھ) اور ف (لا + ھ) - ف (لا) = ھ ف' (لا) مان لینے سے جو خطا ہوتی ہے وہ ½ ھ^۲ ف'' (ی) کی بڑی سے بڑی اور چھوٹی سے چھوٹی قیمتوں کے درمیان واقع ہے جو وہ حدود ی = لا اور ی = لا + ھ کے درمیان اختیار کرتا ہے۔

۱۱۳ — اول فرض کرو کہ ف (لا) = جب لا

تو جب (لا + ھ) = جب لا جم ھ + جم لا جب ھ

یا جب (لا + ھ) - جب لا = جم لا (ھ - ½ ھ^۳ + ...) - جب لا (½ ھ^۲ - ½ ھ^۴ + ...)

= ھ جم لا - ½ ھ^۲ جب لا + ھ کی اعلیٰ قوتیں

اس صورت میں ف' (لا) = جم لا، اور ر کی تقریبی قیمت = - ½ جب لا

پس جب (لا + ھ) - جب لا = ھ جم لا - ½ ھ^۲ جب لا ..... (۱)

فرق کی تقریبی مساوات ہے۔

اسی طرح یہ دکھایا جا سکتا ہے کہ تقریبی طور پر

جم (لا + ھ) - جم لا = - ھ جب لا - ½ ھ^۲ جم لا ..... (۲)

نیز $\text{مس}(\text{لا}+\text{ھ}) - \text{مس لا} = \dfrac{\text{جب ھ}}{\text{جم لا جم}(\text{لا}+\text{ھ})}$ .....

$= \dfrac{\text{ھ}}{\text{جم}^2 \text{لا} - \text{ھ جب لا جم لا}}$

یا تقریبی طور پر

$\text{مس}(\text{لا}+\text{ھ}) - \text{مس لا} = \text{ھ قط}^2 \text{لا} + \text{ھ}^2 \text{قط}^2 \text{مس لا}$ ..... (۳)

(149) نیز $\text{ل جب}(\text{لا}+\text{ھ}) - \text{ل جب لا} = \text{لوک} \dfrac{\text{جب}(\text{لا}+\text{ھ})}{\text{جب لا}}$

$= \text{لوک}(۱ - \frac{۱}{۲} \text{ھ}^2 + \text{ھ مم لا})$

یا $\text{ل جب}(\text{لا}+\text{ھ}) - \text{ل جب لا} = \text{ھ مم لا} - \frac{۱}{۲} \text{ھ}^2 \text{قم}^2 \text{لا}$ ..... (۴)

اسی طرح $\text{ل جم}(\text{لا}+\text{ھ}) - \text{ل جم لا} = -\text{ھ مس لا} - \frac{۱}{۲} \text{ھ}^2 \text{قط}^2 \text{لا}$ ..... (۵)

$\text{ل مس}(\text{لا}+\text{ھ}) - \text{ل مس لا} = \dfrac{\text{ھ}}{\text{جب لا جم لا}} - ۲ \text{ھ}^2 \dfrac{\text{جم ۲ لا}}{\text{جب}^2 ۲ \text{لا}}$ ..... (۶)

ہر صورت میں ہم نے ر کی صرف تقریبی قیمت معلوم کی ہے۔ یعنی ہم نے وہ رقمیں چھوڑ دی ہیں جن میں ھ کی تیسری اور اعلیٰ قوتیں شامل ہوتی ہیں۔ ان چھ مساواتوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر ھ کافی چھوٹا ہے تو فرق، لا کی ایسی قیمتوں کے لیے جو نہ چھوٹی ہیں اور نہ زاویہ قائمہ کے تقریباً مساوی، ھ کے متناسب ہیں۔ حسب ذیل مستثنیٰ صورتیں پیدا ہوتی ہیں:-

(۱) فرق، جب (لا + ھ) - جب (لا) ناقابل قدر ہے جب کہ لا تقریباً ایک زاویہ قائمہ ہو کیونکہ ایسی صورت میں ھ جم لا بہت چھوٹا ہے؛ نیز یہ فرق بے قاعدہ بھی ہے کیونکہ $\frac{۱}{۲}$ ھ^2 جب لا، ھ جم لا کے ساتھ مقابلہ پذیر ہو سکتا ہے۔

(۲) فرق، جم (لا + ھ) - جم لا، ناقابل قدر ہے جب کہ لا چھوٹا ہو،

نیز یہ اس صورت میں بے قاعدہ بھی ہے۔

(۳) فرق، مس (لا + ھ) - مس لا، بے قاعدہ ہے جبکہ لا تقریباً ایک زاویہ قائمہ ہو کیونکہ ایسی صورت میں ھ۲ قط۲ لا مس لا، ھ قط۲ لا کے ساتھ مقابلہ پذیر ہو سکتا ہے۔

(۴) فرق، ل جب (لا + ھ) - ل جب لا، بے قاعدہ ہے جب کہ لا چھوٹا ہو اور ناقابل قدر اور بے قاعدہ دونوں جب کہ لا تقریباً ایک زاویہ قائمہ ہو۔

(۵) فرق، ل جم (لا + ھ) - ل جم لا، ناقابل قدر اور بے قاعدہ ہے جب کہ لا چھوٹا ہو، اور بے قاعدہ ہے جب کہ لا تقریباً ایک زاویہ قائمہ ہو۔

(۶) فرق، ل مس (لا + ھ) - ل مس لا، بے قاعدہ ہے جب کہ لا خواہ چھوٹا ہو یا تقریباً ایک زاویہ قائمہ۔

یہ توجہ طلب ہے کہ جو فرق ناقابل قدر ہے وہ بے قاعدہ بھی ہے لیکن اس کا عکس درست نہیں ہے۔

تقرب کا وہ درجہ معلوم کرنے کے لیے جس تک تناسب اجزا کا اصول کسی صورت میں درست رہتا ہے سادہ ترین طریقہ یہ ہے کہ ر کی اصلی قیمت پر غور کیا جائے؛ جب (لا + ھ) - جب لا کی صورت میں دوسری رقم کی اصلی قیمت ہے - ½ ھ۲ جب (لا + ط ھ) جہاں ط صفر اور ایک کے درمیان ہے؛ اگر جدول ۱° کے وقفوں پر بنائی گئی ہے تو ½ ھ۲ کی بڑی سے بڑی قیمت ہے

$\frac{1}{2}\left(\frac{\pi}{180\times60\times60}\right)^2$ یا ½ (۰٫۰۰۰۰۵)۲ ؛ اس سے اعشاریہ کے پہلے

(150) آٹھ مقامات تک کوئی خطا واقع نہیں ہوتی؛ مس (لا + ھ) - مس لا کی صورت میں خطا ہے

(۰٫۰۰۰۰۵)۲ قط۲ (لا + ط ھ) مس (لا + ط ھ)

پس اگر مس لا + مس ۳ لا = ۰٫۰ تو خطا، اعشاریہ کے ساتویں مقام سے ظاہر ہونا شروع

کر سکیں۔ ل جب لا کی صورت میں اعشاریہ کے ساتویں مقام تک کوئی خطا نہ ہوگی اگر لا < ۵°۔

۱۱۴ —— جب ایک تفاعل کے فرق اعشاریہ کے اتنے مقامات تک جتنے جدولوں میں درج ہوتے ہیں، ناقابل قدر ہوں تو جدولوں سے یہ تفاعل معلوم ہوگا جب کہ زاویہ معلوم ہو، لیکن اس کے برعکس ہم اس تفاعل کے ذریعہ کسی درمیانی زاویہ کو معلوم کرنے کے لیے جدولیں استعمال نہیں کر سکتے؛ مثلاً چھوٹے زاویوں کے لیے ہم ل جم لا کی قیمت سے لا متعین نہیں کر سکتے، یا ایک زاویہ قائمہ کے تقریباً مساوی زاویوں کے لیے ل جب لا کی قیمت سے لا متعین نہیں کر سکتے۔ جب ایک تفاعل کے فرق بے قاعدہ ہوں اور ناقابل قدر نہ ہوں تو متناسب اجزا کا مذکورہ بالا تقریبی طریقہ تفاعل کے ذریعہ زاویہ کی تعیین کے لیے کافی نہیں ہے اور نہ زاویہ کے ذریعہ تفاعل کی تعیین کے لیے کافی ہے؛ مثلاً تقریب ناقابل قبول ہے

ل جب لا کے لیے جبکہ لا چھوٹا ہو،
ل جم لا کے لیے جبکہ لا تقریباً ایک زاویہ قائمہ ہو،
اور ل مس لا کے لیے جبکہ لا چھوٹا ہو یا تقریباً ایک زاویہ قائمہ کے مساوی۔

ان صورتوں میں جن میں فرق بے قاعدہ ہیں اور ناقابل قدر نہیں ہیں حسب ذیل ذرائع استعمال کیے جا سکتے ہیں تاکہ تفاعل کی ایک دی ہوئی قیمت کے جواب میں زاویہ معلوم ہو سکے یا ایک دیے ہوئے زاویہ کے جواب میں تفاعل کی قیمت معلوم ہو سکے:—

(۱) ہم ل جب لا، ل مس لا کی وہ جدولیں جو ایک ثانیہ کے وقفوں پر کے زاویوں کے لیے پہلے چند درجوں تک محسوب کی گئی ہوتی ہیں اور ل جم لا، ل مس لا کی وہ جدولیں جو ۹۰° کے قریب کے چند زاویوں کے لیے ایک ثانیہ کے وقفوں پر تیار کی گئی ہوتی ہیں استعمال کر سکتے ہیں۔ کیلٹ اپنے مثلثی جدولوں میں ایسی ایک جدول دیتا ہے۔

پھر ہم اُن تمام زاویوں کے لیے جو صفر کے یا زاویہ قائمہ کے بالکل قریب نہ ہوں تناسب اجزا کا اصول استعمال کر سکتے ہیں۔

(۲) ڈلمبر کا طریقہ

اس طریقہ میں ل جب لا یا ل مس لا کو ایسی دو رقموں کے مجموعہ میں توڑ دیا جاتا ہے کہ ان میں سے ایک کے لئے فرق ناقابل قدر ہوتے ہیں لا کی اُن قیمتوں کے نزدیک جہاں بے قاعدگی واقع ہوتی ہے، اور دوسری رقم کے لیے فرق باقاعدہ ہوتے ہیں۔ اِن رقموں میں سے پہلی کے لیے فرق بے قاعدہ ہے لیکن اس کی چنداں اہمیت نہیں ہے کیونکہ یہ فرق ناقابلِ قدر بھی ہے۔ پس اگر ایک چھوٹے زاویہ نؔ کا دائری ناپ لا ہو تو

$$\text{ل جب نؔ} = (\text{لوک} \frac{\text{جب لا}}{\text{لا}} + \text{ل ع}) + \text{لوک ن}،$$

$$\text{ل مس نؔ} = (\text{لوک} \frac{\text{مس لا}}{\text{لا}} + \text{ل ع}) + \text{لوک ن}، \quad (151)$$

جہاں عؔ ا کا دائری ناپ ہے۔

اب $\text{لوک (ن + ھ)} - \text{لوک ن} = \text{لوک} (1 + \frac{\text{ھ}}{\text{ن}})$

$$= \frac{\text{ھ}}{\text{ن}} - \frac{\text{ھ}^2}{2\text{ن}^2} + \dots\dots،$$

اس لیے لوک ن کے لیے فرق باقاعدہ ہیں اگر ھ بمقابلہ ن کے چھوٹا ہو۔ نیز لوک $\frac{\text{جب لا}}{\text{لا}}$، لوک $\frac{\text{مس لا}}{\text{لا}}$ کے لیے فرق ناقابل قدر ہیں کیونکہ

$$\text{لوک} \frac{\text{جب (لا+ھ)}}{\text{لا+ھ}} - \text{لوک} \frac{\text{جب لا}}{\text{لا}} = \text{لوک} \frac{\text{جب (لا+ھ)}}{\text{جب لا}} - \text{لوک} \frac{\text{لا+ھ}}{\text{لا}}$$

$$= \text{ھ مم لا} - \frac{\text{ھ}^2}{2} \text{قم}^2 \text{لا} - \frac{\text{ھ}}{\text{لا}} + \frac{\text{ھ}^2}{2\text{لا}^2}$$

$$= \text{ھ} (\text{مم لا} - \frac{1}{\text{لا}}) + \frac{\text{ھ}^2}{2} (\frac{1}{\text{لا}^2} - \text{قم}^2 \text{لا})،$$

اور $\text{لوک}\frac{\text{مس}(\text{لا}+\text{ھ})}{\text{لا}+\text{ھ}} - \text{لوک}\frac{\text{مس لا}}{\text{لا}}$

$= \text{ھ}\left(\frac{1}{\text{جب لا جم لا}} - \left(\frac{1}{\text{لا}}\right)\right) + \frac{\text{ھ}^2}{2}\left(-\frac{\text{۴ جم ۲ لا}}{\text{جب}^2 \text{۲ لا}} + \left(\frac{1}{\text{لا}^2}\right)\right)$

اِن میں سے ہر فرق ناقابل قدر ہے کیونکہ ھ کا سر چھوٹا ہے جبکہ لا چھوٹا ہو۔

اگر لوک $\frac{\text{جب لا}}{\text{لا}}$ + ل ع، لوک $\frac{\text{مس لا}}{\text{لا}}$ + ل ع کی قیمتوں کی جدولیں ربع کے پہلے چند درجوں تک تیار کی جائیں تو ہم ان جدولوں کو عددوں کے طبعی لوکارتموں کی جدولوں کے ساتھ ن کو ٹھیک طور پر معلوم کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں جبکہ ل جب نّ یا ل مس نّ دیا گیا ہو، یا بالعکس۔

اگر ل جب نّ یا ل مس نّ دیا گیا ہے تو ن کی تقریبی قیمت معلوم کرو؛ پھر جدول سے لوک $\frac{\text{جب لا}}{\text{لا}}$ + ل ع یا لوک $\frac{\text{مس لا}}{\text{لا}}$ + ل ع کی قیمت حاصل کرو جن میں سے ہر ایک بہت سست بدلتا ہے۔ تب لوک ن اِس قیمت

ل جب نّ - (لوک $\frac{\text{جب لا}}{\text{لا}}$ + ل ع)

یا ل مس نّ - (لوک $\frac{\text{مس لا}}{\text{لا}}$ + ل ع)

(152) سے حاصل ہوتا ہے اور ہم طبعی لوکارتموں کی جدول سے ن کو ٹھیک ٹھیک معلوم کر لیتے ہیں۔ اگر ن دیا گیا ہے تو جدول سے لوک $\frac{\text{جب لا}}{\text{لا}}$ + ل ع کی قیمت ملتی ہے اور پھر جب نّ کو ضابطہ سے معلوم کیا جاتا ہے۔

(۳) میاسکلین (Maskelyne) کا طریقہ۔

اس طریقہ کا اصول وہی ہے جو ڈلمبر کے طریقہ کا ہے۔ اگر

لا ایک چھوٹا زاویہ ہو تو

$$\frac{\text{جب لا}}{\text{لا}} = ۱ - \frac{\text{لا}^۲}{۶} = (۱ - \frac{\text{لا}^۲}{۲})^{\frac{۱}{۳}} = \text{جم}^{\frac{۱}{۳}} \text{لا}، \text{ تقریباً}$$

اس لیے لوک جب لا = لوک لا + $\frac{۱}{۳}$ لوک جم لا

اب چونکہ لا ایک چھوٹا زاویہ ہے، لوک جم لا کے فرق ناقابل قدر ہیں؛ اس لیے جم لا کی تقریبی قیمت کا استعمال کرنا کافی ہے۔ اگر لوک جب لا دیا گیا ہے تو ہم لا کی تقریبی قیمت معلوم کرتے ہیں اور اس کو لوک جم لا کی قیمت معلوم کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں؛ پھر مساوات بالا سے لا حاصل ہو جاتا ہے۔ اگر لا دیا گیا ہے تو ہم طبعی لوکارتموں کی جدول سے لوک لا ٹھیک ٹھیک معلوم کر سکتے ہیں اور نیز لوک جم لا کی تقریبی قیمت؛ تب اوپر کے ضابطہ سے لوک جب لا مل جاتا ہے۔ اسی طرح ثابت ہو سکتا ہے کہ لوک مس لا، ضابطہ لوک مس لا = لوک لا + $\frac{۲}{۳}$ لوک جم لا سے حاصل ہو سکتا ہے۔

مثال

ثابت کرو کہ ضابطہ ذیل میاسکلین کے ضابطہ سے زیادہ قریبی طور پر صحیح ہے۔

لوک جب ط = لوک ط - $\frac{۱}{۴۵}$ لوک جم ط + $\frac{۶۴}{۴۵}$ لوک جم $\frac{ط}{۲}$

لوکارتمی اعمال حساب کے لیے ضابطوں کو موزوں بنانا

۱۱۵ ــــ کسی جملہ کو ایسی شکل میں تحویل کرنے کے لیے کہ لوکارتموں کی جدولوں کی مدد سے عددی قیمتیں محسوب کی جا سکیں ایسے ابدالات

عمل میں لانے چاہئیں جو دیے ہوئے جملوں کو سادہ جملوں کے حاصل ضرب میں تحویل کردیں؛ یہ عمل ایک یا زیادہ معاون زاویوں کے ذریعہ اکثر ہوسکیگا مثلاً دیکھو امثلہ ذیل:-

(۱) $\sqrt[3]{ا^6 + ب^6} = ا^2$ قط^2 فہ، جہاں مس فہ $= \frac{ب^3}{ا^3}$

پس لوک $\sqrt[3]{ا^6 + ب^6} = ۲$ لوک ا $+ \frac{۲}{۳}$ (ل قط فہ - ۱۰)

جہاں ل مس فہ $= ۱۰ + ۳$ (لوک ب - لوک ا)

اس طرح $\sqrt[3]{ا^6 + ب^6}$ لوکارتمی جدولوں کے ذریعہ محسوب کیا جاسکتا ہے اگر فہ پہلے ان جدولوں سے معلوم کرلیا گیا ہو۔

(۲) ا جم عہ + ب جب عہ = ا جم (عہ - فہ) قط فہ، جہاں مس فہ $= \frac{ب}{ا}$ (158)

پس لوک (ا جم عہ + ب جب عہ) = لوک ا + ل جم (عہ - فہ) - ل جم فہ

جہاں ل مس فہ $= ۱۰ +$ لوک ب - لوک ا

سے فہ معلوم ہوتا ہے۔

۱۱۶ —— دو درجی مساوات کی اصلیں عدداً محسوب کرنا جبکہ اصلیں حقیقی ہوں۔

فرض کرو کہ مساوات ا لا^2 + ب لا + ج = ۰ ہے اور اول فرض کرو کہ ا اور ج دونوں مثبت ہیں۔ اب مساوات مس^2 ط - ۲ قم ۲ ط مس ط + ۱ = ۰ پر غور کرو اور فرض کرو لا = ما $\sqrt{\frac{ج}{ا}}$ تو لا کی مساوات بالا ہوجاتی ہے

$$ما^2 + ب ما \sqrt{اج} + ۱ = ۰$$

پس اگر جب ۲ ط = ۲ ما $\sqrt{اج} \backslash ب$ تو ما کی دو درجی مساوات وہی ہوگی جو مس ط کی ہے جس کی اصلیں مس ط$_۱$، مم عہ ہیں۔ پس دیے ہوئے دو درجی کی اصلیں ہیں

$$-\text{ما ج} \sqrt{\text{ا مس ط}} - \text{ما ج} \sqrt{\text{ا مم ط}}$$

جہاں جب ۲ ط = ۲ $\frac{\text{ما ج}}{\text{ب}}$، اور اس لیے اصلیں لوکارتمی جدولوں کے ذریعہ محسوب کی جا سکتی ہیں۔

اگر ا اور ج مختلف العلامت ہوں تو ہم دو درجی کو لا + ب لا ج = ۰ لے سکتے ہیں؛ اس صورت میں رکھو لا = ما ج $\sqrt{\text{ا}}$ تو دو درجی

$$\text{ما}^{۲} + \text{ب} \sqrt{\text{ما ج}} - ۱ = ۰$$

میں تحویل ہوتا ہے۔ اس مساوات کا مقابلہ مساوات

$$\text{مس}^{۲} \text{ط} + ۲ \text{ مم } ۲ \text{ ط مس ط} - ۱ = ۰$$

کے ساتھ کرنے سے ہم دیکھتے ہیں کہ اگر مس ۲ ط = ۲ ما ج $\sqrt{\text{ب}}$ تو لا میں دو درجی مساوات کی اصلیں ہیں ما ج $\sqrt{\text{ا}}$ مس ط اور - ما ج $\sqrt{\text{ا}}$ مم ط۔

۱۱۷ —— کبھی لا^{۲} + ق لا + ر = ۰ کی اصلیں محسوب کرنا جبکہ اصلیں سب کی سب حقیقی ہوں۔

مساوات جب^{۳} ط - $\frac{۳}{۴}$ جب ط + $\frac{۱}{۴}$ جب ۳ ط = ۰

پر غور کرو۔ فرض کرو لا = ۱ ما - $\frac{۴}{۳}$ ق تو لا میں جو کبھی مساوات ہے وہ ہو جاتی ہے

$$\text{ما}^{۳} - \frac{۳}{۴} \text{ما} + \text{ر} \left(- \frac{۳}{۴} \text{ق}\right)^{\frac{۳}{۲}} = ۰$$

یہ مساوات وہی ہوگی جو جب ط کی مندرجہ بالا مساوات ہے اگر

جب ۳ ط = ۴ ر $\left(- \frac{۳}{۴} \text{ق}\right)^{\frac{۳}{۲}} = \left(- \frac{۲۷ \text{ ر}^{۲}}{۴ \text{ ق}^{۳}}\right)^{\frac{۱}{۲}}$،

اس لیے لا کی قیمتیں ہیں:

$$\text{ما} - \frac{۴}{۳} \text{ق جب ط}، \quad \text{ما} - \frac{۴}{۳} \text{ق جب} \left(\text{ط} + \frac{۲}{۳} \pi\right)، \quad \text{ما} - \frac{۴}{۳} \text{ق جب} \left(\text{ط} + \frac{۴}{۳} \pi\right)،$$

وہ شرط کہ کبھی کی اصلیں سب کی سب حقیقی ہوں یہ ہے کہ جب $۴ط < ا$

(154) ہم کسی آئندہ باب میں دو خیالی اصلوں والی کبھی مساوات کی اصلیں دریافت کرنے کا طریقہ بیان کرینگے۔

وہ اعمال جن کے ذریعہ ہم نے دو درجی اور کبھی مساواتوں کو حل کیا ہے یہ بتاتے ہیں کہ یہ دو جبری مسئلے فی الواقعی اُن ہندسی مسئلوں کے مماثل ہیں جو ایک زاویہ کی علی الترتیب تنصیف و تثلیث سے متعلق ہیں۔ اِس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ایک دو درجی مساوات صرف پٹڑی اور پرکار کی مدد سے ترسیمی طور پر حل کی جاسکتی ہے لیکن کبھی مساوات ان کی مدد سے ترسیمی طور پر بالعموم حل نہیں ہوسکتی کیونکہ یہ آلے ایک زاویہ کی تثلیث کے ہندسی مسئلہ کو عام طور پر حل کرنے کے لیے ناکافی ہیں۔

(155)

دسواں باب

مثلث کے ضلعوں اور زاویوں کے درمیان رشتے

۱۱۸ــــ اگر ا ب ج کوئی مثلث ہو تو ہم زاویوں ب ا ج، ا ب ج، ا ج ب کی مقداروں کو علی الترتیب بڑے حروف ا، ب، ج سے تعبیر کرینگے اور ضلعوں ب ج، ج ا، ا ب کے طولوں کو علی الترتیب چھوٹے حروف ا، ب، ج سے۔ ہم اس باب میں مختلف اہم مسئلوں کی تحقیق کرینگے جو مثلث کے ضلعوں ا، ب، ج کو زاویوں کے دائری تفاعلوں کے ساتھ مربوط کرتے ہیں۔ ان ضابطوں سے اُن طریقوں کی بنیاد ملیگی جن کے ذریعہ مثلث کو اُن مختلف صورتوں میں حل کیا جاتا ہے جن میں مثلث کے تین اجزا دیے جاتے ہیں۔

۱۱۹ــــ ظلّوں کے بنیادی مسئلے سے ہم دیکھتے ہیں کہ ب ج پر ب ا، ا ج کے ظلّوں کا مجموعہ ب ج کے مساوی ہے اور ب ج پر کے ایک عمود پر ان کے ظلّوں کا مجموعہ صفر ہے۔ ان واقعات کو بیان کرنے کے بعد چونکہ ا ج کی مثبت سمت، ب ج کی مثبت سمت کے ساتھ زاویہ ـ ج بناتی ہے اس لیے



ب ا جم ب + ا ج جم ج = ا ،
یا ج جم ب + ب جم ج = ا ،
اور ب ا جب ب - ا ج جب ج = ۰ ،
یا ج جب ب - ب جب ج = ۰ ،

جس کو لکھا جاسکتا ہے $\frac{\text{ب}}{\text{جب ب}} = \frac{\text{ج}}{\text{جب ج}}$ ؛ (156)

اسی طرح دیگر دو ضلعوں اور ان پر کے عمودوں میں سے ہر ایک پر باری باری سے ظل لینے سے جو رشتے حاصل ہوتے ہیں اُن کو اور محصلہ بالا رشتوں کو حسب ذیل شکل میں لکھا جاسکتا ہے :-

$$\left.\begin{array}{l} \text{ا} = \text{ب جم ج} + \text{ج جم ب}\,, \\ \text{ب} = \text{ج جم ا} + \text{ا جم ج}\,, \\ \text{ج} = \text{ا جم ب} + \text{ب جم ا}\,, \end{array}\right\} \quad \ldots\ldots\ldots (۱)$$

$$\frac{\text{ا}}{\text{جب ا}} = \frac{\text{ب}}{\text{جب ب}} = \frac{\text{ج}}{\text{جب ج}} \quad \ldots\ldots\ldots (۲)$$

مساواتوں (۲) سے اِس واقعہ کا اظہار ہوتا ہے کہ کسی مثلث کے اضلاع، متقابلہ زاویوں کی جیبوں کے متناسب ہوتے ہیں۔

۱۲۰ ـــــ رشتوں (۲) کو اس طرح بھی ثابت کیا جا سکتا ہے:۔
مثلث ا ب ج کا حائط دائرہ کھینچو اور فرض کرو کہ اس کا نصف قطر ر ہے، تب ضلع ب ج = ۲ر × دائرہ کا نصف قطر × اُس زاویے کے نصف کی جیب جو ب ج کے محاذی مرکز پر بنتا ہے

یعنے ب ج = ۲ر جب ا یا ۲ر جب (۱۸۰° - ا)

پس ا = ۲ر جب ا

اسی طرح ب = ۲ر جب ب

اور ج = ۲ر جب ج

اس لیے $\frac{ا}{جب\ ا} = \frac{ب}{جب\ ب} = \frac{ج}{جب\ ج} = ۲ر$

رشتہ (۲) کو (۱) سے بھی اخذ کیا جا سکتا ہے، چنانچہ پہلی دو مساواتوں کو شکل

ا - ب جم ج - ج جم ب = ۰،

- ا جم ج + ب - ج جم ا = ۰،

میں رکھنے سے ہم ا، ب، ج کی نسبتیں دریافت کر سکتے ہیں اور اس طرح ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\frac{ا}{جم\ ج\ جم\ ا + جم\ ب} = \frac{ب}{جم\ ب\ جم\ ج + جم\ ا} = \frac{ج}{۱ - جم^{۲}\ ج}$$

اِس لئے $\frac{ا}{جب\ ا\ جب\ ج} = \frac{ب}{جب\ ب\ جب\ ج} = \frac{ج}{جب^{۲}\ ج}$

یعنے $\frac{ا}{جب\ ا} = \frac{ب}{جب\ ب} = \frac{ج}{جب\ ج}$

(۲) سے (۱) کو اخذ کرنے کے لیے چونکہ

$ا = \frac{ا}{جب\ ا}\ جب\ (ب + ج) = \frac{ا}{جب\ ا}$ (جب ب جم ج + جم ب جب ج)،

اس لیے $\frac{ا}{جب ا} = \frac{ب}{جب ب} = \frac{ج}{جب ج} = ب جم ج + ج جم ب$

جو رشتوں (۱) میں سے پہلا رشتہ ہے۔ بالکل اسی طرح دیگر دو رشتے اخذ کیے جا سکتے ہیں۔

اگر ہم (۱) کی تین مساواتوں سے ا، ب، ج کو ساقط کریں تو ہمیں رشتہ حاصل ہوتا ہے

$$جم^2 ا + جم^2 ب + جم^2 ج + ۲ جم ا جم ب جم ج = ۱$$

جو مثلث کے زاویوں کی جیب التماموں کے درمیان درست رہتا ہے۔

۱۲۱ —— اگر ہم مساواتوں (۱) کو علی الترتیب ۔ ا، ب، ج سے ضرب دیں اور پھر انہیں جمع کریں (157)

تو

$$ب^2 + ج^2 - ا^2 = ۲ ب ج جم ا$$

جس سے ایک زاویے کی جیب التمام کے لیے ضلعوں کی رقوم میں ایک جملہ حاصل ہوتا ہے؛ اس ربط کو مع اُن دو ربطوں کے جو جم ب اور جم ج کے لیے ہیں اس طرح لکھا جا سکتا ہے

$$\left.\begin{aligned} ا^2 &= ب^2 + ج^2 - ۲ ب ج جم ا \\ ب^2 &= ج^2 + ا^2 - ۲ ج ا جم ب \\ ج^2 &= ا^2 + ب^2 - ۲ ا ب جم ج \end{aligned}\right\} \quad \ldots\ldots\ldots (۳)$$

۱۲۲ —— ہم اِن رشتوں (۳) کو اقلیدس جلد دوم مسائل ۱۲ اور ۱۳ کی مدد سے بالراست اخذ کر سکتے ہیں۔

اگر ا ل، ب ج پر عمود ہو تو ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$ا ب^2 = ا ج^2 + ب ج^2 - ۲ ب ج \times ج ل$$

جبکہ زاویہ ج حادہ ہو، اور

$$ا ب^2 = ا ج^2 + ب ج^2 + ۲ ب ج \times ج ل$$

جبکہ زاویہ ج منفرجہ ہو۔ پہلی صورت میں

$$ج ل = ا ج جم ج$$

اور دوسری صورت میں

$$ج ل = ا ج جم (۱۸۰° - ج) = - ا ج جم ج$$

اِس لیے ہر دو صورتوں میں

$$ج^۲ = ا^۲ + ب^۲ - ۲ ا ب جم ج$$

رشتوں (۳) سے (۲) کو اخذ کرنے کے لیے چونکہ

$$جم ا = \frac{ب^۲ + ج^۲ - ا^۲}{۲ ب ج}$$

اس لیے $$جب^۲ ا = \frac{۴ ب^۲ ج^۲ - (ب^۲ + ج^۲ - ا^۲)^۲}{۴ ب^۲ ج^۲} = \frac{(۲ ب ج + ب^۲ + ج^۲ - ا^۲)(۲ ب ج + ا^۲ - ب^۲ - ج^۲)}{۴ ب^۲ ج^۲}$$

یا $$جب^۲ ا = \frac{(ا + ب + ج)(ب + ج - ا)(ج + ا - ب)(ا + ب - ج)}{۴ ب^۲ ج^۲}$$

پس $ا^۲$ سے تقسیم کرنے سے $\frac{جب^۲ ا}{ا^۲}$ حسب ذیل متشاکل جملے کے مساوی ہے

$$\frac{(ا + ب + ج)(ب + ج - ا)(ج + ا - ب)(ا + ب - ج)}{۴ ا^۲ ب^۲ ج^۲}$$

اس لیے $$\frac{جب^۲ ا}{ا^۲} = \frac{جب^۲ ب}{ب^۲} = \frac{جب^۲ ج}{ج^۲}$$

جس سے نتیجہ (۲) حاصل ہوتا ہے۔

(۳) سے (۱) کو اخذ کرنے کے لیے (۳) کی پہلی دو مساواتوں کو $ج$ سے تقسیم کرو اور پھر انہیں جمع کرو تو حاصل ہوتا ہے

$$\frac{ا^۲ + ب^۲}{ج} = ۲ ج + \frac{ا^۲ + ب^۲}{ج} - ۲ (ب جم ا + ا جم ب)$$

یا $$ج = ب جم ا + ا جم ب$$ (158)

۱۲۳ —— ہم جانتے ہیں کہ

$$جب^۲ \frac{۱}{۲} ا = \frac{۱}{۲} (۱ - جم ا)،\ جم^۲ \frac{۱}{۲} ا = \frac{۱}{۲} (۱ + جم ا)$$

اس لیے

$$\text{جب}^2 \tfrac{1}{2}\text{ا} = \tfrac{1}{2}\left(1 - \frac{\text{ب}^2 + \text{ج}^2 - \text{ا}^2}{2\,\text{ب ج}}\right),$$

$$\text{جم}^2 \tfrac{1}{2}\text{ا} = \tfrac{1}{2}\left(1 + \frac{\text{ب}^2 + \text{ج}^2 - \text{ا}^2}{2\,\text{ب ج}}\right),$$

یا $$\text{جب}^2 \tfrac{1}{2}\text{ا} = \frac{(\text{ا} + \text{ب} - \text{ج})(\text{ا} - \text{ب} + \text{ج})}{4\,\text{ب ج}}$$

$$\text{جم}^2 \tfrac{1}{2}\text{ا} = \frac{(\text{ا} + \text{ب} + \text{ج})(\text{ب} + \text{ج} - \text{ا})}{4\,\text{ب ج}}$$

اب فرض کرو ۲ س = ا + ب + ج تو ۲ (س - ا) = ب + ج - ا، اور ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\text{جب}^2 \tfrac{1}{2}\text{ا} = \frac{(\text{س}-\text{ب})(\text{س}-\text{ج})}{\text{ب ج}}, \quad \text{جم}^2 \tfrac{1}{2}\text{ا} = \frac{\text{س}(\text{س}-\text{ا})}{\text{ب ج}};$$

اس لیے $$\text{جب} \tfrac{1}{2}\text{ا} = \left\{\frac{(\text{س}-\text{ب})(\text{س}-\text{ج})}{\text{ب ج}}\right\}^{\frac{1}{2}}, \quad \text{جم} \tfrac{1}{2}\text{ا} = \left\{\frac{\text{س}(\text{س}-\text{ا})}{\text{ب ج}}\right\}^{\frac{1}{2}}$$

$$\text{مس} \tfrac{1}{2}\text{ا} = \left\{\frac{(\text{س}-\text{ب})(\text{س}-\text{ج})}{\text{س}(\text{س}-\text{ا})}\right\}^{\frac{1}{2}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۴)$$

ان ضابطوں کے ذریعے زاویوں کے تفاعل معلوم کرنے میں جبکہ ضلع دیے گئے ہوں زیادہ سہولت ہے بہ نسبت ضابطوں (۳) کے، کیونکہ ان کو زیادہ آسانی کے ساتھ لوگارتمی اعمال حساب کے لیے موزوں بنایا جاسکتا ہے۔

۱۲۴ ــــــ چونکہ $\frac{\text{جب ب}}{\text{ب}} = \frac{\text{جب ج}}{\text{ج}}$ اس لیے

$$\frac{\text{جب ب} \pm \text{جب ج}}{\text{جب ا}} = \frac{\text{ب} \pm \text{ج}}{\text{ا}}, \text{ یا } \frac{2\,\text{جب}\frac{1}{2}(\text{ب} \pm \text{ج})\,\text{جم}\frac{1}{2}(\text{ب} \pm \text{ج})}{2\,\text{جب}\frac{1}{2}(\text{ب}+\text{ج})\,\text{جم}\frac{1}{2}(\text{ب}+\text{ج})} = \frac{\text{ب} \pm \text{ج}}{\text{ا}}$$

اِس لیے $\frac{ب+ج}{ا} = \frac{جم\frac{1}{2}(ب-ج)}{جم\frac{1}{2}(ب+ج)}$، اور

$$\frac{ب-ج}{ا} = \frac{جب\frac{1}{2}(ب-ج)}{جب\frac{1}{2}(ب+ج)}$$

یا $ا = \frac{(ب+ج)جب\frac{1}{2}ا}{جم\frac{1}{2}(ب-ج)}$، $ا = \frac{(ب-ج)جم\frac{1}{2}ا}{جب\frac{1}{2}(ب-ج)}$ ..... (۵)

اس لیے عمل تقسیم سے ضابطہ حاصل ہوتا ہے

$$مس\frac{1}{2}(ب-ج) = \frac{ب-ج}{ب+ج} جم\frac{1}{2}ا \quad ..... \quad (۵)$$

اِن ضابطوں کو ہندسی طور پر ثابت کرنے کے لیے مرکز ا اور نصف قطر ا ب کے ساتھ ایک دائرہ کھینچو جو ا ج کو د اور ع پر قطع کرے، د ف، ب ع کے متوازی کھینچو، تب

ج ع = ب + ج، د ج = ج - ب، د ع ب = $\frac{1}{2}$ ا، اور

د ب ف = ج + $\frac{1}{2}$ ا - ۹۰° = $\frac{1}{2}$ ج - $\frac{1}{2}$ ب، اب چونکہ

$$\frac{ج د}{ج ب} = \frac{جب\ ب ف}{جب ع د ب} \quad یا \quad \frac{ب-ج}{ا} = \frac{جب\frac{1}{2}(ب-ج)}{جم\frac{1}{2}ا}$$

(159)



اور نیز $\frac{ب+ج}{ج-ب} = \frac{ج ع}{ج د} = \frac{ع ب}{د ف} = \frac{ب د \times م ۱\frac{1}{2}}{ب د \times س ۱\frac{1}{2}(ج-ب)}$

$= \frac{م ۱\frac{1}{2}}{س ۱\frac{1}{2}(ج-ب)}$

اِس لیے $س ۱\frac{1}{2}(ب-ج) = \frac{ب-ج}{ب+ج} م ۱\frac{1}{2}$

مثلث کا رقبہ

۱۲۵ ـــــ کسی مثلث کا رقبہ اُس متوازی الاضلاع کے رقبہ کا نصف ہوتا ہے جو اُسی قاعدہ پر اُسی ارتفاع کے ساتھ بنایا گیا ہو جو کہ مثلث کے ہیں؛ اگر ضلع ا قاعدہ ہو تو ارتفاع ب جب ج یا ج جب ب ہوگا اور اس لیے مثلث کے رقبہ کے لیے ہمیں حسب ذیل جملے ملینگے:۔

$\frac{1}{2}$ ا ب جب ج اور $\frac{1}{2}$ ا ج جب ب

پس مثلث کا رقبہ = $\frac{1}{2}$ × کوئی دو ضلعوں کا حاصل ضرب × ان کے درمیانی زاویہ کی جیب

یعنے مثلث کا رقبہ اس کے کسی دو ضلعوں اور اِن کے درمیانی زاویہ کی جیب کے حاصل ضرب کا نصف ہوتا ہے۔

اب جب ا کی بجائے وہ جملہ جو دفعہ ۱۲۲ میں معلوم کیا جا چکا ہے یعنے

$\frac{1}{2}$ ب ج $\sqrt{(ا+ب+ج)(ب+ج-ا)(ج+ا-ب)(ا+ب-ج)}$

استعمال کرنے سے مثلث کے رقبہ کے لیے ہمیں یہ جملہ

$\frac{1}{4}\sqrt{(ا+ب+ج)(ب+ج-ا)(ج+ا-ب)(ا+ب-ج)}$

یا $\sqrt{(س(س-ا)(س-ب)(س-ج)}$ ..... (۶)

ملتا ہے۔ اسکندریہ کے ہیرو[1] نے یہ ضابطہ تقریباً ۱۲۵ء ق۔م میں حاصل کیا تھا۔ اِس ضابطہ (۶) کو اس طرح بھی لکھا جاسکتا ہے

$$\frac{1}{4}\sqrt{2ب^2ج^2+2ج^2ا^2+2ا^2ب^2-ا^4-ب^4-ج^4}$$

مثلث کے ضلعوں اور زاویوں میں تغیرات

(160)

۱۲۶ ـــــ اب ہم اُن رشتوں کی تحقیق کرینگے جو ایک مثلث کے ضلعوں اور زاویوں کی قیمتوں کے مثبت یا منفی چھوٹے اضافوں کے درمیان پائے جاتے ہیں۔ فرض کرو کہ ایک مثلث کے اجزاء میں سے تین اجزا کی پیمایش کی گئی ہے جن میں سے کم از کم ایک جزو ضلع ہے، باقی دیگر تین اجزاء اِس باب کے ضابطوں سے متعین ہونگے؛ تب اِن اجزا کے اضافوں کے درمیان جو رشتے ہوتے ہیں اُن کی مدد سے ہم یہ معلوم کرسکینگے کہ قبل الذکر اجزا کی پیمایش میں چھوٹی خطاؤں کی موجودگی سے مابعد الذکر تین اجزا کی قیمتوں میں کیا خطائیں واقع ہوتی ہیں۔ ہم فرض کرلینگے کہ اضافے اس قدر چھوٹے ہیں کہ ان کے مربع اور حاصل ضرب نظر انداز ہوسکتے ہیں۔

فرض کرو کہ ایک مثلث کے ضلعوں اور زاویوں کی قیمتیں ا، ب، ج ا، ب، ج ہیں جن میں تین یعنے ایک ضلع اور دو زاویے، یا دو ضلع اور ایک زاویہ، یا تین ضلعوں کی قیمتیں پیمایش کے ذریعہ معلوم کی گئی ہیں اور دوسری تین قیمتیں ان پیمایش کردہ قیمتوں کے ساتھ مذکورۂ بالا ضابطوں کے

[1] دیکھو بال کی ہسٹری آف میاتھمٹیکس صفحہ ۲۸ جس میں اس ضابطہ کا اصلی ہندسی ثبوت دیا گیا ہے

ذریعہ مربوط ہیں۔ اگر ان پیمایش کردہ اجزا میں کوئی خطا واقع ہوئی ہے تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ دیگر تین اجزا کی قیمتوں میں جو ضابطوں سے حاصل کی گئی ہیں خطائیں واقع ہونگی۔

فرض کرو کہ زاویوں اور ضلعوں کی صحیح قیمتیں ا+مف ا، ب+مف ب، ج+مف ج ا+مف ا، ب+مف ب، ج+مف ج ہیں؛ ہم ان چھ خطاؤں مف ا، مف ب، مف ج، مف ا، مف ب، مف ج کے درمیان رشتے معلوم کرینگے۔ یہ فرض کرنا سہولت بخش ہوگا کہ زاویوں کے اضافے دائری ناپ میں پیمایش کیے گئے ہیں، ان کو فوراً ثانیوں میں تحویل کیا جاسکتا ہے۔

ہمیں حاصل ہوتا ہے ج جب ب - ب جب ج = ۰

اور (ج + مف ج) جب (ب + مف ب) - (ب + مف ب) جب (ج + مف ج) = ۰

اب چونکہ مف ب، مف ج کے مربع نظر انداز ہو سکتے ہیں اس لیے

جب (ب + مف ب) = جب ب + مف ب جم ب،

جب (ج + مف ج) = جب ج + مف ج جم ج

اس لیے (ج + مف ج) (جب ب + مف ب جم ب) - (ب + مف ب) (جب ج + مف ج جم ج) = ۰

اس لیے اگر مف ج، مف ب، مف ب، مف ج کے حاصل ضرب نظر انداز کیے جائیں تو

ج جم ب × مف ب + جب ب × مف ج - ب جم ج مف ج - جب ج مف ب = ۰

اسی طرح اور دو مساواتیں حاصل ہوتی ہیں اور یہ کل تین مساواتیں اس طرح لکھی جاسکتی ہیں:-

$$\left.\begin{array}{l} \text{جب ج} \times \text{مف ب} - \text{جب ب} \times \text{مف ج} = \text{ج جم ب} \times \text{مف ب} - \text{ب جم ج} \times \text{مف ج} \\ \text{جب ا} \times \text{مف ج} - \text{جب ج} \times \text{مف ا} = \text{ا جم ج} \times \text{مف ج} - \text{ج جم ا} \times \text{مف ا} \\ \text{جب ب} \times \text{مف ا} - \text{جب ا} \times \text{مف ب} = \text{ب جم ا} \times \text{مف ا} - \text{ا جم ب} \times \text{مف ب} \end{array}\right\} \cdots (۱)$$

نیز چونکہ

ا + ب + ج = ۲ قا

اور ا + مف ا + ب + مف ب + ج + مف ج = ۲ ۲

اس لیے مف ا + مف ب + مف ج = ۰ ..... (۸) (161)

مساواتیں (۷) ایک دوسرے کے غیر تابع نہیں ہیں جیسا کہ ان کو شکل

$$\frac{\text{مف ب}}{\text{ب}} - \frac{\text{مف ج}}{\text{ج}} = \text{مم ب} \times \text{مف ب} - \text{مم ج} \times \text{مف ج}$$

$$\frac{\text{مف ج}}{\text{ج}} - \frac{\text{مف ا}}{\text{ا}} = \text{مم ج} \times \text{مف ج} - \text{مم ا} \times \text{مف ا}$$

$$\frac{\text{مف ا}}{\text{ا}} - \frac{\text{مف ب}}{\text{ب}} = \text{مم ا} \times \text{مف ا} - \text{مم ب} \times \text{مف ب}$$

میں رکھنے سے معلوم ہو سکتا ہے۔ کیونکہ ان مساواتوں سے ظاہر ہے کہ ان میں سے کوئی ایک مساوات دیگر دو مساواتوں سے اخذ کی جا سکتی ہے۔

پس مساواتوں (۷) میں سے کوئی دو مساواتیں مع مساوات (۸) کے چھ خطاؤں میں سے تین کو متعین کرنے کے لیے کافی ہیں جبکہ دیگر تین خطائیں دی گئی ہوں اور ان میں سے کم از کم ایک خطا، ضلع سے متعلق ہو۔

(۷) اور (۸) سے مف ب اور مف ج کو ساقط کرنے سے ہمیں ایک مساوات حاصل ہوتی ہے جس سے مف ا حاصل ہوتا ہے مف ب، مف ج، اور مف ا کی رقوم میں؛ اس کو ضابطہ ا۲ = ب۲ + ج۲ - ۲ ب ج جم ا سے بھی بالراست معلوم کیا جا سکتا ہے؛ پس ہمیں حاصل ہوتا ہے

ا مف ا = (ب - ج جم ا) مف ب + (ج - ب جم ا) مف ج + ب ج جب ا × مف ا

یہ اور اس کے متناظر دو ضابطے رشتہ (۱) کی مدد سے ذیل کی شکل میں لکھے جا سکتے ہیں۔

$$\left.\begin{array}{l} \text{مف ا} = \text{ا جم ج} \times \text{مف ب} + \text{ا جم ب} \times \text{مف ج} + \text{ب ج جب ا} \times \text{مف ا} \\ \text{ب مف ب} = \text{ب جم ا} \times \text{مف ج} + \text{ب جم ج} \times \text{مف ا} + \text{ج ا جب ب} \times \text{مف ب} \\ \text{ج مف ج} = \text{ج جم ب} \times \text{مف ا} + \text{ج جم ا} \times \text{مف ب} + \text{ا ب جب ج} \times \text{مف ج} \end{array}\right\} \quad \ldots\ldots (9)$$

کثیر الاضلاعوں کے زاویوں اور ضلعوں کے درمیان رشتے

۱۲۷ ــــ فرض کرو کہ کسی مستوی بند کثیر الاضلاع کے ضلع ترتیب وار $ا_۱$، $ا_۲$، $ا_۳$ ..... $ا_ن$ سے تعبیر ہوتے ہیں اور فرض کرو کہ $ع_۱$، $ع_۲$، ... $ع_ن$ وہ زاویے ہیں جو یہ ضلع کسی ثابت خط مستقیم کے ساتھ جو اسی مستوی میں واقع ہے بناتے ہیں اور سب کے سب ایک ہی سمت میں مثبت ناپے گئے ہیں؛ تب ظلوں کے بنیادی مسئلہ (دفعہ ۱۷) سے ثابت خطِ مستقیم پر اور اس کے عمود پر ظل لینے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$ا_۱ \text{ جم } ع_۱ + ا_۲ \text{ جم } ع_۲ + \ldots + ا_ن \text{ جم } ع_ن = ۰$$

$$ا_۱ \text{ جب } ع_۱ + ا_۲ \text{ جب } ع_۲ + \ldots + ا_ن \text{ جب } ع_ن = ۰$$

(162) اب فرض کرو کہ جس ثابت خط پر ظل لیے گئے ہیں اسکو ضلع $ا_ن$ بنایا گیا ہے، اگر $ا_ن$ اور $ا_۱$ کے درمیانی خارجہ زاویہ کو $ہ_۱$ سے تعبیر کریں، $ا_۱$ اور $ا_۲$ کے درمیانی خارجہ زاویہ کو $ہ_۲$ سے، وغیرہ تو

$$ع_۱ = ہ_۱، ع_۲ = ہ_۱ + ہ_۲، ع_۳ = ہ_۱ + ہ_۲ + ہ_۳، \text{ وغیرہ، } ع_ن = ۲ \pi$$

$$\left.\begin{array}{l} \text{پس } ا_۱ \text{ جم } ہ_۱ + ا_۲ \text{ جم } (ہ_۱ + ہ_۲) + ا_۳ \text{ جم } (ہ_۱ + ہ_۲ + ہ_۳) + \ldots\ldots + ا_ن = ۰ \\ ا_۱ \text{ جب } ہ_۱ + ا_۲ \text{ جب } (ہ_۱ + ہ_۲) + ا_۳ \text{ جب } (ہ_۱ + ہ_۲ + ہ_۳) + \ldots\ldots \\ \quad + ا_{ن-۱} \text{ جب } (ہ_۱ + ہ_۲ + \ldots + ہ_{ن-۱}) = ۰ \end{array}\right\} \quad \ldots\ldots (10)$$

یہ دو رشتے (۱۰) کثیر الاضلاع کے ضلعوں اور زاویوں کے درمیان بنیادی رشتے ہیں۔ اگر ضلعوں کی تعداد صرف تین ہو تو یہ رشتے (۱) اور (۲) میں تحویل ہو جاتے ہیں کیونکہ اس صورت میں بہ = π - ½ بہ = π - ½ -

۱۲۸ ——— (۱۰) کی پہلی مساوات میں لو کو مساوات کی دوسری جانب منتقل کرو، پھر ہر مساوات کی طرفین کا مربع لے کر جمع کرو تو نتیجہ میں ۲ لو لس کا سر

جم (بہ + بہ + ... + بہ) جم (بہ + بہ + ... + بس)

+ جب (بہ + بہ + ... + بہ) جب (بہ + بہ + ... + بس)

ہو گا

یعنی جم (ر + بہ + ۲ + ... + بس) ؛

یہ جیب التمام ہے زاویہ طہ کی جو ضلعوں لر اور لس کی مثبت سمتوں کا درمیانی زاویہ ہے؛ پس ہمیں ضابطہ حاصل ہوتا ہے۔

لو² = لو² + لو² + ... + لو² + ۲ لو لو جم طہ + ... + ۲ لو لس جم طہ + ...

..... (۱۱)

جو ضابطہ (۳) کے مماثل ہے اور اس میں تحویل ہو جاتا ہے اگر ن = ۳۔ ضابطہ (۱۱) میں ر اور س غیر مساوی ہیں اور ہر ایک ن سے کم ہے۔

کثیر الاضلاع کا رقبہ

۱۲۹ ——— کثیر الاضلاع کا رقبہ جملہ

½ (لو لو جب طہ + ... + لو لس جب طہ + ...) ... (۱۲)

یا ½ ≥ لو لس جب طہ سے حاصل ہوتا ہے جبکہ مجموعہ ر اور س کی تمام مختلف قیمتوں کے لیے لیا گیا ہو۔ اگر ہم مقداروں ر اور س میں سے س کو

ہمیشہ ر سے بڑا فرض کریں تو زاویہ طہ حسب دفعہ سابق خارجہ زاویوں
ہر+۱، ہر+۲، ... ہن کا حاصل جمع ہے۔ ضابطہ بالا کو ثابت کرنے
کے لیے ہم پہلے یہ دکھائینگے کہ ایک مثلث کی صورت میں یہ ضابطہ
جملہ ½ ل۱ ل۲ ... ل۳ جب ا۱ میں تحویل ہوتا ہے اور پھر ہم یہ بتائینگے کہ اگر وہ،
(ن-۱) ضلعوں والے کثیر الاضلاع کے لیے درست ہے تو وہ، ن
ضلعوں والے کثیر الاضلاع کے لیے بھی درست ہے۔

مثلث ا۱ ا۲ ا۳ کی صورت میں جس میں ا۱ ا۲ = ل۳ ہمیں حاصل ہوتا ہے (163)

طہ۲۱ = π - ا۲، طہ۳۲ = π - ا۱، طہ۳۱ = ۲π - ا۲ - ا۳ ؛

پس اس صورت میں جملہ ½ Σ ل۱ ل۲ جب طہ۱۲
= ½ (ل۱ ل۲ جب ا۲ + ل۲ ل۳ جب ا۳ - ل۱ ل۳ جب ا۱)
= ½ ل۱ ل۲ ل۳ جب ا۱

اس طرح ضابطہ بالا درست ہے جبکہ ن = ۳،
اب فرض کرو کہ (ن-۱) ضلعوں
ل۱، ل۲، ..... ل ن-۱
والے کثیر الاضلاع کے لیے ضابطہ درست ہے، اس طرح اس کثیر الاضلاع
کا رقبہ ہے

½ Σ ل۱ ل۲ جب طہ۱۲ + ½ ل ن-۱ Σ ل۱ جب طہ ن-۱، ر

جس میں ر اور س میں سے ہر ایک، ن-۱ سے کم ہے۔ اب ضلع ل ن-۱ کی
جگہ دو ضلع ل۱، ل ن رکھو اور اس طرح ن ضلعوں والا ایک کثیر الاضلاع
بناؤ؛ تب ہمیں ½ ل۱ ل ن جب طہ ن،۱ کو رقبۂ بالا میں جمع کرنا ہوگا؛ پس

ن ضلعوں والے کثیر الاضلاع کا رقبہ ہے

$\frac{1}{2} \Sigma$ ر^2 جس جب طس + $\frac{1}{2}$ ر$_{ن-1}$ ر$_ن$ Σ جب طَ$_{ن-1}$ر + $\frac{1}{2}$ ر$_{ن-1}$ ر$_ن$ جب طَ$_{ن-1}$ن

اب ضلع ر$_{ن-1}$ کا ظل ر پر لینے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

ر$_{ن-1}$ جب طَ$_{ن-1}$ن = ر$_{ن-1}$ جب طَ$_{ن-1}$ن + ر$_ن$ جب طَ$_{ن}$ن

پس جملہ بالا ہو جاتا ہے

$\frac{1}{2} \Sigma$ ر^2 جس جب طس + $\frac{1}{2} \Sigma$ ر(ر$_{ن-1}$ جب طَ$_{ن-1}$ن + ر$_ن$ جب طَ$_{ن}$ن)

+ $\frac{1}{2}$ ر$_{ن-1}$ ر$_ن$ جب طَ$_{ن-1}$ن

یا $\frac{1}{2} \Sigma$ ر^2 جس جب طس

جبکہ ر اور س کو ایک سے لے کر ن تک تمام مختلف قیمتیں دی جائیں ایسی کہ ر < س۔

اب ہم ثابت کر چکے ہیں کہ ضابطہ (۱۲) درست ہے جبکہ ن = ۳، اور اس لیے وہ درست ہے جبکہ ن = ۴، اور علیٰ ہذا القیاس؛ اس لیے وہ عام طور پر بھی درست ہے خواہ کثیر الاضلاع کے ضلعوں کی تعداد کچھ ہی ہو۔

یہ مشاہدہ طلب ہے کہ ضابطہ (۱۲) میں ر^2 کا سر، (۱۰) کی دوسری مساوات کی وجہ سے معدوم ہوتا ہے؛ پس ضابطہ ہو جاتا ہے

$\frac{1}{2} \Sigma$ ر ر جس جب طس جہاں ر اور س، ۲ سے ن تک تمام قیمتیں اختیار کرتے ہیں ایسی کہ ہمیشہ س > ر۔

(164)

دسویں باب پر مثالیں

ایک مثلث اب ج کے لیے حسب ذیل رشتے از مثال ۱ تا ۱۱

ثابت کرو:-

(۱) ا جب (ب-ج) + ب جب (ج-ا) + ج جب (ا-ب) = ۰

(۲) ا^{۳} جم ا + ب^{۳} جم ب + ج^{۳} جم ج = ا ب ج (۱ + ۴ جم ا جم ب جم ج)

(۳) ا^{۲} جم ج + ج^{۲} جم ا = $\frac{ج + ا}{۲ ب}$ { ب^{۲} + (ج - ا)^{۲} }

(۴) ا جم ا جم ۲ ا + ب جم ب جم ۲ ب + ج جم ج جم ۲ ج

+ ۴ جم ا جم ب جم ج (ا جم ا + ب جم ب + ج جم ج) = ۰

(۵) ا^{۲} جم ۲ (ب-ج) = ب^{۲} جم ۲ ب + ج^{۲} جم ۲ ج + ۲ ب ج جم (ب-ج)

(۶) ا^{۳} جم (ب-ج) + ب^{۳} جم (ج-ا) + ج^{۳} جم (ا-ب) = ۳ ا ب ج

(۷) ج^{۳} = ا^{۳} جم ۳ ب + ۳ ا^{۲} ب جم (۲ ب-ا) + ۳ ا ب^{۲} جم (ب-۲ ا)

+ ب^{۳} جم ۳ ا

(۸) (م $\frac{۱}{۲}$ ا-مس $\frac{۱}{۲}$ ب-مس $\frac{۱}{۲}$ ج)$^{\frac{۱}{۲}}$ + (م $\frac{۱}{۲}$ ب-مس $\frac{۱}{۲}$ ج-مس $\frac{۱}{۲}$ ا)$^{\frac{۱}{۲}}$

+ (م $\frac{۱}{۲}$ ج-مس $\frac{۱}{۲}$ ا-مس $\frac{۱}{۲}$ ب)$^{\frac{۱}{۲}}$ = (م $\frac{۱}{۲}$ ا + م $\frac{۱}{۲}$ ب + م $\frac{۱}{۲}$ ج)$^{\frac{۱}{۲}}$

(۹) ب^{۲} + ج^{۲} - ۲ ب ج جم (ا + ۹۰°) = ج^{۲} + ا^{۲} - ۲ ج ا جم (ب + ۹۰°)

= ا^{۲} + ب^{۲} - ۲ ا ب جم (ج + ۹۰°)

اس نتیجہ کی ہندسی طور پر توضیح کرو۔

(۱۰) جم $\frac{۱}{۲}$ ب جب ($\frac{۱}{۲}$ ب + ج) : جم $\frac{۱}{۲}$ ج جب ($\frac{۱}{۲}$ ج + ب)

= ا + ج : ا + ب

(۱۱) (ا + ب) جب ب = ۲ ب جب (ب + $\frac{۱}{۲}$ ج) جم $\frac{۱}{۲}$ ج

(۱۲) ثابت کرو کہ اگر ایک مثلث کے ضلع سلسلہ حسابیہ میں ہوں تو اس کے نیم زاویوں کے مماس التمام سلسلہ حسابیہ میں ہوتے ہیں۔

(۱۳) اگر ایک مثلث کے ضلعوں کے مربع سلسلہ حسابیہ میں ہوں تو ثابت کرو کہ اس کے زاویوں کے مماس سلسلہ موسیقیہ میں ہیں۔

(۱۴) اگر ب۔ا، جم ا، ا۔جم ب، ا۔جم ج سلسلہ موسیقیہ میں ہوں تو ثابت کرو کہ جب ا، جب ب، جب ج سلسلہ موسیقیہ میں ہیں۔

(۱۵) اگر ب۔ا = م ج تو ثابت کرو کہ ا = جم$^{-1}$ (م جم ½ ج) − ½ ج

اور $\text{مم}\frac{1}{2}(\text{ب}-\text{ا}) = \frac{1+\text{م جم ب}}{\text{م جب ب}}$

(۱۶) ثابت کرو کہ ایک مثلث میں جم ا + جم ب + جم ج < ۱ اور $\not< \frac{3}{2}$

(۱۷) ثابت کرو کہ ایک مثلث میں مس^2 ½ ب مس^2 ½ ج + مس^2 ½ ج مس^2 ½ ا + مس^2 ½ ا مس^2 ½ ب < ۱، اور یہ کہ اگر ایک زاویہ دو قائمہ زاویوں کے لانہایا قریب آئے تو اس جملہ کی کم سے کم قیمت ½ ہے۔

(۱۸) ثابت کرو کہ ایک مثلث متساوی الاضلاع ہوگا اگر مم ا + مم ب + مم ج = ۳/۲

(165)

(۱۹) اگر ایک مثلث میں

قم ا قم ب قم ج + ۴ مم ا مم ب مم ج

= قط ½ ا قط ½ ب قط ½ ج + ۴ مس ½ ا مس ½ ب مس ½ ج

تو ثابت کرو کہ اس کا ایک زاویہ ۹۰° ہے۔

(۲۰) اگر ایک مثلث میں جم ا = جم ب جم ج تو ثابت کرو کہ مم ب مم ج = ½

(۲۱) اگر ط وہ زاویہ ہو جو جم ط = $\frac{\text{ا}-\text{ب}}{\text{ج}}$ سے متعین ہوتا ہے تو ثابت کرو کہ

$$\text{جم}\frac{1}{2}(\text{ا}+\text{ب}) = \frac{(\text{ا}+\text{ب})\text{جب ط}}{2\sqrt{\text{ا ب}}}$$

اور $$\text{جم}\frac{1}{2}(\text{ا}+\text{ب}) = \frac{\text{ج جب ط}}{2\sqrt{\text{ا ب}}}$$

(۲۲) اگر ایک متساوی الاضلاع مثلث کے اندر ایک نقطہ و ہو تو ثابت کرو کہ

$$\text{جم}(\text{ب و ج} - ۹۰^\circ) = \frac{\text{ب و}^۲ + \text{ج و}^۲ - \text{ا و}^۲}{۲\,\text{ب و} \times \text{ج و}}$$

(۲۳)۔ اگر ج = ب + $\frac{۱}{۲}$ ا اور ب ج نقطہ د پر تقسیم ہو ایسا کہ ب د : د ج = ۱ : ۳ تو ثابت کرو کہ ∠ ا ج د = ۲ ∠ ا د ج

(۲۴) اگر ایک مثلث ا ب ج کے قاعدے کے ساتھ خطِ مستقیم ج ع، ج ع مساوی زاویے ع ہ بنائیں تو ثابت کرو کہ

رقبہ ا ب ج : رقبہ ج ع ہ :: ج ب : ۲ ب ج × ا م ع ہ

(۲۵) اگر ا ب کو نقاط ج، د پر تقسیم کیا گیا ہو ایسا کہ ا ج = ج د = د ب اور اگر پ کوئی دوسرا نقطہ ہو تو ثابت کرو کہ

جب ا پ د × جب ب پ ج = ۴ × جب ا پ ج × جب ب پ د

(۲۶) اگر ایک متوازی الاضلاع کے ضلع ا، ب ہوں اور ان کا درمیانی زاویہ سہ ہو تو ثابت کرو کہ وتروں کا حاصل ضرب ہے $\frac{۱}{۲}$ (ا^۲ + ب^۲) − ۴ ا^۲ ب^۲ جم^۲ سہ کے $\frac{۱}{۲}$

(۲۷) اگر ایک مثلث کے ضلع ب ج کا نقطہ وسطی د ہو اور زاویہ ب ا د = طہ، زاویہ ج ا د = فہ تو ثابت کرو کہ مم طہ − مم فہ = مم ب − مم ج

(۲۸) ایک خط مستقیم ایک مثلث کے زاویہ ج کو دو حصوں عہ، بہ میں اور ضلع ج کو دو مقطوعوں لا، ما میں تقسیم کرتا ہے اور اس ضلع کے ساتھ زاویہ طہ پر مائل ہے، ثابت کرو کہ لا مم عہ − ما مم بہ = ما مم ا − لا مم ب = (لا + ما) مم طہ

(۲۹) اگر ایک مثلث کے ضلع سلسلہ حسابیہ میں ہوں اور اگر بڑے سے بڑا زاویہ چھوٹے سے چھوٹے زاویہ سے بقدر ۹۰° کے بڑا ہو تو ثابت کرو کہ ضلعوں میں نسبت ما ۲ + ۱ : ما ۲ : ما ۲ − ۱ ہے۔

(۳۰) ہندسی طور پر ثابت کرو کہ کسی مثلث میں

ا جم ط = ب جم (ج − ط) + ج جم (ب + ط)، جس میں ط کوئی زاویہ ہے۔

اگر کسی مستوی ذوالاربعۃ الاضلاع کے ضلعوں ا ب، ب ج، ج د کو ا، ب، ج سے تعبیر کیا جائے تو ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{ا جب ا - ب جب (ا - ب) + ج جب (ا - ب - ج)}}{\text{ا جم ا - ب جم (ا - ب) + ج جم (ا - ب - ج)}} = \text{مس ۲ ا}$$

(۳۱) اگر ایک مثلث ا ب ج ایسا ہو کہ ایک خط مستقیم ا د جو ب ج کو نقطہ د پر ملتا ہے کھینچا جا سکتا ہے اس طور پر کہ د ب ا د = $\frac{1}{3}$ د ب ا ج اور نیز ب د = $\frac{1}{3}$ ب ج تو ثابت کرو کہ ا^2 ب^2 = (ب^2 - ج^2) (ب^2 + ۸ ج^2)

(۳۲) ایک مربع کا ایک ضلع ب ج ہے اور ب ج کے عمودی ناصف پر دو نقطے پ، ق لیے گئے ہیں جو مربع کے مرکز سے مساوی فاصلے پر ہیں؛ ب پ، ج ق کو ملایا گیا ہے اور وہ ایک دوسرے کو نقطہ ا پر قطع کرتے ہیں؛ ثابت کرو کہ مثلث ا ب ج میں

$$\text{مس ا (مس ب - مس ج)}^2 + ۸ = ۰$$

(166)

(۳۳) اگر
$$\left.\begin{aligned} \text{ما}^2 + \text{ی}^2 - ۲ \text{ ما ی جم ع} &= \text{ا}^2 \\ \text{ی}^2 + \text{لا}^2 - ۲ \text{ ی لا جم ب} &= \text{ب}^2 \\ \text{لا}^2 + \text{ما}^2 - ۲ \text{ لا ما جم ج} &= \text{ج}^2 \end{aligned}\right\} \text{اور } \text{ع} + \text{ب} + \text{ج} = ۲\pi$$

تو ثابت کرو کہ

(ما جب ع + ی لا جب ب + لا ما جب ج)^2 = $\frac{1}{4}$ (۲ ب^2 ج^2 + ۲ ج^2 ا^2 + ۲ ا^2 ب^2 - ا^4 - ب^4 - ج^4)

(۳۴) اگر ایک مثلث کے زاویے ا، ب، ج ہوں اور لا، ما، ی حقیقی مقداریں ہوں ایسی کہ وہ مساوات

$$\frac{\text{ما جب ج - ی جب ب}}{\text{لا - ما جم ج - ی جم ب}} = \frac{\text{ی جب ا - لا جب ج}}{\text{ما - ی جم ا - لا جم ج}}$$

کو پورا کرتی ہیں تو ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{لا}}{\text{جب ا}} = \frac{\text{ما}}{\text{جب ب}} = \frac{\text{ی}}{\text{جب ج}}$$

(۳۵) ثابت کرو کہ بڑے سے بڑے مستطیل کا رقبہ جو نصف قطر کے دائرے کے ایک قطاع میں بنایا جا سکتا ہے ۲ مس $\frac{1}{4}$ ع ہے جہاں ۲ ع، قطاع کا

زاویہ ہے۔

(۳۶) بتاؤ کہ کس طرح اقل رقبہ کا قائم الزاویہ مثلث بنایا جا سکتا ہے جس کے راس تین دیے ہوئے متوازی خطوط مستقیم پر واقع ہوں؛ اگر درمیانی خط مستقیم کے فاصلے دوسرے دو خطوں سے ا، ب ہوں تو ثابت کرو کہ مثلث کا وتر متوازی خطوط کے ساتھ زاویہ $\tan^{-1}\frac{ا-ب}{ا+ب}$ بناتا ہے۔

(۳۷) ایک مثلث کے ضلعوں کے طول پیمائشوں سے معلوم کیے گئے ہیں، جن میں خفیف سی خطائیں واقع ہوئی ہیں؛ ان طولوں سے مثلث کے زاویوں کا حساب لگانے سے معلوم ہوا کہ زاویے ا، ب، ج ہیں۔ اگر طولوں میں تقریبی خطائیں عہ، بہ، جہ ہوں تو ثابت کرو کہ ان کے جواب میں زاویوں کے مماس التماموں کی خطائیں مقداروں

قم ا (بہ جم ج + جہ جم ب - عہ)، قم ب (جہ جم ا + عہ جم ج - بہ)

قم ج (عہ جم ب + بہ جم ا - جہ)

کے متناسب ہونگی۔

(۳۸) اگر ایک مثلث کے ضلعوں کی پیمائش میں دو ضلعوں ا، ب میں چھوٹی خطائیں لا، ما واقع ہوں تو زاویہ ج میں خطا ہوگی

$$-\left(\frac{لا}{ا}\text{ قم ب} + \frac{ما}{ب}\text{ قم ا}\right)$$

نیز دوسرے زاویوں کی خطائیں بھی معلوم کرو۔

(۳۹) ایک مثلث کا رقبہ اس کے ضلعوں کے طول ناپ کر معلوم کیا گیا ہے؛ اور کسی طول کے ناپنے میں ممکن الوقوع خطا کی انتہا خواہ وہ مثبت ہو یا منفی طول کی ن گنا ہے جہاں ن ایک چھوٹی مقدار ہے۔ ثابت کرو کہ اس مثلث کی صورت میں جس کے اضلاع (پیمائش کردہ) ۱۱۰، ۸۱، ۵۹ ہیں خطا کی انتہا جو اس کے رقبہ میں ممکن ہے رقبہ کی تقریباً ۳۳ء۳ ن گنا ہے۔

(۴۰) ثابت کرو کہ ایک ذو اربعۃ الاضلاع کے چار زاویوں کی جیوب التمام ج، ج، ج، ج رشتہ ذیل کو پورا کرتی ہیں:-

$$(ج_1^4 + ج_2^4 + ج_3^4 + ج_4^4) - ۲(ج_1^2 ج_2^2 + ج_1^2 ج_3^2 + ج_1^2 ج_4^2 + ج_2^2 ج_3^2 + ج_2^2 ج_4^2 + ج_3^2 ج_4^2)$$
$$+ ۴(ج_1^2 ج_2^2 ج_3^2 + ج_1^2 ج_2^2 ج_4^2 + ج_1^2 ج_3^2 ج_4^2 + ج_2^2 ج_3^2 ج_4^2)$$
$$+ ۴ ج_1 ج_2 ج_3 ج_4 (۲ - ج_1^2 - ج_2^2 - ج_3^2 - ج_4^2) = ۰$$

(167)

گیارہواں باب

مثلثوں کا حل

۱۳۰ ــــ اب ہم پچھلے باب کے محصلہ ضابطوں کو مثلثوں کے حل کرنے میں استعمال کرینگے یعنے اس وقت جب چھ اجزا میں سے تین اجزا کی مقداریں دی گئی ہوں جن میں سے کم از کم ایک ضلع ہو تو باقی تین اجزا کی مقداریں معلوم کرنے میں۔ ہم بالعموم ایسے ضابطوں کا انتخاب کرینگے جن کو لوگارتھموں کے ذریعہ عددی حساب لگانے میں استعمال کیا جا سکتا ہے کیونکہ صرف یہی ضابطے عمل میں مفید ہوتے ہیں۔

مثلثوں کا حل زاویوں کے دائری تفاعلوں کی عددی قیمتیں معلوم کرنے کے عمل پر منحصر کیا جاتا ہے، اب چونکہ دائری تفاعل قائم الزاویہ مثلثوں کے ضلعوں کی نسبتیں ہیں اس لیے ظاہر ہے کہ تمام مثلثوں کا حل ان مثلثوں کو قائم الزاویہ مثلثوں میں تقسیم کرکے انجام پا سکتا ہے۔

قائم الزاویہ مثلثوں کا حل

۱۳۱ ــــ فرض کرو کہ ایک مثلث کا زاویہ ج، ۹۰° ہے، تب یہ زاویہ دئے ہوئے اجزا میں سے ایک ہے اور ہم مثلث کو ان مختلف

صورتوں میں حل کر سکتے ہیں جن میں دوسرے دو اجزا دیے گئے ہوں اور ان میں سے کم از کم ایک جزو ضلع ہو۔

(۱) فرض کرو کہ دو ضلع ا، ب دیے گئے ہیں؛ تب ضابطہ مس ا = $\frac{ب}{ا}$ سے ا معلوم کیا جا سکتا ہے اور پھر ب، ا کا متمم زاویہ ہونے کی وجہ سے معلوم ہوتا ہے؛ نیز ج = رقم ا جس سے ج معلوم ہوتا ہے جبکہ ا معلوم کر لیا گیا ہو؛ تب اس مثلث کو حل کرنے کے لیے لوکارتمی ضابطے ہیں

ل مس ا = ۱۰ + لوک ا - لوک ب ،

ب = ۹۰° - ا ،

لوک ج = لوک ا - ل جب ا + ۱۰

(168) (۲) فرض کرو کہ وتر ج اور ایک ضلع ا دیے گئے ہیں؛ تب ضابطہ جب ا = $\frac{ا}{ج}$ کے ذریعہ ا معلوم کیا جاتا ہے؛ ب، ا کا متمم ہے؛ ضابطہ ب = ج جم ا، یا ب^{۲} = ج^{۲} - ا^{۲} سے ب معلوم ہوتا ہے۔

لوکارتمی ضابطے ہیں

ل جب ا = ۱۰ + لوک ا - لوک ج ،

ب = ۹۰° - ا ،

اور لوک ب = لوک ج + ل جم ا - ۱۰

یا لوک ب = $\frac{۱}{۲}$ لوک (ج + ا) + $\frac{۱}{۲}$ لوک (ج - ا)

(۳) فرض کرو کہ وتر ج اور ایک زاویہ ا دیے گئے ہیں تو فوراً ا کے متمم کے طور پر معلوم ہوتا ہے؛ ضابطہ ا = ج جب ا سے ا معلوم ہوتا ہے اور ب پچھلی صورت کے مانند حاصل ہوتا ہے۔

لوکارتمی ضابطے ہیں

لوک ا = لوک ج + ل جب ا - ۱۰ ،

ب = ۹۰° - ا ،

لوک ب = لوک ج + ل جم ا - ۱۰

یا لوک ب = ½ لوک (ج + ل) + ½ لوک (ج - ل)

(۴) فرض کرو کہ ایک ضلع ل اور ایک زاویہ ا دیے گئے ہیں؛ تب ب ہے ۹۰° - ا، ج ہے ل ظم ا، اور ب پچھلی دو صورتوں کی مانند معلوم ہوتا ہے۔

لوکارتمی ضابطے ہیں

لوک ج = لوک ل - ل جب ا + ۱۰،

ب = ۹۰° - ا،

لوک ب = لوک ج + ل جم ا - ۱۰

یا لوک ب = ½ لوک (ج + ل) + ½ لوک (ج - ل)

۱۳۲ ——— بعض صورتوں میں دفعہ سابق کے ضابطے سہولت بخش نہیں ہوتے مثلاً صورت (۲) میں اگر زاویہ ا، ۹۰° کے قریب ہو تو اس کو مساوات جب ا = ل/ج سے سہولت کے ساتھ معلوم نہیں کیا جا سکتا کیونکہ متصل جیوب کے لیے فرق اس صورت میں ناقابل قدر ہیں، اس لیے ہم دوسرا ضابطہ استعمال کرتے ہیں؛ دسویں باب کے مسئلہ (۴) سے ہم حاصل کرتے ہیں ب مس ½ ب = ج - ل، ب مم ½ ب = ج + ل،

پس مس² ½ ب = (ج - ل)/(ج + ل) اور اس طرح

مس (۴۵° - ½ ا) = ((ج - ل)/(ج + ل))^½

یہ ضابطہ متذکرہ صدر اعتراض سے پاک ہونے کی وجہ سے ا کے معلوم کرنے کے لیے استعمال ہو سکتا ہے۔

نیز صورتوں (۳) اور (۴) میں ضابطہ ب = ج جم ا غیر سہولت بخش ہے جبکہ ا بہت چھوٹا ہو؛ ایسی صورت میں ہم ضابطہ ب = ج - ج جب ا × مس ½ ا استعمال کر سکتے ہیں۔

(169) ۱۳۳ ـــــ قائم الزاویہ مثلثوں کے حل کے لیے متعدد تقریبی ضابطے معلوم کیے جا سکتے ہیں۔ فرض کرو کہ زاویوں ا، ب کے دائری ناپ عہ، بہ ہیں۔

(۱) ضابطہ ا = ج جم ب کی تقریبی شکل ہے

$$ا = ج\,(ا - \tfrac{1}{6}\,ب^{۲} + \tfrac{1}{۱۲۰}\,ب^{۴})$$

جو جم ب کو ب کے دائری ناپ کی قوتوں میں پھیلانے سے اور اس پھیلاؤ کی پہلی تین رقمیں لینے سے حاصل ہوئی ہے۔ اب یہ ضابطہ ا کو تقریبی طور پر محسوب کرنے کے لئے استعمال ہو سکتا ہے جبکہ ج اور ب دیے گئے ہوں اور یہ بہت بڑا نہ ہو۔

(۲) چونکہ جب ا = $\frac{ا}{ج}$، ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$عہ - \tfrac{1}{6}\,عہ^{۳} + \tfrac{1}{۱۲۰}\,عہ^{۵} = \frac{ا}{ج}\text{، تقریباً}$$

عہ کو $\frac{ا}{ج}$ کی رقوم میں حاصل کرنے کے لیے پہلے تقرب کے طور پر عہ = $\frac{ا}{ج}$ لے سکتے ہیں، دوسرے تقرب کے طور پر

$$عہ = \frac{ا}{ج} + \tfrac{1}{6}\left\{\frac{ا}{ج}\right\}^{۳}\text{، اور تیسرے تقرب کے طور پر}$$

$$عہ = \frac{ا}{ج} + \tfrac{1}{6}\left\{\frac{ا}{ج} + \tfrac{1}{6}\left(\frac{ا}{ج}\right)^{۳}\right\}^{۳} - \tfrac{1}{۱۲۰}\left(\frac{ا}{ج}\right)^{۵}$$

یا

$$عہ = \frac{ا}{ج} + \tfrac{1}{6}\left(\frac{ا}{ج}\right)^{۳} + \left(\tfrac{۳}{۴۰}\right)\left(\frac{ا}{ج}\right)^{۵}\text{،}$$

جس کو عہ کے محسوب کرنے میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

(۳) مساوات مس $\frac{1}{۲}$ ب = $\left(\frac{ج - ا}{ج + ا}\right)^{\frac{1}{۲}}$ سے تقریبی ضابطہ

$$\tfrac{1}{۲}\,بہ = \left(\frac{ج - ا}{ج + ا}\right)^{\frac{1}{۲}}\left\{۱ - \tfrac{1}{۴}\left(\frac{ج - ا}{ج + ا}\right) + \tfrac{1}{۵}\left(\frac{ج - ا}{ج + ا}\right)^{۲}\right\}$$

حاصل ہو سکتا ہے۔

(۴) زاویہ کے دائری ناپ کے بارے میں اسنیلیس (Snellius) کا

ضابطہ (دیکھو مثال ۳۲ صفحہ ۲۲۴)

$$\text{فہ} = \frac{۳ \text{ جب } ۲ \text{ فہ}}{۲ (۲ + \text{جم } ۲ \text{ فہ})}$$

کو جس میں تقریبی خطا $\frac{۴}{۴۵}$ فہ^۵ ہے استعمال کرو اور رکھو ۲ فہ = ب تو ہمیں ضابطہ حاصل ہوتا ہے ب = $\frac{۳ \text{ ب}}{۲ \text{ ج} + \text{ا}}$ اور تقریبی خطا ہے $\frac{۱}{۱۸۰}$ ب^۵

پس ب، اس تقریبی مساوات

$$\text{ب} = \frac{۳ \text{ ب}}{۲ \text{ ج} + \text{ا}} \times ۵۷٫۲۹۵۷۷$$

سے درجوں میں حاصل ہوتا ہے۔

غیر قایم الزاویہ مثلثوں کا حل

۱۳۴ ــــــ مثلث کو حل کرنا جب تین ضلع دیے جائیں۔

ضابطوں

$$\text{جب } \frac{۱}{۲} \text{ ا} = \left\{ \frac{(\text{س} - \text{ب})(\text{س} - \text{ج})}{\text{ب ج}} \right\}^{\frac{۱}{۲}},$$

$$\text{جم } \frac{۱}{۲} \text{ ا} = \left\{ \frac{\text{س} (\text{س} - \text{ا})}{\text{ب ج}} \right\}^{\frac{۱}{۲}},$$

$$\text{مس } \frac{۱}{۲} \text{ ا} = \left\{ \frac{(\text{س} - \text{ب})(\text{س} - \text{ج})}{\text{س} (\text{س} - \text{ا})} \right\}^{\frac{۱}{۲}},$$

میں سے کوئی ایک ضابطہ مع دیگر زاویوں کے متناظر ضابطوں کے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہ سب ضابطے لوکارثمی عمل حساب کے لیے موزوں ہیں۔

(170)

مثال

ایک مثلث کے ضلع ۴، ۷، ۹ کے متناسب ہیں۔ اِس کے زاویے معلوم کرو جبکہ حسب ذیل لوکارتم دیے گئے ہوں:—

لوک ۲ = ۰٫۳۰۱۰۳۰

ل مس ۱۲° ۳۶′ = ۹٫۳۴۹۳۲۹، فرق ۱′ کے لیے = ۰٫۰۰۰۵۹۳

ل مس ۱۲° ۴۲′ = ۹٫۳۵۰۲۸۱، فرق ۱′ کے لیے = ۰٫۰۰۰۳۳۹

چونکہ س = ۱۰، س − ر = ۶، س − ب = ۳، س − ج = ۱، اس لیے

مس ½ ا = $\sqrt{\frac{۱}{۲۰}}$، مس ½ ب = $\sqrt{\frac{۲}{۱۰}}$، اس طرح

ل مس ½ ا = ۱۰ − ½ (۱ + ۰٫۳۰۱۰۳۰) = ۹٫۳۴۹۴۸۵

اور ل مس ½ ب = ۱۰ + ½ (۰٫۳۰۱۰۳۰ − ۱) = ۹٫۳۵۰۵۱۵

ا معلوم کرنے کے لیے چونکہ ۹٫۳۴۹۴۸۵ − ۹٫۳۴۹۳۲۹ = ۰٫۰۰۰۱۵۶

اور $\frac{۱۵۶}{۵۹۳}$ × ۶۰′ = ۱۵٫۸′ تقریباً، اس لیے ½ ا = ۱۲° ۳۶′ ۱۵٫۸″ یا

ا = ۲۵° ۱۲′ ۳۱٫۶″

ب معلوم کرنے کے لیے چونکہ ۹٫۳۵۰۵۱۵ − ۹٫۳۵۰۲۸۱ = ۰٫۰۰۰۲۳۴

اور $\frac{۲۳۴}{۳۳۹}$ × ۶۰′ = ۴٫۱′ تقریباً، اس لیے ½ ب = ۲۴° ۵′ ۴٫۱″ یا

ب = ۴۸° ۱۰′ ۸٫۲″؛ نیز ج = ۱۸۰° − ا − ب = ۱۰۶° ۱۳′ ۳۶٫۶″، اِس طرح زاویوں کی تقریبی قیمتیں حاصل ہوگئیں۔

۳۵ — مثلث حل کرنا جب دو ضلع اور ان کا درمیانی زاویہ دیے جائیں۔

فرض کرو کہ ب، ج اور ا دیے ہوئے اجزا ہیں، تب ب اور ج ضابطہ

مس ½ (ب − ج) = $\frac{ب − ج}{ب + ج}$ مم ½ ا

اور ضابطہ ب + ج = ۱۸۰° - ا

سے متعین کیے جا سکتے ہیں۔ لوکارتمی ضابطہ ہے

ل مس ½ (ب - ج) = لوک (ب - ج) - لوک (ب + ج) + ل مم ½ ا

ب اور ج معلوم کرنے کے بعد ضلع ا ان تین ضابطوں

لوک ا = لوک ج + ل جب ا - ل جب ج ،

لوک ا + ل جم ½ (ب - ج) = لوک (ب + ج) + ل جب ½ ا

لوک ا + ل جب ½ (ب - ج) = لوک (ب - ج) + ل جم ½ ا ،

میں سے کسی ایک سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

ہم ا کو اس طرح بھی معلوم کر سکتے ہیں: چونکہ ا² = ب² + ج² - ۲ ب ج جم ا

یعنے ا² = (ب + ج)² - ۴ ب ج جم² ½ ا

اس لیے ا = (ب + ج) جم فہ ، جہاں فہ مساوات

$$\text{جب فہ} = \frac{۲\sqrt{\text{ب ج}}\ \text{جم} \frac{۱}{۲} \text{ا}}{\text{ب + ج}}$$

سے معلوم ہوتا ہے۔ اس طرح ہم پہلے فہ کو لوکارتمی ضابطہ (171)

ل جب فہ = لوک ۲ + ½ لوک ب + ½ لوک ج + ل جم ½ ا - لوک (ب - ج)

سے معلوم کر سکتے ہیں اور پھر ا کو ضابطہ

لوک ا = لوک (ب + ج) + ل جم فہ - ۱۰

سے۔

مثال

اگر ا = ۱۲۳ ، ج = ۳۲۱ ، اور ب = ۲۹° ۱۶′ تو ا ، ج ، ب معلوم کرو۔

یہ دیا گیا ہے کہ

لوک ۹۹ = ۱٫۹۹۵۶۳۵۲ ، ل جب ۲۹° ۱۶′ = ۹٫۶۸۹۱۹۷۸

لوک ۱۲۳ = ۲٫۰۸۹۰۵۱ ، ل جب ۱۵° ۴۲′ = ۹٫۴۳۲۳۲۸۵ ، فرق ۱° کیلئے = ۴۸۷٫۷

لوک ۲۲۰ = ۲٫۳۴۲۴۶۳۵۳۰ ، ل مم ۱۴° ۳۸′ = ۱۰٫۵۸۳۱۹۰۱

لوک ۳۲۱ = ۲٫۵۰۶۴۸۶ ، ل جس ۲۹° ۱۶′ = ۱۰٫۲۳۲۴۵۵۲ ، فرق ۱° کیلئے = ۲۶٫۴

ہمیں حاصل ہوتا ہے

ل مس ½ (ج-ا) = ل م م ۱۴ ۳۸ + لوک ۹۹ - لوک ۲۲۲

= ۱۰۵۸۳۱۹۰۱ + ۱۰۹۹۵۶۳۵۲ - ۲۰۳۴۶۳۵۳۰

= ۱۰۲۳۲۴۷۲۳

اب ۱۰۲۳۲۴۷۲۳ - ۱۰۲۳۲۴۵۵۲ = ۱۰۰۰۰۱۷۱، اور $\frac{۱۷۱}{۳۸۲۷}$ =

۳۵۰۳ تقریباً، اس لیے ½ (ج-ا) = ۵۹° ۳۹' ۵۳"، نیز ½ (ج+ا) = ۶۵° ۲۰'

اس لیے ا = ۵۱° ۴۲' ۵۶"، ج = ۱۳۵° ۱۷' ۳۰"

نیز لوک ب = ۱۹۷۸۹۶۸۹۰۵ + ۲۰۰۸۹۹۰۵۱ - ل جب ۵۱° ۴۲' ۵۶"

اور ۵۶۲۵ × ۷۸۷۴۰۱۵۵ = ۹۶۳۲۷۰۵۱۵، اس لیے ل جب ۵۱° ۴۲' ۵۶" = ۹۶۳۲۷۰۵۱۵

اس لیے لوک ب = ۲۰۳۴۶۳۵۱۴ یعنے ب = ۲۲۲ - $\frac{۱۶}{۱۹۵۶}$ = ۲۲۱۰۹۹۲

۱۳۶ ـــــ مثلث کو حل کرنا جبکہ دو ضلع اور ان میں سے ایک کے مقابل کا زاویہ دیے جائیں۔

یہ بالعموم مبہم صورت کے طور پر مشہور ہے۔

فرض کرو کہ ا، ج، اور ا دیے ہوئے اجزا ہیں تو جب ج مساوات

جب ج = $\frac{ج}{ا}$ جب ا سے متعین ہوتا ہے؛ جب ج کو اس طرح معلوم کرنے

کے بعد اگر ج جب ا + ا تو ج کی بالعموم دو قیمتیں ۱۸۰° سے کم ایک حادہ

اور دوسری منفرجہ ہونگی جن کی جیب حاصل کردہ جیب کے مساوی ہوگی؛

پس ہمیں تین صورتوں پر غور کرنا چاہیے۔

(۱) اگر ج جب ا > ا تو جب ج > ا جو ناممکن ہے اور اس

حقیقت کا اظہار کرتا ہے کہ کوئی مثلث ایسا نہیں ہے جو دیے ہوئے

اجزا رکھتا ہو۔

(۲) اگر ج جب ا = ا تو جب ج = ۱ اور اس لیے ج کی صرف ایک

قیمت ۹۰° ہے۔ اگر ا < ۹۰ تو دیے ہوئے اجزا کے ساتھ ایک مثلث

موجود ہوگا اور یہ مثلث قائم الزاویہ مثلث ہوگا۔ لیکن اگر ا > ۹۰° تو ج کی قیمت

(172) ناقابلِ قبول ہوگی اور کوئی مثلث دیے ہوئے اجزا کے ساتھ موجود نہ ہوگا۔

(۳) اگر ج جب ا < ر تو جب ج < ا اور اس لیے ج کی دو قیمتیں ہیں ایک حادہ اور ایک منفرجہ، پس

(عہ) اگر ج < ر تو ہمیں حاصل ہونا چاہیے ج < ا، اس لیے ج حادہ ہونا چاہیے، اس طرح دیے ہوئے اجزا کے ساتھ صرف ایک مثلث موجود ہوگا؛

(بہ) اگر ج > ر تو ج کا حادہ ہونا ضروری نہیں ہے اور اس کی دونوں قیمتیں قابل قبول ہیں بشرطیکہ ا < ۹۰°؛ لیکن اگر ا > ۹۰° تو دونو قیمتیں ناقابل قبول ہیں کیونکہ ج > ا۔ اس لیے دیے ہوئے اجزا کے ساتھ دو مثلث ہونگے اگر ا < ۹۰° اور کوئی مثلث نہ ہوگا اگر ا > ۹۰°؛

(جہ) اگر ج = ر تو ج = ا یا ۱۸۰° - ا؛ ج کی قیمت ۱۸۰° - ا کے لیے مثلث کے دو ضلع ایک دوسرے پر منطبق ہوتے ہیں اس لیے ایسی صورت میں مثلث موجود نہ ہوگا، اس طرح ج کی صرف پہلی قیمت یعنے ا رہ جاتی ہے جس سے محدود رقبہ کا ایک مثلث ملیگا بشرطیکہ ا < ۹۰°۔

ہم نتائج محصلہ بالا کو اس طرح بیان کر سکتے ہیں:-

اگر

ج جب ا > ر،	کوئی حل نہیں
ج جب ا = ر، ا < ۹۰°،	ایک حل
ج جب ا = ر، ا > ۹۰°،	کوئی حل نہیں
ج جب ا < ر،	ج < ر، ایک حل
	ج = ر، ا < ۹۰°، ایک حل
	ج = ر، ا > ۹۰°، کوئی حل نہیں
	ج > ر، ا < ۹۰°، دو حل
	ج > ر، ا > ۹۰° کوئی حل نہیں

اگر ج، ۹۰° کے قریب ہو تو اس کو اس کی جیب کے ذریعہ صحیح طور پر معلوم نہیں کیا جا سکتا، ایسی صورت میں ضابطوں

$$\text{مس ج} = \pm \frac{\text{ج جب ا}}{(\text{ا} + \text{ج جب ا})(\text{ا} - \text{ج جب ا})}, \quad \text{مس}(45° + \tfrac{1}{2}\text{ج}) = \pm \sqrt{\frac{\text{ا} + \text{ج جب ا}}{\text{ا} - \text{ج جب ا}}}$$

میں سے کوئی ایک استعمال ہو سکتا ہے۔

۱۳۷۔ دفعۂ ماسبق میں جن مختلف صورتوں پر بحث کی گئی ہے ان کی تحقیق ہندسی طور پر کرنا سبق آموز ہوگا۔

ضلع ب پر ب سے عمود ب د کھینچو؛ تب ب د = ج جب ا، ب کو مرکز اور ا کو نصف قطر مان کر ایک دائرہ کھینچو؛ تب اگر ا < ج جب ا تو یہ دائرہ ضلع ا ج کو قطع نہیں کریگا اور اس لیے دیے ہوئے اجزا کے ساتھ کوئی مثلث نہیں کھینچا جا سکتا؛ لیکن اگر ا > ج جب ا تو یہ دائرہ ضلع ا ج کو دو نقطوں ج، اور ج، پر قطع کرتا ہے اگر ا < ج اور ا < ۹۰° تو ج، اور ج، دونوں ا کی ایک ہی جانب ہیں (دیکھو شکل (۱)) اور دو مثلثوں ا ب ج، اور ا ب ج، میں سے ہر ایک،

(178)



دیے ہوئے اجزا رکھتا ہے؛ زاویے ا ج ب اور ا ج ب متمم ہیں اگر و < ج مگر ا > ۹۰° تو ا ج کے پرے ہوگا اور کوئی مثلث دیے ہوئے اجزا کے ساتھ موجود نہ ہوگا۔ اگر ا < ج تو ج اور ج، ا کی مقابل جانبوں پر ہونگے اور صرف مثلث ا ب ج میں دیے ہوئے اجزا ہونگے اس آخری صورت میں مثلث ا ب ج میں ا پر کا زاویہ ا کے مساوی نہیں ہوگا بلکہ ۱۸۰° - ا کے، اور اس لیے دی ہوئی شرطوں کو پورا نہیں کریگا۔

اگر ا = ج جب ا تو دائرہ، ا ج کو نقطہ د پر مس کریگا اور قائم الزاویہ مثلث ا د ب مطلوبہ مثلث ہوگا جس میں دیے ہوئے اجزا ہونگے بشرطیکہ ا < ۹۰°۔

یہ قابل ذکر ہے کہ چونکہ (شکل (۱))

ا د = ج جم ا اور ج د = ج د = $\sqrt{\text{ا}^2 - \text{ج}^2 \text{جب}^2 \text{ا}}$

اس لیے ب کی دو قیمتیں یہ ہیں۔

ج جم ا + $\sqrt{\text{ا}^2 - \text{ج}^2 \text{جب}^2 \text{ا}}$ اور ج جم ا - $\sqrt{\text{ا}^2 - \text{ج}^2 \text{جب}^2 \text{ا}}$

یہ قیمتیں دونوں مثبت ہونگی جبکہ دو حل ہوں؛ ب کی ان دو قیمتوں کو ہم حسب ذیل ب کی دو درجی مساوات سے بھی حاصل کر سکتے ہیں:-

ا² = ب² + ج² - ۲ ب ج جم ا

۱۳۸ــــ مثلث کو حل کرنا جبکہ ایک ضلع اور دو زاویے دیے جائیں۔ (174)

فرض کرو کہ دیا ہوا ضلع ا ہے اور دیے ہوئے زاویے ا، ج؛ تب مساوات ب = ۱۸۰° - ا - ج سے ب کا تعین ہوتا ہے اور

لوک ب = لوک ا + ل جب ب - ل جب ا ،
لوک ج = لوک ا + ل جب ج - ل جب ا ،
سے ضلع ب اور ج معلوم ہوتے ہیں۔

مثال

اگر ا = ۱۰، ا = ۵۱° ۳۰' ۴۰"، ب = ۷۶ تو ب معلوم کرو۔ یہ دیا گیا ہے کہ

لوک ۱۲۳۹۶ = ۴، ۰۹۳۲۸۱۶، ل جب ۷۶ = ۹، ۹۸۶۹۰۴۱،
لوک ۱۲۳۹۷ = ۴، ۰۹۳۳۱۶۶، ل جب ۵۱° ۳۰' ۴۰" = ۹، ۸۹۳۵۴۴۴،
ل جب ۵۱° ۳۱' = ۹، ۸۹۳۶۴۴۸

ہمیں حاصل ہوتا ہے

لوک ب = ۱ - ۹، ۹۸۶۹۰۴۱ + ل جب ۵۱° ۳۰' ۴۰"

اب چونکہ ل جب ۵۱° ۳۰' ۴۰" = ۹، ۸۹۳۵۴۴۴ + $\frac{۴۰}{۶۰}$ × ۱۰۰۰۰، ۴

= ۹، ۸۹۳۶۱۱۳

اس لیے لوک ب = ۱، ۰۹۳۲۹۲۸، اور اس لیے ب = ۱۲، ۳۹۶ + $\frac{۱۲}{۵۵۰}$ × ۱۰۰۰، ۱

یا ب = ۱۲، ۳۹۶۳ تقریباً

۱۳۹ ـــــ جملہ ج جم ا ± $\sqrt{ا^۲ - ج^۲ جب^۲ ا}$ جو ب کی قیمت معلوم کرنے کے لیے ہے لوکارتمی عمل حساب کے لیے موزوں بنایا جا سکتا ہے،

فرض کرو جب فہ = $\frac{ج}{ا}$ جب ا تو ب = $\frac{جب (فہ ± ا)}{جب ا}$ ،

پس مساوات ل جب فہ = ل جب ا + لوک ج - لوک ا سے فہ معلوم کرنے کے بعد مساوات لوک ب = لوک ا + ل جب (فہ ± ا) - ل جب ا سے ب معلوم کیا جا سکتا ہے۔

زاویوں ا، ب، ج کے دائری ناپ علی الترتیب ء، ب، جہ سے

تعبیر کئے گئے ہوں تو مثلثوں کے حل کے لئے حسب ذیل تقریبی ضابطے حاصل ہوتے ہیں :-

(۱) فرض کرو کہ ا ، ج ، و دیے گئے ہیں اور ج بڑا نہیں ہے ؛ تب ضابطہ

$$\text{ج} = \frac{\text{و جب ج}}{\text{جب ا}}$$ سے ہمیں یہ تقریبی ضابطہ

$$\text{ج} = \text{و تم ا} \left\{ \text{جہ} - \frac{1}{6} \text{جہ}^3 + \frac{1}{120} \text{جہ}^5 \right\}$$

ملتا ہے۔ نیز اگر ا ، ج دونوں بڑے نہ ہوں تو

$$\text{ج} = \frac{\text{و} \left(\text{جہ} - \frac{1}{6} \text{جہ}^3 + \frac{1}{120} \text{جہ}^5 - \dots \right)}{\text{عہ} - \frac{1}{6} \text{عہ}^3 + \frac{1}{120} \text{عہ}^5 - \dots}$$

پس $$\text{ج} = \text{و} \frac{\text{جہ}}{\text{عہ}} \left\{ 1 + \frac{1}{6} \left(\text{عہ}^2 - \text{جہ}^2 \right) \right\}$$

سے ج تقریبی طور پر حاصل ہوتا ہے اور اس کو ج کے محسوب کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

(۲) فرض کرو کہ ا ، ج ، و حسب سابق دیے گئے ہیں ؛ نیز فرض کرو کہ ج تقریباً ۹۰° ہے تب ج = $\frac{\text{و جم جہ}}{\text{جب ا}}$ ؛ اس لیے جملہ ج = $\frac{\text{و}}{\text{جب ا}}$ $\left(1 - \frac{1}{2} \text{جہ}^2 + \frac{1}{24} \text{جہ}^4 \right)$ ، ج کو تقریبی طور پر متعین کرنے کے لیے استعمال ہو سکتا ہے۔

اگر ا اور ج دونوں ۹۰° کے قریب ہوں تو (175)

$$\text{ج} = \frac{\text{و جم جہ}}{\text{جم عہ}} \quad \text{یا ج} = \frac{\text{و} \left(1 - \frac{1}{2} \text{جہ}^2 + \dots \right)}{1 - \frac{1}{2} \text{عہ}^2 + \dots}$$

اس لیے $$\text{ج} = \text{و} \left\{ 1 - \frac{1}{2} \left(\text{جہ}^2 - \text{عہ}^2 \right) \right\}$$

سے ج تقریبی طور پر حاصل ہوتا ہے۔

۱۴۰ — اب ہم مثلثوں کے حل کی چند مثالیں دینگے جبکہ ضلعوں اور زاویوں کی بجائے دوسرے مفروضات ہوں۔

(۱) فرض کرو کہ راسوں سے مقابل کے ضلعوں پر کھینچے ہوئے عمود دیے گئے ہیں؛ ان کو $ع_۱$، $ع_۲$، $ع_۳$ سے تعبیر کرو، تب

$ا \times ع_۱ = ب \times ع_۲ = ج \times ع_۳$ = مثلث کے رقبہ کا دوچند۔ اب چونکہ

$$جم \frac{۱}{۲} ا = \sqrt{\frac{س(س-ا)}{ب\ ج}}$$

اس لیے

$$جم \frac{۱}{۲} ا = \sqrt{\frac{(ع_۱ ع_۲ + ع_۱ ع_۳ + ع_۲ ع_۳)(-ع_۱ ع_۲ + ع_۱ ع_۳ + ع_۲ ع_۳)}{۴ ع_۱^۲ ع_۲ ع_۳}}$$

اس سے ا معلوم ہوتا ہے۔ نیز $ع_۳ = ج$ جب ا، اس لیے ا معلوم ہونے کے بعد ج معلوم ہوتا ہے۔

(۲) فرض کرو کہ مثلث کے زاویے اور اس کا گھیرا دیے گئے ہیں۔ تب

$$س = ر (جب ا + جب ب + جب ج)$$

پس ر معلوم ہوتا ہے اور پھر اضلاع بالترتیب

$۲ ر$ جب ا، $۲ ر$ جب ب، $۲ ر$ جب ج

کے مساوی ہیں یا

$$ا = \frac{۲ س \text{ جب } ا}{\text{جب } ا + \text{جب } ب + \text{جب } ج}$$

مع ب اور ج کی متناظر قیمتوں کے۔ ا کی یہ قیمت

$$\frac{س \text{ جب } \frac{۱}{۲} ا}{جم \frac{۱}{۲} ب \ جم \frac{۱}{۲} ج}$$

ہیں تحویل ہوتی ہے جو لوکارتمی عمل حساب کے لیے موزوں ہے۔

(۳) فرض کرو کہ قاعدہ، ارتفاع، اور قاعدے پر کے زاویوں کا فرق دیے گئے ہیں۔ فرض کرو کہ قاعدہ ا ہے، ارتفاع ع، اور دیا ہوا فرق ب۔ ج = ۲ عہ؛ تب

چونکہ ب + ج = ۱۸۰° - ا، اس لیے ب = ۹۰° + عہ - ½ ا، ج = ۹۰° - عہ - ½ ا،

نیز ا = ع (مم ب + مم ج) = ع {مس (½ ا - عہ) + مس (½ ا + عہ)}

اس لیے $\frac{ا}{ع} = \frac{۲ \text{ جب } ا}{\text{جم } ا + \text{جم}^۲ \text{ عہ}}$، پس دو درجی مساوات

$ا^۲ (\text{جم } ا + \text{جم } ۲ \text{ عہ})^۲ = ۴ ع^۲ (۱ - \text{جم}^۲ ا)$

یا $\text{جم}^۲ ا (ا^۲ + ۴ ع^۲) + ۲ ا^۲ \text{ جم } ۲ \text{ عہ جم } ا = ۴ ع^۲ - ا^۲ \text{ جم}^۲ ۲ \text{ عہ}$

سے جم ا حاصل ہوتا ہے۔ اس دو درجی کا حل ہے

$$\text{جم } ا = - \frac{ا^۲ \text{ جم } ۲ \text{ عہ}}{ا^۲ + ۴ ع^۲} \pm \frac{۲ ع (۴ ع^۲ + ا^۲ \text{ جب}^۲ ۲ \text{ عہ})^{\frac{۱}{۲}}}{ا^۲ + ۴ ع^۲}$$

اس طرح جم ا کی دو قیمتیں، مسئلہ کے دو حل کے جواب میں، حاصل ہوتی ہیں۔

معطیات ذیل سے مثلث کو حل کرو:۔

(۴) ج، ج، ا + ب

(۵) ب، ا، ب + ج

(۶) رقبہ اور زاویے

(۷) ج، ج + ا، ج + ب

(۸) زاویے اور ارتفاع

کثیر الاضلاعوں کا حل

۱۴۱ ——— کارنٹ[۱]، لہولیر[۲]، لیکسل[۳] اور دیگر علماء ریاضی نے اُن رشتوں پر جو کثیر الاضلاعوں کے ضلعوں اور زاویوں کے درمیان پائے جاتے ہیں اور اُن طریقوں پر بحث کی ہے جو کثیر الاضلاع کو حل کرنے کے لیے ہیں جبکہ ضلعوں اور زاویوں کی کچھ تعداد دی گئی ہو۔ علم الکثیر الاضلاع (polygonometry) کے دو بنیادی ضابطے دفعہ ۱۲۰ میں بیان کیے جا چکے ہیں۔

ن ضلعوں والے کثیر الاضلاع کی تعیین کے لیے اس کے ۲ ن اجزاء میں سے (۲ ن - ۳) اجزاء دیے جانے چاہئیں جن میں سے کم از کم (ن - ۲) اضلاع ہونے چاہئیں۔ اس کو ثابت کرنے کے لیے فرض کرو کہ کثیر الاضلاع کو ایک وتر کے ذریعہ ایک مثلث اور (ن - ۱) ضلعوں والے ایک کثیر الاضلاع میں تقسیم کیا گیا ہے؛ اگر اس آخری کثیر الاضلاع کے ضلعوں اور زاویوں کی تعیین ہو جاتی تو چونکہ مثلث کا ایک ضلع اس کثیر الاضلاع کے ایک ضلع کے طور پر معلوم ہو چکا ہوتا اس لیے مثلث کے صرف دو اجزا کا معلوم ہونا درکار ہوتا تاکہ ن ضلعوں والے کثیر الاضلاع کی پوری طرح تعیین ہو جائے؛ پس ن ضلعوں والے ایک کثیر الاضلاع کی تعیین کے لیے ن - ۱ ضلعوں والے ایک کثیر الاضلاع کی تعیین کی بہ نسبت دو اور اجزاء معلوم ہونا چاہئیں۔ اب چونکہ کثیر الاضلاع کی سادہ ترین شکل ایک مثلث ہے اور مثلث کی تعیین کے لیے اس کے تین اجزاء معلوم ہونا چاہئیں جن میں سے ایک

---

۱ Carnot, *geometrie der Stellung*

۲ L' Huilier, *Polygonometrie*. Geneva . 1789

۳ Lexell, *Nov. comm. Petrop.* vols. xix. xx

ضلع ہو اس لیے ان ضلعوں والے ایک کثیر الاضلاع کی تعیین کے لیے ۳ + ۲(ن-۳) یعنے (۲ن-۳) اجزا دیے جانے چاہئیں۔ ان (۲ن-۳) اجزاء میں سے اگر صرف (ن-۳) ضلع ہوں تو ن زاویے دیے جائینگے لیکن اگر (ن-۱) زاویے دیے گئے ہوں تو ن واں زاویہ معلوم ہوسکتا ہے اس لیے گویا صرف (۲ن-۴) غیر تابع اجزا دیے گئے ہیں اور یہ ناکافی ہیں۔ اس لیے کل اجزا میں سے کم از کم (ن-۲) اجزاء ضلع ہونے چاہئیں۔

بعض صورتوں میں کثیر الاضلاع کو وتروں کے ذریعہ مثلثوں میں تقسیم کرکے اس کو آسانی سے حل کیا جاسکتا ہے، اس میں وتروں کو محسوب کرنا پڑتا ہے؛ تاہم یہ طریقہ ہمیشہ سہولت بخش نہیں ہوتا جیسا کہ ایک ذوالاربعۃ الاضلاع کی صورت پر غور کرنے سے معلوم ہوگا جبکہ اس کے تین زاویے اور دو متقابلہ ضلع دیے گئے ہوں۔

۱۴۲ ـــــ ن ضلعی کثیر الاضلاع حل کرنا جبکہ (ن-۱) ضلع اور (ن-۲) زاویے دیے جائیں۔

(۱) فرض کرو کہ معلوم شدنی زاویے معلوم شدنی ضلع کے متصل ہیں۔ ہم دفعہ ۱۲۷ کے مطابق ضلعوں کے درمیان خارجہ زاویوں کی بجائے بہ۱، بہ۲، ..... بن؛ استعمال کرینگے؛ فرض کرو کہ ضلع لن معلوم شدنی ہے، تب دفعہ ۱۲۷ کی مساواتوں (۱۰) میں سے دوسری مساوات کی رُو سے (۱۷۷)

$$\text{جب بہ}_1 \left\{ \text{ل}_1 + \text{ل}_2 \text{جم بہ}_1 + \text{ل}_3 \text{جم (بہ}_1 + \text{بہ}_2) + \cdots + \text{ل}_{\text{ن}-1} \text{جم (بہ}_1 + \cdots + \text{بہ}_{\text{ن}-1}) \right\}$$

$$= -\text{جم بہ}_1 \left\{ \text{ل}_2 \text{جب بہ}_1 + \text{ل}_3 \text{جب (بہ}_1 + \text{بہ}_2) + \cdots + \text{ل}_{\text{ن}-1} \text{جب (بہ}_1 + \cdots + \text{بہ}_{\text{ن}-1}) \right\}$$

$$\text{پس مس بہ}_1 = \frac{\text{ل}_2 \text{جب بہ}_1 + \text{ل}_3 \text{جب (بہ}_1 + \text{بہ}_2) + \cdots + \text{ل}_{\text{ن}-1} \text{جب (بہ}_1 + \cdots + \text{بہ}_{\text{ن}-1})}{\text{ل}_1 + \text{ل}_2 \text{جم بہ}_1 + \text{ل}_3 \text{جم (بہ}_1 + \text{بہ}_2) + \cdots + \text{ل}_{\text{ن}-1} \text{جم (بہ}_1 + \cdots + \text{بہ}_{\text{ن}-1})}$$

اس سے بہ، دیے ہوئے زاویوں بہ، بہ، ... بن۔۱ اور دیے ہوئے ضلعوں ل، ل، ... ل۔۱ کی رقوم میں معلوم ہوتا ہے؛ یہ مشاہدہ طلب ہے کہ یہ مساوات، غیر معلوم ضلع کے عمود پر ضلعوں کا ظل لینے سے حاصل کی گئی ہے؛ باقی زاویہ بن، رشتہ بہ + بہ + ... + بن = ۲ ط سے معلوم ہوتا ہے۔

بہ اور بن معلوم کرنے کے بعد ضلعوں کا ل پر ظل لینے سے جو مساوات

$$ل_ن = -\{ل_1 \text{ جم } بہ + ل_2 \text{ جم } (بہ + بہ) + \dots\}$$

حاصل ہوتی ہے اس سے ل کی تعیین ہو سکتی ہے یا دفعہ ۱۲۸ کی مساوات (۱۱) کی مدد سے، جس میں ل کو دوسرے ضلعوں کے مربعوں اور ضلعوں اور ضلعوں کے درمیانی زاویوں کی جیوب التمام کے حاصل ضربوں کی رقوم میں بیان کیا گیا ہے۔

(۲) فرض کرو کہ معلوم شدنی زاویے ایک دوسرے کے متصل ہیں مگر معلوم شدنی ضلع کے متصل نہیں ہیں۔ فرض کرو کہ ل معلوم شدنی ضلع ہے اور بر، بر+۱ معلوم شدنی زاویے۔

تب بر + بر+۱ = ۲ ط − (بہ + بہ + ... + بر۔۱ + بر۔۲ + ... + بن)

اس طرح بر + بر+۱ معلوم ہوتا ہے؛ نیز مساواتوں (۱۰) میں سے دوسری مساوات کی رو سے

ل جیب (بہ + بہ + ... + بر) = − ل جیب بہ − ل جیب (بہ + بہ) − ...

− ل۔۱ جیب (بہ + بہ + ... + بر۔۱) − ل+۱ جیب (بہ + ... + بر+۱) ...

− ل۔۱ جیب (بہ + ... + بن)

پس بہ + بہ + ... + بر معلوم ہو سکتا ہے اور اس لیے بر۔

اس کے بعد ضلع $ل_ن$ حسب دفعہ سابق معلوم کیا جا سکتا ہے۔

(۲) اس صورت میں جبکہ دو غیر معلوم زاویے ایک دوسرے کے متصل نہ ہوں فرض کرو کہ ھ'ک وہ راس ہیں جن پر کہ زاویے غیر معلوم ہیں؛ ھک کو ملاؤ تو کثیر الاضلاع دو کثیر الاضلاعوں میں تقسیم ہو جاتا ہے جن میں سے ایک میں تمام ضلع سوائے ایک کے اور تمام زاویے سوائے اُن دو زاویوں کے معلوم ہیں جو غیر معلوم ضلع کے متصل ہیں۔ اس لئے ہم اس کثیر الاضلاع کو (۱) کی بموجب ھک اور ھ'ک پر کے زاویوں کو متعین کر کے حل کر سکتے ہیں۔

(178) دوسرے کثیر الاضلاع میں تمام ضلع سوائے ایک کے اور تمام زاویے سوائے دو متصل زاویوں کے معلوم ہیں؛ اس لئے اس کثیر الاضلاع کو (۲) کی بموجب حل کیا جا سکتا ہے۔ اس طرح دیے ہوئے کثیر الاضلاع کے سب ضلع معلوم ہوتے ہیں اور ھ'ک پر کے زاویے اُن دو حصوں کو جمع کرنے سے حاصل ہوتے ہیں جن میں وہ ھک سے تقسیم ہوئے تھے اور جو علیحدہ علیحدہ معلوم ہو چکے ہیں۔

۱۴۳ ــــ ن ضلعی کثیر الاضلاع کو حل کرنا جبکہ (ن-۲) ضلع اور (ن-۱) زاویے دیے جائیں۔

ہم رشتہ $ب_۱ + ب_۲ + \dots + ب_ن = ۲ ق$ سے فوراً باقی زاویہ معلوم کر لیتے ہیں۔

غیر معلوم ضلع $ل_ن$ معلوم کرنے کے لئے مساوات

$$ل_۱ \text{ جب } ب_۱ + ل_۲ \text{ جب } (ب_۱ + ب_۲) + \dots + ل_{ن-۱} \times \text{ جب } (ب_۱ + ب_۲ + \dots + ب_{ن-۱}) = ۰$$

کو استعمال کرو جو دوسرے غیر معلوم ضلع $ل_ن$ کے عمود پر ظل لینے سے حاصل ہوئی ہے۔ پھر ہم $ل_ن$ کو اسی طرح معلوم کر سکتے ہیں یا دوسری نبیادی مساوات استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۴۴ ــــ ن ضلعی کثیر الاضلاع کو حل کرنا جبکہ ن ضلع اور (ن-۳) زاویے دیے جائیں۔

فرض کرو کہ ف ، ق ، ر وہ راس ہیں جن پر کے زاوئے نہیں دئے گئے ہیں ؛ ف ق ، ق ر ، ر ف کو ملاؤ تو کثیر الاضلاع چار حصوں میں تقسیم ہوتا ہے جن میں سے ایک مثلث ہے۔ ف ق ر کے سوا ہر حصہ میں تمام ضلع سوائے ایک کے اور تمام زاویے سوائے اُن دو زاویوں کے دئے گئے ہیں جو اِن غیر معلوم ضلعوں کے متصل ہیں ؛ اس لئے ہم ف ق ، ق ر ، ر ف ، اور ف ، ق ، ر پر کے زاویوں کو معلوم کر سکتے ہیں۔ پھر مثلث ف ق ر کے زاوئے معلوم کئے جا سکتے ہیں کیونکہ اس کے ضلع معلوم ہو چکے ہیں۔ اب ہم ف ، ق ، ر پر کے زاویوں کو جمع کر کے دئے ہوئے کثیر الاضلاع کے مطلوبہ زاویے حاصل کر لیتے ہیں۔

بلندیاں اور فاصلے

۱۴۵ — اب ہم بلندیوں اور فاصلوں کی تعیین پر مثلثوں کے حل کے اطلاقات کی چند مثالیں دینگے۔ اس مضمون پر زیادہ مکمل معلومات کے لیے مثلاً زاویوں کی پیمائش میں استعمال ہونے والے آلات کے بیان وغیرہ کے لیے پیمائش (Surveying) پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

وہ خط مستقیم جو مقامِ مشاہدہ کو کسی شئے سے ملاتا ہے افق کے ساتھ ایک زاویہ بنائیگا، اس زاویہ کو شئے کا زاویہ ارتفاع کہتے ہیں اگر شئے مذکور افق کے اوپر ہو اور زاویہ نشیب اگر وہ افق کے نیچے ہو۔

(179) ۱۴۶ — افقی مستوی کے اوپر ایک ایسے نقطہ کی بلندی معلوم کرنا جہاں تک رسائی نہیں ہو سکتی۔

فرض کرو کہ یہ نقطہ ف ہے اور اس کا ظلِ افقی مستوی پر ج ہے، فرض کرو کہ ف ج = ف اور اس افقی مستوی پر کوئی خط ا ب بشرطِ امکان ایسا منتخب کیا گیا ہے کہ ا ب ج ایک خط مستقیم ہے،

فرض کرو کہ ا اور ب پر ف کے زوایائے ارتفاع پیمایش کیے گئے ہیں؛



ان کو عہ، بہ سے تعبیر کرو۔ تب ا = ا ج - ب ج = ف (مم عہ - مم بہ)
اس لیے

$$ف = \frac{ا \text{ جب عہ جب بہ}}{\text{جب (بہ - عہ)}}$$

جس سے ف معلوم ہوتا ہے۔ اگر قاعدہ کے خط کو ٹھیک ٹھیک ج کی سمت میں ناپنا ناممکن العمل ہو تو فرض کرو کہ اس کو کسی اور سمت میں ناپا گیا ہے، اور ف کا زاویۂ ارتفاع عہ پیمایش کرو اور نیز زاویوں ف ا ب (= جہ) اور ف ب ا (= ضہ) کی پیمایش کرو۔

تب ف ا = ا ب × $\frac{\text{جب ضہ}}{\text{جب (جہ + ضہ)}}$، اور ف = ا ف × جب عہ، اس لیے

$$ف = \frac{ا \text{ جب عہ جب ضہ}}{\text{جب (جہ + ضہ)}}$$

اس سے ف معلوم ہوتا ہے۔

۱۴۷ــــ ناقابل رسائی دو نقطوں کے درمیان فاصلہ معلوم کرنا۔

فرض کرو کہ یہ دو نقطے ف اور ق ہیں اور فرض کرو کہ کوئی قاعدہ کا خط ا ب (= ل) ناپا گیا ہے، نقطوں ا اور ب کو اس طرح منتخب کیا جاتا ہے کہ ف اور ق دونوں اِن میں سے ہر نقطہ سے نظر آ سکتے ہیں۔ اب (180) حسب ذیل تین زاویے پیمایش کرو۔

ف ا ق = عہ، ق ا ب = بہ، ف ا ب = جہ؛



یہ مشاہدہ طلب ہے کہ زاویے ف ا ق اور ق ا ب بالعموم ایک ہی مستوی میں نہیں ہوتے۔ ب پر زاویے ف ب ا (= ضہ) اور ق ب ا (= صہ) پیمایش کرو۔

مثلثوں ا ب ف اور ا ب ق سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\text{ا ف} = \text{ل} \frac{\text{جب ضہ}}{\text{جب (جہ + ضہ)}}$$

اور $\text{ا ق} = \text{ل} \frac{\text{جب صہ}}{\text{جب (بہ + صہ)}}$، پس ا ف اور ا ق اِن ضابطوں سے حاصل ہوتے ہیں:-

لوک ا ف = لوک ل + ل جب ضہ - ل جب (جہ + ضہ)،

لوک ا ق = لوک ل + ل جب صہ - ل جب (بہ + صہ)،

مثلث ف ا ق میں ا ف، ا ق اور زاویہ ف ا ق = عہ معلوم ہیں

اس لیے ہم ضابطوں

ل مس ½ (اف ق - اق ف) = ل م ½ ء + لوک (اق - اف)
- لوک (اق + اف)،

اف ق + اق ف = ۱۸۰° - ء،

زاویے اف ق اور اق ف معلوم کرتے ہیں۔ پھر ضابطہ

لوک ف ق = لوک اف + ل جب ء - ل جب اق ف

کے ذریعہ ف ق معلوم ہوتا ہے۔

۱۴۸ — پوتہناٹ (Pothenot) کا مسئلہ — ایک مثلث کے مستوی میں وہ نقطہ معلوم کرنا جس پر مثلث کے ضلعوں کے محاذی دیے ہوئے زاویے بنیں۔



فرض کرو کہ ء، یہ وہ زاویے ہیں جو مثلث ا ب ج کے ضلعوں ا ج، ج ب کے محاذی نقطہ ف پر بنتے ہیں؛ فرض کرو کہ زاویوں ف ا ج، ف ب ج کو علی الترتیب لا، ما سے تعبیر کیا گیا ہے؛

ف کا محل معلوم ہوجاتا ہے اگر زاویے لا اور ما معلوم ہو جائیں کیونکہ مثلثوں ف ا ج، ف ب ج کو حل کرنے سے ف ا اور ف ب معلوم کیے جا سکتے ہیں۔

(181) ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\text{لا} + \text{ما} = ۲\pi - \text{عہ} - \text{بہ} - \text{ج}$$

نیز $$\frac{\text{ب جب لا}}{\text{جب عہ}} = \frac{\text{ا جب ما}}{\text{جب بہ}} = \text{ف ج}$$

ایک امدادی زاویہ فہ مان لو ایسا کہ

$$\text{مس فہ} = \frac{\text{ا جب عہ}}{\text{ب جب بہ}}$$

اس لیے $\frac{\text{جب لا}}{\text{جب ما}} = \text{مس فہ}$، پس $\frac{\text{جب لا - جب ما}}{\text{جب لا + جب ما}} = \text{مس}(\text{فہ} - ۴۵^\circ)$

یا $$\text{مس}\frac{1}{2}(\text{لا} - \text{ما}) = \text{مس}\frac{1}{2}(\text{لا} + \text{ما})\ \text{مس}(\text{فہ} - ۴۵^\circ)$$

$$= \text{مس}(۴۵^\circ - \text{فہ})\ \text{مس}\frac{1}{2}(\text{عہ} + \text{بہ} + \text{ج})$$

اس طرح لا - ما معلوم کیا جا سکتا ہے اور چونکہ لا + ما معلوم ہے اس لیے لا اور ما معلوم ہو سکتے ہیں۔

مثالیں

(۱) افقی مستوی میں ایک مثلث ا ب ج کے راسوں ا، ب، ج میں سے ہر راس پر ایک پہاڑ کی چوٹی کا ارتفاع عہ دکھائی دیتا ہے؛ ثابت کرو کہ پہاڑ کی بلندی $\frac{1}{2}$ مس عہ تم ا ہے۔ نیز اگر ج پر کے ارتفاع میں چھوٹی خطا ن واقع ہوئی ہو تو بتاؤ کہ اصل بلندی بہت تقریبی طور پر ہے

$$\frac{1}{2}\ \text{مس عہ}\ \left(۱ + \frac{\text{ہ ج}}{\text{جب ا جب ب}}\ \frac{\text{جب ن}}{\text{جب ۲ ج}}\right)$$

فرض کرو کہ پہاڑ کی چوٹی کا ظل مستوی ا ب ج پر و ہے، تب اگر پہاڑ



کی بلندی ف ہو تو ق = و ا مس عہ = و ب مس عہ = و ج مس عہ؛
اس لیے و، ا ب ج کے حائط دائرہ کا مرکز ہے، پس و ا = $\frac{1}{2}$ الرقم ا،
یا ف = $\frac{1}{2}$ ا مس عہ قم ا۔ اگر ج پر کے ارتفاع کی پیمایش عہ + نّ ہو تو فرض
کرو کہ وَ، پہاڑ کی چوٹی کا ظل ہے، تب چونکہ ا اور ب پر کے ارتفاع مساوی
ہیں اس لیے وَ و، ا ب پر عمود ہے؛ اب فرض کرو کہ پہاڑ کی بلندی
ف + لا ہے۔ ہندسی طور پر حاصل ہوتا ہے۔

وَ ا = و ا + وَ و جم ج،
وَ ج = و ج ـ وَ و جم (ا ـ ب)

(182) اب اگر وَ و اس قدر چھوٹا ہو کہ اس کے مربع نظر انداز ہو سکیں، تو

ف + لا = کو ا مس عہ = وَ ج مس (عہ + نّ)
= (و ا + وَ و جم ج) مس عہ = {و ج ـ وَ و جم (ا ـ ب)} مس (عہ + نّ)

پس لا = وَ و × جم ج × مس عہ = ـ وَ و جم (ا ـ ب) مس عہ + و ج قط^{2} عہ × جب نّ

کیونکہ مس (عہ + نّ) = مس عہ + قط^{2} عہ جب نّ، تقریباً وَ و کو ساقط کرنے سے

لا جم (ا-ب) مس عہ = جم ج مس عہ (وج قط۲ عہ جب ن - لا)،
اس لیے ۲ لا جب ا جب ب = وج قط۲ عہ جم ج جب ن

اس لیے اصل بلندی ہے ف + لا = $\frac{1}{2}$ $\frac{\text{ومس عہ}}{\text{جب ا}}$ $\left(1+\frac{\text{جم ج}}{\text{جب ا جب ب}}\times\frac{\text{جب ن}}{\text{جب ۲ عہ}}\right)$

(۲) ایک مثلث کے ضلعوں کی پیمایش کی گئی تو معلوم ہوا کہ ا = ۵، ب = ۴، ج = ۶ لیکن یہ معلوم ہے کہ ج کی پیمایش میں ایک چھوٹی خطا ہے؛ معلوم کرو کہ کون سا زاویہ زیادہ سے زیادہ صحت کے ساتھ معلوم کیا جا سکتا ہے۔

فرض کرو کہ ج کی صحیح قیمت لا + ۶ ہے؛ فرض کرو کہ مثلث کے زاویے ا + مف ا، ب + مف ب، ج + مف ج ہیں جن میں اجزا، مف ا، مف ب، مف ج منحصر ہیں لا پر؛ ہم لا کو اس قدر چھوٹا مان لینگے کہ اس کا مربع نظر انداز ہو سکتا ہے۔

ہمیں حاصل ہوتا ہے

جم (ا + مف ا) = $\frac{۱۶+(۶+لا)^۲-۲۵}{۲\times۴(۶+لا)}$ = $\frac{۱۲+۲۷لا}{۴۸}$ = $\frac{۲۷}{۴۸}\left(1+\frac{۱۲}{۲۷}لا-\frac{۱}{۶}لا\right)$

= $\frac{۲۷}{۴۸}\left(1+\frac{۵}{۱۸}لا\right)$، تقریباً

پس جب ا × مف ا = $-\frac{۵}{۳۲}$ لا؛

نیز جم (ب + مف ب) = $\frac{۲۵+(۶+لا)^۲-۱۶}{۲\times۵(۶+لا)}$ = $\frac{۳}{۴}\left(1+\frac{لا}{۱۰}\right)$

پس جب ب × مف ب = $-\frac{۳}{۴۰}$ لا؛

اور نیز جم (ج + مف ج) = $\frac{۲۵+(۶+لا)^۲-۱۶}{۴\times۵\times۲}$ = $\frac{۱}{۸}\left(1-\frac{۱۲}{۵}لا\right)$

پس جب ج × مف ج = $\frac{۳}{۱۰}$ لا؛

نیز $\frac{\text{جب ا}}{۵} = \frac{\text{جب ب}}{۴} = \frac{\text{جب ج}}{۶}$

اس طرح ۲۴ مف ا = ۴۰ مف ب = ۳۰ مف ج

اس لیے مف ب، مف ا اور مف ج سے عدداً چھوٹا ہے اور اس لیے زاویہ ب زیادہ سے زیادہ صحت کے ساتھ معلوم کیا جا سکتا ہے۔

گیارہویں باب پر مثالیں

۱ــــ ایک مثلث کے ضلع ۸، ۷، ۵ ہیں؛ چھوٹے سے چھوٹا زاویہ معلوم کرو۔ یہ دیا گیا ہے کہ

لوگ ۱۱۲ = ۲٫۰۴۹۲۱۸۰

لوگ ۹۱°۶' = ۹٫۹۹۷۵۴۰۸۳، فرق ۶۰' کے لیے = ۴۳۷.... ٫

۲ــــ اگر ایک مثلث میں ا = ۶۵°، ب = ۱۶°، ج = ۹۰° تو دوسرے زاویے معلوم کرو۔ یہ دیا گیا ہے کہ

لوگ ۳ = ۱٫۴۷۷۱۲۱۳، ل مس ۴۶° ۴۰' = ۱۰٫۰۲۰۲۲۰۳

لوگ ۷ = ۱٫۸۴۵۰۹۸۰، ل مس ۴۶° ۲۱' = ۱۰٫۰۲۰۴۷۳۱

۳ــــ ایک مثلث کے ضلع ۳، ۵، ۷ فٹ ہیں۔ زاویے معلوم کرو۔ یہ دیا گیا ہے کہ (183)

لوگ ۱۳٫۵ = ۱٫۱۳۰۳۳۳۸، لوگ ۱۴ = ۱٫۱۴۶۱۲۸۰

ل جم ۱۰° ۵۳' = ۹٫۹۹۲۱۱۷۵، ل جم ۱۰° ۵۴' = ۹٫۹۹۲۰۹۳۲

۴ــــ اگر ب = ۵۴°، ج = ۱۰°، ا = ۲۰۰ فٹ تو ب معلوم کرو۔ یہ دیا گیا ہے کہ

لوگ ۲ = ۰٫۳۰۱۰۳۰۰، لوگ ۶۴ = ۱٫۸۰۶۲ = ۲٫۲۳۷۱۴۱۴

ل جب ۵۵° = ۹٫۹۱۳۳۶۴۵، لوگ ۶۵ = ۱٫۸۱۲ = ۲٫۲۳۷۱۶۶۶

۵ــــ اگر ایک مثلث میں ب = ۲۵٫۲ فٹ، ج = ۱۷٫۵ فٹ، ا = ۵۴° تو ب اور ج معلوم کرو۔ یہ دیا گیا ہے کہ

لوک ۲ = ۰۳۰۱۰۳۰ ۰، ل مم ۴۷° = ۱۰، ۲۹۲۸۳۴
ل مس ۱۳° ۴۷ = ۹، ۲۸۹۷۲۴، ل مس ۱۳° ۴۸ = ۹، ۳۹۰۲۷۰

۶ــــ اگر ایک مثلث کے دو ضلعوں کے طولوں میں نسبت ۹ : ۷ ہو اور ان کا درمیانی زاویہ ۷° ۴۵ ہو تو دوسرے زاویے معلوم کرو۔ یہ دیا گیا ہے کہ

لوک ۲ = ۰۳۰۱۰۳۰۰ ۰، ل مس ۹۶° ۱۷ = ۱۰، ۳۵، ۳۹۴۲
ل مس ۵° ۵۳ = ۹، ۴۵۴۱۴۷۹، فرق ۱ کے لیے = ۴۷۹۷

۷ــــ ایک مثلث کا ایک زاویہ ۹۰° ہے، رقبہ ۱۰ ما ۳، اور گھیرا ۲۰، باقی زاویے اور ضلعے معلوم کرو۔ یہ دیا گیا ہے کہ

لوک ۲ = ۰۳۰۱۰۳۰۰ ۰، ل جب ۹° ۴۶ = ۹، ۸۷۸۴۳۷۶
لوک ۷ = ۸۴۵۰۹۸۰ ۰، ل جب ۹° ۷ = ۹، ۸، ۸۵۴۷۰

۸ــــ ایک مثلث ا ب ج میں یہ دیا گیا ہے کہ ا = ۱۰ فٹ، ب = ۹ فٹ، ج = من ا (۴/۳) ج معلوم کرو۔ اگر ا اور ب کے ناپنے میں ایک انچ سے بڑی اور ج کی پیمائش میں ۱° سے بڑی خطائیں نہ ہوں تو ثابت کرو کہ ج کی محسوب کردہ قیمت میں جو خطا ہے وہ ۲، ۷ انچ سے کم ہوگی۔

۹ــــ اگر مبہم صورت میں مثلث کے اجزاء ا، ب، ب دیے گئے ہوں جہاں ا > ب، اور تیسرے ضلع کی قیمتیں ج، ج ہوں تو ثابت کرو کہ ج² ـ ۲ ج جم ۲ ب + ج² = ۴ ب² جم² ب

۱۰ــــ مبہم صورت میں جس میں ا، ب، ا دیے گئے ہوں اگر ایک مثلث کا ایک زاویہ دوسرے مثلث کے متناظر زاویہ کا دُگنا ہو تو ثابت کرو کہ

ا ما ۳ = ۲ ب جب ا، یا ۴ ب³ جب² ا = ا² (ا + ۳ ب)

۱۱ــــ ایک مثلث کا قاعدہ اس کے ارتفاع کے مساوی ہے اور دوسرے دو ضلع معلومہ طول کے ہیں۔ مثلث کے دیگر اجزاء معلوم کرو۔ اُن ضابطوں سے جو لوکارتمی عمل حساب کے لیے موزوں ہوں۔ ثابت کرو کہ دیے ہوئے ضلعوں میں جو نسبت ہے اُس کو ½ (ما ۵ ـ ۱) اور ½ (ما ۵ + ۱) کے درمیان واقع ہونا چاہیے۔

۱۲ــــ زمین کے ایک مثلثی ٹکڑے میں اس کا طویل ترین ضلع ۹۰ گز ہے، دوسرے دو ضلعوں کا مجموعہ ۱۰۰ گز ہے اور اس کا ایک زاویہ ۶° ۴۸ ہے۔ دوسرے زاویے

معلوم کرو۔ یہ دیا گیا ہے کہ

ل مس ۲۳° = ۱۹ ۸۵ ۷ ۶۲، ۹

ل مس ۱۳° ۱۵′ = ۹، ۳۷۱۹۳۳۳ ، ل مس ۱۳° ۱۶′ = ۹، ۳۷۲۴۹۹۲

۱۳ــــ ایک مثلث کا ایک زاویہ ۶۰° ہے، مقابل کا ضلع ۴ اور ارتفاع √۵-۱ ہے۔ مثلث کو حل کرو۔

۱۴ــــ اگر ایک مثلث کا کوئی ضلع $\frac{1}{4}$ (۳-√۵) × گھیرا سے کم ہو تو بتاؤ کہ زاویوں سے مقابل کے ضلعوں پر کھینچے ہوئے عمودوں سے ایک مثلث کا بنانا ناممکن ہے؛ لیکن اگر ہر ضلع $\frac{1}{4}$ گھیرے سے بڑا ہے تو یقیناً ایسا مثلث بنانا ممکن ہے۔ (184)

۱۵ــــ اگر اجزا ج = ۵°، ب = ۲، ج = √۶ سے ایک مثلث کو حل کیا جائے تو بتاؤ کہ ج کی قیمت میں ۰٫۱ کی خطا سے ب کی محسوب کردہ قیمت میں تقریباً ۳°، ۴۴ کی خطا پیدا ہوگی۔

۱۶ــــ ایک مثلث کے ضلع سلسلۂ حسابیہ میں ہیں۔ اگر اس کا اوسط ضلع اور اس کے مقابل کا زاویہ دیے گئے ہوں تو مثلث کو حل کرنے کے لیے ضابطوں کی تلاش کرو اور دیے ہوئے زاویہ کی بڑی سے بڑی ممکن قیمت معلوم کرو۔ اگر اوسط ضلع ۵٫۴۲ فٹ اور مقابل کا زاویہ ۵۹° ۵۹′ ۵۹″ ہو تو مثلث کو حل کرو۔

۱۷ــــ ایک مثلث کے وسطی خط کا طول اور وہ زاویے دیے گئے ہیں جن میں یہ خط راسی زاویہ کو تقسیم کرتا ہے۔ اس مثلث کو حل کرو۔

۱۸ــــ ایک مثلث کا ایک ضلع، اس کے مقابل کا زاویہ، اور اس زاویہ سے ضلع پر کا عمود دیے گئے ہیں۔ مثلث کو حل کرو۔

۱۹ــــ ایک مثلث کو دیے ہوئے اجزا ا، ب، ا سے حل کیا گیا ہے۔ اگر ا، ب کی قیمتیں چھوٹی خطاؤں لا، ما سے علی الترتیب متاثر ہوں تو ان کی وجہ سے ا سے مقابل کے ضلع پر کھینچے ہوئے عمود کے محسوب کرنے میں جو خطا واقع ہوتی ہے اس کو معلوم کرو اور ثابت کرو کہ یہ خطا صفر ہے اگر

لا جب² ب جم ج = ما (جب² ب - جب² ج)

۲۰ــــ ایک کشتی جنوب سے ۲۵° مشرق کی سمت میں چل رہی ہے اس سے

ایک روشنی کا مینار دیکھا گیا ہے جو شمال سے ۵° مشرق والی سمت میں نظر آتا ہے۔ کشتی ایک میل آگے جانے کے بعد پھر اس مینار کا مشاہدہ کیا گیا تو وہ ٹھیک شمال کی سمت میں نظر آیا۔ اس آخری مشاہدہ کے وقت مینار کا فاصلہ، گزوں تک صحیح، معلوم کرو۔ یہ دیا گیا ہے کہ

ل جب ۵° = ۹۰۵۳۴۰۵۲ ، لوگ ۲ = ۳۰۱۰۳۰۰ ؍

لوگ ۲۰۶ = ۲؍۳۱۳۸۶۷ ، لوگ ۲۰۷ = ۲؍۳۱۵۹۰۰

۲۱ — ایک چٹان پر ایک مینار ہے جس کو دریا میں کی ایک کشتی سے دیکھا گیا تو معلوم ہوا کہ مینار کی چوٹی کا ارتفاع ۵۰° ہے؛ پھر ساحل کی طرف پہلے مشاہدے کے مستوی میں ۵۰۰ گز کا فاصلہ طے کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ مینار کی چوٹی اور اس کے قاعدے کے ارتفاع علی الترتیب ۶۰° اور ۵۵° ہیں۔ چٹان اور مینار کی بلندیاں معلوم کرو۔

۲۲ — ایک انتصابی ستون کا پائین ا ہے۔ ب اور ج، ا کے ٹھیک مشرق میں ہیں اور د، ج کے جنوب میں ہے۔ ب پر ستون کا جو ارتفاع ہے وہ ج پر کے ارتفاع کا دُگنا ہے اور وہ زاویہ مس⁻¹ ½ ہے جو ا ب کے محاذی د پر بنتا ہے، نیز ب ج = ۲۰ فٹ، ج د = ۳۰ فٹ۔ ستون کی بلندی معلوم کرو۔

۲۳ — ایک خاص مقام سے ایک پہاڑ شمال مشرقی سمت میں نظر آتا ہے۔ اس مقام سے اس پہاڑ کی چوٹی کا ارتفاع ھ مشاہدہ کیا گیا ہے۔ مذکورہ مقام سے مشرق جنوب مشرق کی سمت میں ایک ٹیلہ پر جس کا ارتفاع ف معلوم ہے چڑھا جاتا ہے اور ٹیلہ کی چوٹی سے پہاڑ کی چوٹی سمت شمال میں زاویہ ارتفاع ب پر دکھائی دیتی ہے۔ ثابت کرو کہ مقام قبل الذکر کے اوپر پہاڑ کی چوٹی کی بلندی ف جب ھ جم ب قم (ھ - ب) ہے۔

۲۴ — دو مستقیم متقاطع پٹڑیوں میں سے ایک پر ایک ٹرین جا رہی ہے۔ جب اس کے پہلے ڈبہ کا اگلا رخ پٹڑیوں کے مقام التصال پر پہنچتا ہے تو ٹرین کے محاذی دوسری پٹڑی پر کے کسی خاص مقام پر زاویہ ھ بنتا ہے اور جب اس کے آخری ڈبہ کی پشت پہنچتی ہے تو زاویہ ھ بنتا ہے۔ ثابت کرو کہ یہ دو پٹڑیاں ایک

دوسرے سے زاویہ ط پر مائل ہیں جہاں ط، مساوات ۲ مم ط = مم عہ + مم عَہ سے حاصل ہوتا ہے۔

۲۵ — ایک اسطوانی مینار ایک افقی میدان پر قائم ہے؛ ایک آنکھ جو میدان میں واقع ہے مینار کے اوپر کے سرے کی کور کی قوس کو دیکھتی ہے جو نظر آرہی ہے۔ اگر اس قوس کے کسی سرے کے زاوئی ارتفاع میدان کے اوپر عہ، عَہ، عہ ہوں جبکہ آنکھ علی الترتیب ج، جَ، جّ فاصلوں پر واقع ہو تو ثابت کرو کہ

(ج۲ - جَ۲) مم۲ عہ + (جَ۲ - ج۲) مم۲ عَہ + (ج۲ - جّ۲) مم۲ عہ = ۰

۲۶ — ایک غبارہ شمال مشرقی سمت میں ارتفاع عہ پر دیکھا گیا؛ دس منٹ بعد ٹھیک شمال میں ارتفاع یہ پر دہ نظر آیا۔ بعد ازاں معلوم ہوا کہ جس شرح سے وہ نیچے اُتر رہا تھا وہ چھ میل فی گھنٹہ تھی؛ اس کی افقی حرکت کو یکساں فرض کر کے ثابت کرو کہ اس کی افقی حرکت کی شرح

$$\frac{6}{\text{مم عہ - مس یہ}}$$

میل فی گھنٹہ تھی؛ اس دوران میں ہوا کی سمت مشرقاً تھی۔

۲۷ — مجھے دو میناروں کی چوٹیاں ایک خطِ مستقیم میں زاوئی ارتفاع عہ پر نظر آتی ہیں، اور ساکن پانی میں ان کے عکسوں کے زاویۂ نشیب یہ اور جہ دکھائی دیتے ہیں۔ اگر میری آنکھ کی بلندی سطحِ آب کے اوپر ج ہو تو ثابت کرو کہ میناروں کے درمیان افقی فاصلہ ہے

$$\frac{۲ \text{ ج مم}^۲ \text{ عہ جب (یہ - جہ)}}{\text{جب (یہ + عہ) جب (جہ - عہ)}}$$

۲۸ — ایک بُرج کے جنوب میں مقام ا سے بُرج کا زاوئی ارتفاع ۳۰° ہے اور مقام ب پر جو ا سے ۱ فاصلہ پر اس کے مغرب میں واقع ہے بُرج کا ارتفاع ۱۸° ہے۔ بتاؤ کہ بُرج کی بلندی $\frac{\text{لگ}}{۲ + \text{ظا}^۲ ۲۱}$ ہے۔

۲۹۔ ایک بُرج جو ۵۱ فٹ بلند ہے اور زمین سے ۲۵ فٹ بلندی پر اس پر ایک نشان ہے؛ بتاؤ کس فاصلہ پر بُرج کے یہ دو حصے ایک آنکھ پر مساوی زاویے بنائینگے جبکہ آنکھ سطح زمین سے ۵ فٹ بلند واقع ہو۔

۳۰۔ ایک شخص مسطح میدان سے جس پر ایک بُرج ہے اور بُرج پر ایک مینار ہے مشاہدہ کرتا ہے کہ جب وہ بُرج کے پائین سے ۱۰۰ فیٹ فاصلے پر ہوتا ہے تو اس کی چوٹی اور ایک پہاڑ کی چوٹی ایک خطِ مستقیم میں نظر آتی ہیں۔ بُرج کے پائین سے ب فٹ اور پرے ہٹنے سے وہ دیکھتا ہے کہ مینار کے محاذی اس کی آنکھ پر حسب سابق وہی زاویہ بنتا ہے اور اس کی چوٹی اور پہاڑ کی چوٹی ایک خطِ مستقیم میں ہیں؛ ثابت کرو کہ اگر مُشاہد کی آنکھ میں سے گزرنے والے افقی مستوی کے اوپر بُرج کی بلندی ج فٹ ہو تو پہاڑ کی بلندی اُسی مستوی کے اوپر $\frac{ب ج}{ب - ۱۰۰}$ فٹ ہوگی

۳۱۔ ایک شخص ۵ فٹ قد والا ایک مخروط مضلع کے قاعدہ کے نزدیک کھڑا ہے جس کا قاعدہ مربع ہے، وہ دیکھتا ہے کہ آفتاب مخروط مضلع کے ایک کنارہ پر اس کے وسط میں غائب ہوتا ہے۔ اگر نزدیک ترین کناروں سے شخص مذکور کے فاصلے ا اور ب ہوں اور سورج کا ارتفاع ط ہو تو ثابت کرو کہ مخروط مضلع کی بلندی ہے

$$۱۰ + \text{مس ط} \sqrt{\frac{۱}{۲}(۵ ا^۲ - ۲ ا ب + ب^۲)} \text{ فٹ}$$

۳۲۔ ایک پہاڑی کی چوٹی سے نیچے کے میدان پر کے ایک نقطہ کا زاویہ نشیب (186)
۳۰° ہے اور پہاڑی سے تین چوتھائی راستہ نیچے اترنے کے بعد اسی نقطہ کا زاویہ نشیب ۴۵° ہے۔ آتک صحیح پہاڑی کا میلان معلوم کرو۔

۳۳۔ ا ب ج د، ایک کمرہ کا مستطیلی فرش ہے جس کا طول ا ب، ۱۰ فٹ ہے۔ کمرہ کی بلندی معلوم کرو اگر ج پر کمرے کی بلندی کے محاذی کونہ ا پر زاویہ ع بنے اور کونہ ب پر زاویہ ہ بنے۔ اگر ا ب = ۴۸ فٹ، ع = ۴۸°، ہ = ۳۰° تو ثابت کرو کہ بلندی تقریباً ۱۸ فٹ۔ انچ ہے۔

۳۴۔ ایک بُرج ایک افقی مستوی پر ایک پہاڑی سے جس کا میلان ع ہے

ا فاصلہ پر واقع ہے۔ پہاڑی پر کے ایک شخص کو برج کے اوپر سے ایک تالاب عین دکھائی دے سکتا ہے، اس تالاب کا فاصلہ برج سے ب ہے۔ اگر مشاہد کا فاصلہ پہاڑی کے پائین سے ج ہو تو ثابت کرو کہ برج کی بلندی

$$\frac{\text{ب ج جب عہ}}{\text{ا + ب + ج جم عہ}}$$ ہے۔

۳۵ ــــ ایک شخص دو برجوں کے درمیان کھڑا دیکھتا ہے کہ ان میں سے ہر ایک برج اس کی آنکھ پر زاویہ عہ بناتا ہے؛ پھر وہ ایک سیدھے راستہ پر جو برجوں کو ملانے والے خط سے زاویہ جہ پر مائل ہے ا فٹ چلتا ہے اور دیکھتا ہے کہ اس کی آنکھ پر ان میں سے ہر برج کے محاذی زاویہ ب بنتا ہے؛ برجوں کی بلندیاں معلوم کرنے کے لیے حسب ذیل رشتے ثابت کرو:-

$$\text{ف ف}' (\text{مم}^2 \text{ب} - \text{مم}^2 \text{عہ}) = \text{ا}^2$$

$$(\text{ف}' - \text{ف}) (\text{مم}^2 \text{ب} - \text{مم}^2 \text{عہ}) = 2\,\text{ا}\,\text{مم عہ جم جہ}$$

جن میں ف، ف' سے برجوں کی بلندیاں تعبیر ہوتی ہیں۔

۳۶ ــــ ایک پہاڑی کی چوٹی سے ایک پل کے دو ستونوں کے زاویہ نشیب عہ، ب مشاہدہ کیے گئے ہیں اور ستونوں کا درمیانی فاصلہ ا مشاہدہ کے نقطہ پر زاویہ طہ بناتا ہے؛ ثابت کرو کہ پہاڑی کی بلندی ہے:

$$\frac{1}{2}\,\text{ا مم فہ قط}\,\frac{1}{2}\,\text{طہ}\,\sqrt{\text{جب عہ جب ب}}$$

جہاں $$\text{جم فہ} = 2\,\text{جم}\,\frac{1}{2}\,\text{طہ}\,\sqrt{\text{جب عہ جب ب}}\,(\text{جب عہ} + \text{جب ب})^{-1}$$

۳۷ ــــ ایک پہاڑی پر سے ایک شخص دیکھتا ہے کہ تین برج جو ایک افقی مستوی پر واقع ہیں اس کی آنکھ پر مساوی زاویے بناتے ہیں اور ان کے قاعدوں کے زاویے نشیب عہ، عہ'، عہ" ہیں؛ اگر ج، ج'، ج" برجوں کی بلندیاں ہوں تو ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{جب}(\text{عہ} - \text{عہ}")}{\text{ج جب عہ}} + \frac{\text{جب}(\text{عہ}" - \text{عہ})}{\text{ج}' \text{جب عہ}'} + \frac{\text{جب}(\text{عہ} - \text{عہ}')}{\text{ج}" \text{جب عہ}"} = 0.$$

۳۸ــــ ایک قلعہ سے ایک توپ داغی گئی تو معلوم ہوا کہ دو مقامات ب اور ج پر اس کی روشنی کے نظر آنے اور آواز کے سنائی دینے میں جو وقفے ہوئے وہ علی الترتیب ت، تَ ہیں؛ خطِ مستقیم ب ج میں ا سے معلومہ فاصلہ ا پر د ایک نقطہ ہے؛ اگر ب د = ب، اور ج د = ج تو ثابت کرو کہ آواز کی رفتار ہے

$$\left\{\frac{(\text{ب}-\text{ج})\,(\text{ا}^2-\text{ب}\,\text{ج})}{\text{ب}\,\text{ت}^2-\text{ج}\,\text{تَ}^2}\right\}^{\frac{1}{2}}$$

اُس صورت کا امتحان کرو جب، ا^2 = ب ج

۳۹ــــ ایک پہاڑی کی چوٹی پر ایک چوکونی مینار ہے اور پہاڑی کا ڈھال مستقل میلان رکھتا ہے۔ ڈھال پر کے ایک نقطہ سے مینار کے سرے کا زاویہ ارتفاع ع مشاہدہ کیا گیا اور پھر پہاڑی کی چوٹی کی طرف ا فٹ آگے بڑھنے سے زاویہ ارتفاع بہ معلوم ہوا۔ اگر مینار کی بلندی ف ہو تو ثابت کرو کہ پہاڑی کا میلان افق کے ساتھ ہے

$$\text{جم}^{-1}\left\{\frac{\text{ا}}{\text{ف}}\times\frac{\text{جب ع جب بہ}}{\text{جب (بہ}-\text{ع)}}\right\}$$

۴۰ــــ ایک کروی گنبد کے راس پر ایک صلیب نصب ہے؛ کسی خاص نقطہ پر صلیب کا زاویہ ارتفاع ع اور گنبد کا زاویہ ارتفاع بہ مشاہدہ کیا گیا ہے؛ گنبد کی طرف فاصلہ ا طے کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ صلیب گنبد کے عین اوپر ہے (187) اور اس کا زاویہ ارتفاع جہ ہے۔ ثابت کرو کہ سطح زمین کے اوپر گنبد کے مرکز کی بلندی ہے

$$\frac{\text{ا جب جہ}}{\text{جب (جہ}-\text{ع)}}\times\frac{\text{جب ع جم جہ}-\text{جم ع جب بہ}}{\text{جم جہ}-\text{جم بہ}}$$

۴۱ــــ کسی دن دوپہر کے وقت آفتاب کا ارتفاع ع ہے۔ ایک شخص اس وقت

ایک ابر کے ٹکڑے میں ایک دائری شگاف دیکھتا ہے جو اُس کے جنوب میں ا فاصلہ پر کے ایک مقام کے اوپر انتصاباً واقع ہے۔ وہ مشاہدہ کرتا ہے کہ شگاف کے محاذی اُس کی آنکھ پر ۲ ط کا زاویہ بناتا ہے اور زمین پر کا روشن دماغ اُس کی آنکھ پر ۲ ف کا زاویہ بناتا ہے۔ اگر ابر کے ٹکڑے کی بلندی زمین کے اوپر لا ہو تو ثابت کرو کہ

لا۲ (م۲ عہ مس۲ ف ـ مس۲ ط) ـ ۲ ا لا م عہ مس۲ ف + ا۲ (مس۲ ف ـ مس۲ ط) = ۰

۴۲ـــــ ایک پہاڑی کے ڈھال پر کے ایک نقطہ سے دو سیدھے راستے بنائے گئے ہیں، ایک راستہ ایک انتصابی مستوی میں جنوباً واقع ہے، دوسرا راستہ دوسرے انتصابی مستوی میں جو قبل الذکر کے علی القوائم ہے مشرقاً واقع ہے۔ یہ راستے ایک دوسرے کے ساتھ زاویہ عہ بناتے ہیں اور ان کے طول اُس افقی سڑک تک جو پہاڑی کے پائین میں ہے علی الترتیب ا اور ب ہیں۔ ثابت کرو کہ پہاڑی افقی سمت کے ساتھ زاویہ جب$^{-۱}$ $\left(\frac{ا^۲ + ب^۲ - ۲ ا ب جم عہ}{ا ب جب عہ مس عہ}\right)^{\frac{۱}{۲}}$ پر مائل ہے۔

۴۳ـــــ ایک سیدھی ندی کا عرض اس طرح محسوب کیا گیا ہے کہ اس کی ایک جانب ا طول کا ایک قاعدہ ناپا گیا ہے اور اس کے سروں کو مقابل کے کنارہ پر کے ایک نشان سے ملانے والے خطوطِ مستقیم جو زاویے قاعدے کے ساتھ بناتے ہیں ان کا مشاہدہ کیا گیا ہے۔ اگر اُس آلہ سے جس سے زاویے ناپے گئے ہیں زاویوں کی قیمتیں اصلی قیمتوں سے (۱+ن) گنی حاصل ہوئی ہوں جہاں ن بہت چھوٹا ہے تو ثابت کرو کہ دریا کے محسوب کردہ عرض میں جو خطا ہے وہ

$$ن ا \times \frac{ب جب^۲ عہ - عہ جب^۲ ب}{جب^۲ (عہ - ب)}$$

کے بہت قریب ہے؛ عہ، ب مذکورہ بالا زاویوں کے دائری ناپ ہیں۔

۴۴ـــــ ایک مشاہد ایک جہاز کے عرشہ سے جو سطح سمندر سے ۲۰ فٹ اوپر ہے دُور کے روشنی کے مینار کی چوٹی کو عین دیکھ سکتا ہے، وہ پھر جھنڈے کے ڈنڈے پر اوپر تک چڑھتا ہے جہاں وہ عرشہ سے ۸۰ فٹ بلند ہو جاتا ہے تو اُسے روشنی کے

مینار کا دروازہ نظر آتا ہے جس کی بلندی سمندر کے اوپر مینار کی بلندی کا چوتھائی ہے۔ مینار سے اُس کا فاصلہ اور مینار کی بلندی معلوم کرو اگر یہ مان لیا جائے کہ زمین ایک کرہ ہے جس کا نصف قطر ۴۰۰۰ میل ہے۔

۴۵ ـــــ ایک سیدھی نہر کے کنارے پر تین کھمبے ایک ایک میل کے فاصلے پر گاڑے گئے ہیں، ان میں سے ہر ایک کی بلندی سطح آب کے اوپر ایک ہی ہے۔ اگر پہلے اور تیسرے کھمبوں کے سروں کو ملانے والا نظری خط درمیانی کھمبے کو اس کے سرے سے آٹھ انچ نیچے قطع کرے تو زمین کا نصف قطر ایک میل تک صحیح معلوم کرو۔

۴۶ ـــــ تین نقطوں ا، ب، ج پر جو ایک افقی مستوی میں ہیں سوراخ ڈال کر مورم کی تہ کا سراغ لگایا گیا تو معلوم ہوا کہ وہ علی الترتیب ل، ب، ج گہرائیوں پر ہے؛ نیز ا ب = ف، ب ج = ک، ا ب ج = عہ، اگر مورم کی تہ کی اوپر کی سطح، مستوی ہو تو ثابت کرو کہ افق کے ساتھ اس کا میلان فہ مساوات ذیل سے حاصل ہوتا ہے۔

$$\text{مس}^{۲}\,\text{فہ} = \left\{\frac{(\text{ا}-\text{ب})^{۲}}{\text{ف}^{۲}} - ۲\,\frac{(\text{ا}-\text{ب})(\text{ج}-\text{ب})}{\text{ف ک}}\,\text{جم عہ} + \frac{(\text{ج}-\text{ب})^{۲}}{\text{ک}^{۲}}\right\} \text{قم}^{۲}\text{عہ} \qquad (188)$$

۴۷ ـــــ ایک ستون کا زاوئی ارتفاع عہ ہے جبکہ اس کو ایک مقام سے جو اس کے شمال میں ہے دیکھا جاتا ہے اور بہ ہے جبکہ اس کو ایک مقام سے جو اس کے مشرق میں اس سے ج فاصلہ پر ہے دیکھا جاتا ہے۔ ثابت کرو کہ ستون کی بلندی ہے

$$\frac{\text{ج جب عہ جب بہ}}{\{\text{جب}(\text{عہ}-\text{بہ})\,\text{جب}(\text{عہ}+\text{بہ})\}^{\frac{۱}{۲}}}$$

۴۸ ـــــ ایک بندرگاہ سے شمال میں ۹ میل فاصلے پر ایک روشنی کا مینار ہے۔ بندرگاہ سے ایک کشتی اُس سمت میں جو مشرق سے شمال کی طرف $۲۲\frac{۱}{۲}°$ کا زاویہ بناتی ہے حرکت کرتی ہے یہاں تک کہ روشنی کا مینار اس سے شمال مغربی سمت میں نظر آتا ہے، پھر وہ مڑتی ہے اور روشنی کے مینار کی طرف حرکت کرتی ہے یہاں تک کہ بندرگاہ اس کے جنوب مغربی سمت میں نظر آتا ہے،

پھر وہ مڑتی ہے اور بندرگاہ میں اس کی طرف حرکت کرتی ہوئی داخل ہوتی ہے ثابت کرو کہ کشتی کی اس گردش کا طول تقریباً ۶ میل ہے۔

۴۹ ــــ ا نصف قطر کے ایک دائری تالاب کے گرد یکساں عرض ب کا راستہ ہے جس کے گرد بلندی د کی باڑ لگی ہوئی ہے۔ ایک شخص جس کی لمبائی ف ہے باڑ کے عین اندر کھڑا ہوتا ہے۔ ثابت کرو کہ باڑ کا وہ حصہ جس کے بلند ترین نقطے پانی میں انعکاس کے ذریعہ اس شخص کو نظر آسکتے ہیں $\frac{1}{n}$ واں ہے جہاں

$$\frac{1}{n} = \frac{2}{\pi} \text{جتا}^{-1} \left\{ \frac{ف + د}{2 ما ف د} \times \frac{\sqrt{ما^2 ب^2 + 2 ا ب}}{ا + ب} \right\}$$

بشرطیکہ $ف < د \left(1 + \frac{2ا}{ب}\right)$، اور $> \frac{د}{1 + \frac{2ا}{ب}}$

۵۰ ــــ ایک کروکی حلقے (Croquet-hoop) کا عرض، اس کے تاروں کی موٹائی، اور گولہ کا قطر دیے گئے ہیں؛ گولہ ایک دیے ہوئے محل میں ہے، بتاؤ کہ وہ شرطیں کس طرح معلوم کی جائیں کہ گولہ کے لیے یہ عین ممکن ہوجائے کہ وہ حلقہ میں سے جاسکے (۱) سیدھا، (۲) ایک تار کو ٹکرانے کے بعد (۳) دونوں تاروں کو ٹکرانے کے بعد؛ یہ مان لو کہ زاویہ وقوع زاویہ انعکاس کے مساوی ہے۔

۵۱ ــــ تین پہاڑوں کی چوٹیاں ا، ب، ج ایک مشاہد کو ایک ہی خطِ مستقیم میں نظر آتی ہیں جبکہ وہ دو مقامات ف اور ق میں سے ہر ایک پر کھڑا رہتا ہے؛ یہ مقامات ایک ہی افقی مستوی میں ہیں، ا ب اور ب ج کے محاذی ہر مقام پر زاویہ عہ بناتا ہے اور زاویے ا ق ف، ج ف ق، علی الترتیب فہ اور پہ ہیں۔

ثابت کرو کہ پہاڑوں کی بلندیوں میں نسبت ہے:

مم ۲ عہ + مم پہ : ½ (مم عہ + مم پہ) (مم عہ + مم فہ) مس عہ : مم ۲ عہ + مم فہ

نیز ثابت کرو کہ اگر ق ب خط ا ج کو د پر قطع کرے تو ا ج = ج د جب ۲ ع (م پ + م ۲ ع)

۵۲ — ایک شخص ریل کی ایک سیدھی پٹڑی سے ج فاصلہ پر کھڑا ہوا ایک ٹرین دیکھتا ہے جو پٹڑی پر کھڑی ہے اور جس کا قریب ترین سرا پٹڑی کے اُس نقطہ سے ا فاصلے پر ہے جو اس شخص کے قریب ترین ہے۔ وہ شخص ٹرین کے محاذی جو زاویہ بنتا ہے اس کا مشاہدہ کرتا ہے اور پھر ٹرین کا طول محسوب کرتا ہے۔ اگر زاویہ ع کے مشاہدہ کرنے میں اُس سے ایک چھوٹی خطا ط سرزد ہو جائے تو ثابت کرو کہ اِس کی وجہ سے محسوب کردہ طول میں جو خطا وقوع پذیر ہو گی اِس کو اصلی طول کے ساتھ یہ نسبت ہے

$$\frac{\text{ج ط}}{\text{جب ع (ج جم ع − ا جب ع)}}$$

۵۳ — ایک پہاڑ کی بلندی ف حسب ذیل مشاہدہ کردہ چیزوں کی قیمتوں سے معلوم کرنی ہے، ایک افقی قاعدہ کا خط ب ج (ا)، زاویے ا ب ج، ا ج ب اور زاویہ (ی) جو ا ب، انتصابی خط کے ساتھ بناتا ہے۔ بتاؤ کہ

$$\text{ف} = \frac{\text{ا جم ی جب ج}}{\text{جب (ب + ج)}}$$

(189) اگر ف تقریباً معلوم ہو تو ثابت کرو کہ ب ج کی مناسب ترین سمت

$$\text{ب} = \text{۲ مس}^{-1}\left(\frac{\text{ا جم ی} - \text{ف}}{\text{ا جم ی} + \text{ف}}\right)$$

سے ملتی ہے ایسی کہ ج کی پیمایش میں جو خطا ہو اس کا اثر ف کی مذکورہ بالا قیمت کی صحت پر کم سے کم ہوتا ہے۔

۵۴ — تین انتصابی جھنڈے ایک افقی مستوی پر قائم ہیں۔ اس مستوی میں تین نقطے ا، ب، ج ہیں جن میں سے ہر ایک پر اِن تین جھنڈوں میں سے

دو کے سرے ایک ہی خط مستقیم میں نظر آتے ہیں؛ اور یہ خطوط مستقیم افق کے ساتھ علی الترتیب زاویے عہ، بہ، جہ بناتے ہیں۔ جھنڈوں کے سروں میں سے جو مستوی گذرتا ہے وہ افق کے ساتھ زاویہ طہ بناتا ہے۔ ثابت کرو کہ جھنڈوں کے طول ہیں

$$\frac{\text{ب ج}}{\sqrt{\text{م}^2 \text{بہ} - \text{م}^2 \text{طہ}} + \sqrt{\text{م}^2 \text{جہ} - \text{م}^2 \text{طہ}}}$$

اور دو متشابہ جملے۔ بتاؤ کہ جذروں کی علامتیں کس طرح لی جانی چاہئیں۔

۵۵ — ایک برج ا ب ایک افقی مستوی پر قائم ہے اور اس پر ایک مینار ب ج ہے۔ ایک پہاڑ پر جس کا رخ ایک مائل مستوی خیال کیا جا سکتا ہے ایک مشاہد مقام ع پر کھڑا دیکھتا ہے کہ ا ب، ب ج میں سے ہر ایک کے محاذی اس کی آنکھ پر زاویہ عہ بناتا ہے؛ اب وہ مقام ف تک حرکت کرتا ہے اور فاصلہ ع ف (= ۲ ا) کی پیمایش کرتا ہے اور دیکھتا ہے کہ پھر ا ب، ب ج اس کی آنکھ پر وہی زاویے عہ بناتے ہیں؛ اب وہ زاویوں ا ف ع (= بہ) اور ج ف ع (= جہ) کی پیمایش کرتا ہے۔ اگر ا ب، ب ج کی بلندیاں لا اور ما ہوں تو بتاؤ کہ

$$\text{لا جم بہ} = \text{ما جم جہ} = \text{ا} \left\{ 1 - \frac{\text{جم بہ جم جہ جم}^2 \text{عہ}}{\text{جم}^2 \frac{1}{2}(\text{بہ} + \text{جہ}) \text{جم}^2 \frac{1}{2}(\text{بہ} - \text{جہ})} \right\}^{\frac{1}{2}}$$

نیز اگر ع ف کا نقطۂ وسطی ث ہو اور ث میں سے گذرنے والے خطِ میلان اعظم پر ھ وہ نقطہ ہو جس پر ا ب، ب ج مساوی زاویے ضہ بناتے ہیں اور اگر ث ھ = ب تو ثابت کرو کہ افق کے ساتھ پہاڑ کا میلان طہ، مساوات ذیل سے حاصل ہوتا ہے

$$\left\{ \frac{\text{لا}^2 \text{ما}^2}{(\text{لا} - \text{ما})^2} - \left(\frac{\text{ر}^2 + \text{ب}^2}{2\text{ب}} \right) \right\}^{\frac{1}{2}} \text{جب طہ} + \frac{\text{ر}^2 \text{ب}^2}{2\text{ب}} \text{جم طہ}$$

$$= \frac{\text{لا ما} (\text{لا} + \text{ما}) \text{جب ۲ ضہ}}{\text{لا}^2 + \text{ما}^2 - 2 \text{لا ما جم ۲ ضہ}}$$

(190)

بارہواں باب

مثلثوں اور ذواربعۃ الاضلاعوں کے خواص

۱۵۰ ——— اس باب میں ہم اکثر اقلیدسی ہندسہ کے اُن مسئلوں کو بلا ثبوت مان لینگے جو ہمارے مقصد کے لیے ضروری ہیں اور اِن مسئلوں کی تحقیق کے لیے نظری ہندسہ پر لکھی ہوئی کتابوں کا حوالہ دینگے۔

مثلث کا حائط دائرہ

۱۵۱ ——— ایک مثلث کے حائط دائرہ کے نصف قطر کے لیے ضابطہ $ر = \frac{ا}{۲}$ (قم ۱، دفعہ ۱۲۰) میں حاصل ہوچکا ہے۔ اس ضابطہ کو یوں بھی حاصل کیا جاسکتا ہے:



(191) فرض کرو کہ د حائط دائرہ کا مرکز ہے؛ مثلث ا ب ج کے ضلع ب ج پر عمود و د کھینچو، تو ب ج کا نقطہ وسطی د ہے اور زاویہ ب و د = ا

چونکہ ب د = و ب جب ب و د، اس لیے

$\frac{1}{2}$ ا = ر جب ا، یا ر = $\frac{1}{2}$ ا قم ا . . . . (۱)

اگر مثلث کا رقبہ س سے تعبیر ہو تو

س = $\frac{1}{2}$ ب ج جب ا

اس طرح حائط دائرہ کے نصف قطر کے لیے ہمیں جملہ حاصل ہوتا ہے

ر = $\frac{\text{ا ب ج}}{4\text{ س}}$ . . . . . (۲)

نیز و د = و ب جم ا = ر جم ا

مثلث کے اندرونی اور جانبی دائرے

۱۵۲ ـــــ ہم جانتے ہیں کہ ایک مثلث کے تین ضلعوں کو مس کرنے والے چار دائرے کھینچے جا سکتے ہیں؛ اندرونی دائرہ ہر ضلع کو داخلی طور پر مس کرتا ہے، فرض کرو کہ اس کا مرکز آ ہے؛ ہر جانبی دائرہ مثلث کے ایک ضلع کو اور دوسرے دو حمدودہ ضلعوں کو مس کرتا ہے، فرض کرو کہ



اِن جانبی دائروں کے مرکز آ، آ، آ ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ آ ا، آ ب، آ ج، علی الترتیب زاویوں ا، ب، ج کی تنصیف کرتے ہیں، اور آ ب، آ ج علی الترتیب زاویوں ب، ج کی خارجی طور پر تنصیف کرتے ہیں۔ پس یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ مثلث آ آ آ کے راسوں آ، آ، آ سے مقابل کے ضلعوں پر عمود ا آ، ب آ، ج آ ہیں اور اِس مثلث آ آ آ کا مرکز عمودی آ ہے۔

مثلث ا ب ج کا حائط دائرہ، مثلث آ آ آ کا نو نقطی دائرہ ہے اور اس لیے یہ حائط دائرہ ضلعوں آ آ، آ آ، آ آ کے نقاط وسطی میں سے اور نیز آ آ، آ آ، آ آ کے نقاط وسطی میں سے گذرتا ہے۔

۱۵۳ ـــــ فرض کرو کہ مثلث ا ب ج کے ضلعوں ا ب، ب ج، ج ا کو اس کا اندرونی دائرہ علی الترتیب نقطوں ل، ھ، ک پر مس کرتا ہے۔ (192)



تب Δ آب ج + Δ آ ج ا + Δ آ ا ب = س ،

اب چونکہ Δ آ ب ج = $\frac{1}{2}$ آ ھ × ب ج = $\frac{1}{2}$ ر ا ،

Δ آ ج ا = $\frac{1}{2}$ ر ب ، اور Δ آ ا ب = $\frac{1}{2}$ ر ج ،

جہاں ر ، اندرونی دائرہ کا نصف قطر ہے ، اس لیے

$\frac{1}{2}$ ر (ا + ب + ج) = س ،

یعنی ر = $\frac{\text{س}}{\text{ص}}$ ، . . . . . (۳)

جس سے اندرونی دائرہ کا نصف قطر حاصل ہوتا ہے ۔ نیز چونکہ

Δ = ب ھ + ھ ج = ر (مم $\frac{1}{2}$ ب + مم $\frac{1}{2}$ ج)

اس لیے ر = Δ جب $\frac{1}{2}$ ب جب $\frac{1}{2}$ ج قط $\frac{1}{2}$ ا . . . . (۴)

یہ ر کے لیے دوسرا جملہ ہے جو (۳) سے بھی اخذ ہو سکتا ہے ۔

ضابطوں (۱) اور (۴) کو ملانے سے ہمیں متشاکل جملہ حاصل ہوتا ہے

ر = ۴ ر جب $\frac{1}{2}$ ا جب $\frac{1}{2}$ ب جب $\frac{1}{2}$ ج . . . (۵)

نیز چونکہ اک + ب ج = $\frac{1}{2}$ (ب ج + ج ا + ا ب)

اس لیے اک = ا ل = س - ا

اور اسی طرح ب ھ = ب ل = س - ب ، ج ھ = ج ک = س - ج

پس چونکہ ر = ا ک مس $\frac{1}{2}$ ا = ب ھ مس $\frac{1}{2}$ ب = ج ک مس $\frac{1}{2}$ ج

ہمیں جملے حاصل ہوتے ہیں

ر = (س - ا) مس $\frac{1}{2}$ ا = (س - ب) مس $\frac{1}{2}$ ب = (س - ج) مس $\frac{1}{2}$ ج . . (۶)

اِن کو (۳) اور (۴) سے بھی اخذ کیا جا سکتا ہے ۔

۱۵۴ ——— دفعہ سابق کے جملوں کے جواب میں جانبی دائروں (193)
کے نصف قطروں ر۱، ر۲، ر۳ کے لیے جملے معلوم کیے جا سکتے ہیں۔

فرض کرو کہ مثلث ا ب ج کے ضلعوں ب ج، ج ا، ا ب کو وہ دائرہ جس کا مرکز آ۱ ہے نقطوں ھ۱، ک۱، ل۱ پر مس کرتا ہے۔ تب

$$\Delta\, آ_1 ا ب + \Delta\, آ_1 ب ج - \Delta\, آ_1 ج ا = س،$$

اس لیے $\frac{1}{2}$ ر۱ (ب + ج - ا) = س

اور اس لیے جانبی دائروں کے نصف قطروں کے لیے ہمیں ضابطے ملتے ہیں

$$ر_1 = \frac{س}{س - ا}، \quad ر_2 = \frac{س}{س - ب}، \quad ر_3 = \frac{س}{س - ج}، \quad \ldots\ldots (۷)$$

نیز چونکہ ا = ب ھ۱ + ھ۱ ج = ر۱ ($ظ\frac{1}{2}$ ب + $ظ\frac{1}{2}$ ج)

اس لیے ر۱ = ا جم $\frac{1}{2}$ ب جم $\frac{1}{2}$ ج قط $\frac{1}{2}$ ا ..... (۸)



اِس سے ضابطہ ملتا ہے

$$ر_۱ = ۴ س جب \frac{۱}{۲} ا \text{ جم } \frac{۱}{۲} ب \text{ جم } \frac{۱}{۲} ج \quad \ldots\ldots (۹)$$

اسی طرح $ر_۲$ اور $ر_۳$ کے لیے تناظر جملے حاصل ہوتے ہیں ۔

پھر چونکہ

$ب ھ_۱ = ب ل_۱$، اور $ج ھ_۱ = ج ک_۱$، اور $ا ک_۱ = ا ل_۱$

اس لیے $ب ھ_۱ = س - ج$، $ج ھ_۱ = س - ب$، $ا ک_۱ = ا ل_۱ = س$

اس طرح ہمیں ضابطے ملتے ہیں

$$ر_۱ = س \text{ مس } \frac{۱}{۲} ا = (س - ج) \text{ مم } \frac{۱}{۲} ب = (س - ب) \text{ مم } \frac{۱}{۲} ج \quad \ldots (۱۰)$$

(194)

مثالیں

(۱) ثابت کرو کہ

$$ر_۱ + ر_۲ + ر_۳ - ر = ۴ س ،$$

$$ر_۲ ر_۳ + ر_۳ ر_۱ + ر_۱ ر_۲ = \frac{س^۲}{ر} ،$$

$$ر_۱^{-۱} + ر_۲^{-۱} + ر_۳^{-۱} = ر^{-۱}$$

(۲) ایک مثلث کے ضلعوں اور زاویوں کے لیے حسب ذیل جملے، جو جانبی دائروں کے نصف قطروں کی رقوم میں ہیں ثابت کرو:—

(عہ) $$ا = \frac{ر (ر_۲ + ر_۳)}{\sqrt{ر ر_۱ ر_۲ + ر ر_۲ ر_۳ + ر ر_۳ ر_۱}} ،$$ (ب) $$\text{جب } \frac{۱}{۲} ا = \frac{ر}{\sqrt{(ر + ر_۲)(ر_۲ + ر_۳)(ر_۳ + ر)}}$$

(ج) $$\text{جب } ا = ۲ ر_۱ \frac{\sqrt{ر_۲ ر_۳ + ر_۳ ر_۱ + ر_۱ ر_۲}}{(ر_۱ + ر_۲)(ر_۱ + ر_۳)}$$

(۳) ثابت کرو کہ $$س = \frac{۱}{۴} \frac{(ر_۲ + ر_۳)(ر_۳ + ر_۱)(ر_۱ + ر_۲)}{\sqrt{ر_۲ ر_۳ + ر_۳ ر_۱ + ر_۱ ر_۲}}$$

(۴) ثابت کرو کہ $۱۶ ر^۲ ل_۱ ل_۲ ل_۳ = ا^۲ ب^۲ ج^۲$

(۵) ثابت کرو کہ $\text{جم}\, ا = \frac{۲ر + ل_۱ - ل_۲}{۲ر}$

(۶) اگر وہ جانبی دائرہ جو ضلع ا کو مس کرتا ہے حائط دائرہ کے مساوی ہو تو ثابت کرو کہ

$$\text{جم}\, ا = \text{جم}\, ب + \text{جم}\, ج$$

(۷) ثابت کرو کہ $ل_۱ (ل_۲ + ل_۳) \text{قم}\, ا = ل_۳ (ل_۳ + ل_۱) \text{قم}\, ب = ل_۲ (ل_۱ + ل_۲) \text{قم}\, ج$

(۸) اگر اندرونی اور جانبی دائروں کے مرکزوں کے فاصلے راس ا سے $ع_۱ ع_۲ ع_۳ ع_۴$ ہوں اور ا سے ب ج پر عمود ع ہو تو ثابت کرو کہ

(ا) $ع_۱ ع_۲ ع_۳ ع_۴ = ۴ ر^۲ ع^۲$،

(ب) $ع_۱^۲ + ع_۲^۲ + ع_۳^۲ + ع_۴^۲ = ۱۶ ر^۲$،

(ج) $ع_۱^۲ + ع_۲^۲ + ع_۳^۲ + ع_۴^۲ = ۴ ع^۲$

(۹) بتاؤ کہ اُس مثلث کا رقبہ جو جانبی دائروں کے مرکزوں کو ملانے سے بنتا ہے یہ ہے

$$\frac{ا ب ج}{۲ر}\text{، یا}\quad ۸ ر^۲ \text{جم}\frac{۱}{۲} ا \text{جم}\frac{۱}{۲} ب \text{جم}\frac{۱}{۲} ج$$

(۱۰) ثابت کرو کہ اندرونی اور جانبی دائروں کے مرکزوں کو ملانے سے جو چار مثلث بنتے ہیں اِن میں کسی کے گرد کھینچے ہوئے دائرہ کا نصف قطر، ر کا دُگنا ہوتا ہے۔

(۱۱) ثابت کرو کہ رقبے $آ_۱ آ_۲ آ_۳$، $آ_۱ آ_۲ آ_۴$، $آ_۱ آ_۳ آ_۴$، $آ_۲ آ_۳ آ_۴$ ایسے بدلتے ہیں جیسے $\frac{۱}{ل_۱}$، $\frac{۱}{ل_۲}$، $\frac{۱}{ل_۳}$، $\frac{۱}{ل_۴}$

(۱۲) ثابت کرو کہ (ا) $\frac{آ_۱ آ_۲^۲}{ل_۳ ل_۴} + \frac{آ_۱ آ_۳^۲}{ل_۲ ل_۴} + \frac{آ_۱ آ_۴^۲}{ل_۲ ل_۳} = ۸ \frac{ر^۲}{ل_۱}$،

(ب) $ر^۳ \times آ_۱ آ_۲ \times آ_۱ آ_۳ \times آ_۱ آ_۴ \times آ_۲ آ_۳ \times آ_۲ آ_۴ \times آ_۳ آ_۴ = آ_۱ آ_۲^۲ \times آ_۱ آ_۳^۲ \times آ_۱ آ_۴^۲ \times آ_۲ آ_۳^۲ \times آ_۲ آ_۴^۲ \times آ_۳ آ_۴^۲$،

(۱۳) اگر ایک مثلث کے راسوں سے آ کے فاصلے ف۱، ف۲، ف۳ ہوں تو ثابت کرو کہ

$$\frac{ف_1 ف_2 ف_3}{ا ب ج} = \frac{1}{س}$$

(۱۴) اگر اُس مثلث کے ضلع اَ، بَ، جَ ہوں جو جانبی دائروں کے نقاط تماس $ھ_1$، $ھ_2$، $ھ_3$ کو ملانے سے بنتا ہے تو ثابت کرو کہ $\frac{ا^2 - اَ^2}{ا} = \frac{ب^2 - بَ^2}{ب} = \frac{ج^2 - جَ^2}{ج}$

(۱۵) دائروں ب وج، ج وا، ا وب کے مرکزوں کو ملانے سے جو مثلث بنتا ہے (195)
اس کے ضلعوں میں نسبت جب ۲ ا : جب ۲ ب : جب ۲ ج ہوگی۔

(۱۶) ثابت کرو کہ مبہم صورت میں جبکہ ا، ب دیے جائیں جو دو مثلث حاصل ہوتے ہیں اُن کے حائط دائرے مساوی ہوتے ہیں؛ نیز ثابت کرو کہ ان کے مرکزوں کے درمیان فاصلہ ہے

$$(ب^2 \text{ قم}^2 ب - ا^2)^{\frac{1}{2}}$$

(۱۷) مثلث کے حل کی مبہم صورت میں ثابت کرو کہ دیے ہوئے ضلعوں میں سے بڑے ضلع کے ساتھ اندرونی دائروں کے نقاط تماس کا فاصلہ تیسرے ضلع کی قیمتوں کے فرق کے نصف کے مساوی ہوتا ہے۔

(۱۸) اگر مثلثوں آ ب ج، آ ج ا، آ ا ب کے حائط دائروں کے نصف قطر $غ_1$، $غ_2$، $غ_3$ ہوں تو ثابت کرو کہ $4 س^3 - س (غ_1^2 + غ_2^2 + غ_3^2) - غ_1 غ_2 غ_3 = 0$۔

(۱۹) ثابت کرو کہ ایک مثلث کے جانبی دائروں کے نصف قطر، کبھی مساوات

$$لا^3 - لا^2 (4 س + ر) + لا س^2 - ر س^2 = 0$$

کی اصلیں ہیں۔

خطوط وسطی

۱۵۵ ـــــ ایک مثلث کے راسوں کو مقابل کے ضلعوں کے نقاط وسطی سے ملانے والے خطوط مستقیم ا د، ب ع، ج ف خطوط وسطی کہلاتے ہیں۔



خط وسطی ا د کا طول، مشہور مسئلہ ا ب^۲ + ا ج^۲ = ۲ (ا د^۲ + ب د^۲) سے حاصل ہوتا ہے، اِس طرح خطوط وسطی کے طولوں کے مربع مساواتوں

م$_۱^۲$ = $\frac{۱}{۲}$ ب^۲ + $\frac{۱}{۲}$ ج^۲ − $\frac{۱}{۴}$ ا^۲، م$_۲^۲$ = $\frac{۱}{۲}$ ج^۲ + $\frac{۱}{۲}$ ا^۲ − $\frac{۱}{۴}$ ب^۲،

م$_۳^۲$ = $\frac{۱}{۲}$ ا^۲ + $\frac{۱}{۲}$ ب^۲ − $\frac{۱}{۴}$ ج^۲ ... (۱۱)

سے ملتے ہیں جہاں م$_۱$، م$_۲$، م$_۳$ خطوط وسطی کے طول ہیں۔ فرض کرو کہ زاویہ ا د ج، م سے تعبیر ہوتا ہے، تب

$$\text{مم م}_۱ = \frac{\text{د ل}}{\text{ال}} = \frac{۱}{۲}\,\frac{\text{ب ل} - \text{ج ل}}{\text{ال}}$$

جہاں ال، ب ج پر عمود ہے؛ پس م، مساوات

$$\text{مم م} = \frac{1}{2}(\text{مم ب} - \text{مم ج}) \quad \ldots\ldots \quad (12)$$

سے حاصل ہوتا ہے۔

(196) نقطہ ث جس پر خطوط وسطی ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں مثلث کا مرکز ہندسی کہلاتا ہے۔ یہ بہت مشہور ہے کہ خطوط وسطی میں سے ہر ایک کو ث، نسبت ۲ : ۱ میں تقسیم کرتا ہے۔

مثالیں

(۱) ثابت کرو کہ $\text{مم ا ث ف} + \text{مم ب ث د} + \text{مم ج ث ع} = \text{مم ا} + \text{مم ب} + \text{مم ج}$

(۲) اگر دائروں ب ث ج، ج ث ا، ا ث ب کے مرکز عہ، بہ، جہ ہوں اور مثلثوں ا ب ج، عہ بہ جہ کے رقبے ق، قَ تو ثابت کرو کہ

$$۴۸\, ق\, قَ = (ا^۲ + ب^۲ + ج^۲)^۲$$

(۳) اگر دائروں ب ث ج، ج ث ا، ا ث ب کے نصف قطر $ر_۱$، $ر_۲$، $ر_۳$ ہوں تو ثابت کرو کہ

$$\frac{ا^۲(ب^۲ - ج^۲)}{ر_۱^۲} + \frac{ب^۲(ج^۲ - ا^۲)}{ر_۲^۲} + \frac{ج^۲(ا^۲ - ب^۲)}{ر_۳^۲} = ۰$$

(۴) اگر زاوئے ب ا د، ج ب ع، ا ج ف علی الترتیب عہ بہ جہ اور زاوئے ج ا د، ا ب ع، ب ج ف علی الترتیب عَ بَ جَ ہوں تو ثابت کرو کہ

$$\text{مم عہ} + \text{مم بہ} + \text{مم جہ} = \text{مم عَ} + \text{مم بَ} + \text{مم جَ}$$

زاویوں کے ناصف

۱۵۶ ـــــــ فرض کرو کہ زاویہ ا کے داخلی اور خارجی ناصف مقابل کے ضلع سے نقطوں عہ اور عم پر ملتے ہیں۔ فرض کرو کہ داخلی ناصفوں ا عہ، ب بہ، ج جہ کے طول ف، گ، ھ ہیں اور خارجی ناصفوں ا عم، ب بم، ج جم کے طول فَ، گَ، ھَ۔ تب عہ اور عم کے محل معلوم کرنے کے لیے ہمیں حاصل ہوتا ہے $\frac{\text{ب عہ}}{\text{ج عہ}} = \frac{\text{ب ا}}{\text{ج ا}} = \frac{\text{ب عم}}{\text{ج عم}}$، اس لیے

$$\text{ب عہ} = \frac{\text{ا ب ج}}{\text{ب + ج}}، \quad \text{ج عہ} = \frac{\text{ا ب}}{\text{ب + ج}}، \quad \text{ب عم} = \frac{\text{ا ب ج}}{\text{ج - ب}}، \quad \text{ج عم} = \frac{\text{ا ب}}{\text{ج - ب}}$$



اور طول ف، فَ معلوم کرنے کے لیے

$$\triangle \text{ا ب عہ} + \triangle \text{ا ج عہ} = \text{س} = \triangle \text{ا عم ب} - \triangle \text{ا عم ج}،$$

اس لیے $\text{ف}(\text{ب} + \text{ج}) \text{جب} \frac{1}{2}\text{ا} = \text{فَ}(\text{ج} - \text{ب}) \text{جم} \frac{1}{2}\text{ا} = 2\text{س}$

پس $\text{ف} = \frac{\text{ب ج}}{\text{ب + ج}} \text{جم} \frac{1}{2}\text{ا}$، $\text{فَ} = \frac{\text{ب ج}}{\text{ج - ب}} \text{جب} \frac{1}{2}\text{ا}$ ... (۱۳۱)

مثالیں

(۱) اگر عہ، بہ، جہ وہ زاویے ہوں جو ا عہ، ب بہ، ج جہ ضلعوں ا، ب، ج کے ساتھ بناتے ہیں تو ثابت کرو کہ ا جب ۲ عہ + ب جب ۲ بہ + ج جب ۲ جہ = ۰

(۲) اگر زاویوں کے ناصفوں کو حائط دائرہ تک خارج کیا جائے اور ان کے طول ف۱، گ۱، ھ۱ ہوں تو ثابت کرو کہ

$$ف_1^{-1} جم \tfrac{1}{2}ا + گ_1^{-1} جم \tfrac{1}{2}ب + ھ_1^{-1} جم \tfrac{1}{2}ج = ا^{-1} + ب^{-1} + ج^{-1}$$

اور $ف_1 جم \tfrac{1}{2}ا + گ_1 جم \tfrac{1}{2}ب + ھ_1 جم \tfrac{1}{2}ج = ا + ب + ج$

(۳) ثابت کرو کہ عہ بہ، ج جہ کو نسبت ۲ ج : ا + ب میں قطع کرتا ہے۔

مثلث پائیں

۱۵۷ ـــــ ایک مثلث کے راسوں ا، ب، ج سے مقابل کے ضلعوں پر عمود ا ل، ب م، ج ن کھینچے گئے ہیں، ان عمودوں کے پایوں کو ملانے سے جو مثلث ل م ن بنتا ہے اس کو ا، ب، ج کا مثلث پائیں کہتے ہیں۔



فرض کرو کہ مثلث ا ب ج کا مرکز عمودی پ ہے، تب چونکہ پ م ا، پ ن ا قائمہ زاویے ہیں اس لیے ایک دائرہ جس کا قطر پ ا ہو شکل پ م ا ن کے گرد کھینچا جا سکتا ہے، اس لیے

م ن = پ ا × اُس زاویہ کی جیب جو قطاع م ن میں بنتا ہے

یعنے م ن = پ ا جب ا

اب اگر حائط دائرہ کا مرکز و ہو اور و د، ب ج پر عمود ہو تو یہ ظاہر ہے کہ ا ب = ۲ و د، اور ہم نے دفعہ ۱۵۱ میں یہ بتا دیا ہے کہ و د = ر جم ا، اس لیے

م ن = ۲ ر جب ا جم ا = ا جم ا

(198) نیز زاویوں پ ل م، پ ل ن میں سے ہر ایک، ا کا متمم ہے، یا م ل ن = π − ا، پس مثلث پائیں کے ضلع اور زاویے علی الترتیب ہیں

$$\left.\begin{array}{l} \text{ا جم ا، ب جم ب، ج جم ج} \\ \pi - ۲\text{ ا، } \pi - ۲\text{ ب، } \pi - ۲\text{ ج} \end{array}\right\} \quad \ldots\ldots (۱۴)$$

یہ توجہ طلب ہے کہ آ آ آ کا مثلث پائیں ا ب ج ہے۔ ل م ن کا مثلث پائیں، ا ب ج کا دوسرا مثلث پائیں کہلاتا ہے اور علیٰ ہذا القیاس۔

ہم نے اوپر یہ مان لیا ہے کہ مثلث حادۃ الزاویہ ہے، اگر زاویہ ا منفرجہ ہو تو یہ آسانی سے ثابت ہو سکتا ہے کہ مثلث پائیں کے زاویے ۲ ا − π، ۲ ب، ۲ ج ہیں اور اس کے ضلع ۔ ا جم ا، ب جم ب، ج جم ج ہیں۔

مثالیں

(۱) ثابت کرو کہ مثلث ل م ن کے اندرونی دائرہ کا نصف قطر ۲ ر جم ا جم ب جم ج ہے۔

(۲) اگر دائروں م پ ن، ن پ ل، ل پ م کے قطر عہ، بہ، جہ ہوں تو ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{بہ جہ}}{\text{ب ج}} + \frac{\text{جہ عہ}}{\text{ج ا}} + \frac{\text{عہ بہ}}{\text{ا ب}} = ۱$$

(۳) اگر مثلث پائیں کے اندرونی اور جانبی دائروں کے نصف قطر ر، $ر_۱$، $ر_۲$، $ر_۳$ ہوں تو

ثابت کرو کہ $\frac{ر_۱ ر_۲ ر_۳}{ر^۲} = \frac{ر_۱ ر_۲ ر_۳}{ر^۲}$

(۴) اگر ا ل، ب م، ج ن، حائط دائرہ سے نقطوں ل، م، ن پر ملیں تو

ثابت کرو کہ $\frac{\text{ا ل}}{\text{ا ل}} + \frac{\text{ب م}}{\text{ب م}} + \frac{\text{ج ن}}{\text{ج ن}} = ۴$

خاص نقطوں کے درمیان فاصلے

۱۵۸ ——— فرض کرو کہ مثلث ا ب ج کا مرکز عمودی پ، حائط دائرہ کا مرکز و، اندرونی دائرہ کا مرکز آ، ایک جانبی دائرہ کا مرکز آ۱، مرکز ہندسی ث، اور نو نقطی دائرہ کا مرکز ء ہے۔ آئیلر کے مشہور مسئلے کی بموجب تین نقطے و، ث، پ ایک خط مستقیم پر واقع ہوتے ہیں اور پ ث = ۲ و ث؛ نقطہ ء بھی و پ پر واقع ہے اور اس کا وسطی نقطہ ہے۔ زاویوں آ ا و، آ ا پ میں سے ہر ایک، $\frac{۱}{۲}$ (ب ـ ج) کے مساوی ہے؛ نیز ا و = ر، ا پ = ۲ ر جم ا،

ا آ = رقم $\frac{۱}{۲}$ ا = ۴ ر جب $\frac{۱}{۲}$ ب جب $\frac{۱}{۲}$ ج،

ا آ۱ = ۴ ر جم $\frac{۱}{۲}$ ب × جم $\frac{۱}{۲}$ ج

اب ہم نقطوں و، آ، پ، آ۱، ء کے درمیان ایک دوسرے

سے جو فاصلے ہیں اُن کے لیے جملے معلوم کر سکتے ہیں۔

(199) (۱) و آ معلوم کرنا ۔ فرض کرو و آ = ضہ تو حاصل ہوتا ہے

$$ضہ^2 = ا و^2 + ا آ^2 - ۲ ا و \times ا آ \text{ جم } و ا آ$$

اس لیے $ضہ^2 = ر^2 [۱ + ۱۶ \text{ جب}^2 \frac{۱}{۲} ب \text{ جب}^2 \frac{۱}{۲} ج - ۸ \text{ جب } \frac{۱}{۲} ب \text{ جب } \frac{۱}{۲} ج \times$
$\text{جم } \frac{۱}{۲} (ب - ج)]$

یا $ضہ^2 = ر^2 (۱ - ۸ \text{ جب } \frac{۱}{۲} ا \text{ جب } \frac{۱}{۲} ب \text{ جب } \frac{۱}{۲} ج)$



پس ہمیں آئیلر کا ضابطہ $ضہ^2 = ر^2 - ۲ ر ر' \ldots$ (۱۵)

حاصل ہوتا ہے

(۲) و $آ_۱$ معلوم کرنا ۔ فرض کرو و $آ_۱$ = ضہ تو

$ضہ_۱^2 = ر^2 [۱ + ۱۶ \text{ جم}^2 \frac{۱}{۲} ب \text{ جم}^2 \frac{۱}{۲} ج - ۸ \text{ جم } \frac{۱}{۲} ب \text{ جم } \frac{۱}{۲} ج \text{ جم } \frac{۱}{۲} (ب + ج)]$

یا $ضہ_۱^2 = ر^2 (۱ + ۸ \text{ جب } \frac{۱}{۲} ا \text{ جم } \frac{۱}{۲} ب \text{ جم } \frac{۱}{۲} ج)$

جس سے حاصل ہوتا ہے ضہ^2 = ر^2 + ۲ ر ر$_1$ ... (۱۶)

(۳) و پ معلوم کرنا۔ مثلث و ا پ سے حاصل ہوتا ہے

و پ^2 = و ا^2 + ا پ^2 - ۲ و ا × ا پ جم و ا پ

یا و پ^2 = ر^2 [۱ + ۴ جم^2 ا - ۴ جم ا جم (ب - ج)]

جس سے حاصل ہوتا ہے و پ^2 = ر^2 (۱ - ۸ جم ا جم ب جم ج)' ... (۱۷)

(۴) آ پ معلوم کرنا۔ ہمیں حاصل ہوتا ہے (200)

آ پ^2 = ۴ ر^2 جم^2 ا + ۱۶ ر^2 جب^2 ½ ب جب^2 ½ ج

- ۱۶ ر^2 جم ا جب ½ ب جب ½ ج جم ½ (ب - ج)

اس لیے آ پ^2 = ۴ ر^2 {جم^2 ا + (۱ - جم ب) (۱ - جم ج) - جم ا جب ب جب ج

- جم ا (۱ - جم ب) (۱ - جم ج)}

یا آ پ^2 = ۴ ر^2 {(۱ - جم ا) (۱ - جم ب) (۱ - جم ج) - جم ا جم ب جم ج}

.... (۱۸)

یا آ پ^2 = ۲ ر^2 - ۴ ر^2 جم ا جم ب جم ج

(۵) آ ع معلوم کرنا۔ ہمیں حاصل ہوتا ہے

آ ع^2 = ½ آ پ^2 + ½ آ و^2 - ¼ و پ^2 ؛

اس لیے آ ع^2 = ر^2 + ½ ر^2 - ر ر$_1$ - ¼ ر^2 = (½ ر - ر$_1$)^2

اس لیے آ ع = ½ ر - ر$_1$

اسی طرح یہ دکھایا جا سکتا ہے کہ آ ع = ½ ر + ر$_1$؛ اب چونکہ ½ ر

نو نقطی دائرہ کا نصف قطر ہے اس لیے آ ع، آ ع کے لیے جو جملے ہم نے حاصل کیے ہیں اُن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اندرونی اور جانبی دائرے نو نقطی دائرہ کو مس کرتے ہیں۔ پس فیورباک (Feuerbach) کا مسئلہ علم مثلث کے ذریعہ ثابت ہو چکا، اس مسئلہ کے متعدد ہندسی ثبوت دیے جاتے ہیں۔

مثالیں

(۱) اگر جانبی دائروں کے مرکزوں سے حائط دائرہ کے مماس کھینچے جائیں اور ان کے طول ج، ج۲، ج۳ ہوں تو ثابت کرو کہ

$$\frac{1}{ج_1^2} + \frac{1}{ج_2^2} + \frac{1}{ج_3^2} = \frac{ا + ب + ج}{ا\ ب\ ج}$$

(۲) ثابت کرو کہ مثلث آ و پ کا رقبہ ہے

$$\frac{1}{2} ر^2 جب \frac{1}{2}(ب - ج) جب \frac{1}{2}(ج - ا) جب \frac{1}{2}(ا - ب)$$

(۳) ثابت کرو کہ

$$ث آ^2 = \frac{16}{3} ر^2 \{ \Sigma جب^2 \frac{1}{2} ب جب^2 \frac{1}{2} ج - \frac{1}{12} \Sigma جب^2 ا \}$$

اور $ث آ^2 + 4 ر^2 = \frac{1}{3}(ب ج + ج ا + ا ب) - \frac{1}{9}(ا^2 + ب^2 + ج^2)$

(۴) ثابت کرو کہ

$$و پ^2 = \frac{\Sigma ا^2 (ا^2 - ب^2)(ا^2 - ج^2)}{(4 س)^2}$$

(۵) اگر راسوں سے نو نقطی دائرہ کے مرکز کے فاصلے ہ، ہ، جہ ہوں اور مرکز عمودی سے اس کا فاصلہ ث ہو تو ثابت کرو کہ

$$\text{عہ}^2 + \text{بہ}^2 + \text{جہ}^2 + \text{ث}^2 = 3\,\text{ر}^2$$

(۶) ثابت کرو کہ نونقطی دائرہ حائط دائرہ کو قطع نہیں کرتا اِلّا اُس صورت کے جبکہ مثلث کا ایک زاویہ منفرجہ ہو اور اِس صورت میں یہ دائرے ایک دوسرے کو زاویہ

$$\text{جم}^1\,(1 + 2\,\text{جم ا}\,\text{جم ب}\,\text{جم ج})$$

پر قطع کرتے ہیں۔

(۷) اگر حائط دائرہ کے مرکز اور مرکز عمودی کے درمیان فاصلہ $\frac{1}{2}$ ر ہو تو (201)
ثابت کرو کہ یا مثلث قائم الزاویہ ہے، یا مس ب مس ج = ۹

(۸) اگر نونقطی دائرہ کا مرکز ق ہو تو ثابت کرو کہ

$$(\text{ق آ}_1 - \text{ق آ}_2)(\text{ق آ}_1 - \text{ق آ}_3) = \text{ب}^2 - \text{ج}^2$$

(۹) اگر و آ ب ایک متساوی الاضلاع مثلث ہو تو ثابت کرو کہ

$$\text{جم ا} + \text{جم ب} + \text{جم ج} = \frac{3}{2}$$

(۱۰) اگر اندرونی دائرہ کا مرکز، حائط دائرہ کے مرکز اور مرکز عمودی سے متساوی الفصل ہو تو ثابت کرو کہ مثلث کا ایک زاویہ ۶۰° ہے۔

مثلث کے رقبہ کے لیے جملے

۱۵۹ ـــــ مثلث کے رقبہ کے لیے، اس سے متعلق مختلف خطوط اور زاویوں کی رقوم میں، جملوں کی ایک بہت بڑی تعداد معلوم ہو چکی ہے۔ ایسے بہت سے ضابطے Mathesis, Vol III میں اور Annals of math. Vol. I. No.6 میں ملینگے۔

ان میں سے چند ضابطے ہم ذیل میں درج کرتے ہیں اور اِن کی تصدیق کا کام طالب علم پر مشق کے طور پر چھوڑتے ہیں:۔

$$\text{ا ر}_1\,\text{ر}_2\,\text{ر}_3, \quad (2)\ \text{ا}\sqrt{\text{ش}(\text{ش}-\text{م}_1)(\text{ش}-\text{م}_2)(\text{ش}-\text{م}_3)}, \quad (3)\ \frac{4}{3}\,\text{ا}^2\,\text{ش}\,\text{ع}_1\,\text{ع}_2\,\text{ع}_3$$

جہاں م۱، م۲، م۳ خطوط وسطی ہیں اور ۲ ث = م۱ + م۲ + م۳ (۴) $\frac{\text{س}^2}{3\text{ م}^2_{\frac{1}{2}}}$

(۵) $\frac{\text{ف جم}\frac{1}{2}(\text{ب}-\text{ج}) + \text{گ جم}\frac{1}{2}(\text{ج}-\text{ا}) + \text{ھ جم}\frac{1}{2}(\text{ا}-\text{ب})}{2(\text{ف}^{-1}\text{جم}\frac{1}{2}\text{ا} + \text{گ}^{-1}\text{جم}\frac{1}{2}\text{ب} + \text{ھ}^{-1}\text{جم}\frac{1}{2}\text{ج})}$،

جہاں ف، گ، ھ زاویوں کے ناصف ہیں۔

(۶) $\text{ع}^2\text{ جم}\frac{1}{2}\text{ا جم}\frac{1}{2}\text{ب جم}\frac{1}{2}\text{ج}$، (۷) $\text{ر}^2\text{ جم}^2\frac{1}{2}\text{ا} + 2\text{ر}^2\text{ جب ا}$،

(۸) $\text{م}^2_{\frac{1}{2}}\text{ مس}^2\frac{1}{2}\text{ا}$، (۹) $\text{ر}^2 - \frac{\text{ع}^2\text{ ع}-\text{ج}}{\text{ع}}$، (۱۰) $\text{م}^2_{\frac{1}{2}} = \frac{4\text{ ث}(\text{ث}-\text{ع})}{\text{ع}^2 + \text{ع}^2}$

مثلثوں کے مختلف خواص

۱۶۰ ـــــ اگر مثلث ا ب ج کے مستوی میں کوئی نقطہ ق ہو تو ہمیں متماثلہ رشتہ

$\Delta\text{ ق ب ج} + \Delta\text{ ق ج ا} + \Delta\text{ ق ا ب} \equiv \Delta\text{ ا ب ج}$

حاصل ہوتا ہے جبکہ اُن مثلثوں کے رقبے جن کا راس ق ہے واجب علامت کے ساتھ لیے جائیں؛ مثلاً Δ ق ب ج منفی ہوگا اگر ق اور ا، ب ج کی مخالف جانبوں میں واقع ہوں۔ ق کو مختلف مقامات پر لینے سے مثلث کے زاویوں کے درمیان مختلف مشہور رشتے حاصل ہوتے ہیں۔

(۱) فرض کرو کہ ق، و پر منطبق ہوتا ہے تو متذکرہ صدر رشتہ ہو جاتا ہے

جب ۲ ا + جب ۲ ب + جب ۲ ج = ۴ جب ا جب ب جب ج

کیونکہ زاویے ب و ج، ج و ا، ا و ب علی الترتیب ۲ ا، ۲ ب، ۲ ج ہیں۔

(202) (۲) فرض کرو کہ ق، آ پر ہے تو ہمیں رشتہ حاصل ہوتا ہے

جب ½ ا جب ½ (ب + ج) + جب ½ ب جب ½ (ج + ا)

+ جب ½ ج جب ½ (ا + ب) = ۲ جم ½ ا جم ½ ب جم ½ ج

(۳) فرض کرو کہ ق، ع پر ہے تو

جب ا جم (ب - ج) + جب ب جم (ج - ا) + جب ج جم (ا - ب)

= ۴ جب ا جب ب جب ج

۱۶۱ ـــــــ دفعہ سابق کا مشابہ رشتہ جو ایک مستوی میں کے کسی چار نقطوں ا، ب، ج، ق کے باہمی چھ فاصلوں کے درمیان قائم رہتا ہے متعدد شکلوں میں بیان کیا جا سکتا ہے۔

(۱) مساوات Δ ق ب ج + Δ ق ج ا + Δ ق ا ب = Δ ا ب ج

کو استعمال کرنے اور ان چار مثلثوں میں سے ہر مثلث کے رقبہ کو اس کے ضلعوں کی رقوم میں بیان کرنے سے مطلوبہ رشتہ ایک ایسی شکل میں ملتا ہے جس میں چار جذر المربع شامل ہوتے ہیں۔

(۲) اسی ربط کو منطق شکل میں حاصل کرنا ہو تو زاویوں ب ق ج، ج ق ا، ا ق ب کو علی الترتیب ع، ب، ج سے تعبیر کرو تو چونکہ ع + ب + ج = ۲ π ہمیں حاصل ہوتا ہے

ا - جم² ع - جم² ب - جم² ج + ۲ جم ع جم ب جم ج = ۰

اب جم ع کی بجائے اس کی قیمت (ق ب² + ق ج² - ب ج²) ÷ ۲ ق ب ق ج درج کرنے سے اور علیٰ ہذا جم ب اور جم ج کی بجائے ان کی متناظر قیمتیں رکھنے سے ہمیں مطلوبہ رشتہ حاصل ہو جاتا ہے۔

۱۶۲ ـــــــ کسی مثلث کے ضلعوں اور زاویوں کے درمیان کوئی عام رشتہ لیکر اس سے دوسرا رشتہ اخذ کیا جا سکتا ہے اگر ان ضلعوں اور

زاویوں کی بجائے مثلث پائیں کے متناظر ضلع اور زاویے رکھے جائیں۔ اِس مثلث کے ضلع اور زاویے دفعہ ۱۵۷ (۱۴) میں دیے گئے ہیں اور اس لیے ہم دیے ہوئے رشتہ میں ا، ب، ج کی بجائے ا جم ا، ب جم ب، ج جم ج اور زاویوں ا، ب، ج، کی بجائے π - ۲ ا، π - ۲ ب، π - ۲ ج رکھ سکتے ہیں۔

اس استحالہ کی ایک مثال یہ ہے:- ہم رشتہ ا² = ب² + ج² - ۲ ب ج جم ا سے واقف ہیں، اس میں متذکرہ صدر اندراجات کرنے سے ہمیں نیا رشتہ حاصل ہوتا ہے

ا² جم² ا = ب² جم² ب + ج² جم² ج + ۲ ب ج جم ب جم ج جم ۲ ا

استحالہ کے اِس طریقے کی توسیع عمل میں آسکتی ہے اگر ہم ن واں مثلث پائیں لیں جس کے ضلع ہیں

$$(-1)^{ن-1}\ ا^{ن}\ جم\ ا\ جم\ ۲\ ا\ جم\ ۴\ ا\ \ldots\ جم\ ۲^{ن-1}\ ا،$$

$$(-1)^{ن-1}\ ب^{ن}\ جم\ ب\ جم\ ۲\ ب\ جم\ ۴\ ب\ \ldots\ جم\ ۲^{ن-1}\ ب،$$

$$(-1)^{ن-1}\ ج^{ن}\ جم\ ج\ جم\ ۲\ ج\ جم\ ۴\ ج\ \ldots\ جم\ ۲^{ن-1}\ ج،$$

اور جس کے زاویے (203)

$$\frac{1}{۳}(۲^{ن}+۱)\,π - ۲^{ن}\,ا،\ \frac{1}{۳}(۲^{ن}+۱)\,π - ۲^{ن}\,ب،\ \frac{1}{۳}(۲^{ن}+۱)\,π - ۲^{ن}\,ج$$

ہیں اگر ن طاق ہے، لیکن

$$-\frac{1}{۳}(۲^{ن}-۱)\,π + ۲^{ن}\,ا،\ -\frac{1}{۳}(۲^{ن}-۱)\,π + ۲^{ن}\,ب،\ -\frac{1}{۳}(۲^{ن}-۱)\,π + ۲^{ن}\,ج$$

ہیں اگر ن جفت ہے۔

پس مثلث کے ضلعوں اور زاویوں کے درمیان کسی رشتہ

میں ہم ل کی بجائے

$$(-1)^{ن-1} \text{ل جم ا جم ۲ ا . . . جم } ۲^{ن-1} \text{ ا}$$

اور زاویہ ا کی بجائے $\frac{1}{۳}(۲^{ن}+۱)\pi - ۲^{ن}$ ا، یا $۲^{ن}$ ا $- \frac{1}{۳}(۲^{ن}-۱)\pi$ لکھ سکتے ہیں (بموجب اس کے کہ ن طاق ہو یا جفت) مع دیگر ضلعوں اور زاویوں کی بجائے ان کے متناظر جملوں کے۔

۱۶۳ ـــــ۔ مثلث کے زاویوں کی جیوب اور جیوب التمام کے درمیان کسی عام رشتہ میں زاویوں ا، ب، ج کی بجائے علی الترتیب پ ا + ق ب + رج، ق ا + رب + پ ج، رب + پ ب + ق ج لکھا جا سکتا ہے جہاں پ، ق، ر کوئی عدد ہیں ایسے کہ پ + ق + ر کی شکل ۶ ن - ۱ ہے یا ۶ ن + ۲ اور ن ایک مثبت صحیح عدد ہے؛ لیکن یہ استخالہ عمل میں آسکتا ہے بشرطیکہ تمام جیوب کی علامتیں بدل دیجائیں جبکہ پ + ق + ر کی شکل ۶ ن - ۱ ہو اور تمام جیوب التمام کی علامتیں بدل دیجائیں جبکہ پ + ق + ر کی شکل ۶ ن + ۲ ہو۔

یہ مسئلہ اِن واقعات سے مستنبط ہوتا ہے کہ پہلی صورت میں زاویوں

$$۲ن\pi - (پ ا + ق ب + رج)، ۲ن\pi - (ق ا + رب + پ ج)،$$

$$۲ن\pi - (رب + پ ب + ق ج)$$

کا مجموعہ π ہے اور دوسری صورت میں زاویوں

$$(۲ن+۱)\pi - (پ ا + ق ب + رج)، (۲ن+۱)\pi - (ق ا + رب + پ ج)، (۲ن+۱)\pi - (رب + پ ب + ق ج)$$

کا مجموعہ π ہے

ذوار بعتہ الاضلاعوں کے خواص

۱۶۴ ـــــ فرض کرو کہ ا ب ج د ایک محدب ذوار بعتہ الاضلاع

(204)



ہے۔ ضلعوں ا ب، ب ج، ج د، د ا کو علی الترتیب ا، ب، ج، د سے اور وتروں ا ج، ب د کو علی الترتیب لا، ما سے تعبیر کرو، نیز فرض کرو کہ ا + ج = ۲ عہ اور فہ = وتروں کا درمیانی زاویہ۔

ہم ذوار بعۃ الاضلاع کے رقبہ س کے لیے ایک جملہ، ا، ب، ج، د اور عہ کی رقوم میں معلوم کرینگے۔ چونکہ

$$ما^2 = ا^2 + د^2 - ۲ ا د \text{ جم } ا = ب^2 + ج^2 - ۲ ب ج \text{ جم } ج،$$

اس لئے $ا د \text{ جم } ا - ب ج \text{ جم } ج = \frac{1}{2}(ا^2 + د^2 - ب^2 - ج^2)$

نیز $ا د \text{ جب } ا + ب ج \text{ جب } ج = ۲ س$

اِن مساواتوں کی متناظر طرفوں کا مربع لو اور جمع کرو تو

$$ا^2 د^2 + ب^2 ج^2 - ۲ ا ب ج د \text{ جم } ۲ عہ = ۴ س^2 + \frac{1}{4}(ا^2 + د^2 - ب^2 - ج^2)^2$$

پس $۱۶ س^2 = ۴(ا د + ب ج)^2 - (ا^2 + د^2 - ب^2 - ج^2)^2 - ۱۶ ا ب ج د \text{ جم}^2 عہ،$

یا $۱۶ س^2 = \{(ا + د)^2 - (ب - ج)^2\}\{(ب + ج)^2 - (ا - د)^2\}$

$- ۱۶ ا ب ج د \text{ جم}^2 عہ،$

اس لیے $س^2 = (س - ا)(س - ب)(س - ج)(س - د)$

$- ا ب ج د \text{ جم}^2 عہ، \ldots (۱۹)$

جہاں $۲ س = ا + ب + ج + د$

اُس ذوار بعۃ الاضلاع کی صورت میں جس کے گرد ایک دائرہ

کھینچا جا سکے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\Pi = ۲ع$$

اس لیے $س^۲ = (س - ا)(س - ب)(س - ج)(س - د)$ ..... (۲۰)

جملہ (۱۹) سے یہ ظاہر ہے کہ وہ ذواربعۃ الاضلاع جس کے ضلع دیے گئے ہوں بڑے سے بڑے رقبہ والا ہوگا جبکہ $ع = \frac{۱}{۲}\Pi$، یعنے جبکہ ذواربعۃ الاضلاع ایک دائرہ کے اندر کھینچا جا سکے۔

مسئلہ (۲۰) کو برہما گپتا (Brahmegupta) نے، جو چھٹی صدی عیسوی میں ایک ہندو مہندس گزرا ہے، دریافت کیا تھا۔

۱۶۵ ـــــ ذواربعۃ الاضلاع کے رقبہ کے لیے ایسے جملے معلوم کیے جا سکتے ہیں، جن میں وتروں کے طول اور ان کا درمیانی زاویہ شامل ہوں۔

ذواربعۃ الاضلاع کا رقبہ اُن چار مثلثوں کے رقبوں کے مجموعہ کے مساوی ہے جن میں یہ ذواربعۃ الاضلاع وتروں سے تقسیم ہوتا ہے، اب چونکہ ان میں سے ہر مثلث کا رقبہ

$= \frac{۱}{۲}$ × وتروں کے اُن دو مقطوعوں کا حاصلِ ضرب جو مثلث کے ضلع ہیں × جب فہ

جہاں فہ، وتروں کا درمیانی زاویہ ہے اس لیے چاروں مثلثوں کے رقبوں کو جمع کرنے سے

$$\text{س} = \frac{۱}{۲}(\text{لا} + \text{ب} + \text{ج} + \text{د})\ \text{جب فہ} \quad \ldots\ldots\ (۲۱)$$

نیز چونکہ $۲ \text{و} ا \times \text{و} ب \ \text{جم فہ} = \text{و}ا^۲ + \text{و}ب^۲ - ا^۲$،

$۲ \text{و} ج \times \text{و} د \ \text{جم فہ} = \text{و}ج^۲ + \text{و}د^۲ - ج^۲$،

$۲ \text{و} ا \times \text{و} د \ \text{جم فہ} = \text{و}^۲ - \text{و}ا^۲ - \text{و}د^۲$،

$۲ \text{و} ب \times \text{و} ج \ \text{جم فہ} = ب^۲ - \text{و}ب^۲ - \text{و}ج^۲$،

اس لیے $۲ لا ما جم ف = ب^۲ + د^۲ - ر^۲ - ج^۲$ . . . (۲۲)

اس لیے $س = \frac{۱}{۴}(ب^۲ + د^۲ - ر^۲ - ج^۲)$ مس ف ، . . . . (۲۳) (205)

اور ف کو ساقط کرنے سے ہمیں برٹشنیڈر (Bretschneider) کا ضابطہ

$س = \frac{۱}{۴}\{۴ لا^۲ ما^۲ - (ب^۲ + د^۲ - ر^۲ - ج^۲)\}^{\frac{۱}{۲}}$ ، . . . (۲۴)

حاصل ہوتا ہے جو ذوار بعۃ الاضلاع کے رقبہ کو ضلعوں اور وتروں کی رقوم میں بیان کرتا ہے۔

اگر ذوار بعۃ الاضلاع میں ایک دائرہ بنایا جاسکے تو ا + ج = ب + د، اس لیے ضابطے (۲۳) اور (۲۴) ہو جاتے ہیں

$س = \frac{۱}{۲}(ر ج - ب د)$ مس ف ،

اور $س = \frac{۱}{۲}[لا^۲ ما^۲ - (ر ج - ب د)^۲]^{\frac{۱}{۲}}$

۱۶۶ — ذوار بعۃ الاضلاع کے وتروں کے حاصل ضرب کے لئے ایک جملہ، ضلعوں اور دو متقابل زاویوں کے حاصل جمع کی جیب التمام کی رقوم میں معلوم کیا جاسکتا ہے۔



ب اور ج سے خطوط مستقیم ب ع اور ج ع کھینچو ایسے کہ زاویے ج ب ع، ب ج ع علی الترتیب زاویوں ا ب د، ا د ب کے مساوی ہوں۔ مثلث ع ج ب، ا ب د متشابہ ہیں، اس لئے

$\frac{ا د}{ج ع} = \frac{ب د}{ج ب} = \frac{ا ب}{ب ع}$

اس طرح ا د × ج ب = ب د × ج ع

نیز چونکہ زاوئے ج ب د، ا ب ع مساوی ہیں اور

ا ب : ب ع = ب د : ب ج

اس لیے مثلث ا ب ع، ج ب د متشابہ ہیں اور اس لیے

ا ب × ج د = ب د × ا ع

اب چونکہ $ا ج^2 = ا ع^2 + ع ج^2 - ۲ ا ع \times ع ج$ جم (ا + ج)

اس لیے ب د^2 سے ضرب دینے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$لا^2 ما^2 = ا^2 ج^2 + ب^2 د^2 - ۲ ا ب ج د$ جم ۲ ع، . . . (۲۵)

اگر ۲ ع = π تو ٹولمی کا مسئلہ لا ما = ا ج + ب د حاصل ہوتا ہے جو ایسے ذو اربعۃ الاضلاع کے لیے صحیح ہے جو ایک دائرہ کے اندر کھینچا جا سکے۔

اگر ۲ ع = $\frac{1}{2}$ π تو $لا^2 ما^2 = ا^2 ج^2 + ب^2 د^2$ جو ایسے ذو اربعۃ الاضلاع کے لیے صحیح ہے جس میں دو متقابلہ زاویوں کا حاصل جمع ایک زاویہ قائمہ ہو۔



۱۶۷۔ اُس ذو اربعۃ الاضلاع کی صورت میں جو ایک دائرہ کے اندر کھینچا جا سکے وتروں لا ما کے اور اُس تیسرے وتر کے طولوں کو جو ضلعوں ا اور ج کے نقطہ تقاطع کو ضلعوں ب اور د کے نقطہ تقاطع سے ملانے سے بنتا ہے ضلعوں کی رقوم میں معلوم کیا جا سکتا ہے۔

فرض کرو کہ تیسرا وتر ف گ ہے اور ا ج، ب د، ف گ کے طول علی الترتیب لا، ما، ی سے تعبیر ہوتے

ہیں ۔ تب چونکہ

$$\text{لا}^2 = \text{ا}^2 + \text{ب}^2 - 2\,\text{ا ب جم ب}$$

اور $$\text{لا}^2 = \text{ج}^2 + \text{د}^2 - 2\,\text{ج د جم د}$$

اس لیے $$\text{لا}^2\left(\frac{1}{\text{ا ب}} + \frac{1}{\text{ج د}}\right) = \frac{\text{ا}^2 + \text{ب}^2}{\text{ا ب}} + \frac{\text{ج}^2 + \text{د}^2}{\text{ج د}}$$

پس $$\text{لا}^2 = (\text{ا ج} + \text{ب د})(\text{ا د} + \text{ب ج}) \setminus (\text{ا ب} + \text{ج د})$$

. . . (۲۶)

اور اسی طرح یہ دکھایا جا سکتا ہے کہ

$$\text{ما}^2 = (\text{ا ج} + \text{ب د})(\text{ا ب} + \text{ج د}) \setminus (\text{ا د} + \text{ب ج})$$

نیز چونکہ

(207)
$$\text{ف ا} = \text{ا د}\frac{\text{جب د}}{\text{جب (ا + د)}} = \frac{\text{د لا}}{\text{ما جم د} + \text{لا جم ا}}$$

اور اسی طرح $$\text{ف ب} = \frac{\text{ب ا}}{\text{ما جم د} + \text{لا جم ا}}$$

اس لیے $$\frac{\text{ف ا}}{\text{د لا}} = \frac{\text{ف ب}}{\text{ب ا}} = \frac{\text{ف ب} - \text{ف ا}}{\text{ب ا} - \text{د لا}} = \frac{\text{ا}}{\text{ب ا} - \text{د لا}}$$

پس $$\text{ف ا} \times \text{ف ب} = \frac{\text{ا}^2\,\text{ب د لا ما}}{(\text{ب ا} - \text{د لا})^2}$$ ؛

اسی طرح یہ دکھایا جا سکتا ہے

$$\text{گ ج} \times \text{گ ب} = \frac{\text{ب}^2\,\text{ا ج لا ما}}{(\text{ا ما} - \text{ج لا})^2}$$

اب چونکہ ف گ پر کا مربع، ف اور گ سے دائرہ تک کھینچے ہوئے مماسوں پر کے مربعوں کے مجموعہ کے مساوی ہے (دیکھو Mc Dowell's Geometry صفحہ ۹۲) اس لیے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\text{ی}^2 = \text{لا ما}\left\{\frac{\text{ا}^2\,\text{ب د}}{(\text{ب ا} - \text{د لا})^2} + \frac{\text{ب}^2\,\text{ا ج}}{(\text{ا ما} - \text{ج لا})^2}\right\}$$

اب لا^{۲} اور ا^{۲} کی اُن قیمتوں سے جو اوپر حاصل ہو چکی ہیں ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\frac{\text{لا}}{\text{ا د} + \text{ب ج}} = \frac{\text{ا}}{\text{ا ب} + \text{ج د}} = \frac{\text{ب ا} - \text{د لا}}{\text{ا}(\text{ب}^{۲} - \text{د}^{۲})} = \frac{\text{ا ما} - \text{ج لا}}{\text{ب}(\text{ا}^{۲} - \text{ج}^{۲})}$$

اس لیے ی^{۲} کے مندرجہ بالا جملہ میں اندراج کرنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\text{ی}^{۲} = (\text{ا د} + \text{ب ج})(\text{ا ب} + \text{ج د})\left\{\frac{\text{ب د}}{(\text{ب}^{۲} - \text{د}^{۲})^{۲}} + \frac{\text{ا ج}}{(\text{ا}^{۲} - \text{ج}^{۲})^{۲}}\right\} \quad \ldots (۲۷)$$

مثالیں

(۱) اگر ذوار بعۃ الاضلاع ایک دائرہ کے اندر کھینچا جائے تو ثابت کرو کہ دائرہ کا نصف قطر ہے

$$\frac{۱}{۴}\left\{\frac{(\text{ا ب} + \text{ج د})(\text{ا ج} + \text{ب د})(\text{ا د} + \text{ب ج})}{(\text{س} - \text{ا})(\text{س} - \text{ب})(\text{س} - \text{ج})(\text{س} - \text{د})}\right\}^{\frac{۱}{۲}}$$

(۲) ثابت کرو کہ نصف قطر کے دائرہ کے مرکز اور اس دائرہ کے اندر کھینچے ہوئے ایک ذوار بعۃ الاضلاع کے وتروں کے نقطۂ تقاطع کے درمیان فاصلہ ہے

$$\frac{\text{ر}}{(\text{ا ب} + \text{ج د})(\text{ا د} + \text{ب ج})}\left[(\text{ا ج} + \text{ب د})\{\text{ا ج}(\text{ب}^{۲} - \text{د}^{۲})^{۲} + \text{ب د}(\text{ا}^{۲} - \text{ج}^{۲})^{۲}\}\right]^{\frac{۱}{۲}}$$

(۳) ثابت کرو کہ ایک دائرہ میں کھینچے ہوئے ذوار بعۃ الاضلاع کے وتر ایک دوسرے سے ذیل کے زاویہ پر ملتے ہیں

$$\text{جتا}^{-۱}\frac{(\text{ا}^{۲} + \text{ج}^{۲}) - (\text{ب}^{۲} + \text{د}^{۲})}{۲(\text{ا ج} + \text{ب د})} \text{ یا } ۲\,\text{مت}^{-۱}\left\{\frac{(\text{س} - \text{ب})(\text{س} - \text{د})}{(\text{س} - \text{ا})(\text{س} - \text{ج})}\right\}^{\frac{۱}{۲}}$$

اور نیز ثابت کرو کہ ایک وتر کے مقطوعوں کا حاصل ضرب ہے

$$\frac{\text{ا ب ج د}(\text{ا ج} + \text{ب د})}{(\text{ا ب} + \text{ج د})(\text{ا د} + \text{ب ج})}$$

(۴) اگر ایک ذوار بعۃ الاضلاع ایک دائرہ میں کھینچا جائے اور اس کا رقبہ س ہو تو ثابت کرو کہ متقابل ضلعوں کے نقاط وسطی کو ملانے والے خطوط مستقیم زاویہ

$$\text{مث}^{-1}\left\{\frac{۴\,\text{س}}{(\text{ب}^۲ - \text{د}^۲)(\text{ا}^۲ - \text{ج}^۲)} \times \frac{(\text{ا د} + \text{ب ج})(\text{ا ب} + \text{ج د})}{\text{ا ج} + \text{ب د}}\right\}$$

پر ملتے ہیں۔

(208) (۵) اگر ایک دائرہ میں کھنچے ہوئے ذوار بعۃ الاضلاع کے تین وتروں میں سے دو دو کے نقاطِ تقاطع ع، ف، گ ہوں تو ثابت کرو کہ مثلث ع ف گ کے رقبہ کو ذوار بعۃ الاضلاع کے رقبہ سے نسبت ہے

$$\text{ا}^۲\,\text{ب}^۲\,\text{ج}^۲\,\text{د}^۲ : (\text{ا}^۲\,\text{ب}^۲ - \text{ج}^۲\,\text{د}^۲)(\text{ا}^۲\,\text{د}^۲ - \text{ب}^۲\,\text{ج}^۲)$$

(۶) ثابت کرو کہ ایک ذوار بعۃ الاضلاع کا رقبہ جس کے اندر ایک دائرہ کھینچا جا سکتا ہے

$$\text{ا ب ج د جب}\,\tfrac{۱}{۲}(\text{ا} + \text{ج})\text{ ہے۔ نیز ثابت کرو کہ } \text{ما د جب}\,\tfrac{۱}{۲} + \text{ما ب ج جب}\,\tfrac{۱}{۲}\,\text{ج} = \text{ما ب جب}\,\tfrac{۱}{۲}$$

(۷) اگر چار خطوط مستقیم دیئے جائیں تو ان سے تین جداگانہ ذوار بعۃ الاضلاع بنائے جا سکتے ہیں جن میں سے ہر ایک، ایک دائرہ میں کھینچا جا سکتا ہے۔ ان کے رقبے مساوی ہوتے ہیں؛ ان کے وہ چھ وتر جو دائرہ کے اندر متقاطع ہوتے ہیں زوج زوج مساوی ہوتے ہیں؛ اور اگر ان خطوں کے طول عہ، بہ، جہ ہوں اور مشترک رقبہ س اور دائرہ کا نصف قطر ر ہو تو ثابت کرو کہ

$$\text{ر} = \frac{\text{عہ بہ جہ}}{۴\,\text{س}}$$

(۸) دو مثلثوں کے رقبوں کا فرق جن کے قاعدے ایک ذوار بعۃ الاضلاع کے ضلع ب، د ہیں اور جن کے راس ذوار بعۃ الاضلاع کے وتروں کے نقطۂ تقاطع پر منطبق ہوتے ہیں حسب ذیل ہوگا

$$\tfrac{۱}{۴}\sqrt{۴\,\text{ا}^۲\,\text{ج}^۲ - (\text{ا}^۲ + \text{ما}^۲ - \text{ب}^۲ - \text{د}^۲)^۲}$$

(۹) اگر ایک ذوار بعۃ الاضلاع ایسا ہو کہ وہ سب مستطیل جو اس کے گرد کھینچے جا سکتے ہیں متشابہ ہیں، تو ثابت کرو کہ $ا^۲ + ج^۲ = ب^۲ + د^۲$

(۱۰) ایک ذوار بعۃ الاضلاع ایسا ہے کہ ایک دائرہ اس کے گرد کھینچا جا سکتا ہے اور دوسرا اس کے اندر؛ ثابت کرو کہ اِس دوسرے دائرہ کا نصف قطر $\frac{۲\sqrt{ا ب ج د}}{ا + ب + ج + د}$ ہے۔

(۱۱) اگر ایک ذوار بعۃ الاضلاع کے وتر نقطہ ہ پر قطع کریں تو ثابت کرو کہ

رقبہ ا ہ ب × رقبہ ا ب ج د = رقبہ ا ب ج × رقبہ ا ب د

منتظم کثیر الاضلاعوں کے خواص

۱۶۸ ——— فرض کرو کہ و، اُن دائروں کا مرکز ہے جو ن ضلعوں والے ایک منتظم کثیر الاضلاع کے گرد اور اس کے اندر کھینچے گئے ہیں۔ فرض کرو کہ قبل الذکر دائرہ کا نصف قطر ر ہے اور مابعد الذکر دائرہ کا نصف قطر ر، اور فرض کرو کہ کثیر الاضلاع کے ایک ضلع کا طول ا ہے۔



(209) اگر کثیر الاضلاع کا ایک ضلع ا ب ہو اور اندرونی دائرہ کے ساتھ اس کا نقطہ تماس د ہو تو زاویہ ا و ب = $\frac{۲\pi}{ن}$ اور زاویہ ا و د = $\frac{\pi}{ن}$ پس

ا = ۲ ر جب $\frac{\pi}{ن}$ = ۲ ر مس $\frac{\pi}{ن}$ ، . . . . . (۲۸)

اس طرح دائروں کے نصف قطر معلوم ہو جاتے ہیں اگر ایک ضلع ا دیا گیا ہو۔ مثلث و ا ب کا رقبہ ہے

$\frac{۱}{۲}$ ر^۲ جب $\frac{۲\pi}{ن}$ ، یا $\frac{۱}{۲}$ ا ر ، یا ر^۲ مس $\frac{\pi}{ن}$

اس لیے کثیر الاضلاع کا رقبہ

$\frac{۱}{۲}$ ن ر^۲ جب $\frac{۲\pi}{ن}$ ، یا ن ر^۲ مس $\frac{\pi}{ن}$ ، . . . (۲۹)

یہ امر مشاہدہ طلب ہے کہ ایک دائرہ کے اندر یا گرد ن ضلعوں والے منتظم کثیر الاضلاع کے کھینچنے کا سوال زاویہ $\frac{\pi}{ن}$ کے دائری تفاعلوں کی تعیین کے سوال میں تحویل ہوتا ہے۔

۱۶۹ ـــــ مثالیں

(۱) ایک مثلث کے ضلعوں ا، ب، ج کو قطر مانکر دائرے کھینچے گئے ہیں۔ ثابت کرو کہ اُس دائرہ کا قطر ق جو ان تین دائروں کو بیرونی طور پر مس کرتا ہے ایسا ہے کہ

$$\text{ظا}\frac{\text{ق}}{\text{س}-\text{ا}}-۱ + \text{ظا}\frac{\text{ق}}{\text{س}-\text{ب}}-۱ + \text{ظا}\frac{\text{ق}}{\text{س}-\text{ج}}-۱ = \text{ظا}\frac{\text{س}}{\text{ق}-\text{س}}$$

اگر دیئے ہوئے مثلث کے ضلعوں کے نقاط وسطی د، ع، ف ہوں اور اُس دائرہ کا مرکز و ہو جس کا قطر ق ہے تو

$$\text{وہ} = \frac{1}{2}(\text{ق} - \text{ا})، \quad \text{وع} = \frac{1}{2}(\text{ق} - \text{ب})، \quad \text{وف} = \frac{1}{2}(\text{ق} - \text{ج})$$

نیز مثلث دع ف کے ضلع $\frac{1}{2}$ ا، $\frac{1}{2}$ ب، $\frac{1}{2}$ ج ہیں، پس رشتہ

$$\Delta \text{وع ف} + \Delta \text{وف د} + \Delta \text{وہ ع} = \Delta \text{د ع ف}$$

میں مثلثوں کے رقبوں کو ضلعوں کی رقوم میں بیان کرنے سے مطلوبہ رشتہ حاصل ہو جاتا ہے۔

(۲) ایک نقطہ پ سے مثلث ا ب ج کے ضلعوں پر عمود پ ل، پ م، پ ن کھینچے گئے ہیں۔ ثابت کرو کہ مثلث ل م ن کا رقبہ ہے

$$\frac{1}{2}(\text{ر}^2 - \text{ف}^2) \text{جب ا} \text{ جب ب} \text{ جب ج}$$

جس میں ف سے وہ فاصلہ مُراد ہے جو پ اور حائط دائرہ کے مرکز کے درمیان ہے۔

و پ کو خارج کرو تاکہ وہ حائط دائرہ سے نقطہ پَ پر ملے، پَ سے مثلث کے ضلعوں پر عمود پَ لَ، پَ مَ، پَ نَ کھینچو تو ان کے پائیں ایک خطِ مستقیم پر واقع ہوتے ہیں جس کو اس مثلث کے لحاظ سے پَ کا خطِ پائیں کہتے ہیں۔ ایک نقطہ سے ایک مثلث کے ضلع پر جو عمود کھینچا جائے وہ مثبت شمار ہوتا ہے اگر نقطہ اُسی جانب واقع ہو جس جانب ضلع کے مقابل کا زاویہ واقع ہے اور منفی شمار ہوتا ہے اگر نقطہ مذکورہ بالا جانب کے مقابل واقع ہو۔

اب ہمیں حاصل ہوتا ہے $\frac{\text{پ ل} - \text{ود}}{\text{پَ لَ} - \text{ود}} = \frac{\text{وپ}}{\text{وپَ}} = \frac{\text{ف}}{\text{ر}}$ (210)

اس لیے $\text{پ ل} = (\text{ر} - \text{ف}) \text{جم ا} + \frac{\text{ف}}{\text{ر}} \text{پَ لَ}$

اسی طرح پ م، پ ن کے لیے متشابہ جملے ملتے ہیں۔ اب

$$2\Delta \text{ل م ن} = \text{پ م} \times \text{پ ن} \text{ جب ا} + \text{پ ن} \times \text{پ ل} \text{ جب ب} + \text{پ ل} \times \text{پ م} \text{ جب ج}$$

$= (ر - ف)^2 \angle$ جب ا.جم ب.جم ج + $\frac{ف^2}{ر^2} \angle$ پ مَ × پ نَ جب ا

$+ \frac{ف}{ر^2} (ر - ف) \angle$ پ لَ جب ا



نیز $\frac{1}{2} \angle$ پ مَ × پ نَ جب ا مثلث لَ مَ نَ کا رقبہ ہے. جو صفر ہے اور

$\angle$ پ لَ جب ا $= \frac{1}{ر^2} \angle$ ا × پ لَ $= \frac{1}{ر} \angle$ ا پ ب ج $= \frac{1}{ر^2}$ ا ب ج

اور $\angle$ جب ا.جم ب.جم ج = جب ا جب ب جب ج

پس ۲ ل مَ نَ $= (ر - ف)^2$ جب ا جب ب جب ج + ۲ ف $(ر - ف)$ جب ا

× جب ب جب ج $= (ر^2 - ف^2)$ جب ا جب ب جب ج

(۳) اگر ا، ب، ج کوئی تین ثابت نقطے ہوں اور پ کوئی نقطہ ایک دائرہ پر ہو جس کا مرکز و ہے تو ثابت کرو کہ اس دائرہ پر پ کے تمام مقامات کے لیے

ا پ^2 × ۵ ب و ج + ب پ^2 × ۵ ج و ا + ج پ^2 × ۵ ا و ب

مستقل ہے۔

زاویوں ب و ج، ج و ا، ا و ب کو ع، ہ، ج سے تعبیر کرو تو ع + ہ + ج = ۲ π، فرض کرو کہ زاویہ پ و ا = ط — اب چونکہ

$$\text{ا پ}^2 = \text{و پ}^2 + \text{و ا}^2 - ۲ \text{ و ا} \times \text{و پ} \cdot \text{جم ط}$$

مع ب پ²، ج پ² کے لیے متشابہ جملوں کے، اس لیے مندرجہ بالا جملہ

$$= \text{و پ}^2 \times ۵ \text{ ا ب ج} + \Sigma \text{ و ا}^2 \times ۵ \text{ ب و ج} - ۲ \text{ و پ} \Sigma \text{ و ا} \times ۵ \text{ ب و ج} \cdot \text{جم ط}$$

(211) اس جملہ کی پہلی دو رقمیں، دائرہ پر پ کے محل پر منحصر نہیں ہیں اور آخری رقم میں ۲ و پ کا سمت

$$\frac{1}{2} \text{ و ا} \times \text{و ب} \times \text{و ج} \{ \text{جم ط جب ع} + \text{جم (ط + ج) جب ہ} + \text{جم (ہ - ط) جب ج} \}$$

$$\text{یا } \frac{1}{2} \text{ و ا} \times \text{و ب} \times \text{و ج جم ط (جب ع + جب ہ جم ج + جم ہ جب ج)}$$

اور یہ جملہ صفر ہے؛ اس لیے مسئلہ ثابت ہو چکا۔

اس مسئلہ کی مخصوص صورتیں حسب ذیل ہیں :—

(ا) پ ا² جب ۲ ا + پ ب² جب ۲ ب + پ ج² جب ۲ ج مستقل ہے جبکہ پ، حائط دائرہ پر واقع ہوتا ہے۔

(ب) پ ا² جب ا + پ ب² جب ب + پ ج² جب ج مستقل ہے جبکہ پ، اندرونی دائرہ پر واقع ہوتا ہے۔

(ج) پ ا² جب ا جم (ب - ج) + پ ب² جب ب جم (ج - ا) + پ ج² جب ج جم (ا - ب) مستقل ہے جبکہ پ، نو نقطی دائرہ پر واقع ہوتا ہے

(۴) ثابت کرو کہ اس اقل تساوی الاضلاع مثلث کے ضلع کا طول

$$\frac{۲ \sqrt{۵}}{\sqrt{\text{ا}^2 + \text{ب}^2 + \text{ج}^2 + ۴ \sqrt{۳} \, ۵}}$$

ہے جو ایک دیے ہوئے مثلث ا ب ج کے اندر کھینچا جا سکے اس طور پر کہ اس کے راس دیے ہوئے مثلث کے ضلعوں پر واقع ہوں، جملہ بالا میں Δ سے مثلث ا ب ج کا رقبہ مُراد ہے۔

فرض کرو کہ ایسا متساوی الاضلاع مثلث د ع ف ہے اور فرض کرو کہ د ع ف کا حائط دائرہ ب ج اور ا ج کو علی الترتیب ھ اور گ میں قطع کرتا ہے، زاویوں ف گ ا، ف ھ ب میں سے ہر ایک ۶۰° ہے، اور اس لیے ف گ، ف ھ ثابت سمتوں میں ہیں؛ نیز زاویہ ھ ف گ = ۱۲۰° - ج



اگر ا ف کو لا سے تعبیر کریں تو

$$ف گ = \frac{لا\ جب\ ا}{جب\ ۶۰°}،\quad ف ھ = (ج - لا)\frac{جب\ ب}{جب\ ۶۰°}$$

اس لیے $ھ گ^۲ = قم^۲ ۶۰° \{لا^۲ جب^۲ ا + (ج - لا)^۲ جب^۲ ب - ۲ لا (ج - لا)$
$\times جب\ ا\ جب\ ب\ جم\ (۱۲۰° - ج)\}$

اب دائرہ کا نصف قطر ہے ھ گ $\frac{1}{2}$ جب (۱۲۰° − ج) پس دائرہ اقل ہوگا جبکہ ھ گ اقل ہو۔ اب کسی دو درجی جملہ لہ لا^2 + ۲ مہ لا + نہ کی اقل قیمت نہ − $\frac{مہ^2}{له}$ ہے (جہاں لہ مثبت ہے) کیونکہ لہ لا^2 + ۲ مہ لا + نہ اس شکل لہ (لا + $\frac{مہ}{له}$)^2 + نہ − $\frac{مہ^2}{له}$ میں لکھا جاسکتا ہے۔ اس لیے ھ گ جب ۶۰° کی اقل قیمت کے لیے ہمیں حاصل ہوتا ہے (212)

$$\left[ج^2 جب^2 ب - \frac{\{ج جب ا جب ب + ج جب ب جم (۱۲۰° - ج)\}^2}{جب^2 ا + جب^2 ب + ۲ جب ا جب ب جم (۱۲۰° - ج)}\right]^{\frac{1}{2}}$$

$$= \frac{ج جب ا جب ب جب (۱۲۰° - ج)}{\{جب^2 ا + جب^2 ب + ۲ جب ا جب ب جم (۱۲۰° - ج)\}^{\frac{1}{2}}}$$

$$= \frac{\lfloor ۲ ج^2 جب ا جب ب جب (۱۲۰° - ج)}{جب ج \lfloor ۲ ا^2 + ب^2 + ج^2 + ۴ \lfloor ۲ \Delta}$$

اب متساوی الاضلاع کا ضلع ہے ھ گ جب ۶۰° $\frac{1}{2}$ جب (۱۲۰° − ج) پس اس ضلع کی اقل قیمت ہے $\frac{\lfloor ۲ \Delta ۲}{\lfloor ۲ \Delta ۳ \sqrt{ا^2 + ب^2 + ج^2 + ۴}}$

(۵) تین دائرے بناؤ جو باہم مس کریں اور ان میں سے ہر ایک ایک دیے ہوئے مثلث کے دو ضلعوں کو بھی مس کرے۔



فرض کرو کہ دائروں کے نصف قطر غم، غم، غم ہیں، تب م ن = ۲ ما غم غم

اس لیے ل = ب م + ج ن + م ن = غم م ½ ب + غم م ½ ج + ۲ ما غم غم
مع ب اور ج کے لیے متشابہ جملوں کے۔

فرض کرو لا = غم م ½ ا، ما = غم م ½ ب، ی = غم م ½ ج،

ما ½ ب س ½ ج = - جم عہ، ما ½ ج س ½ ا = - جم بہ، ما ½ ا س ½ ب = - جم جہ

تو جب عہ = ا س ½ ب س ½ ج = ل/س، اور اسی طرح جب بہ = ب/س، جب جہ = ج/س

اس لیے ہمیں مساواتیں ملتی ہیں

$$\frac{\text{ما}^2 + \text{ی}^2 - 2\,\text{ما ی جم عہ}}{\text{جب}^2\,\text{عہ}} = \frac{\text{ی}^2 + \text{لا}^2 - 2\,\text{ی لا جم بہ}}{\text{جب}^2\,\text{بہ}} = \frac{\text{لا}^2 + \text{ما}^2 - 2\,\text{لا ما جم جہ}}{\text{جب}^2\,\text{جہ}} = \text{س}$$

(213) یہ مساواتیں دفعہ ۶۸ مثال (۱۲) میں زیر بحث آچکی ہیں؛ اس میں جو پہلا حل حاصل ہوا تھا اس کے لینے سے

لا = ما س جم (شہ - عہ)، ما = ما س جم (شہ - بہ)، ی = ما س جم (شہ - جہ)

جہاں ۲ شہ = عہ + بہ + جہ - اس لیے غم = س س ½ ا جم² (شہ - عہ)،

عم = س س ½ ب جم² (شہ - بہ)، غم = س س ½ ج جم² (شہ - جہ)

دائروں کے مطلوبہ نصف قطر ہیں۔ محولہ بالا مثال کے دوسرے حلوں سے دائروں کے تین جٹوں کے نصف قطر ملتے ہیں، یہ دائرے ایسے ہیں کہ ہر جٹ میں سے دو دائرے مثلث کے دو ممدود ضلعوں کو مس کرتے ہیں؛ ایک ایسے ہی جٹ کے نصف قطر ہیں

س س ½ ا جم² س، س س ½ ب جم² (س - جہ)، س س ½ ج جم² (س - بہ)

پس دائروں کے کل آٹھ جٹ ہیں جو دیے ہوئے مسئلہ کی شرطوں کو پورا کرتے ہیں۔

مندرجہ بالا حل لشیمز (Lechmütz) کے حل سے لیا گیا جو *Nouvelles Annales* کی جلد پنجم میں درج ہے۔ اس مسئلہ کا ہندسی حل، جو مال فٹی کے مسئلہ کے طور پر مشہور ہے، کیسی (Casey) کی *Sequel to Euclid* میں ملیگا اور اس پر ایک تاریخی مضمون ایم کینس کا لکھا ہوا *Bulletin de L'Academie Royale de Belgigue* بابتہ ۱۸۷۴ء میں ملیگا۔

بارہویں باب پر مثالیں

۱۔ ایک متوازی الاضلاع کے ضلع ا، ب، زاویہ عہ پر ایک دوسرے سے مائل ہیں اور اس کے وتروں کا درمیانی زاویہ ط ہے۔ ثابت کرو کہ

$$\text{مس ط} = \frac{۲\,ا\,ب\,\text{جب}\,عہ}{ا^۲ - ب^۲}$$

۲۔ اگر ایک مثلث کے راسوں سے اس کے اندرونی دائرہ کے نقاط تماس کے فاصلے عہ، بہ، جہ ہوں تو ثابت کرو کہ

$$ر = \frac{۱}{۲}\left(\frac{عہ\,بہ\,جہ}{عہ + بہ + جہ}\right)$$

۳۔ ایک دائرہ کے اندر ایک منتظم کثیر الاضلاع اور اس کے گرد اتنے ہی ضلعوں والا دوسرا منتظم کثیر الاضلاع کھینچے گئے ہیں۔ قبل الذکر کثیر الاضلاع کے رقبہ کو مابعد الذکر کے رقبہ کے ساتھ جو نسبت ہے وہ ۳ : ۴ ہے۔ ضلعوں کی تعداد دریافت کرو۔

۴۔ ایک متوازی الاضلاع کے ہر زاویہ سے ایک ایک خط اس طرح کھینچا گیا ہے کہ یہ خطوط ایک ہی ترتیب میں متصل ضلعوں کے ساتھ ایک ہی جانب مساوی زاویے بناتے ہیں۔ ثابت کرو کہ یہ خطوط ایک دوسرا متوازی الاضلاع بنائینگے جو ابتدائی متوازی الاضلاع کے متشابہ ہوگا اگر ا^۲ سہ ب^۲ = ۲ ا ب جم ب جہاں ا، ب ضلع ہیں اور متوازی الاضلاع کا زاویہ ب ہے۔

۵۔ وہ خطوطِ مستقیم جو ایک مثلث کے زاویوں ا، ج کی تنصیف

Malfatte

کرتے ہیں حائط دائرہ کے محیط سے نقطوں عہ، جہ پر ملتے ہیں۔ ثابت کرو کہ خط مستقیم عہ جہ ج ب اور ب ا سے تین حصوں میں تقسیم ہوتا ہے جن میں نسبت ہے

$$\text{جب}^2 \tfrac{1}{2}\text{ا} : 2\,\text{جب}\,\tfrac{1}{2}\text{ا}\,\text{جب}\,\tfrac{1}{2}\text{ب}\,\text{جب}\,\tfrac{1}{2}\text{ج} : \text{جب}^2 \tfrac{1}{2}\text{ج}$$

۶۔ اگر ایک مثلث کے اندرونی دائرہ کا مرکز آ ہو اور اس کے ضلعوں پر عمود آ ا، آ ب، آ ج ہوں اور ذوالربعۃ الاضلاعوں ا ب آ ج، ب ج آ ا، ج ا آ ب کے اندرونی دائروں کے نصف قطر غم، غم۲، غم۳ ہوں تو ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{غم}_1}{\text{ر} - \text{غم}_1} + \frac{\text{غم}_2}{\text{ر} - \text{غم}_2} + \frac{\text{غم}_3}{\text{ر} - \text{غم}_3} = \frac{\text{ا} + \text{ب} + \text{ج}}{2\,\text{ر}}$$

۷۔ ثابت کرو کہ ایک مثلث کے حائط دائرہ اور اندرونی دائرہ کے مرکزوں کو ملانیوالا خط ضلع ب ج کے ساتھ زاویہ $\text{ظا}^{-1}\left(\frac{\text{جب ب} - \text{جب ج}}{\text{جم ب} + \text{جم ج} - 1}\right)$ بناتا ہے۔

۸۔ اگر ایک مثلث میں اس کے دو زاویوں سے مقابل کے ضلعوں پر کھینچے ہوئے عمودوں کے پائیں ان ضلعوں کے نقاط وسطی سے متساوی الفصل ہوں تو ثابت کرو کہ تیسرا زاویہ ۶۰° ہے یا ۱۲۰°، وگرنہ مثلث متساوی الساقین ہے۔

۹۔ اگر ا ب ج ایک مثلث ہو جس کا زاویہ ج قائمہ ہے اور ا ب پر عمود وار خطوط مستقیم ا ع، ب د کھینچے جائیں جو ب ج، ا ج ممدودہ کو علی الترتیب ع، د پر ملتے ہیں تو ثابت کرو کہ مس ج ع د = مس۲ ا ب ا ج، اور

$$\Delta\,\text{ع ج د} = \Delta\,\text{ا ج ب}$$

۱۰۔ اگر ایک متساوی الاضلاع مثلث کے اندر ایک نقطہ لیا جائے ایسا کہ راسوں سے اس کے فاصلے ایک دوسرے مثلث کے ضلعوں ا، ب، ج کے

متناسب ہوں تو ثابت کرو کہ اِن فاصلوں کے درمیانی زاویے ہونگے

$$\frac{1}{3}\pi + ا \text{ ، } \frac{1}{3}\pi + ب \text{ ، } \frac{1}{3}\pi + ج$$

۱۱ - اُن چار دائروں میں سے جو ایک مثلث کے تین ضلعوں کو مس کرتے ہیں ہر ایک دائرہ کے نقاط تماس ملائے گئے ہیں ؛ اندرونی دائرہ سے اس طور پر جو مثلث بنتا ہے اس کا رقبہ اُن مثلثوں کے رقبوں کے مجموعہ سے تفریق کیا گیا ہے جو جانبی دائروں سے مذکور الصدر طریقہ پر حاصل ہوتے ہیں۔ ثابت کرو کہ حاصل تفریق اصلی مثلث کے رقبہ کا دُگنا ہے۔

۱۲ - اگر ا ب ج د ایک متوازی الاضلاع ہو اور اُس کے اندر کوئی نقطہ پ تو ثابت کرو کہ

$$\triangle ا پ ج \times \triangle ا پ ج - \triangle ب پ د \times \triangle ب پ د$$

پ کے محل پر منحصر نہیں ہے۔

۱۳ - تین دائروں کو جو ایک دوسرے کو بیرونی طور پر مس کرتے ہیں ایک چوتھا دائرہ مس کرتا ہے جس کے اندر یہ سب دائرے ہیں۔ اگر اندرونی تین دائروں کے نصف قطر ا، ب، ج ہوں اور اِن کے مرکزوں کے فاصلے بیرونی دائرہ کے مرکز سے علی الترتیب ہ، بہ، جہ ہوں تو ثابت کرو کہ

$$۲\left(\frac{بہ\,جہ}{ب\,ج} + \frac{جہ\,عہ}{ج\,ا} + \frac{عہ\,بہ}{ا\,ب}\right) + ۴ = \frac{عہ^۲}{ا^۲} + \frac{بہ^۲}{ب^۲} + \frac{جہ^۲}{ج^۲}$$

۱۴ - ایک مثلث کے ضلعوں ب ج، ج ا، ا ب میں علی الترتیب نقطے پ، ق، ر ہیں ایسے کہ $\frac{ب\,پ}{پ\,ج} = \frac{ج\,ق}{ق\,ا} = \frac{ا\,ر}{ر\,ب}$ ؛ ثابت کرو کہ $ا پ^۲ + ب ق^۲ + ج ر^۲$ اقل ہوگا جبکہ پ، ق، ر، ضلعوں کی تنصیف کریں۔

۱۵ - ایک مثلث کے ضلعوں ا، ب، ج پر مثلث کے بیرونی جانب قطاع دائرے کھینچے گئے ہیں جن کے اندر علی الترتیب زاویے ہ، بہ، جہ بنتے ہیں اور ہ + بہ + جہ = π، ان دائروں کے مرکزوں کو ملا کر ایک مثلث بنایا گیا ہے۔

ثابت کرو کہ اس مثلث کے زاوئے عہ، بہ، جہ ہیں۔

(215) ۱۶۔ ایک مثلث کے ضلعوں کے نقاط وسطی سے مقابل کے زاویوں کے ناصفوں پر عمود کھینچے گئے ہیں اور ان سے ایک دوسرا مثلث بنایا گیا ہے۔ ثابت کرو کہ اس مثلث کا رقبہ اُس مستطیل کے رقبہ کا چوتھائی ہے جس کے متصل اضلاع قبل الذکر مثلث کا گھیرا اور اس کے حائط دائرہ کا نصف قطر ہیں۔

۱۷۔ مثلث ا ب ج کے مستوی میں ایک نقطہ پ ہے اور اس نقطہ سے ضلعوں پر کے عمودوں کے پائین ل، م، ن ہیں۔ اگر م ن + ن ل + ل م مستقل ہو اور ل کے مساوی ہو تو

ثابت کرو کہ $پ ا^2 + پ ب^2 + پ ج^2$ کی اقل قیمت ہے

$$\frac{ل^2}{جب^2 ا + جب^2 ب + جب^2 ج}$$

۱۸۔ ایک مثلث ا ب ج کے ضلعوں ب ج، ج ا، ا ب کے متوازی علی الترتیب ر۱، ر۲، ر۳ فاصلوں پر خطوط مستقیم ب َج َ، ج َ ا َ، ا َ ب َ کھینچے گئے ہیں۔ مثلث ا َ ب َ ج َ کا رقبہ معلوم کرو۔

اگر ایسے آٹھ مثلث بنائے جائیں تو ان کے گھیروں کا اوسط مثلث ا ب ج کے گھیرے کے مساوی ہوتا ہے لیکن اِن کے رقبوں کا اوسط مثلث ا ب ج کے رقبہ سے بقدر

$$\frac{و^2 ر_1^2 + ب^2 ر_2^2 + ج^2 ر_3^2}{\Delta 4}$$

کے بڑا ہوتا ہے۔

۱۹۔ ایک مختلف الاضلاع مثلث ا ب ج کے ضلعوں کو قاعدے مانکر متشابہ متساوی الساقین مثلث بنائے گئے ہیں ایسے کہ یا تو سب کے سب اندرونی جانب ہیں یا سب کے سب بیرونی جانب۔ اِن متساوی الساقین مثلثوں کے راسوں کو ملاکر ایک نیا مثلث ا َ ب َ ج َ بنایا گیا ہے۔ اگر ا َ ب َ ج َ متساوی الاضلاع مثلث ہو تو ثابت کرو کہ متساوی الساقین مثلثوں کے

قاعدوں پر کے زاویوں میں سے ہر ایک ۳۰° ہے لیکن اگر اَ بَ جَ، مثلث ا ب ج کے متشابہ ہو تو ان زاویوں میں سے ہر ایک $\text{مس}^{-1}\frac{۵۴}{ا^۲+ب^۲+ج^۲}$ ہے جہاں ۵ سے مثلث ا ب ج کا رقبہ مُراد ہے۔

۲۰۔ ایک خطِ مستقیم تین ہم مرکز دائروں کو نقطوں ا، ب، ج پر قطع کرتا ہے اور ان کے مرکز سے فاصلہ ف پر واقع ہے۔ ثابت کرو کہ اُس مثلث کا رقبہ جو ا، ب، ج پر کے مماسوں سے بنتا ہے۔ $\frac{\text{ب ج} \times \text{ج ا} \times \text{ا ب}}{۲\text{ ف}}$ ہے۔

۲۱۔ اگر ایک مثلث ا ب ج کے نو نقطی دائرہ کا مرکز ن ہو اور ضلعوں کے نقاط وسطی د، ع، ف ہوں تو ثابت کرو کہ

ب ج جم ن د ج + ج ا جم ن ع ا + ا ب جم ن ف ب = ۰

۲۲۔ ایک مثلث کے ضلع ب ا پر ب د، ا ج کے مساوی ناپا گیا ہے۔ ب ج اور ا د کی تنصیف نقاط ع، ف سے کی گئی ہے اور ع اور ف کو ملایا گیا ہے۔ ثابت کرو کہ ب ع ف کے حائط دائرہ کا نصف قطر $\frac{۱}{۴}$ ب ج × قم $\frac{۱}{۲}$ ا ہے۔

۲۳۔ اگر مثلث ا ب ج کے ضلعوں پر اَ، بَ، جَ کوئی نقطے ہوں تو ثابت کرو کہ

اَبَ × ب جَ × ج اَ + بَ ج × جَ ا × اَ ب = ۴ ر × ۵ × اَ بَ جَ

۲۴۔ اگر ایک مثلث کے اندرونی دائرہ کے مرکز کے فاصلے مثلث کے راسوں سے لا، ما، ی ہوں تو ثابت کرو کہ

ا^۲ لا^۲ + ب^۲ ما^۲ + ج^۲ ی^۲ + (ا + ب + ج)^۲ لا^۲ ما^۲ ی^۲ = ۲ (ب^۲ ج^۲ ما^۲ ی^۲ + ج^۲ ا^۲ ی^۲ لا^۲ + ا^۲ ب^۲ لا^۲ ما^۲)

۲۵۔ د، ع، ف وہ نقطے ہیں جہاں مثلث ا ب ج کے زاویوں کے

ناصف مقابل کے ضلعوں سے ملتے ہیں؛ اگر لا، ما، ی وہ عمود ہوں جو
(216) ا، ب، ج سے مثلث د ع ف کے مقابل کے ضلعوں پر کھینچے گئے ہیں اور
ع، ع، ع وہ عمود ہوں جو ا، ب، ج سے مثلث ا ب ج کے مقابل کے ضلعوں
پر کھینچے گئے ہیں تو ثابت کرو کہ

$$\frac{ع_1^2}{لا^2} + \frac{ع_2^2}{ما^2} + \frac{ع_3^2}{ی^2} = ۱۱ + ۸ \text{ جب } \frac{۱}{۲} \text{ ا جب } \frac{۱}{۲} \text{ ب جب } \frac{۱}{۲} \text{ ج}$$

۲۶۔ ثابت کرو کہ ایک مثلث کے مرکز عمودی کے فاصلے اس کے راسوں
سے حسب ذیل مساوات کی اصلیں ہیں:۔

$$لا^3 - ۲(س + ر) لا^2 + (ر^2 - ۴ س ر + س^2) لا - ۲ س ر \{س - (ر + ۲ س)^{\frac{۱}{۲}}\} = ۰$$

۲۷۔ اگر ایک مثلث کا ہر ضلع اس کے گھیرے کے ساتھ ایسی نسبت رکھے جو
۲ : ۵ سے کم ہے تو ایک مثلث بنایا جا سکتا ہے جس کے ضلع جانبی دائروں
کے نصف قطروں کے مساوی ہوں۔

۲۸۔ ایک دائرہ کے اندر ایک مثلث ا ب ج بنایا گیا ہے اور ب ج کے
نقطہ وسطی د سے ایک خط د ب ج کے علی القوائم کھینچا گیا ہے جو دائرہ کے محیط سے
ع اور ف پر ملتا ہے۔ ا ع اور ا ف کو ملایا گیا ہے اور اسی طرح
مثلث ا ع ف کو حاصل کیا گیا ہے۔ اسی طرح ا ب، ا ج کی تنصیف
کرکے باقی اور دو مثلث بنائے جائیں تو ثابت کرو کہ ان تین مثلثوں کے رقبے
نسبت جب (ب - ج) : جب (ج - ا) : جب (ا - ب) میں ہیں۔

۲۹۔ تین دائرے جن کے نصف قطر ا، ب، ج ہیں ایک دوسرے کو
بیرونی طور پر مس کرتے ہیں؛ ثابت کرو کہ ان دو دائروں کے نصف قطر جو ان
تین دائروں کو مس کرتے ہوئے کھینچے جا سکتے ہیں یہ ہیں

$$\frac{ا ب ج}{(ب ج + ج ا + ا ب) \pm ۲ \sqrt{ا ب ج (ا + ب + ج)}}$$

۳۰۔ اب ج ایک مثلث ہے؛ اس کے بیرونی جانب اس کے ضلعوں پر متساوی الاضلاع مثلث آ ب ج، ب ج ا، ج ا ب بنائے گئے ہیں۔ ثابت کرو کہ

(۱) ا ا، ب ب، ج ج ایک نقطہ و پر ملتے ہیں؛

(۲) و ا = و ب + و ج؛

(۳) Δ آ ب ج = $\frac{\sqrt{3}}{4}$ Δ ا ب ج + $\frac{\sqrt{3}}{4}$ (ب ج^2 + ج ا^2 + ا ب^2)

۳۱۔ ایک مثلث کے ضلعوں ا، ب کے وسطی نقطے آ، ب ہیں؛ ا، ب سے مقابل کے ضلعوں پر کے عمودوں کے پائیں د، ع ہیں؛ اور آ د، ب ع کی تخصیف نقطوں پ، ق سے ہوتی ہے۔ ثابت کرو کہ

$$\text{پ ق} = \frac{1}{4}\sqrt{\text{ا}^2 + \text{ب}^2 - 2\,\text{ا ب جم ۳ ج}}$$

۳۲۔ ایک حادۃ الزاویہ مثلث کے راسوں سے مقابل کے ضلعوں پر کے عمود نقطہ پ پر ملتے ہیں اور ایک نیا مثلث ضلعوں پ ا، پ ب، پ ج کے ساتھ بنایا گیا ہے۔ وہ شرط معلوم کرو کہ یہ ممکن ہو اور اگر یہ ممکن ہے اور اس نئے مثلث کے زاویے ع، ہ، ج ہیں تو ثابت کرو کہ

$$1 + \frac{\text{جم ع}}{\text{جم ا}} + \frac{\text{جم ہ}}{\text{جم ب}} + \frac{\text{جم ج}}{\text{جم ج}} = \frac{1}{2}\,\text{قط ا قط ب قط ج}$$

۳۳۔ نصف قطر کے ایک دائرہ کے اندر جس کا مرکز ج ہے دو نقطے آ، ب لیے گئے ہیں۔ ثابت کرو کہ اُن دائروں کے قطر جو آ ب میں سے گذریں اور دیے ہوئے دائرہ کو مس کریں مساوات ذیل کی اصلیں ہیں:۔

لا^2 (ر^2 ج^2 − ا^2 ب^2 جب^2 ج) − ۲ لا ر ج (ر^2 − ا ب جم ج) + ج^2 (ر^2 − ۲ ا ب جم ج + ا^2 ب^2) = ۰.

جہاں چھوٹے بڑے حروف مثلث ا ب ج کے اجزاء کو تعبیر کرتے ہیں۔

۳۴۔ اگر ایک مثلث کو کاغذ پر سے کاٹ کر علیحدہ کر لیا جائے اور اس کو موڑ کر دُہرا کیا جائے اس طور پر کہ سلوٹ حائط دائرہ کے مرکز اور ایک راس ا (۲۱۲)

ہیں سے گذرے تو ثابت کرو کہ دہرا کئے ہوئے حصہ کا رقبہ ہے

$\frac{1}{2}$ ب^2 جب^2 ج جم ج قم (۲ ج - ب) قط (ج - ب)، جہاں ج > ب

۳۵ - ایک مثلث کے راسوں ا، ب، ج سے مقابل کے ضلعوں پر عمود کھینچے گئے ہیں اور ان عمودوں کے پائین سے متصلہ ضلعوں پر عمود کھینچے گئے ہیں۔ ثابت کرو کہ ان چھ عمودوں کے پائین ایک دائرہ پر واقع ہوتے ہیں جس کا نصف قطر ہے

$\frac{1}{2}$ (جم^2 ا جم^2 ب جم^2 ج + جب^2 ا جب^2 ب جب^2 ج)$^{\frac{1}{2}}$

۳۶ - اگر پ ایک نقطہ ہو جہاں سے ایک مثلث ا ب ج کے تین جانبی دائروں کے مماس مساوی ہیں تو ثابت کرو کہ پ کا فاصلہ ضلع ب ج سے حسب ذیل ہے:-

$\frac{1}{2}$ (ب + ج) قط $\frac{1}{2}$ ا جب $\frac{1}{2}$ ب جب $\frac{1}{2}$ ج

۳۷ - اگر لا، ما، ی، ان تین مربعوں کے ضلع ہوں جو مثلث ا ب ج کے اندر اس طرح کھینچے گئے ہیں کہ ان کا ایک ایک ضلع بالترتیب مثلث کے ضلعوں ب ج، ج ا، ا ب پر واقع ہے تو ثابت کرو کہ $\frac{1}{ا} + \frac{1}{ما} + \frac{1}{ی} = \frac{1}{ا} + \frac{1}{ب} + \frac{1}{ج}$

۳۸ - مثلث ا ب ج کے راسوں ا، ب، ج سے مقابل کے ضلعوں پر عمود ا ا، ب ب، ج ج ہیں؛ مثلثوں ا ب ج، ب ج ا، ج ا ب کے مرکز عمودی د، د، د ہیں۔ ثابت کرو کہ (۱) مثلثات د د د، ا ب ج مساوی ہیں، (۲) ۲ ا ا = ب ب = ج ج جہاں دائروں د ا د، د ب د، د ج د کے نصف قطر ب ب، ج ج ہیں اور اس دائرہ کا نصف قطر ہے جو ا ب ج کے اندر کھینچا گیا ہے اور اس دائرہ کا جو ا ب ج کے گرد کھینچا گیا ہے۔

۳۹ - اگر ایک مثلث کے جانبی دائروں کے مرکزوں کے فاصلے اندرونی

دائرہ کے مرکز سے لا، ما، ی ہوں اور حائط دائرہ کا قطر ق ہو تو ثابت کرو کہ

$$\text{لا ما ی} + \text{ق} (\text{لا}^2 + \text{ما}^2 + \text{ی}^2) = 4 \text{ق}^3$$

۴۰ ۔ ایک مثلث کے اندرونی دائرہ کے مرکز کو راسوں سے ملانیوالے خطوط مستقیم اس دائرہ کو ا، ب، ج پر قطع کرتے ہیں ۔ ثابت کرو کہ مثلث ا ب ج کا رقبہ ہے

$$\frac{1}{2} \text{ر}^2 (\text{جم} \frac{1}{2} \text{ا} + \text{جم} \frac{1}{2} \text{ب} + \text{جم} \frac{1}{2} \text{ج})$$

۴۱ ۔ اگر ایک مثلث کے ہر ضلع کو بقدر چھوٹی مقدار لا کے بڑھایا جائے تو ثابت کرو کہ رقبہ میں تقریباً ر لا (جم ا + جم ب + جم ج) کا اضافہ ہوگا ۔

۴۲ ۔ ایک دائرہ کے قطر ا آ، ب ب، ج ج ہیں اور آ، ب، ج سے علی الترتیب ب ج، ج ا، ا ب پر کے عمودوں کے پائیں د، ع، ف ہیں ۔ ثابت کرو کہ ا د، ب ع، ج ف ایک نقطہ پر ملتے ہیں اور نیز ثابت کرو کہ رقبوں ا ب ج، د ع ف میں نسبت ۱ : ۲ جم ا جم ب جم ج ہے ۔

۴۳ ۔ اگر ایک مثلث کے اندرونی دائرہ کے مرکز آ سے ضلعوں پر عمود آ د، آ ع، آ ف کھینچے جائیں تو آ ع ا ف، آ ف ب د، آ د ج ع میں کھینچے ہوئے دائروں کے نصف قطر معلوم کرو ؛ اگر یہ نصف قطر علی الترتیب غم، غم، غم ہوں تو ثابت کرو کہ

$$(\text{ر} - 2 \text{غم}) (\text{ر} - 2 \text{غم}) (\text{ر} - 2 \text{غم}) = \text{ر}^3 - 4 \text{غم غم غم}$$

۴۴ ۔ تین دائرے جن کے نصف قطر ا، ب، ج ہیں ایک دوسرے کو بیرونی طور پر مس کرتے ہیں ۔ ثابت کرو کہ اس دائرہ کا نصف قطر ر جو ان تین دائروں کو بیرونی طور پر مس کرتا ہے مساوات (218)

$$\frac{\text{ا ر ب ج} (\text{ب} + \text{ج} + \text{ر}) + \text{ب ر ج ا} (\text{ج} + \text{ا} + \text{ر}) + \text{ج ر ا ب} (\text{ا} + \text{ب} + \text{ر})}{= \text{ا ب ج} (\text{ا} + \text{ب} + \text{ج})}$$

سے حاصل ہوتا ہے۔

۴۵۔ مثلث ا ب ج کے راسوں میں سے مثلث کے مستوی کے عمود دار خطوط ا ا'، ب ب'، ج ج' کھینچے گئے ہیں اور ان کے طول علی الترتیب لا، با، ی ہیں۔ اگر ا ب ج اور ا' ب' ج' کے رقبے Δ اور Δ' ہوں تو ثابت کرو کہ

$$\Delta'^2 - \Delta^2 = \frac{1}{4}\{ا^2(لا-ما)(لا-ی)+ب^2(ما-ی)(ما-لا)+ج^2(ی-لا)(ی-ما)\}^2$$

$$= \frac{1}{4}\{ا'^2(لا-ما)(لا-ی)+ب'^2(ما-ی)(ما-لا)+ج'^2(ی-لا)(ی-ما)\}^2$$

۴۶۔ تین دائرے بنائے گئے ہیں جن میں سے ہر ایک، ایک مثلث کے دو ضلعوں اور نیز اس کے اندرونی دائرہ کو مس کرتا ہے۔ ان تین دائروں کے مرکزوں کو ملا کر ایک مثلث بنایا گیا ہے۔ ثابت کرو کہ اس مثلث کے رقبہ کو دیے ہوئے مثلث کے رقبہ کے ساتھ نسبت ہے

$$4 \text{جب} \tfrac{1}{2}ا \text{جب} \tfrac{1}{2}ب \text{جب} \tfrac{1}{2}ج (\text{جب} \tfrac{1}{2}ا + \text{جب} \tfrac{1}{2}ب + \text{جب} \tfrac{1}{2}ج)$$

$$\therefore \text{جم} \tfrac{1}{2}ا \text{جم} \tfrac{1}{2}ب \text{جم} \tfrac{1}{2}ج (\text{جم} \tfrac{1}{2}ا + \text{جم} \tfrac{1}{2}ب + \text{جم} \tfrac{1}{2}ج)$$

۴۷۔ اگر ایک مثلث کے زاویوں کے ناصف مقابل کے ضلعوں سے د، ع، ف پر ملیں تو ثابت کرو کہ مثلث د ع ف کا رقبہ ہے

$$\frac{\text{جم}^2 \frac{1}{2}ا \text{جم}^2 \frac{1}{2}ب \text{جم}^2 \frac{1}{2}ج}{\text{جم} \frac{1}{2}(ب-ج) \text{جم} \frac{1}{2}(ج-ا) \text{جم} \frac{1}{2}(ا-ب)}$$ ۲ ر۲

اور نیز ثابت کرو کہ

$$(ا+ب)^2(ا+ج)^2ع ف^2+(ب+ج)^2(ب+ا)^2ف د^2+(ج+ا)^2(ج+ب)^2د ع^2$$

$$= 16 \Delta^2 ر (11 ر + 12)$$

جہاں Δ مثلث ا ب ج کے رقبے کو تعبیر کرتا ہے۔

۴۸ ۔ ایک مثلث کے حائط دائرہ کا مرکز و ہے، اس کا مرکز عمودی ک ہے؛ اور وک، حائط دائرہ کو پ اور پَ میں قطع کرتا ہے اور پ اور پَ کے خطوطِ پائیں سے ق اور قَ پر ملتا ہے ۔

ثابت کرو کہ وق × وقَ = ۲ مر۲ جم ا . جم ب . جم ج

۴۹ ۔ ایک مثلث کے نو نقطی دائرہ کا مرکز ن ہے اور ج ب اور ج ا کے وسطی نقطے د، ع ہیں ۔ ثابت کرو کہ ذوالربعۃ الاضلاع ن د ج ع کا رقبہ ہے

$\frac{1}{2}$ غ۲ (جب ۲ ا + جب ۲ ب + ۲ جب ۲ ج)

جہاں نو نقطی دائرہ کا نصف قطر غ ہے ۔

۵۰ ۔ ایک مثلث کے جانبی دائروں کے مرکزوں کو ملانے سے ایک دوسرا مثلث بنایا گیا ہے اور اس دوسرے مثلث کے جانبی دائروں کے مرکزوں کو ملانے سے تیسرا مثلث، علیٰ ہذا القیاس ۔ ثابت کرو کہ ن ویں مثلث کے ضلع ہیں

$$\frac{\text{ا قم } \frac{1}{2} \quad \text{قم } \frac{\pi}{2}-\text{ا} \quad \text{قم } \frac{3\pi}{2}+\text{ا} \ldots \text{قم } \frac{(2^{ن-2}-1)\pi}{2^{ن-2}}+(-1)^{ن-2}\text{ا}}{2^{ن-1}}$$

مع دیگر دو متشابہ جملوں کے ۔

۵۱ ۔ اگر مثلث ا ب ج کے نو نقطی دائرہ کا مرکز ن ہو اور ا، ب ج سے نقطہ د پر ملے تو ثابت کرو کہ

د ن : د ا :: جم (ب - ج) : ۴ جب ب جب ج

اور نیز بتاؤ کہ ب ن ج کا رقبہ $\frac{1}{2}$ مر۲ جب ا جم (ب - ج) ہے ۔

۵۲ ۔ مثلث ا ب ج کے راسوں ا، ب، ج سے مقابل کے ضلعوں پر عمود گرائے گئے ہیں جن کے پائیں د، ع، ف ہیں ۔ ثابت کرو کہ اُس دائرہ کا نصف قطر جو تین دائروں د ج ع، ع ا ف، ف ب د کو مس کرتا ہے حسب ذیل ہے

مر جب ا جب ب جب ج جم ا جم ب جم ج (جب ا + جب ب + جب ج)

ا ب جب ج - ج ب جب ا جم۲ ا + ۲ جم ا جم ب جم ج ج جب ب جب ج

(219) ۵۳ ۔ اگر کسی نقطہ و سے مثلث ا ب ج کے ضلعوں ب ج، ج ا، ا ب پر عمود و د، و ع، و ف کھینچے جائیں تو ثابت کرو کہ

$$\text{مم ا د ج} + \text{مم ب ع ا} + \text{مم ج ف ب} = .$$

۵۴ ۔ اگر ب، ج، ب دیے گئے ہوں اور ان اجزاء کے ساتھ دو مثلث موجود ہوں تو ثابت کرو کہ ان کے اندرونی دائرے ایک دوسرے کو مس کرینگے اگر

$$\text{ج}^{۲}(\text{جم}^{۲}\text{ب} + ۲\,\text{جم ب} - ۳) + ۲\,\text{ب ج}(۱ - \text{جم ب}) + \text{ب}^{۲} = .$$

۵۵ ۔ اگر ایک مثلث کے جانبی دائروں کے مرکزوں سے نقطی دائرہ کے مماس کھینچے جائیں اور ان کے طول $م_۱$، $م_۲$، $م_۳$ ہوں تو ثابت کرو کہ

$$\frac{م_۱^{۲}}{ر_۱^{۲}} + \frac{م_۲^{۲}}{ر_۲^{۲}} + \frac{م_۳^{۲}}{ر_۳^{۲}} = ر + ۷ر_۱ \text{ اور } \frac{م_۱^{۲} - م_۲^{۲}}{ر_۱^{۲} - ر_۲^{۲}} + \frac{م_۲^{۲} - م_۳^{۲}}{ر_۲^{۲} - ر_۳^{۲}} + \frac{م_۳^{۲} - م_۱^{۲}}{ر_۳^{۲} - ر_۱^{۲}} = ۲ر + ۱۱ر_۱$$

۵۶ ۔ ثابت کرو کہ ایک مثلث کے راسوں سے نقطی دائرہ کے مرکز کے فاصلوں کے مربعوں کا حاصل جمع ہے

$$ر^{۲}(\frac{۱۱}{۴} + ۲\,\text{جم ا جم ب جم ج})$$

۵۷ ۔ ایک دیے ہوئے دائرہ کے گرد چار متشابہ مثلث بنائے گئے ہیں اور ان کے رقبے ق، $ق_۱$، $ق_۲$، $ق_۳$ ہیں ۔ ثابت کرو کہ

(ا) مثلثوں کا ایک زاویہ $۲\,\text{مم}^{-۲}\left(\frac{ق\,ق_۱}{ق_۲\,ق_۳}\right)^{\frac{۱}{۴}}$ ہے،

(ب) $ق^{\frac{۱}{۲}} = ق_۱^{\frac{۱}{۲}} + ق_۲^{\frac{۱}{۲}} + ق_۳^{\frac{۱}{۲}}$

(ج) دائرہ کا نصف قطر $(ق\,ق_۱\,ق_۲\,ق_۳)^{\frac{۱}{۸}}$ ہے ۔

۵۸ ۔ ایک مثلث کے راسوں ا، ب، ج سے خطوط مستقیم کھینچے گئے ہیں جو مثلث کے مقابل کے ضلعوں سے ایک ہی جہت میں زاوئے ط، ف، پ بناتے ہیں ۔ ثابت کرو کہ ان خطوط سے جو مثلث بنتا ہے اس کے حائط دائرہ کا قطر ہے

$$\frac{\text{جب}(۲ا + ف - پ)\,\text{جم}\,ط + \text{جب}(۲ب + پ - ط)\,\text{جم}\,ف + \text{جب}(۲ج + ط - ف)\,\text{جم}\,پ}{\text{جب}(ا + ف - پ)\,\text{جب}(ب + پ - ط)\,\text{جب}(ج + ط - ف)}$$

۵۹ ۔ ایک مثلث کے ضلعوں کے محاذی ایک نقطہ و پر زاوئے عہ، بہ، جہ بنتے ہیں ؛ ثابت کرو کہ

(۱) $\text{جم}\frac{۱}{۲}عہ + \text{جم}\frac{۱}{۲}بہ + \text{جم}\frac{۱}{۲}جہ = ۴\,\text{جم}\frac{۱}{۴}(بہ + جہ)\,\text{جم}\frac{۱}{۴}(جہ + عہ)\,\text{جم}\frac{۱}{۴}(عہ + بہ)$

(۲) $$وا = \frac{ب ج\,\text{جب}(عہ - ا)}{ب ج\,\text{جب}عہ\,\text{جب}(عہ - ا) + ج ا\,\text{جب}بہ\,\text{جب}(بہ - ب) + ا ب\,\text{جب}جہ\,\text{جب}(جہ - ج)}$$

۶۰ ۔ اگر ایک متساوی الاضلاع مثلث (ضلع ل) کے مستوی میں کسی نقطہ کے فاصلے مثلث کے راسوں سے ف۱، ف۲، ف۳ ہوں تو ثابت کرو کہ

$$ف_۱^۲ ف_۲^۲ + ف_۲^۲ ف_۳^۲ + ف_۳^۲ ف_۱^۲ + ل^۲ (ف_۱^۲ + ف_۲^۲ + ف_۳^۲) = ل^۴ + ف_۱^۴ + ف_۲^۴ + ف_۳^۴$$

پس ثابت کرو کہ دو متساوی الاضلاع مثلثوں کے رقبوں کا مجموعہ جن میں سے ہر ایک مثلث کے راس ایک ثابت نقطہ سے دئے ہوئے تین فاصلوں پر واقع ہیں ان فاصلوں پر بنائے ہوئے متساوی الاضلاع مثلثوں کے رقبوں کے مجموعہ کے مساوی ہے ۔

۶۱ ۔ اگر مثلث ا ب ج کے اندر کوئی نقطہ پ ہو اور مثلثوں ب پ ج، ج پ ا، ا پ ب کے حائط دائروں کے مرکز و۱، و۲، و۳ اور مثلث و۱ و۲ و۳ کے حائط دائرہ کا نصف قطر غ ہو تو ثابت کرو کہ

۴ غ جب ط جب ف جب پ = لا جب ط + ما جب ف + ی جب پ

جہاں پ ا، پ ب، پ ج کے طول لا، ما، ی ہیں اور ط، ف، پ، زاوئے ب پ ج، ج پ ا، ا پ ب ہیں۔

(220) ۶۲ - تین دائرے جن کے نصف قطر ا، ب ج ہیں ایک دوسرے کو بیرونی طور پر مس کرتے ہیں اور ر، ر، ر ان دائروں کے نصف قطر ہیں جو ان تین دائروں کو مس کرتے ہوئے کھینچے جا سکتے ہیں۔ ثابت کرو کہ

$$\frac{۱}{ر} + \frac{۱}{ر} + \frac{۱}{ر} = \frac{۲}{ا} + \frac{۲}{ب} + \frac{۲}{ج}$$

۶۳ - اگر ایک مثلث کے زاویوں ب، ج کے ناصف مقابل کے ضلعوں سے نقطوں ع، ف پر ملیں تو ثابت کرو کہ ع ف، ب ج کے ساتھ زاویہ

$$\text{مس}^{-۱} \frac{(ب - ج) \text{جب ا}}{(ا + ب) \text{جم ج} + (ا + ج) \text{جم ب}}$$

بناتا ہے۔

۶۴ - اگر ا ب ج کے اندرونی دائرہ کا مرکز آ ہو، آ ب ج کے اندرونی دائرہ کا مرکز آ ہو، آ ب ج کے اندرونی دائرہ کا مرکز آ ہو اور علیٰ ہذا القیاس تو بتاؤ کہ جیسے ن لا انتہا بڑھتا ہے آ ن-۱ آ ن، ب ج کو اُس نسبت میں تقسیم کرتا ہے جو زاویوں ج اور ب کے نیمقطری ناپوں کے درمیان ہے۔

۶۵ - ایک مثلث کے ضلعوں ب ج، ج ا، ا ب پر نقطے د، ع، ف لیے گئے ہیں اور د، ع، ف میں سے خطوطِ مستقیم ب آ ج، ج آ ا، ا آ ب کھینچے گئے ہیں جو علی الترتیب ب ج، ج ا، ا ب سے مساوی المیلان ہیں اور مثلث ا ب ج بناتے ہیں جو ا ب ج کے متشابہ ہے۔ ثابت کرو کہ ا ب ج کے حائط دائرہ کا نصف قطر ہے

(ع ف. جم عہ + ف د. جم بہ + د ع جم جہ) ÷ ۴ جب ا جب ب جب ج

جہاں ا آ، ب ب آ، ج ج آ کے بیسلان علی الترتیب ب ج، ج ا، ا ب کے ساتھ عہ، بہ، جہ ہیں۔

۶۶۔ اگر ایک مثلث کے حائط دائرہ پر ایک نقطہ پ ہو جس کا خط پائیں مثلث کے مرکز ہندسی میں سے گزرتا ہے اور اگر پ کو مرکز عمودی سے ملانیوالا خطِ مستقیم خط پائیں کو علی القوائم قطع کرے تو ثابت کرو کہ

$$\text{پ ا}^2 + \text{پ ب}^2 + \text{پ ج}^2 = 4 \text{ مر}^2 \quad (\text{ا۔۲ جم ا جم ب جم ج})$$

۶۷۔ ایک مثلث کے ضلع ب ج میں د ایک نقطہ ہے؛ اگر مثلثوں ا ب د، ا ج د کے اندرونی دائرے ضلع ا د کو ایک ہی نقطہ پر مس کریں تو ثابت کرو کہ ا ب ج کے اندرونی دائرہ کا نقطہ تماس ضلع ب ج کے ساتھ د ہے؛ لیکن اگر دائروں کے نصف قطر مساوی ہوں تو

$$\text{ج د} : \text{ب د} :: \text{قم د} + \text{قم ج} : \text{قم د} + \text{قم ب}$$

۶۸۔ نصف قطر کے ایک دائرہ کے اندر کسی نقطہ سے تین سمتی نصف قطر جن کے طول ر۱، ر۲، ر۳ ہیں دائرہ تک کھینچے گئے ہیں اور ان میں سے ہر دو کا درمیانی زاویہ $\frac{2\pi}{3}$ ہے۔ ثابت کرو کہ

$$3 \text{ر}^2 (\text{ر}_1 \text{ر}_2 + \text{ر}_2 \text{ر}_3 + \text{ر}_3 \text{ر}_1)^2 = (\text{ر}_1^2 + \text{ر}_1 \text{ر}_2 + \text{ر}_2^2)(\text{ر}_2^2 + \text{ر}_2 \text{ر}_3 + \text{ر}_3^2)(\text{ر}_3^2 + \text{ر}_3 \text{ر}_1 + \text{ر}_1^2)$$

اور اگر اِس نقطہ کا فاصلہ دائرہ کے مرکز سے ف ہو تو ثابت کرو کہ

$$(\text{ر}^2 - \text{ف}^2)(\text{ر}_1 \text{ر}_2 + \text{ر}_2 \text{ر}_3 + \text{ر}_3 \text{ر}_1) = \text{ر}_1 \text{ر}_2 \text{ر}_3 (\text{ر}_1 + \text{ر}_2 + \text{ر}_3)$$

۶۹۔ ایک مثلث کے ضلع ب ج کو مس کرنے والے جانبی دائرہ کے نقاط تماس د، ع، ف ہیں اور علیٰ ہذا القیاس مثلثوں د ع ف، د ع ف، د ع ف کے اندرونی دائرے کھینچے گئے ہیں۔ اگر ان دائروں کے نصف قطر غم، غم، غم ہوں تو بتاؤ کہ

$\frac{1}{\text{عم}} : \frac{1}{\text{عب}} : \frac{1}{\text{عج}} = 1 - \text{مس}\frac{1}{2}\text{ا} : 1 - \text{مس}\frac{1}{2}\text{ب} : 1 - \text{مس}\frac{1}{2}\text{ج}$

(221) ۷۰ ۔ ایک مثلث اب ج میں آ، ب، ج اُن دائروں کے مرکز ہیں جن میں سے ہر ایک مثلث کے دو ضلعوں اور اس کے اندرونی دائرہ کو مس کرتا ہے ۔ ثابت کرو کہ مثلث آ ب ج کا رقبہ ہے

$$\text{مس}\frac{1}{2}(\pi - \text{ا}) \, \text{مس}\frac{1}{2}(\pi - \text{ب}) \, \text{مس}\frac{1}{2}(\pi - \text{ج})$$

$$\times \{\text{قم}\frac{1}{2}(\pi - \text{ا}) \, \text{قم}\frac{1}{2}(\pi - \text{ب}) \, \text{قم}\frac{1}{2}(\pi - \text{ج}) + ۴\}\, \text{ر}^2$$

۷۱ ۔ ایک مثلث کے اندرونی دائرہ کے وہ تین مماس کھینچے گئے ہیں جو ضلعوں کے متوازی ہیں ۔ اِن مماسوں سے مثلث کے کونوں پر تین مثلث بن جاتے ہیں ۔ ثابت کرو کہ اِن تین مثلثوں کے اندرونی دائروں کے نصف قطر لا، مساوات

$\text{س}^2 \text{لا}^3 - \text{ر} \, \text{س}^2 \text{لا}^2 - \frac{1}{2}\text{ر}^2 (\text{ا}^2 + \text{ب}^2 + \text{ج}^2 - ۲\,\text{ب ج} - ۲\,\text{ج ا} - ۲\,\text{ا ب})\,\text{لا} - \text{ر}^3 = ۰$

سے حاصل ہوتے ہیں ۔

۷۲ ۔ ایک مثلث کے اندرونی دائرہ کے مرکز اور مرکز عمودی کو ملانیوالے خطِ مستقیم پر مثلث کے راسوں سے عمودوں کے طول ف، ق، ر ہیں، ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{ف جب ا}}{\text{قط ب} - \text{قط ج}} = \frac{\text{ق جب ب}}{\text{قط ج} - \text{قط ا}} = \frac{\text{ر جب ج}}{\text{قط ا} - \text{قط ب}}$$

جبکہ ف، ق، ر کی علامتوں سے متعلق ایک قرارداد کر لی جائے ۔

۷۳ ۔ ایک متساوی الاضلاع مثلث کے اندر ایک نقطہ لیا گیا ہے اور راسوں سے اِس کے فاصلے عہ، بہ، جہ ہیں ۔ خطوط (بہ، جہ)، (جہ، عہ)، (عہ، بہ) کے اندرونی زاویوں کے ناصف مثلث کے متناظر ضلعوں سے

نقطوں ف، ق، ر پر علی الترتیب ملتے ہیں۔ ثابت کرو کہ ف ق ر کے رقبہ کو مساوی الاضلاع مثلث کے رقبہ سے نسبت ہے

۲ عہ بہ جہ : (بہ + جہ)(جہ + عہ)(عہ + بہ)

۷۴۔ مثلث ا ب ج کے مستوی میں کسی نقطہ سے راسوں کے فاصلے ل، م، ن ہیں اور حائط دائرہ کے مرکز سے اس کا فاصلہ ف ہے۔ ثابت کرو کہ

ل² جب² ا + م² جب² ب + ن² جب² ج = ۴ (ر² + ف²) جب ا جب ب جب ج

۷۵۔ اگر ایک مثلث کا مرکز ہندسی ث ہو تو ثابت کرو کہ

م ث ا ب + م ث ب ج + م ث ج ا = ۳ م مس

= م ا ب ث + م ب ج ث + م ج ا ث

اور م ا ث ب + م ب ث ج + م ج ث ا + م مس = ۰

جہاں م مس = م ا + م ب + م ج

نیز اگر مثلث میں ک ایک نقطہ ہو ایسا کہ زاویے ک ا ج، ث ا ب مساوی ہیں مع دو اور متشابہ رشتوں کے تو ثابت کرو کہ

م ا ک ب + م ب ک ج + م ج ک ا + ½ م مس + ۳/۲ مس مس = ۰

۷۶۔ ایک مثلث کے رقبہ کے اندر تین دائروں میں سے ہر دائرہ دیگر دو دائروں کو مس کرتا ہے اور نیز مثلث کے دو ضلعوں کو مس کرتا ہے؛ اگر ایک ضلع پر نقاط تماس کے درمیان فاصلہ عہ ہو اور اسی طرح دیگر دو ضلعوں پر متناظر فاصلے بہ، جہ ہوں تو ثابت کرو کہ اس مثلث کا رقبہ جو ان دائروں کے مرکزوں کو ملانے سے بنتا ہے ¼ (بہ جہ + جہ عہ + عہ بہ)² ہے۔

۷۷۔ اگر ایک ذوالاربعۃ الاضلاع کے راسوں سے وتروں م، م پر عمود ا، ب، ج، د ہوں تو ثابت کرو کہ وتروں کے درمیانی زاویہ کی جیب

$$= \left\{ \frac{(ا + ج)(ب + د)}{د^{۱}_{۲}} \right\}^{\frac{۱}{۲}}$$

(222) ۷۸ - اگر ا ب ج د ایک ذواربعۃ الاضلاع ہو تو کسی طریقہ سے ثابت کرو کہ وہ خطِ مستقیم جو زاویوں ا اور ج کے ناصفوں کے نقطہ تقاطع کو زاویوں ب، اور د کے ناصفوں کے نقطہ تقاطع سے ملاتا ہے ا د کے ساتھ حسب ذیل زاویہ بناتا ہے

$$\text{مس}^{-۱} \left\{ \frac{\text{جب ا} - \text{جب د} + \text{جب}(ا + ب)}{۱ + \text{جم ا} + \text{جم د} + \text{جم}(ا + ب)} \right\}$$

۷۹ - ا ب ج د ع ایک مستوی مخمس ہے؛ یہ دیا گیا ہے کہ مثلثوں ع ا ب، ا ب ج، ب ج د، ج د ع، د ع ا کے رقبے علی الترتیب ا، ب، ج، د، ع کے مساوی ہیں۔ ثابت کرو کہ مخمس کا رقبہ ا، مساوات

$$ا^{۲} - (ا + ب + ج + د + ع)\, ا + (ا ب + ب ج + ج د + د ع + ع ا) = ۰$$

سے معلوم ہو سکتا ہے۔

۸۰ - اگر ایک ذواربعۃ الاضلاع جس کے ضلع ترتیب وار ا، ب، ج، د ہیں ایسا ہو کہ اس کے اندر ایک دائرہ بنایا جا سکتا ہے تو ثابت کرو کہ یہ دائرہ بڑے سے بڑا ہوگا جبکہ ذواربعۃ الاضلاع کے گرد ایک دائرہ کھینچا جا سکتا ہو، اور اس صورت میں اندرونی دائرہ کے نصف قطر کا مربع ہے

$$\frac{ا ب ج د}{(ا + ج)(ب + د)}$$

۸۱ - ن ضلعوں کا ایک کثیر الاضلاع ایک دائرہ کے اندر کھینچا گیا ہے، ان ضلعوں میں سے ن اضلاع ا کے مساوی ہیں اور ن اضلاع ب کے مساوی۔ ثابت کرو کہ دائرہ کا نصف قطر ہے

$$\frac{۱}{۲} (ا^{۲} + ۲ ا ب \text{جم} \frac{۲ \pi}{ن} + ب^{۲})^{\frac{۱}{۲}} \text{قم} \frac{\pi}{ن}$$

۸۲ - ایک ذوار بعتہ الاضلاع جس کے ضلع ا، ب، ج، د ہیں ایک دائرہ کے اندر بنایا جا سکتا ہے؛ اِس کے خارجی زاویوں کی تنصیف کی گئی ہے؛ ثابت کرو کہ اُس ذوار بعتہ الاضلاع کے وتر جو ان ناصفوں سے بنتا ہے ایک دوسرے کے علی القوائم ہیں اور اِس ذوار بعتہ الاضلاع کا رقبہ ہے

$$\frac{س^{۲}(ا ب + ج د)(ا د + ب ج)}{(ا + ج)(ب + د)}\Big]^{\frac{۱}{۲}}$$

$(س - ا)(س - ب)(س - ج)(س - د)$

جہاں $۲ س = ا + ب + ج + د$

۸۳ - ذوار بعتہ الاضلاع ا ب ج د ایک دائرہ میں کھینچا گیا ہے اور اس کا تیسرا وتر ع ف ہے جو راس ا کے مقابل ہے۔ اگر ا سے ب ج، ج د پر عمود ڈالے جائیں اور یہ عمود اُن دائروں سے جو ا د، ا ب پر ان کو قطر مانکر کھینچے گئے ہوں نقطوں پ، ق پر ملیں تو

ثابت کرو کہ $پ ق جب د = ع ف (جب^{۲} ا - جیا^{۲} د)$

۸۴ - ایک دوسرے کے لحاظ سے دو دائروں کی طاقت کی تعریف اُس اضافہ سے کی جاتی ہے جو ان کے مرکزوں کے درمیانی فاصلہ کے مربع کو ان کے نصف قطروں کے مربعوں کے حاصل جمع پر حاصل ہے۔ مثلث ا ب ج کے لیے ثابت کرو کہ اندرونی دائرہ اور اُس جانبی دائرہ کی طاقت جو ا کے مقابل ہے $\frac{۱}{۴}\{ا^{۲} + (ب - ج)^{۲}\}$ ہے اور اس سے اس امر کی تصدیق کرو کہ اگر یہ جانبی دائرہ دوسرے جانبی دائرہ کو مس کرے تو مثلث کو متساوی الساقین ہونا چاہیے۔

۸۵ - ایک محمس کے ضلع، جو ایک دائرہ کے گرد کھینچا گیا ہے، ترتیب وار ا، ب، ج، د، ع ہیں۔ ثابت کرو کہ محمس کا رقبہ، مساوات

$لا^{۴} - لا^{۲} س \{\frac{۱}{۴} \Sigma ا^{۲} (ب + ع - ج - د) - \frac{۱}{۴} \Sigma ا^{۳} + \frac{۱}{۲} \Sigma ا ج د\}$
$+ (س - ا - ع)(س - ب - د)(س - ج - ع)(س - د - ا)(س - ج - ب) س^{۳}$
$= ۰$

(223) کی ایک اصل ہے جہاں ۲ س = ا + ب + ج + د + ع

۸۶ ۔ ایک دائرہ میں جس کا نصف قطر ر ہے ایک منتظم کثیر الاضلاع کھینچا گیا ہے ۔ اِس دائرہ کے محیط پر کسی نقطہ کے فاصلے کثیر الاضلاع کے چار متصلہ راسوں سے ا، ب، ج، د ہیں ۔ ا، ب، ج اور د کے درمیان رشتہ معلوم کرو اور ثابت کرو کہ

$$ر^۲ = \frac{(ا ب - ج د)(ب ج - ا د)(ج ا - ب د)}{(ا + ب - ج - د)(ب + ج - د - ا)(ج + ا - ب - د)(ا + ب + ج + د)}$$

۸۷ ۔ ایک محدب مخمس ا ب ج د ع ایک دائرہ میں کھینچا گیا ہے، اس کا گھیرا اور رقبہ علی الترتیب ۲ س اور س ہیں، اور ع اور ب پر کے زاویوں کا مجموعہ عہ ہے، ا اور ج پر کے زاویوں کا مجموعہ بہ، اور و قس علیٰ ہذا ۔ ثابت کرو کہ

س۲ (جب ۲ عہ + ... + جب ۲ صہ) + ۲ س (جب عہ + ... + جب صہ)۲ = ۰

۸۸ ۔ ا ب ج د ایک محدب ذوار بعۃ الاضلاع ہے جس کے ضلع ایک دائرے کو مس کرتے ہیں اور ر اس ایک دوسرے دائرہ پر واقع ہوتے ہیں ۔ مخمس کے حائط دائرہ کے حماس نقطوں ا، ب، ج، د پر کھینچے گئے ہیں جن سے ایک دوسرا محدب ذوار بعۃ الاضلاع بنتا ہے ۔ ثابت کرو کہ اِس آخری ذوار بعۃ الاضلاع کا رقبہ ہے

$$۲ ر^۲ \frac{(س ث - ۲ ا ب ج د)(ا ب ج د)^{\frac{۳}{۲}} ث}{(ث - ب ج د)(ث - ج د ا)(ث - د ا ب)(ث - ا ب ج)}$$

جہاں دائرہ ا ب ج د کا نصف قطر ہے اور ۲ س = ا + ب + ج + د اور

۲ ث = ب ج د + ج د ا + د ا ب + ا ب ج

(224)

تیرھواں باب

ملتف اعداد

۱۷۰ ـــــ جبر و مقابلہ کی کتابوں میں شکل لا + خ ما کے عددوں پر جنھیں ملتف اعداد کہا جاتا ہے بحث کی جاتی ہے اور جبری اعمال کے معمولی قوانین کا ان پر اطلاق درست ثابت کیا جاتا ہے۔ ہم اس باب میں اُس طریقہ پر غور کرینگے جس میں ایسے ملتف عدد ہندسی طور پر تعبیر کیے جا سکتے ہیں اور جس میں ایسے عددوں کے حاصل جمع اور حاصل ضرب ہندسی طور پر ظاہر کیے جا سکتے ہیں۔ یہ معلوم ہوگا کہ اس سلسلہ میں دائری تفاعل فطرتاً خود بخود پیش ہوتے ہیں، اور فی الواقعی ایسے تفاعلوں کا اِدخال ضروری ہے تاکہ ملتف عددوں کے حاصل ضرب اور حاصل تقسیم اختصاراً بیان ہو سکیں۔

ملتف عدد کی ہندسی تعبیر

۱۷۱ ـــــ ایک مثبت یا منفی حقیقی عدد کو ہندسی طور پر اس طرح تعبیر کرتے ہیں کہ ایک ثابت لا متناہی خط مستقیم اَ وا پر پیمانہ کے مطابق طول و م = ۱ لا اکسی معروف نقطہ و سے اس کی ایک سمت یا دوسری سمت میں بموجب اس کے کہ عدد لا مثبت ہے یا منفی ناپتے ہیں؛ تب ہم یہ خیال کر سکتے ہیں کہ عدد لا یا تو م کے محل سے تعبیر ہوتا

ہے یا خطِ مستقیم وم سے۔ اب خالص خیالی عدد خ ما کو تعبیر کرنے کے لیے کسی ثابت مستوی میں جس میں اَ و ا واقع ہے ایک ثابت خطِ مستقیم ب وبَ لو جو ا وا پر عمود ہو، پھر بَ وب پر وسے طول ون = ا ما ناپو جو وب یا وبَ کی سمت میں لیا جائے بموجب اس کے کہ ما مثبت ہو یا منفی؛ تب ہم یہ خیال کرینگے کہ خیالی عدد خ ما نقطہ ن سے تعبیر ہوتا ہے یا نیز خطِ مستقیم ون سے۔ اکائی نصف قطر کا دائرہ خطوطِ مستقیم ا اَ اور ب بَ کو اُن نقطوں پر قطع کریگا جو عددوں ± ا، ± خ کو تعبیر کرتے ہیں۔ ملتف عدد لا + خ ما کو تعبیر کرنے کے لیے مستطیل وم پ ن (225)
کی تکمیل کرو، تب ہم یہ خیال کرینگے کہ نقطہ پ یا نیز خطِ مستقیم وپ ملتف عدد لا + خ ما کو تعبیر کرتا ہے۔ اس طرح ہم یہ فرض کر لیتے ہیں کہ دو عددوں لا اور خ ما کا حاصل جمع ہندسی طور پر اُس متوازی الاضلاع کے وتر سے تعبیر ہوتا ہے جس کے دو ضلع خطوطِ مستقیم وم، ون ہیں جو علی الترتیب لا اور خ ما کو تعبیر کرتے ہیں۔



شکل میں پ، ملتف عدد لا + خ ما کو تعبیر کرتا ہے جس میں لا اور ما دونوں مثبت ہیں؛ پ، ملتف عدد لا + خ ما کو جس میں لا منفی ہے اور ما مثبت؛ پ، عدد لا + خ ما کو جس میں لا مثبت ہے اور ما منفی۔ ا و ا کو حقیقی محور کہتے ہیں اور ب و ب کو خیالی محور۔

۱۷۲ ـــــ فرض کرو کہ و پ کا مطلق طول ر سے تعبیر ہوتا ہے اور ط وہ زاویہ ہے جو و پ، و ا کے ساتھ بناتا ہے جبکہ اس کو و ا سے مخالف سمت ساعت ناپا جاتا ہے۔ تب

لا = ر جم ط، ما = ر جب ط، ی = لا + خ ما = ر (جم ط + خ جب ط)

جہاں $ر = \sqrt{لا^۲ + ما^۲}$، $ط = مس^{-۱} \frac{ما}{لا}$

عدد $ر = \sqrt{لا^۲ + ما^۲}$ کو جو لازمی طور پر مثبت عدد ہے ملتف عدد لا + خ ما کا مقیاس کہتے ہیں اور زاویہ ط کو اس ملتف عدد کی دلیل یا وجہ۔

(226) پس خطِ مستقیم و پ جو اس مستوی میں و سے کسی سمت میں ناپا گیا ہو مطلق طول کی اور سمت کی دو خصوصیتوں کی وجہ سے ایک ملتف عدد کو پوری طرح تعبیر کرنے کے قابل ہے۔ عدد لا + خ ما کو اس مستوی کے کسی اور خطِ مستقیم سے بھی تعبیر کیا جا سکتا ہے جو و پ کے متوازی اور طول میں اس کے مساوی کھینچا گیا ہو کیونکہ ایسا خطِ مستقیم لا + خ ما کے مقیاس اور دلیل دونوں کو تعبیر کرتا ہے۔

۱۷۳ ـــــ فرض کرو کہ کوئی نقطہ پ، آ سے ابتدا کر کے اور مخالف سمت ساعت حرکت کرتے ہوئے ایک دائرہ مرسم کرتا ہے جس کا مرکز و اور نصف قطر ر ہے؛ تب اس ملتف عدد کا مقیاس جو پ سے تعبیر ہوتا ہے مستقل اور ر کے مساوی رہتا ہے لیکن دلیل جبری طور پر ۔ π سے شروع کر کے مسلسل

بڑھتی جاتی ہے ۔ ہم فرض کر سکتے ہیں کہ نقطہ پ دائرہ میں متعدد مکمل گردشیں کر چکا ہے، تب ہر دفعہ جب وہ کسی ثابت مقام پ سے گذرتا ہے ملتف عدد لا + خ ما کی وہی قیمت ہوتی ہے، یعنی اس کی دلیل میں ۲ π کے ضِعف کے اضافہ سے یہ ملتف عدد نہیں بدلتا۔ بہ الفاظ دیگر متغیر

لا + خ ما = ر (جم ط + خ جب ط)

جس کو اس کے مقیاس ر اور اس کی دلیل ط کا تفاعل خیال کیا جا سکتا ہے دلیل کے لحاظ سے دَوری (Periodic) ہے۔

کسی عدد لا + خ ما کے لیے ط کی اُس قیمت کو جو - π اور π کے درمیان واقع ہوتی ہے دلیل کی صدر قیمت کہہ سکتے ہیں ؛ اور ہم بالعموم ایسے عدد کی دلیل کا جب ذکر کرینگے تو اس سے مُراد یہی صدر قیمت ہوگی ۔

یہ مشاہدہ طلب ہے کہ دلیل ط کی صدر قیمت کا مس ا/لا کی صدر قیمت ہونا ضروری نہیں ہے (دیکھو دفعہ ۳۸)، کیونکہ لا + خ ما کی ایک دی ہوئی قیمت کے جواب میں جم ط اور جب ط دونوں کی قیمتیں معلوم ہوتی ہیں اور اس لیے ط کی صرف ایک قیمت - π اور π کے درمیان ہوتی ہے ۔

اِس مفہوم میں ایک مثبت حقیقی عدد کی دلیل صفر ہے اور ایک مثبت خیالی عدد کی دلیل $\frac{1}{2}$ π ہے اور ایک منفی خیالی عدد کی دلیل - $\frac{1}{2}$ π ، لیکن منفی حقیقی عدد کی دلیل کی صدر قیمت حسب تعریف بالا مبہم ہے کیونکہ یہ π ہے یا - π ، لیکن ہم اس کو π ہی خیال کرینگے ۔ مزدوج اعداد لا + خ ما، لا - خ ما کے مقیاس تو ایک ہی ہوتے ہیں لیکن اِن کی دلیلیں ط اور - ط ہیں۔

لا + خ ما کے مقیاس کو اکثر مق (لا + خ ما) سے یا | لا + خ ما | سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

۱۷۴ —— اس امر کا مشاہدہ کرنا بنیادی اہمیت رکھتا ہے کہ حقیقی متغیر لا جبکہ لا سے لا تک مسلسل بڑھتا ہے تو وہ صرف قیمتوں کے

ایک جُٹ میں سے گذر سکتا ہے، لیکن ملتف متغیر لا + خ ما کی یہ کیفیت نہیں ہے۔ یہ فرض کر کے بھی کہ لا اور ما دونوں مسلسل بڑھتے ہیں لاانتہا طریقے ہیں جن میں ملتف متغیر لا + خ ما قیمت لا + خ ما سے لا' + خ ما' تک (227)
مسلسل بدل سکتا ہے کیونکہ لا سے لا' تک لا کا مسلسل اضافہ ما سے ما' تک ما کے مسلسل اضافہ کے تابع نہیں ہے۔ یہ امر اس واقعہ میں لازمی طور پر شامل ہے کہ ملتف عدد میں دو الگ الگ اکائیاں پائی جاتی ہیں اور اس واقعہ کی یہ ہندسی تعبیر ہے کہ شکل میں دو نقطے پ اور پ' لاانتہا طریقوں سے ایک دوسرے سے ملائے جا سکتے ہیں کیونکہ متغیر کو تعبیر کرنیوالا نقطہ، پ اور پ' کو ملانیوالے کسی اختیاری منحنی پر حرکت کر سکتا ہے۔ اگر ایک حقیقی متغیر کو ہمیشہ حقیقی رہتے ہوئے لا سے لا' تک بڑھنا ہے تو متغیر کو تعبیر کرنیوالے نقطہ کی حرکت محور لا میں مقید ہو جاتی ہے؛ اگر متغیر پر یہ قید نہ ہو کہ اس کی درمیانی قیمتیں حقیقی ہوں تو اس کو تعبیر کرنیوالا نقطہ کسی اختیاری منحنی کو مرتسم کر سکتا ہے جو محور لا پر کے ان دو نقطوں کو ملا سکتا ہے۔

ہم اِس نکتہ کو اس طرح بیان کر سکتے ہیں کہ ایک خالص حقیقی یا خالص خیالی عدد لازماً یک بُعدی ہے، لیکن ایک ملتف عدد دو بُعدی ہے اور اس لیے اس کی ہندسی تعبیر کے لیے دو بُعدی فضاء چاہیے۔

ملتف عددوں کو ہندسی طور پر تعبیر کرنیکا طریقہ ارگنڈ (Argand) نے ایک مقالہ میں جو ۱۸۰۶ء میں شائع ہوا تھا دیا تھا لیکن اس سے قبل ۱۷۹۷ء میں کہوں (kühn) نے ان کی ہندسی تعبیر دریافت کرنے کی سعی کی تھی۔ تعبیر کے اس طریقہ پر جو نظریہ قائم ہوا ہے اس کی توسیع و ترقی کوشی[1]، گاس[2]، ریمن اور دوسروں نے کی۔ یہ نظریہ تفاعلوں کے موجودہ نظریہ کی بنیاد ہے۔

ملتف عددوں کی جمع

۱۷۵ — فرض کرو کہ دو ملتف عددوں لا + خ ما، لا' + خ ما' کو

[1] Cauchy
[2] Gauss

نقطے پ، ق تعبیر کرتے ہیں؛ متوازی الاضلاع و پ ر ق کی تکمیل کرو؛ تب و ر کا ظل کسی ایک محور پر، اِس محور پر و پ، پ ر یا و پ، و ق کے ظلّوں کے مجموعہ کے مساوی ہے؛ اس لیے نقطہ ر، دو دئے ہوئے ملتف عددوں کے مجموعہ (لا + لا۱) + خ (ما + ما۱) کو تعبیر کرتا ہے۔ پس ہم دیکھتے ہیں کہ دو ملتف عددوں کا حاصل جمع ہندسی طور پر اس طرح حاصل ہوتا ہے کہ اِن ملتف عددوں کو تعبیر کرنیوالے خطوطِ مستقیم کو قانونِ متوازی الاضلاع کی بموجب جمع کیا جائے۔ ہم نے یہ فرض کر لیا ہے کہ وہ مساوی اور متوازی خطوطِ مستقیم جن کے طول ایک ہی ہیں اور جو ایک ہی سمت میں کھینچے گئے ہیں ایک ہی ملتف عدد کو تعبیر کرتے ہیں، مثلاً پ ر جو پ سے و ق کے متوازی اور مساوی کھینچا گیا ہے ملتف عدد لا + خ ما کو تعبیر کرتا ہے۔ پس ہم جمع کے قاعدے کو یوں بیان کر سکتے ہیں :— و سے خطِ مستقیم و پ کھینچو جو لا + خ ما کو تعبیر کرے اور پھر پ سے پ ر کھینچو جو لا۱ + خ ما۱ کو تعبیر کرے؛ و ر کو ملاؤ؛ تب و ر، یا نقطہ ر، حاصل جمع (لا + لا۱) + خ (ما + ما۱) کو تعبیر کریگا۔

(228)





(229)

۱۷۶ ـــــ جمع کا جو طریقہ اوپر بیان کیا گیا ہے اس کی توسیع اعداد کے کسی جٹ کے لیے ہو سکتی ہے۔

دفعہ ماقبل کی دوسری شکل میں و پ۱ کھینچو جو لا۱ + خ ما۱ کو تعبیر کرے، پھر پ۱ سے پ۱ پ۲ کھینچو جو لا۲ + خ ما۲ کو تعبیر کرے، پھر پ۲ سے پ۲ پ۳ کھینچو جو لا۳ + خ ما۳ کو تعبیر کرے، وعلیٰ ہذا۔ اس کے بعد و پن کو ملاؤ۔ تب ان عددوں لا۱ + خ ما۱، لا۲ + خ ما۲، ... لان + خ مان کا حاصل جمع خطِ مستقیم و پن یا نقطہ پن سے تعبیر ہوگا۔

چونکہ طول و پن، طولوں و پ۱، پ۱ پ۲، ... ، پن۔۱ پن کے مجموعہ سے بڑا نہیں ہو سکتا اس لیے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ملتف عددوں کے ایک جٹ کے حاصل جمع کا مقیاس ان کے مقیاسوں کے مجموعہ کے مساوی یا اس سے کم ہوتا ہے۔

۱۷۷ ـــ لا۲ + خ ما۲ کو لا۱ + خ ما۱ سے تفریق کرنیکے لئے پ سے ایک خط پ ر۱ کھینچنا چاہیئے جو۔ (لا۲ + خ ما۲) کو تعبیر کرے؛ یہ خط، پ ر۱ کے مساوی مگر مخالف

سمت میں ہوگا تب مطلوبہ حاصل تفریق یا فرق خط و ر۱ سے یا نقطہ ر۱ سے تعبیر ہوگا۔



ملتف عددوں کی ضرب

۱۷۸ — دو عددوں $لا_1 + خ ما_1$، $لا_2 + خ ما_2$ کا حاصل ضرب ہے

$(لا_1 لا_2 - ما_1 ما_2) + خ (لا_1 ما_2 + لا_2 ما_1)$

اور اگر ہم $لا_1 + خ ما_1$، $لا_2 + خ ما_2$ کی بجائے

$ر_1 (جم ط_1 + خ جب ط_1)$، $ر_2 (جم ط_2 + خ جب ط_2)$

(230) رکھیں تو ان کا حاصلِ ضرب لکھا جا سکتا ہے

$ر_1 ر_2 \{جم (ط_1 + ط_2) + خ جب (ط_1 + ط_2)\}$

اس جملہ سے ظاہر ہے کہ دو عددوں کے حاصل ضرب کا مقیاس ان عددوں کے مقیاسوں کے حاصل ضرب کے مساوی ہوتا ہے اور حاصل ضرب کی ییل دلیلوں کے مجموعہ کے مساوی ہوتی ہے۔

تاہم یہ مشاہدہ طلب ہے کہ اگر لا + خ ما، لا' + خ' ما' کی دلیلوں کی صدر قیمتیں ط، ط' ہوں تو ضروری نہیں کہ حاصل ضرب کی دلیل کی صدر قیمت ط + ط' ہو۔

اب ہم دو عددوں کے حاصل ضرب کے لیے ہندسی عمل حاصل کر سکتے ہیں: فرض کرو کہ ا، پ، ق، تین عددوں +۱، لا + خ ما، لا' + خ' ما' کو تعبیر کرتے ہیں؛ اپ کو ملاؤ، وق پر ایک مثلث ق وس اس طرح بناؤ کہ وہ ا وپ کے متشابہ ہو

اور زاویہ ق وس = + ط'،

تب زاویہ س و ا = ط + ط'

اور نیز وس : وق = وپ : وا

پس وس کا طول طولوں وپ اور وق کے حاصل ضرب کے مساوی ہے۔ اِس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ نقطہ س، حاصل ضرب (لا + خ ما) × (لا' + خ' ما') کو تعبیر کرتا ہے۔



اب اگر ہم ایک تیسرا جزو ضربی لا۳ + خ ما۳ = ر۳ (جم ط۳ + خ جب ط۳) شامل کریں تو

(لا۱ + خ ما۱) (لا۲ + خ ما۲) (لا۳ + خ ما۳)

= ر۱ ر۲ ر۳ {جم (ط۱ + ط۲) + خ جب (ط۱ + ط۲)} {جم ط۳ + خ جب ط۳}

= ر۱ ر۲ ر۳ {جم (ط۱ + ط۲ + ط۳) + خ جب (ط۱ + ط۲ + ط۳)}

اسی طرح چار یا زیادہ ملتف عددوں کا حاصل ضرب معلوم ہو سکتا ہے۔

(231) ن ملتف عددوں کی صورت میں ضابطہ حاصل ہوتا ہے

(لا۱ + خ ما۱) (لا۲ + خ ما۲) ... (لان + خ مان)

= ر۱ ر۲ ر۳ ... رن {جم (ط۱ + ط۲ + ... + طن) + خ جب (ط۱ + ط۲ + ... + طن)}

یا ملتف عددوں کے کسی جٹ کے حاصل ضرب کا (۱) مقیاس اِن کے مقیاسوں کا حاصل ضرب ہوتا ہے اور ان کے حاصل ضرب کی دلیل اِن کی دلیلوں کے مجموعہ کے مساوی ہوتی ہے۔ ملتف عددوں کے کسی جٹ کے حاصل ضرب کو ہندسی طور پر حاصل کرنے کے لیے مذکورۂ بالا دو عددوں کے حاصل ضرب کے طریقے کی تکرار عمل میں لائی جا سکتی ہے۔

ایک ملتف عدد کو دوسرے سے تقسیم کرنا

۱۷۹ــــ خارج قسمت (لا۱ + خ ما۱) ÷ (لا۲ + خ ما۲)

$$= \frac{1}{2} \{ لا_1 لا_2 + ا_1 ا_2 - خ(لا_1 ا_2 - لا_2 ا_1) \}$$

یا $$= \frac{1}{2} \{ جم(ط_1 - ط_2) + خ جب(ط_1 - ط_2) \}$$

پس دو عددوں کے خارج قسمت کا مقیاس ان کے مقیاسوں کا خارج قسمت ہوتا ہے اور خارج قسمت کی دلیل ان کی دلیلوں کے فرق کے مساوی ہوتی ہے۔

خارج قسمت کو ہندسی طور پر تعبیر کرنے کے لیے نقطہ ق $(لا_2 + خ ا_2)$



(282) کو نقطہ ا $(+1)$ سے ملاؤ، اور مثلث و ر ب کو اس طور پر بناؤ کہ مثلث و ا ق کے متشابہ ہو اور زاویہ ر و ب کا ناپ $= ط_2$ ہو۔ تب زاویہ ر و ا $= ط_1 - ط_2$ اور و ر $= \frac{و ب}{و ق}$ اس لیے نقطہ ر حاصل تقسیم یا خارج قسمت کو تعبیر کرتا ہے۔

ملتف عددوں کی قوتیں

۱۸۰ ـــــ اگر مساوات (۱) میں دائیں جانب کے سب اجزائے ضربی کو لا + خ ما کے مساوی رکھیں تو ضابط ملتا ہے

$$(\text{لا} + \text{خ ما})^{\text{ن}} = \text{ر}^{\text{ن}} (\text{جم ن ط} + \text{خ جب ن ط})$$

پس کسی ملتف عدد کی ن ویں قوت کا مقیاس اِس دیے ہوئے عدد کے مقیاس کی ن ویں قوت کے برابر ہے اور اِس کی دلیل دیے ہوئے عدد کی دلیل کی ن گنا ہے۔ عدد ن سے یہاں کوئی مثبت صحیح عدد مُراد ہے۔

ملتف عدد کی کسی مثبت قوت کی قیمت ہندسی طور پر حاصل کرنے کے لیے فرض کرو کہ پ۱ (لا + خ ما) کو ا (+ ۱) سے ملایا گیا ہے؛ و پ۱ پر مثلث و پ۱ پ۲ بناؤ جو ا پ۱ کے متشابہ ہو، و پ۲ پر مثلث و پ۲ پ۳ بناؤ جو اسی مثلث کے متشابہ ہو، اور علیٰ ہذا القیاس۔ تب و پ۱، و پ۲، و پ۳، ... و پ ن کے طول علی الترتیب ر، ر۲، ر۳، ... ر ن ہیں اور زاوئے پ۱ و ا، پ۲ و ا، ... پ ن و ا علی الترتیب ط، ۲ ط، ... ن ط ہیں پس نقطے پ۱، پ۲، ... پ ن علی الترتیب عددوں (لا + خ ما)، (لا + خ ما)۲، ... (لا + خ ما)ن کو تعبیر کرتے ہیں۔

مخصوص صورت ر = ۱ میں ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$(\text{جم ط} + \text{خ جب ط})^{\text{ن}} = \text{جم ن ط} + \text{خ جب ن ط}$$

اور اگر ق سے جم ط + خ جب ط تعبیر ہو تو نقطے ق۱، ق۲، ... ق ن جو جم ط × خ جب ط کی مختلف قوتوں کو تعبیر کرتے ہیں اکائی نصف قطر کے دائرہ پر واقع ہوتے ہیں اور اس طرح کہ کسی دو متصل نقطوں کے

کے درمیان جو قوس ہے اُس کے محاذی مرکز و پر زاویہ ط بنتا ہے۔

۱۸۱ ـــــ قوت نماؤں کے نظریہ کے مطابق اگر ن کوئی مثبت صحیح عدد ہو تو جملہ (لا + خ ما)^{ن} سے وہ عدد تعبیر ہوتا ہے جس کی ن ویں قوت لا + خ ما ہے۔ اب چونکہ کسی عدد کے مقیاس کی ن ویں قوت اُس عدد کی ن ویں قوت کا مقیاس ہے اور چونکہ ہر عدد کا مقیاس حقیقی اور مثبت ہوتا ہے اس لیے (لا + خ ما)^{ن} کا مقیاس $ر^{ن}$ ہے جہاں $ر^{ن}$، مقیاس ر کا حقیقی مثبت ن واں جذر ہے۔ فرض کرو کہ (لا + خ ما)$^{\frac{1}{ن}}$ کی ایک قیمت $ر^{ن}$ (جم ف + خ جب ف) ہے تو

$$ر(\text{جم ف} + \text{خ جب ف})^{ن} = ر(\text{جم ط} + \text{خ جب ط})$$

یا $$\text{جم ن ف} + \text{خ جب ن ف} = \text{جم ط} + \text{خ جب ط} \qquad (238)$$

اس لیے جم ن ف = جم ط، جب ن ف = جب ط

یا $$\text{ن ف} = \text{ط} + ۲\text{س}\pi$$

جہاں س کوئی مثبت یا منفی صحیح عدد ہے بشمول صفر۔ پس

(لا + خ ما)$^{\frac{1}{ن}}$

کی ایک قیمت ہے $$ر^{\frac{1}{ن}}\left\{\text{جم}\frac{\text{ط} + ۲\text{س}\pi}{\text{ن}} + \text{خ جب}\frac{\text{ط} + ۲\text{س}\pi}{\text{ن}}\right\}$$

کیونکہ اس جملہ کی ن ویں قوت لا + خ ما کے مساوی ہے۔ اوپر کے استدلال سے یہ ظاہر ہے کہ (لا + خ ما)$^{\frac{1}{ن}}$ کی ہر قیمت مندرجۂ بالا شکل کی ہونی چاہیے۔ اگر س کو قیمتیں ۰، ۱، ۲، ...، ن - ۱ دی جائیں تو اِن قیمتوں میں سے ہر ایک کے لیے

$$\text{جم}\frac{\text{ط} + ۲\text{س}\pi}{\text{ن}} + \text{خ جب}\frac{\text{ط} + ۲\text{س}\pi}{\text{ن}}$$

کی قیمت مختلف ہوگی کیونکہ س کی دو قیمتوں س$_1$، س$_2$ کے لیے اس جملہ کی مساوی قیمتیں ہوں تو ہمیں حاصل ہونا چاہیئے

$$\text{جم}\frac{\text{ط}+۲\text{س}_1\pi}{\text{ن}} = \text{جم}\frac{\text{ط}+۲\text{س}_2\pi}{\text{ن}}$$

اور $$\text{جب}\frac{\text{ط}+۲\text{س}_1\pi}{\text{ن}} = \text{جب}\frac{\text{ط}+۲\text{س}_2\pi}{\text{ن}}$$

یعنے $$\frac{\text{ط}+۲\text{س}_1\pi}{\text{ن}} = ۲\text{ک}\pi = \frac{\text{ط}+۲\text{س}_2\pi}{\text{ن}}$$

یا $$\text{س}_1 - \text{س}_2 = \text{ن ک}$$

جہاں ک کوئی مثبت یا منفی صحیح عدد ہے۔ لیکن یہ ناممکن ہے اگر س$_1$ اور س$_2$ دونوں مختلف اور ن سے کم ہیں۔ اس لیے مذکورہ بالا قیمتیں سب کی سب مختلف ہیں۔

اگر ہم س کو دوسری قیمتیں دیں جو صفر اور ن۔۱ کے درمیان واقع نہ ہوں تو ان سے (جم ط + خ جب ط)$^{\frac{1}{ن}}$ کی کوئی اور قیمتیں حاصل نہیں ہونگی کیونکہ اگر س کی ایسی کوئی قیمت س$_3$ ہو تو صفر اور ن۔۱ کے درمیان ایک عدد س$_4$ کا معلوم کرنا ہمیشہ ممکن ہے ایسا کہ س$_3$ - س$_4$ ن کا ایک ضعف ہو، اور اس لیے جملہ بالا کی قیمت س = س$_3$ کے لیے وہی ہے جو س = س$_4$ کے لیے ہے۔

پس ہم دیکھتے ہیں کہ (لا + خ ما)$^{\frac{1}{ن}}$ کی تمام قیمتیں سلسلہ

$$\text{ن ما}\left(\text{جم}\frac{\text{ط}}{\text{ن}} + \text{خ جب}\frac{\text{ط}}{\text{ن}}\right),\ \text{ن ما}\left(\text{جم}\frac{\text{ط}+۲\pi}{\text{ن}} + \text{خ جب}\frac{\text{ط}+۲\pi}{\text{ن}}\right)$$

$$\ldots,\ \text{ن ما}\left\{\text{جم}\frac{\text{ط}+۲(\text{ن}-۱)\pi}{\text{ن}} + \text{خ جب}\frac{\text{ط}+۲(\text{ن}-۱)\pi}{\text{ن}}\right\}$$

سے ملتی ہیں، جو ن اعداد پر مشتمل ہے اور جس میں $\sqrt[ن]{ر}$ حقیقی اور مثبت ہے۔

۱۸۲ ـــــ اگر لا + خ ما کی دلیل کی صدر قیمت ط ہو یعنے دلیل کی وہ قیمت جو - π اور π کے درمیان واقع ہے تو ہم (لا + خ ما)$^{\frac{۱}{ن}}$ کی صدر قیمت کو جملہ (284)

$$\sqrt[ن]{ر}\left(\text{جم}\frac{ط}{ن} + \text{خ جب}\frac{ط}{ن}\right)$$

تصور کر سکتے ہیں۔ اب جملوں جم ط + خ جب ط، جم (ط + ۲ π) + خ جب (ط + ۲ π)، ... کے ن ویں جذروں کی صدر قیمتیں جم $\frac{ط}{ن}$ + خ جب $\frac{ط}{ن}$، جم $\frac{ط+۲\pi}{ن}$ + خ جب $\frac{ط+۲\pi}{ن}$، ... متصور ہو سکتی ہیں۔ اس لیے (لا + خ ما)$^{\frac{۱}{ن}}$ کی مختلف قیمتیں ر اور ط کے متناظر جملوں کی صدر قیمتیں ہیں جب کہ دلیل ط کی ن مختلف قیمتیں لیجائیں۔ (لا + خ ما)$^{\frac{۱}{ن}}$ کی صدر قیمت سے وہ جملہ مراد ہے جس میں ط کی صدر قیمت لی گئی ہے۔

اگر ا ایک مثبت حقیقی مقدار ہے تو ا$^{\frac{۱}{۲}}$ کی دو قیمتیں $\sqrt{ا}$ (جم ۰ + خ جب ۰) اور $\sqrt{ا}$ (جم π + خ جب π) ہیں یعنے $\sqrt{ا}$ اور - $\sqrt{ا}$ جہاں ا کا مثبت جذر المربع $\sqrt{ا}$ ہے،

(- ا)$^{\frac{۱}{۲}}$ کی قیمتیں جس میں ط = π، یہ ہیں $\sqrt{ا}$ (جم $\frac{۱}{۲}$ π + خ جب $\frac{۱}{۲}$ π)،

$\sqrt{ا}$ (جم $\frac{۳}{۲}$ π + خ جب $\frac{۳}{۲}$ π)

یا خ $\sqrt{ا}$، - خ $\sqrt{ا}$، ا$^{\frac{۱}{۲}}$ کی صدر قیمت $\sqrt{ا}$ ہے اور (- ا)$^{\frac{۱}{۲}}$ کی صدر قیمت خ $\sqrt{ا}$

۱۸۳ ـــــ دفعہ ۱۸۱ کے جملوں میں ر = ۱، ط = ۰ رکھنے سے

ایک کے ن ویں جذر حاصل ہوتے ہیں اور اس لیے یہ جذر ہیں

۱، جم $\frac{۲\pi}{ن}$ + خ جب $\frac{۲\pi}{ن}$، جم $\frac{۴\pi}{ن}$ + خ جب $\frac{۴\pi}{ن}$، ....

.... ، جم $\frac{۲(ن-۱)\pi}{ن}$ + خ جب $\frac{۲(ن-۱)\pi}{ن}$

اب اگر ہم جذر جم $\frac{۲\pi}{ن}$ + خ جب $\frac{۲\pi}{ن}$ کو سہ سے تعبیر کریں تو اوپر کے سب جذر

۱، سہ، سہ۲، .... سہ ن-۱

سے تعبیر ہوتے ہیں۔

اب چونکہ

جم $\frac{ط + ۲\pi ر۲}{ن}$ + خ جب $\frac{ط + ۲\pi}{ن}$ = (جم $\frac{ط}{ن}$ + خ جب $\frac{ط}{ن}$)

× (جم $\frac{۲\pi ر۲}{ن}$ + خ جب $\frac{۲\pi ر۲}{ن}$)

اس لیے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اگر (لا + خ ما) $^{\frac{۱}{ن}}$ کی صد قیمت $\sqrt[ن]{لا + خ ما}$ سے تعبیر ہو تو

(لا + خ ما) $^{\frac{۱}{ن}}$ کی تمام قیمتیں سلسلہ

$\sqrt[ن]{لا + خ ما}$، سہ $\sqrt[ن]{لا + خ ما}$، سہ۲ $\sqrt[ن]{لا + خ ما}$، ...، سہ ن-۱ $\sqrt[ن]{لا + خ ما}$

سے حاصل ہوتی ہیں۔

مثالیں

(۱) (-۱) $^{\frac{۱}{۵}}$ اور نیز (-۱) $^{\frac{۱}{۶}}$ کی تمام قیمتیں معلوم کرو۔

(۲) (۱ + $\sqrt{-۱}$) $^{\frac{۱}{۴}}$ کی تمام قیمتیں معلوم کرو۔

(285) ۱۸۴ ـــــ اب ہم یہ دکھائینگے کہ ایک ملتف عدد کے ن ویں جذروں کو ہندسی طور پر کس طرح تعبیر کیا جا سکتا ہے؟ اِس ہندسی طریقہ سے ن ویں جذر کی ن مختلف قیمتوں کے وجود کا خود بخود ثبوت مل جائیگا۔ عمومیت کو نقصان پہنچائے بغیر ہم مقیاس کو ایک (اکائی) فرض کر سکتے ہیں، اس طرح ہمیں جملہ (جم ط + خ جب ط)$^{\frac{1}{ن}}$ کی قیمتیں تعبیر کرنی ہیں۔

فرض کرو کہ ایک نقطہ پ، ا سے جس پر ط = ۰، چلتا ہے اور اکائی نصف قطر کا دائرہ مرتسم کرتا ہے، تب پ کے کسی محل میں جس کے لیے زاویہ پ و ا جو و پ سے مرتسم ہوا ہے ط ہے نقطہ پ، جملہ جم ط + خ جب ط کو تعبیر کرتا ہے۔ فرض کرو کہ ایک دوسرا نقطہ پ، ا سے اُسی آن چلتا ہے جس آن پ نکلا ہے اور فرض کرو کہ اس کی زاوئی رفتار ہمیشہ پ کی رفتار کا $\frac{1}{ن}$ رہتی ہے اور اس لیے زاویہ پ و ا ہمیشہ $\frac{ط}{ن}$ کے مساوی رہتا ہے۔ تب پ، جم $\frac{ط}{ن}$ + خ جب $\frac{ط}{ن}$ کو تعبیر کرتا ہے۔ جب، پ اولاً کسی محل پ ۱ پر پہنچتا ہے تو



فرض کرو کہ پ، پ۱ پر پہنچتا ہے، تب زاویہ پ و ا، زاویہ پ۱ و ا کا ن گنا ہے۔ اس لیے پ۱ اُس عدد کی ن ویں قوت کو تعبیر کرتا ہے جو پ سے تعبیر ہوتا ہے، یا اس کے بالعکس پ، (جم ط۱ + خ جب ط۱) کے ن ویں جذر کو تعبیر کرتا ہے۔ اب فرض کرو کہ پ۱ دائرہ کے گرد حرکت کرتا ہے تا آنکہ وہ پھر پ۱ پر پہنچتا ہے اور اس طرح زاویہ ط۱ + ۲ π مرتسم کرتا ہے، تب پ۱، پ۲ پر پہنچیگا جہاں پ۲ و ا = (ط۱ + ۲ π) ∖ ن۔ پھر اگر پ۲ دوسری مکمل گردش کرے اور پ۲ پر پہنچے تو پ، پ۳ پر ہوگا جہاں پ۳ و ا = (ط۱ + ۴ π) ∖ ن اور علیٰ ہذا القیاس۔ نقطے پ۴، پ۵، ... پ ن، ایک ایسے منتظم کثیر الاضلاع کے راس ہونگے جو اس دائرہ کے اندر کھینچا گیا ہو اور جس کے ضلعوں کی تعداد ن ہو۔ جب پ، و کے گرد ن سے زیادہ مکمل گردشیں کرتا ہے تو نقطہ پ، محلوں پ۱، پ۲، پ۳، ... پر مکرر پہنچتا ہے۔ نقطوں پ۱، پ۲، ... پ ن میں سے ہر نقطہ، (جم ط۱ + خ جب ط۱) ^{۱/ن} کی ایک قیمت کو تعبیر کرتا ہے کیونکہ اِن نقطوں میں سے کسی نقطہ سے جو جملہ تعبیر ہوتا ہے اُس کی ن ویں قوت وہ جملہ ہے جو نقطہ پ سے تعبیر ہوتا ہے۔ نقطہ پ۱ اُس قیمت کو تعبیر کرتا ہے جو چھوٹی سے چھوٹی دلیل ط۱ کے لیے ہے۔ پس ہمیں (جم ط۱ + خ جب ط۱) ^{۱/ن} کی ن قیمتیں حاصل ہو چکیں اور ہم دیکھتے ہیں کہ یہ قیمتیں، جم $\frac{ط_1 + ۲س\pi}{ن}$ + خ جب $\frac{ط_1 + ۲س\pi}{ن}$ کی مختلف قیمتیں ہیں جبکہ س = ۰، ۱، ۲، ...، ن - ۱

(236)

۱۸۵ ـــــ کسی عدد لا + خ ما کے ن ویں جذروں کو ہندسی طور پر حاصل کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ (۱) ہم ایک زاویہ کو ن مساوی حصوں میں تقسیم کر سکیں اور (۲) ایک دائرہ میں ن ضلعوں والا ایک منتظم کثیر الاضلاع کھینچ سکیں، اور (۳) مقیاس کو ہندسی طور پر تعبیر کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ ہم ایک خطِ مستقیم بنا سکیں جس کا طول ایک دیے ہوئے خطِ مستقیم کے طول کا ان واں جذر ہو۔ اکائی (ایک) کے تمام ن ویں جذر

معلوم کرنے کے لیے صرف یہ ضروری ہے کہ ان ہندسی سوالات میں سے دوسرے کو حل کیا جائے کیونکہ اس صورت میں وہ زاویہ صفر ہے جس کو ن مساوی حصوں میں تقسیم کرنا ہوتا ہے۔ پس ایک دیے ہوئے دائرہ میں ن ضلعوں والا ایک منتظم کثیر الاضلاع کھینچنے کا سوال اِس سوال کے مماثل ہے کہ مساوات $لا^{ن} - ا = ۰$ کی اصلوں کی عددی قیمتیں حاصل کی جائیں۔ یہ ہندسی سوال حسب ذیل صورتوں میں ایک طریقہ سے حل ہو سکتا ہے جس میں صرف خطوط مستقیم اور دائروں کی ساخت کا عمل شامل ہے :-

(۱) جبکہ ن، ۲ کی کوئی قوت ہو مثلاً جبکہ ن = ۴، ۸، ۱۶، ۳۲

(۲) جبکہ ن، شکل $۲^{م} + ۱$ کا ایک مفرد عدد ہو مثلاً جبکہ ن = ۳، ۵، ۱۷، ۲۵۷ اس کو گاس نے اپنی کتاب "Disquisitiones arith." میں ثابت کیا تھا۔

(۳) جبکہ ن، شکل $۲^{م} + ۱$ کے متعدد مفرد عددوں اور ۲ کی کسی قوت کا حاصل ضرب ہو مثلاً جبکہ ن = ۱۵، ۸۵، ۲۵۵

گاس کے مسئلہ کا ثبوت اگر ہم دینے بیٹھیں تو عددوں کے نظریہ میں بہت دور تک ہمیں جانا ہوگا؛ تاہم ہم نے دفعہ ۸۵ مثال (۴) میں مخصوص صورت ن = ۱۷ پر بحث کی ہے جہاں جب $\frac{ط}{۱۷}$ کو ایک ایسی شکل میں جو جذروں پر مشتمل ہے معلوم کیا گیا ہے۔

(237)

ڈیموائر کا مسئلہ

۱۸۶ ــــ م کی تمام حقیقی قیمتوں کے لئے جم م ط + خ جب م ط، (جم ط + خ جب ط)م کی ایک قیمت ہے۔

یہ مسئلہ جو ڈیموائر کے مسئلہ کے نام سے مشہور ہے، دفعات ۱۸۰ اور ۱۸۱ میں اِن دو صورتوں م = ن اور م = $\frac{۱}{ن}$ کے لیے ثابت

کیا جا چکا ہے جبکہ ن ایک مثبت صحیح عدد ہو۔ ثبوت کی تکمیل کے لیے ہمیں اُن صورتوں پر غور کرنا ہے (۱) جبکہ م = $\frac{ف}{ق}$، یعنی جبکہ م ایک مثبت کسر ہو، (۲) جبکہ م ایک مثبت غیر منطق عدد ہو اور آخر الامر (۳) جبکہ م کوئی منفی حقیقی عدد ہو۔ یہ ظاہر ہے کہ (جم ط + خ جب ط)$^{\frac{ف}{ق}}$ = (جم ف ط + خ جب ف ط)$^{\frac{1}{ق}}$ اور اس کی ایک قیمت جم $\frac{ف ط}{ق}$ + خ جب $\frac{ف ط}{ق}$ ہے۔ اس لیے مسئلہ بالا درست ہے جبکہ م ایک مثبت منطق عدد ہو۔

یہ ذہن نشین رہے کہ (جم ط + خ جب ط)$^{\frac{ف}{ق}}$ کی قیمتیں سب کی سب جملہ جم $\frac{ف(ط + ۲ س π)}{ق}$ + خ جب $\frac{ف(ط + ۲ س π)}{ق}$ سے ملتی ہیں جس میں س = ۰، ۱، ۲، ... ق - ۱ اور $\frac{ف}{ق}$ اپنی مختصر ترین شکل میں ایک منطق کسر ہو۔

اگر م ایک منطق عدد نہیں ہے تو اس کی تعریف۔ ہمیشہ نامحدود مختلف طریقوں سے منطق عددوں م، م، ... م، ... کے ایک مستدق تواتر کی انتہا کے طور پر کی جا سکتی ہے[۲]۔ ایسے مستدق تواتر میں یہ خاصیت پائی جاتی ہے کہ اگر صہ اختیاری طور پر انتخاب کردہ کوئی منطق عدد ہو اتنا چھوٹا جتنا ہم چاہیں تو س ہمیشہ معلوم ہو سکتا ہے ایسا کہ م$_{س}$ اپنے بعد والوں م$_{س+۱}$، م$_{س+۲}$، ... میں سے ہر ایک سے مطلق قیمت میں اس قدر فرق رکھے جو صہ سے کم ہو۔ اگر ر کوئی مثبت حقیقی عدد ہے تو ر کی

خاص قیمت کی تعریف اس طرح کی جاتی ہے کہ وہ مستدق تواتر $ر_{م}^{۱}$، $ر_{م}^{۲}$، $ر_{م}^{۳}$ ...، $ر_{م}^{س}$، .... کی انتہا ہے جہاں ان میں سے ہر عدد حقیقی اور مثبت ہے اور $ر_{م}^{س}$ اپنی خاص قیمت رکھتا ہے۔ یہ معلوم[۱] ہے کہ یہ تواتر مستدق ہے اور اس کی ایک انتہا ہے جو منطق عددوں کے کسی مخصوص تواتر کے تابع نہیں ہے جو (تواتر) غیر منطق عدد م کی تعریف کے لیے استعمال ہوا ہے۔

اگر ی، ملتف عدد ر (جم ط + خ جب ط) کو تعبیر کرے تو ی م کی ایک قیمت کی تعریف جبکہ م ایک غیر منطق عدد ہو اس طرح کی جاتی ہے کہ وہ تواتر $ر_{م}^{۱}$ (جم ط + خ جب ط)^{م_۱}، $ر_{م}^{۲}$ (جم ط + خ جب ط)^{م_۲}...، $ر_{م}^{س}$ (جم ط + خ جب ط)^{م_س}، .... کی انتہا ہے جس میں $ر_{م}^{س}$ اپنی خاص قیمت رکھتا ہے اور س کی تمام قیمتوں کے جواب میں متناظر قیمتیں (جم ط + خ جب ط)^{م_س} کو دی گئی ہیں۔ اس تعریف کے جواب میں ی م کی ایک قیمت تواتر $ر_{م}^{۱}$ (جم م ط + خ جب م ط)، $ر_{م}^{۲}$ (جم م ط + خ جب م ط)، ...، $ر_{م}^{س}$ (جم م ط + خ جب م ط)، .... کی انتہا ہے۔ چونکہ $ر_{م}^{س}$ ← $ر_{م}^{س}$ اور جم م ط + خ جب م ط ← جم م ط + خ جب م ط (اس امر کی وجہ سے کہ جم م ط اور جب م ط، م کے مسلسل تفاعل ہیں) ہم دیکھتے ہیں کہ ی م کی ایک قیمت $ر_{م}^{م}$ (جم م ط + خ جب م ط) ہے، اور (جم ط + خ جب ط)^{م} کی ایک قیمت جم م ط + خ جب م ط ہے۔ (238)

[۱] اس کے ثبوت کے لیے دو مصنف کی کتاب Theory of functions of a real variable کا صفحہ ۴۴ دیکھو۔ اس کتاب کے پہلے باب میں غیر منطق عددوں کے نظریہ پر مکمل بحث کی گئی ہے۔

پس ڈیموائر کا مسئلہ ایک مثبت غیر منطق قوت نما کے لیے ثابت ہو چکا۔

(جم ط + خ جب ط)م کی عام قیمتیں ہیں

جم م (ط + ۲ س π) + خ جب م (ط + ۲ س π)

جس میں س سے کوئی مثبت یا منفی صحیح عدد تعبیر ہوتا ہے۔ چونکہ م (س۔س۱) ہرگز ایک صحیح عدد نہیں ہو سکتا جبکہ م غیر منطق ہو ہم دیکھتے ہیں کہ (جم ط + خ جب ط)م کی قیمتوں کا جٹ نامحدود طور پر بڑا ہے۔

یہ دکھایا جا سکتا ہے کہ ی م کی تعریف جس کی بموجب اس کی قیمتیں جملہ

ر {جم م (ط + ۲ س π) + خ جب م (ط + ۲ س π)}

کی قیمتیں ہیں ایسی ہے کہ قوت نماؤں کے وہ قوانین جو حقیقی قوت نماؤں پر اطلاق پذیر ہیں غیر منطق قوت نماؤں کے لیے بھی اُسی طرح درست ہیں۔

اگر م منطق یا غیر منطق منفی عدد۔ ک ہو تو

$$(\text{جم ط} + \text{خ جب ط})^{م} = \frac{1}{(\text{جم ط} + \text{خ جب ط})^{ک}}$$

اور اس کی ایک قیمت ہمیشہ

$$\frac{1}{\text{جم ک ط} + \text{خ جب ک ط}} \quad \text{یا} \quad \text{جم ک ط} - \text{خ جب ک ط}$$

ہے جو جم م ط + خ جب م ط کے مساوی ہے۔ اس طرح ڈیموائر کا مسئلہ کسی منفی قوت نما کے لیے درست ہے۔

۱۸۷ ــــ مسئلہ

(جم ط۱ + خ جب ط۱) (جم ط۲ + خ جب ط۲) .... (جم طن + خ جب طن)

= جم (ط۱ + ط۲ + ... + طن) + خ جب (ط۱ + ط۲ + ... + طن)

سے. جو ڈیموائر کے مسئلہ کے ثبوت میں استعمال ہوا ہے دفعہ ۴۹ کے مسئلوں (۲۸)، (۲۹)، (۳۰) کا ثبوت حاصل ہوتا ہے۔ ہم اس متماثلہ کی دائیں جانب کے جملہ کو اس شکل

جم ط۱ جم ط۲ ... جم طن (۱ + خ مس ط۱) (۱ + خ مس $\frac{ط}{۲}$) ... (۱ + خ مس طن)

میں لکھ سکتے ہیں۔ پس اِس متماثلہ کی طرفین کے حقیقی اور خیالی حصوں کو مساوی رکھنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

جم (ط۱ + ط۲ + ... + طن) = جم ط۱ جم ط۲ ... جم طن (۱ - م۲ + م۴ - ...)،

جب (ط۱ + ط۲ + ... + طن) = جم ط۱ جم ط۲ ... جم طن (م۱ - م۳ + م۵ - ...)

جہاں م س سے وہ مجموعہ تعبیر ہوتا ہے جو ن مماسوں میں سے س، س مماسوں کے حاصل ضربوں کا ہے۔ (239)

دفعہ ۱۵ کے مسئلے (۳۹)، (۴۰)، (۴۳) مسئلہ جم ن ط + خ جب ن ط

= (جم ط + خ جب ط)ن سے فوراً حاصل ہوتے ہیں اگر اس مساوات کی بائیں جانب کو مسئلہ ثنائی کی مدد سے پھیلایا جائے اور طرفین کے خیالی اور حقیقی حصوں کو مساوی رکھا جائے۔

اگر ن ایک مثبت صحیح عدد ہے تو (جم ط + خ جب ط)ن = جم ن ط + خ جب ن ط

اور اس لیے نیز (جم ط - خ جب ط)ن = جم ن ط - خ جب ن ط۔ اِن سے ہمیں ضابطے

حاصل ہوتے ہیں جم ن ط = $\frac{1}{2}$ (جم ط + خ جب ط)^{ن} + $\frac{1}{2}$ (جم ط - خ جب ط)^{ن} ،

خ جب ن ط = $\frac{1}{2}$ (جم ط + خ جب ط)^{ن} - $\frac{1}{2}$ (جم ط - خ جب ط)^{ن}

ان میں سے پہلی مساوات فی الحقیقت اس واقعہ کا اظہار ہے جس کا ذکر دفعہ ۱۵ میں آچکا ہے کہ

۱ + لا جم ط + لا^{۲} جم ۲ ط + ... + لا^{ن} جم ن ط + ...

ایک متوالی سلسلہ ہے جس کا رشتہ کا پیمانہ ۱ - ۲ لا جم ط + لا^{۲} ہے۔ جم ن ط کو ع^{ن} سے تعبیر کرو تو ع^{ن} - ۲ جم ط × ع$^{ن-۱}$ + ع$^{ن-۲}$ = ۰ ۔ اِس مساوات کو حل کرنے کے لیے مان لو ع^{ن} = ا ک^{ن} جیسا کہ بالعموم ایسی صورتوں میں کیا جاتا ہے تو ک کے لیے ہمیں دو درجی مساوات ک^{۲} - ۲ ک جم ط + ۱ = ۰ حاصل ہوتی ہے جس کی اصلیں ک = جم ط ± خ جب ط ہیں،

پس ع^{ن} = ا (جم ط + خ جب ط)^{ن} + ب (جم ط - خ جب ط)^{ن}

اُس مساوات کا مکمل حل ہے جو ع^{ن} میں ہے۔ ن = ۱ اور ن = ۲ رکھنے سے ہم دیکھتے ہیں کہ ا = ب = $\frac{1}{2}$ اور اس طرح وہ جملہ حاصل ہوتا ہے جو جم ن ط کے لیے اُوپر دیا گیا ہے۔ اسی طرح وہ جملہ معلوم ہو سکتا ہے جو جب ن ط کے لیے ہے۔

اجزائے ضربی

۱۸۸ ـــــ اب ہم لا^{ن} - (ا + خ ب) کو لا کے لحاظ سے ن خطی اجزائے ضربی میں تحلیل کر سکتے ہیں۔ یہ جملہ معدوم ہوتا ہے اگر لا = (ا + خ ب)^{ن}

(جم ط۱ + خ جب ط۱) (جم ط۲ + خ جب ط۲) .... (جم طن + خ جب طن)

= جم (ط۱ + ط۲ + ... + طن) + خ جب (ط۱ + ط۲ + ... + طن)

سے. جو ڈیموائر کے مسئلہ کے ثبوت میں استعمال ہوا ہے دفعہ ۴۹ کے مسئلوں (۲۸)، (۲۹)، (۳۰) کا ثبوت حاصل ہوتا ہے۔ ہم اس متماثلہ کی دائیں جانب کے جملہ کو اس شکل

جم ط۱ جم ط۲ ... جم طن (۱ + خ مس ط۱) (۱ + خ مس $\frac{ط_2}{2}$) ... (۱ + خ مس طن)

میں لکھ سکتے ہیں۔ پس اِس متماثلہ کی طرفین کے حقیقی اور خیالی حصوں کو مساوی رکھنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

جم (ط۱ + ط۲ + ... + طن) = جم ط۱ جم ط۲ ... جم طن (۱ - م۲ + م۴ - ...)،

جب (ط۱ + ط۲ + ... + طن) = جم ط۱ جم ط۲ ... جم طن (م۱ - م۳ + م۵ - ...)،

جہاں م س سے وہ مجموعہ تعبیر ہوتا ہے جو ن عاموں میں سے س، س عاموں کے حاصل ضربوں کا ہے۔ (239)

دفعہ ۱۵ کے مسئلے (۳۹)، (۴۰)، (۴۳) مسئلہ جم ن ط + خ جب ن ط

= (جم ط + خ جب ط)ن سے فوراً حاصل ہوتے ہیں اگر اس مساوات کی بائیں جانب کو مسئلہ ثنائی کی مدد سے پھیلایا جائے اور طرفین کے خیالی اور حقیقی حصوں کو مساوی رکھا جائے۔

اگر ن ایک مثبت صحیح عدد ہے تو (جم ط + خ جب ط)ن = جم ن ط + خ جب ن ط

اور اس لیے نیز (جم ط - خ جب ط)ن = جم ن ط - خ جب ن ط۔ اِن سے ہمیں ضابطے

حاصل ہوتے ہیں جم ن ط = ½ (جم ط + خ جب ط)ن + ½ (جم ط - خ جب ط)ن ،

خ جب ن ط = ½ (جم ط + خ جب ط)ن - ½ (جم ط - خ جب ط)ن

ان میں سے پہلی مساوات فی الحقیقت اس واقعہ کا اظہار ہے جس کا ذکر دفعہ ۱۵ میں آچکا ہے کہ

۱ + لا جم ط + لا۲ جم ۲ ط + ... + لان جم ن ط + ...

ایک متوالی سلسلہ ہے جس کا رشتہ کا پیمانہ ۱ - ۲ لا جم ط + لا۲ ہے۔ جم ن ط کو عن سے تعبیر کرو تو عن - ۲ جم ط × عن-۱ + عن-۲ = ۰ ۔ اِس مساوات کو حل کرنے کے لیے مان لو عن = ا کن جیسا کہ بالعموم ایسی صورتوں میں کیا جاتا ہے تو ک کے لیے ہمیں دو درجی مساوات ک۲ - ۲ ک جم ط + ۱ = ۰ حاصل ہوتی ہے جس کی اصلیں ک = جم ط ± خ جب ط ہیں،

پس عن = ا (جم ط + خ جب ط)ن + ب (جم ط - خ جب ط)ن

اُس مساوات کا مکمل حل ہے جو عن میں ہے۔ ن = ۱ اور ن = ۲ رکھنے سے ہم دیکھتے ہیں کہ ا = ب = ½ اور اس طرح وہ جملہ حاصل ہوتا ہے جو جم ن ط کے لیے اُوپر دیا گیا ہے۔ اسی طرح وہ جملہ معلوم ہو سکتا ہے جو جب ن ط کے لیے ہے۔

اجزائے ضربی

۱۸۸ ــــ اب ہم لان - (ا + خ ب) کو لا کے لحاظ سے ن خطی اجزائے ضربی میں تحلیل کر سکتے ہیں۔ یہ جملہ معدوم ہوتا ہے اگر لا (ا + خ ب)ن

کی قیمتوں میں سے کسی ایک کے مساوی ہو، اگر اس جملہ کی ن قیمتیں ق۱، ق۲، ق۳، ...، قن سے تعبیر ہوں تو ہمیں حاصل ہونا چاہیے

$$لا^ن - (ا + خ ب) = (لا - ق_1)(لا - ق_2) \dots (لا - ق_ن)$$

کیونکہ جب، لا - قس = ۰ تو لاں - (ا + خ ب) معدوم ہوتا ہے اور اس لیے لا - قس ایک جزو ضربی بغیر باقی کے ہونا چاہیئے - اس طرح ہمیں ن مختلف اجزائے ضربی حاصل ہوتے ہیں اور ظاہر ہے کہ ان سے زیادہ اجزائے ضربی نہیں ہو سکتے - رکھو ا = رجم ط، ب = رجب ط تو لاں - (ا + خ ب) کے اجزائے ضربی ہو جاتے ہیں

$$\prod_{س=۰}^{س=ن-۱} \left\{ لا - غہ \left(جم \frac{ط + ۲ س π}{ن} + خ جب \frac{ط + ۲ س π}{ن} \right) \right\}$$

جسمیں $غہ = \sqrt[ن]{ر} = (ا^۲ + ب^۲)^{\frac{۱}{۲ن}}$

اس نتیجہ سے متعدد جملوں کے اجزائے ضربی جو ساتویں باب میں حاصل کیے جا چکے ہیں ماخوذ ہو سکتے ہیں -

(240)

(۱) فرض کرو ا = ۱، ب = ۰ تو ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$لا^ن - ۱ = \prod_{س=۰}^{س=ن-۱} \left(لا - جم \frac{۲ س π}{ن} - خ جب \frac{۲ س π}{ن} \right)$$

اور چونکہ $\frac{۲ س π}{ن} + \frac{۲ (ن - س) π}{ن} = ۲ π$

اس لیے اگر ن طاق ہو تو

$$لا^{ن}-۱=(لا-۱)\prod_{س=۱}^{س=\frac{۱}{۲}(ن-۱)}\left(لا-جم\frac{۲س\pi}{ن}-خ جب\frac{۲س\pi}{ن}\right)\left(لا-جم\frac{۲س\pi}{ن}+خ جب\frac{۲س\pi}{ن}\right)$$

$$=(لا-۱)\prod_{س=۱}^{س=\frac{۱}{۲}(ن-۱)}\left(لا^{۲}-۲لا\,جم\frac{۲س\pi}{ن}+۱\right)$$

اور اگر ن جفت ہو تو

$$لا^{ن}-۱=(لا-۱)(لا+۱)\prod_{س=۱}^{س=\frac{۱}{۲}(ن-۲)}\left(لا^{۲}-۲لا\,جم\frac{۲س\pi}{ن}+۱\right)$$

(۲) فرض کرو ا = -۱، ب = ۰ تو ہمیں ضابطے حاصل ہوتے ہیں

$$لا^{ن}+۱=(لا+۱)\prod_{س=۰}^{س=\frac{۱}{۲}(ن-۳)}\left(لا^{۲}-۲لا\,جم\frac{(۲س+۱)\pi}{ن}+۱\right)$$ جبکہ ن طاق ہو،

اور $لا^{ن}+۱=\prod_{س=۰}^{س=\frac{۱}{۲}(ن-۲)}\left(لا^{۲}-۲لا\,جم\frac{(۲س+۱)\pi}{ن}+۱\right)$، جبکہ ن جفت ہو۔

(۳) $لا^{ن}-۲لا^{ن}\,جم\,ط+۱$

$=(لا^{ن}-جم\,ط-خ جب\,ط)(لا^{ن}-جم\,ط+خ جب\,ط)$

$$=\prod_{س=۰}^{س=ن-۱}\left(لا-جم\frac{ط+۲س\pi}{ن}-خ جب\frac{ط+۲س\pi}{ن}\right)\left(لا-جم\frac{ط+۲س\pi}{ن}+خ جب\frac{ط+۲س\pi}{ن}\right)$$

$$=\prod_{س=۰}^{س=ن-۱}\left(لا^{۲}-۲لا\,جم\frac{ط+۲س\pi}{ن}+۱\right)$$

یا لا کی بجائے $\frac{1}{\text{لا}}$ رکھنے اور طرفین کو $\text{ما}^{\text{ن}}$ سے ضرب دینے سے

$$\text{لا}^{\text{ن}} - ۲\,\text{لا}^{\text{ن}}\,\text{ما}^{\text{ن}}\,\text{جم}\,\text{ط} + \text{ما}^{۲\text{ن}}$$

$$= \prod_{\text{س}=۰}^{\text{س}=\text{ن}-۱} \left(\text{لا}^{۲} - ۲\,\text{لا}\,\text{ما}\,\text{جم}\,\frac{\text{ط} + ۲\,\text{س}\,\pi}{\text{ن}} + \text{ما}^{۲}\right)$$

(۴) اِس آخری نتیجہ سے ہم اخذ کرتے ہیں

$$\text{لا}^{\text{ن}} + \text{لآ}^{\text{ن}} - ۲\,\text{جم}\,\text{ط} = \prod_{\text{س}=۰}^{\text{س}=\text{ن}-۱} \left(\text{لا} + \text{لآ} - ۲\,\text{جم}\,\frac{\text{ط} + ۲\,\text{س}\,\pi}{\text{ن}}\right)$$

رکھو $\text{لا} = \text{جم}\,\text{فہ} + \text{خ جب}\,\text{فہ}$، تو $\text{لآ} = \text{جم}\,\text{فہ} - \text{خ جب}\,\text{فہ}$

اور $\text{لا}^{\text{ن}} = \text{جم}\,\text{ن فہ} + \text{خ جب ن فہ}$، $\text{لآ}^{\text{ن}} = \text{جم ن فہ} - \text{خ جب ن فہ}$

اس لیے، ط کو ن ط میں بدلنے سے،

$$\text{جم ن فہ} - \text{جم ن ط} = ۲^{\text{ن}-۱} \prod_{\text{س}=۰}^{\text{س}=\text{ن}-۱} \left\{\text{جم فہ} - \text{جم}\left(\text{ط} + \frac{۲\,\text{س}\,\pi}{\text{ن}}\right)\right\}$$

(241)

دائرہ کے خواص

۱۸۹ ــــ دفعہ ماسبق کے اجزائے ضربی والے ضابطوں کے ذریعہ دائرہ کے بعض مشہور خواص حاصل ہو سکتے ہیں۔ فرض کرو کہ نصف قطر ۱ کے ایک دائرہ میں ن ضلعوں والا ایک کثیر الاضلاع $\text{ا}_{۱}\,\text{ا}_{۲}\,\ldots\,\text{ا}_{\text{ن}}$ کھینچا گیا ہے اور فرض کرو کہ دائرے کے مستوی میں پ کوئی نقطہ ہے

اور اس کا فاصلہ دائرہ کے مرکز و سے ج ہے۔ فرض کرو کہ زاویہ
پ و $ا_1$ کو ط سے تعبیر کیا گیا ہے، تب زاویے پ و $ا_2$، پ و $ا_3$...
علی الترتیب ط + ۲π/ن، ط + ۴π/ن، ... ہیں۔ اس لیے

$$پ ا_1^2 \times پ ا_2^2 \times پ ا_3^2 \ldots پ ا_ن^2 = \prod_{س=0}^{س=ن-1} \{ا^2 - ۲ا ج جم (ط + \frac{۲ س π}{ن}) + ج^2\}$$

پس ہمیں مسئلہ حاصل ہوتا ہے

$$پ ا_1^2 \times پ ا_2^2 \times \ldots \times پ ا_ن^2 = ا^{2ن} - ۲ ا^ن ج^ن جم ن ط + ج^{2ن}$$

جو دائرہ کی ڈیموائر کی خاصیت کے نام سے مشہور ہے۔

اُس صورت میں جبکہ پ محیط پر ہو مسئلہ بالا ہو جاتا ہے

$$پ ا_1 \times پ ا_2 \times \ldots \times پ ا_ن = ۲ ا^ن جب \frac{۱}{۲} ن ط$$

اُس صورت میں جبکہ پ، نصف قطر و $ا_1$ پر ہو ط صفر ہوتا ہے اور مسئلہ ہو جاتا ہے

$$پ ا_1 \times پ ا_2 \times \ldots \times پ ا_ن = ا^ن - ج^ن$$

نیز اگر پ، زاویہ $ا_ن$ و $ا_1$ کے ناصف پر واقع ہو تو ط = π/ن
اور مسئلہ ہو جاتا ہے

$$پ ا_1 \times پ ا_2 \ldots پ ا_ن = ا^ن + ج^ن$$

یہ آخری دو صورتیں دائرہ کی کوٹ (Cote) کی خاصیتیں کہلاتی ہیں۔

مثالیں

۱۹۰ ——

(۱) $لا^{م-۱} \setminus (۱+لا^{ن})$ کو جزوی کسور میں بیان کرو جہاں م ایک صحیح عدد ہے ن سے چھوٹا۔

اگر مساوات $لا^{ن}+۱=۰$ کی ایک اصل عہ ہو تو جزو ضربی لا۔عہ کے جواب میں جزوی کسر ہے $\frac{عہ^{م-۱}}{ن عہ^{ن-۱}} \times \frac{۱}{لا-عہ}$ یا $\frac{۱}{ن} \frac{عہ^{م-ن}}{لا-عہ}$، اور اس لیے عہ کی مزدوج قیمتوں کے جواب میں جو دو کسریں ہیں ان کو باہم لینے سے ہمیں کسر حاصل ہوتی ہے

$$\frac{۱}{ن} \frac{۲ لا جم \frac{۲ر+۱}{ن} (ن-م) \pi - ۲ . جم \frac{۲ر+۱}{ن} (ن-م+۱) \pi}{لا^{۲} - ۲ لا . جم \frac{۲ر+۱}{ن} \pi + ۱}$$

یا

$$\frac{۲}{ن} \frac{جم (۲ر+۱) \frac{م-۱}{ن} \pi - لا جم (۲ر+۱) \frac{م}{ن} \pi}{لا^{۲} - ۲ لا جم \frac{۲ر+۱}{ن} \pi + ۱} ،$$

(242) اگر ن طاق ہو تو مزید کسر $\frac{(-۱)^{\frac{ن-م}{۲}}}{ن (لا+۱)}$ حاصل ہوتی ہے۔ پس اگر ن طاق ہے تو

$$\frac{لا^{م-۱}}{۱+لا^{ن}} = \frac{(-۱)^{\frac{ن-م}{۲}}}{ن (لا+۱)} + \frac{۲}{ن} \sum_{ر=۰}^{ر=\frac{۱}{۲}(ن-۳)} \frac{جم (۲ر+۱) \frac{م-۱}{ن} \pi - لا جم (۲ر+۱) \frac{م}{ن} \pi}{لا^{۲} - ۲ لا جم \frac{۲ر+۱}{ن} \pi + ۱}$$

اور اگر ن جفت ہے تو

$$\frac{لا^{م-۱}}{۱+لا^{ن}} = \frac{۲}{ن} \sum_{ر=۰}^{ر=\frac{۱}{۲}(ن-۱)} \frac{جم (۲ر+۱) \frac{م-۱}{ن} \pi - لا جم (۲ر+۱) \frac{م}{ن} \pi}{لا^{۲} - ۲ لا جم \frac{۲ر+۱}{ن} \pi + ۱}$$

(۲) $\frac{لا^{م-۱}}{لا^{ن}-۱}$ کو جزوی کسروں میں بیان کرو اگر م، ن سے چھوٹا ہو۔

(۳) ثابت کرو کہ

$$\frac{لا^{ن}-ر^{ن}.جم\,ن\,ط}{لا^{۲ن}-۲\,لا^{ن}\,ر^{ن}.جم\,ن\,ط+ر^{۲ن}}=\frac{۱}{ن\,لا^{ن-۱}}\sum_{ر=۰}^{ر=ن-۱}\frac{لا-ر\,جم\,(ط+\frac{۲ر\,π}{ن})}{لا^{۲}-۲\,لا\,ر\,جم\,(ط+\frac{۲ر\,π}{ن})+ر^{۲}}$$

کسر $\frac{ن\,(لا^{۲ن-۱}-ر^{ن}\,لا^{ن-۱}.جم\,ن\,ط)}{لا^{۲ن}-۲\,لا^{ن}\,ر^{ن}.جم\,ن\,ط+ر^{۲ن}}$ کا نسب نما اجزائے ضربی میں تحلیل ہوسکتا ہے اور پھر ہر جزو ضربی کے تناظر کسر مثال (۱) کے مطابق معلوم ہوسکتی ہے۔

(۴) ثابت کرو کہ

(ا) $\frac{ن\,جب\,ن\,ط}{جب\,ط}\times\frac{۱}{جم\,ن\,ط-جم\,ن\,ف}=\sum_{ر=۰}^{ر=ن-۱}\frac{۱}{جم\,ط-جم\,(ف+۲ر\,π/ن)}$

(ب) $\frac{ن^{۲}\,جب\,ن\,ط\,جب\,ن\,ف}{جب\,ط}\times\frac{۱}{(جم\,ن\,ط-جم\,ن\,ف)^{۲}}=\sum_{ر=۰}^{ر=ن-۱}\frac{جب\,(ف+۲ر\,π/ن)}{\{جم\,ط-جم\,(ف+۲ر\,π/ن)\}^{۲}}$

(ا) کی دائیں جانب کا جملہ، جم ط کا ایک جبری تفاعل ہے اور اس لیے مثال (۱) کے مطابق جزوی کسروں میں تحلیل ہوسکتا ہے۔ مساوات (ب)، (ا) کی طرفین کو ف کے لحاظ سے تفرق کرنے سے حاصل ہوتی ہے، یا دوسرے الفاظ میں ف کو ف + ط میں بدل کر مساوات کی طرفین میں ط کے سروں کو مساوی رکھنے سے۔

(۵) اگر جم ط + جم ف + جم پ = ۰، اور جب ط + جب ف + جب پ = ۰

تو ثابت کرو کہ $جم\,۳ط+جم\,۳ف+جم\,۳پ-۳\,جم\,(ط+ف+پ)=۰$،

اور $جب\,۳ط+جب\,۳ف+جب\,۳پ-۳\,جب\,(ط+ف+پ)=۰$

یہ اُس عام طریقہ کی ایک مثال ہے جو جبری مسئلوں میں حرفوں کی بجائے مختلف قیمتیں رکھ کر مثلثی مسئلوں کو اخذ کرنیکا ہے۔ اگر ا + ب + ج = ۰ تو ا^۳ + ب^۳ + ج^۳ = ۳ ا ب ج = ۰ ؛ فرض کرو ا = جم ط + خ جب ط، ب = جم فہ + خ جب فہ، ج = جم بہ + خ جب بہ تو گویا ہمیں یہ دیا گیا ہے کہ اگر

(جم ط + جم فہ + جم بہ) + خ (جب ط + جب فہ + جب بہ) = ۰،

تو (جم ۳ ط + جم ۳ فہ + جم ۳ بہ) + خ (جب ۳ ط + جب ۳ فہ + جب ۳ بہ)

− ۳ {جم (ط + فہ + بہ) + خ جب (ط + فہ + بہ)} = ۰

اب دونوں مساواتوں میں حقیقی اور خیالی حصوں کو الگ الگ صفر کے مساوی رکھنے سے مسئلہ بالا حاصل ہو جاتا ہے۔

تیرہویں باب پر مثالیں (243)

۱۔ ثابت کرو کہ $\left(\frac{۱ + \text{جب فہ} + \text{خ جم فہ}}{۱ + \text{جب فہ} - \text{خ جم فہ}}\right)^{\text{ن}}$ = جم ($\frac{۱}{۲}$ ن π − ن فہ) + خ جب ($\frac{۱}{۲}$ ن π − ن فہ)

۲۔ {جم ط − جم فہ + خ (جب ط − جب فہ)}$^{\text{ن}}$ + {جم ط − جم فہ − خ (جب ط − جب فہ)}$^{\text{ن}}$ کی قیمت معلوم کرو۔

۳۔ ثابت کرو کہ $\frac{(۱ + \text{لا})^{\text{ن}} - (۱ - \text{لا})^{\text{ن}}}{۲ \text{لا}}$

= ۱ (لا^۲ + مس^۲ $\frac{\pi}{\text{ن}}$) (لا^۲ + مس^۲ $\frac{۲\pi}{\text{ن}}$) ... (لا^۲ + مس^۲ $\frac{(\text{ن}-۱)\pi}{\text{ن}}$)

جہاں ر = ½ (ن - ۱) یا ½ ن - ۱ اور | مساوی ہے ایان کے بموجب اس کے کہ ن طاق ہے یا جفت۔

۴۔ ثابت کرو کہ

۴ جب ½ (ب - ج) جب ½ (ج - ع) جب ½ (ع - ب) ≷ جب (ف ع + ق ب + ر ج)

= جب {(ن + ۱) ع - ½ (ب + ج)} جب ½ (ب - ج) + ...

جہاں ≷ اُس مجموعہ کو تعبیر کرتا ہے جو ف، ق، ر کی تمام ایسی صحیح عددی قیمتوں (بشمول صفر) کے لیے لیا گیا ہے کہ ف + ق + ر = ن

۵۔ اگر پ ایک مثبت صحیح عدد ہو اور مساوات لا^پ = ۱ کی اصلیں ع، ب، ج، ... ہوں اور ن، ایک سے بڑی کوئی عددی مقدار ہو تو ثابت کرو کہ ع^{-ن} + ب^{-ن} + ج^{-ن} + ... کی حقیقی قیمت صرف مس π/ن \ مس π/پ ن ہے۔

۶۔ اگر (۱ + لا)^ن = ف۰ + ف۱ لا + ف۲ لا² + ...

تو ثابت کرو کہ ف۰ - ف۲ + ف۴ - .... = ۲^{½ن} جم ¼ ن π،

ف۱ - ف۳ + ف۵ - .... = ۲^{½ن} جب ¼ ن π

۷۔ اگر لا، لا، ...، لا^ن وہ تناظر اصلیں ہوں جو مساوات لا^ن - ۲ لا^ن جم ن ط + ۱ = ۰ کی اصلوں کے مزدوج جوڑوں سے منتخب کی گئی ہیں اور اگر

ف (ع) = ≷_{ر=۱}^{ر=ن} لا^ر جم (ع + ر π/ن)

تو ثابت کرو کہ

ف (ع۱) ف (ع۲) ... ف (ع^پ) = (½ ن)^{پ-۱} [ف {½ پ (ع۱ + ع۲ + ... + ع^پ)}]^پ

۸ ۔ اگر عہ، بہ، جہ، ضہ، صہ کوئی پانچ زاویے ہوں ایسے کہ ان کی جیوب التمام کا مجموعہ اور نیز ان کی جیوب کا مجموعہ صفر ہے تو ثابت کرو کہ

$$\Sigma \text{جم}^{۴} \text{عہ} = \frac{۱}{۲} \Sigma (\text{جم}^{۲} \text{۲عہ})^{۲} - \frac{۱}{۲} \Sigma (\text{جب ۲عہ})^{۲}$$

$$\Sigma \text{جب}^{۴} \text{عہ} = \Sigma \text{جب ۲عہ} \Sigma \text{جم ۲عہ}$$

۹ ۔ اگر ن مقداروں مس لا، مس ۲لا، مس ^{۲} لا، ... مس $^{۲ن-۱}$ لا میں سے ایک ایک، دو دو، تین تین، ... ن ن، کے حاصل ضربوں کے مجموعے $م_{۱}$، $م_{۲}$، $م_{۳}$، ... $م_{ن}$ ہوں تو ثابت کرو کہ

$$۱ - م_{۲} + م_{۴} - م_{۶} + \ldots = ^{ن}_{۲} \text{جب لا جم} (^{ن}_{۲} - ۱) \text{لا قم} ^{ن}_{۲} \text{لا}^{ن}$$

$$م_{۱} - م_{۳} + م_{۵} - \ldots = ^{ن}_{۲} \text{جب لا جب} (^{ن}_{۲} - ۱) \text{لا قم} ^{ن}_{۲} \text{لا}$$

۱۰ ۔ اگر جم (بہ - جہ) + جم (جہ - عہ) + جم (عہ - بہ) = $-\frac{۳}{۲}$ تو ثابت کرو کہ (264)

جم ن عہ + جم ن بہ + جم ن جہ

صفر کے مساوی ہے سوائے اُس صورت کے جبکہ ن، ۳ کا ضعف ہو؛ اور اگر ن، ۳ کا ضعف ہے تو وہ ۳ جم $\frac{۱}{۳}$ ن (عہ + بہ + جہ) کے مساوی ہے۔

۱۱ ۔ ثابت کرو کہ لا کی وہ قیمتیں جو مساوات

$$۱ - ن \text{لا} - \frac{ن (ن-۱)}{\lfloor ۲} \text{لا}^{۲} + \frac{ن (ن-۱) (ن-۲)}{\lfloor ۳} \text{لا}^{۳} + \ldots$$

$$+ (-۱)^{\frac{۱}{۲} ن (ن+۱)} \text{لا}^{ن} = ۰$$

کو پورا کرتی ہیں یہ ہیں لا = مس $\frac{\pi (۴ر + ۱)}{۴ن}$ جس میں ر کوئی صحیح عدد ہے۔

۱۲ - ثابت کرو کہ

$$\sum_{ر=۱}^{ر=ن} (-۱)^{ر-۱} \frac{\text{جب}^{۲ن-۳} \text{رعہ جم رعہ}}{\text{لا}^{۲} + \text{مس}^{۲} \text{رعہ}} = \frac{(۲ن+۱)\text{لا}}{(۱+\text{لا})^{۲ن+۱} - (۱-\text{لا})^{۲ن+۱}}$$

جس میں عہ = $\frac{\pi}{۲ن+۱}$

۱۳ - اگر ض$_ر$ سے اُن حاصل ضربوں کا مجموعہ تعبیر ہو جو مقداروں

مس^{۲} π \ (۲ن + ۱)، مس^{۲} ۲π \ (۲ن + ۱)، ...، مس^{۲} ن π \ (۲ن + ۱)

میں سے س، س مقداروں کو لینے سے بنتے ہیں جبکہ مقدار مس^{۲} ر π \ (۲ن + ۱) کو خارج کر دیا جائے اور اگر

$$\text{ا}_ر = (-۱)^{ر-۱} \text{جب}^{۲} ر\pi \setminus (۲ن+۱) \times \text{جم}^{۲ن-۳} ر\pi \setminus (۲ن+۱)$$

تو ثابت کرو کہ $\sum$ ا$_ر$ × ض$_ر$ = ۰، جہاں حاصل جمع ر کی ایک سے ن تک تمام قیمتوں کے لئے لیا گیا ہے اور س کی قیمت ایک سے ن تک کوئی بھی ہے۔

۱۴ - ن ضلعوں والا ایک منتظم کثیر الاضلاع ایک دائرہ میں بنایا گیا ہے اور دائرہ کے محیط پر کے کسی نقطہ سے کثیر الاضلاع کے راسوں تک وتر کھینچے گئے ہیں۔ اگر یہ وتر و$_۱$، و$_۲$، ...، و$_ن$ سے تعبیر ہوں (جس میں ابتدا اُس وتر سے کی گئی ہے جو قریب ترین راس تک کھینچا گیا ہے اور باقی دوسرے ترتیب وار لئے گئے ہیں) تو ثابت کرو کہ مقدار

$و_{۱} و_{۲} + و_{۲} و_{۳} + \dots + و_{ن-۱} و_{ن} + و_{ن} و_{۱}$، اُس نقطہ کے محل پر منحصر نہیں ہے جس سے وتر کھینچے گئے ہیں۔

۱۵۔ ایک منتظم کثیر الاضلاع کے راس جو ایک دائرہ میں کھینچا گیا ہے $ا_{۱}$، $ا_{۲}$، ...، $ا_{۲ن+۱}$ ہیں اور $ا_{۱}$ اور $ا_{۲ن+۱}$ کے درمیان محیط پر کوئی نقطہ و ہے۔ ثابت کرو کہ طولوں $و ا_{۱}$، $و ا_{۳}$، ...، $و ا_{۲ن+۱}$ کا مجموعہ طولوں $و ا_{۲}$، $و ا_{۴}$، ...، $و ا_{۲ن}$ کے مجموعہ کے مساوی ہے۔

۱۶۔ ایک منتظم کثیر الاضلاع کے مستوی میں پ کوئی نقطہ ہے اور اس نقطہ سے کثیر الاضلاع کے راسوں کے فاصلے غہ$_{۱}$، غہ$_{۲}$، ...، غہ$_{ن}$ ہیں۔ ثابت کرو کہ

$$\sum_{۱}^{ن} \frac{۱}{غہ_{۲}} = \frac{ن}{ر^{۲} - ا_{۱}^{۲}} \times \frac{ر^{۲ن} - ا_{۱}^{۲ن}}{ر^{۲ن} - ۲ ر^{ن} ا_{۱}^{ن} \text{جم} ن ط + ا_{۱}^{۲ن}}$$

جہاں دائرہ کا نصف قطر ر ہے اور و سے پ کا فاصلہ د ہے اور ط وہ زاویہ ہے جو وپ، اُس نصف قطر کے ساتھ بناتا ہے جو کثیر الاضلاع کے کسی راس تک کھینچا گیا ہے۔

۱۷۔ خطوط مستقیم جن کے طول علی الترتیب ۱، ۲، ۳، ... ن کے متناسب ہیں ایک مستقیم الاضلاع شکل بناتے ہیں جس کے خارجی زاویوں میں سے ہر ایک $\frac{۲ \pi}{ن}$ کے مساوی ہے۔ اگر پہلے اور آخری خطوں کے سروں کو ملانے سے ایک کثیر الاضلاع بنایا جائے تو ثابت کرو کہ اس کا رقبہ ہے

$$\frac{ن (ن+۱) (۲ن+۱)}{۲۴} \text{مم}^{۲} \frac{\pi}{ن} + \frac{۱۶}{ن} \text{مم}^{۲} \frac{\pi}{ن} \text{قم}^{۲} \frac{\pi}{ن}$$

۱۸۔ منتظم کثیر الاضلاع $ا_{۱} ا_{۲} \dots ا_{م}$ کے ضلعوں کی تعداد ۲ م ہے۔ اس کے (245)

حائط دائرہ کے مرکز سے $ا_۱ ا_۲$، $ا_۱ ا_۳$، ... ، $ا_۱ ا_م$ پر عمود کھینچے گئے ہیں۔
ثابت کرو کہ اِن عمودوں کا حاصلِ ضرب $(\frac{۱}{۲} ا)^{م-۱} \sqrt{م}$ ہے۔

۱۹۔ اگر $ا_۱ ا_۲ ... ا_{۲ن}$، $ب_۱ ب_۲ ... ب_{۲ن}$ دو ہم مرکز اور متشابہاً واقع منتظم کثیر الاضلاع ہوں جن کے ضلعوں کی تعداد ۲ن ہے تو ثابت کرو کہ

$$\frac{پ ا_۱ \times پ ا_۳ \times ... \times پ ا_{۲ن-۱}}{پ ا_۲ \times پ ا_۴ \times ... \times پ ا_{۲ن}} = \frac{پ ب_۱ \times پ ب_۲ \times ... \times پ ب_{۲ن-۱}}{پ ب_۲ \times پ ب_۳ \times ... \times پ ب_{۲ن}}$$

جہاں اُس ہم مرکز دائرہ پر جس پر $پ_ن$ کوئی نقطہ ہے جس کا نصف قطر کثیر الاضلاع کے حائط دائروں کے نصف قطروں کے درمیان وسط تناسب ہے۔

۲۰۔ نصف قطر ا کے ایک دائرہ کے اندر مرکز سے فاصلہ ب پر ایک نقطہ و لیا گیا ہے اور نقطے $پ_۱$، $پ_۲$، ... ، $پ_ن$ محیط پر لیے گئے ہیں ایسے کہ $پ_۱ پ_۲$، $پ_۲ پ_۳$، ... ، $پ_ن پ_۱$ کے مجازی مرکز و پر مساوی زاویے بنتے ہیں۔ ثابت کرو کہ

$$و پ_۱ + و پ_۲ + ... + و پ_ن$$
$$= (ا^۲ - ب^۲)(و پ_۱^{-۱} + و پ_۲^{-۱} + ... + و پ_ن^{-۱})$$

۲۱۔ ثابت کرو کہ اگر ن ایک مثبت صحیح عدد ہے تو

$$جم ن ط = ۱ + ۲ن\, جب \frac{ط}{۲}\, جم \frac{ط + ۲۱}{۲} + \frac{ن(ن-۱)}{\lfloor ۲} ۲^۲ جب^۲ \frac{ط}{۲} جم \frac{۲(ط + ۲۱)}{۲}$$
$$+ \frac{ن(ن-۱)(ن-۲)}{\lfloor ۳} ۲^۳ جب^۳ \frac{ط}{۲} جم \frac{۳(ط + ۲۱)}{۲} + ...$$

۲۲۔ ثابت کرو کہ ن ضلعوں والے الگ الگ منتظم کثیر الاضلاع جو

نصف قطر کے ایک دیے ہوئے دائرہ میں کھینچے جا سکتے ہیں ان کی تعداد م، صحیح عددوں کی اُس تعداد کا نصف ہے جو ن سے چھوٹے اور اس کے لحاظ سے مفرد ہیں۔

نیز یہ دکھاؤ کہ ان کے ضلعوں کا حاصلِ ضرب $\sqrt{\text{ن}^{\text{ن}-۲}}$ م کے مساوی ہے اگر ن ایک مفرد عدد کی قوت ہو اور $\text{ن}^{\text{ن}}$ کے مساوی ہے اگر ن ایک مفرد عدد کی قوت نہ ہو۔

(243)

چودھواں باب

لامتناہی سلسلوں کا نظریہ

۱۹۱ ـــــ ہم اس باب میں چند مسئلے بیان کرینگے جو لامتناہی سلسلوں کے استدقاق سے متعلق ہیں جبکہ ان کی ارقام حقیقی یا ملتف اعداد ہوں یا متغیرات ۔ ایسے سلسلوں کے نظریہ کی مکمل بحث اس کتاب کے حدود سے باہر ہے، اس لیے ہم اپنی توجہ صرف اُن چیزوں تک محدود رکھینگے جو مثلثی سلسلوں کی نوعیت اور ان کی خاصیتوں پر بحث کرنے کے لیے بالکل ضروری ہیں ۔

حقیقی سلسلوں کا استدقاق

۱۹۲ ـــــ فرض کرو کہ حقیقی عددوں کا کوئی تواتر $ا_1, ا_2, \ldots ا_ن, \ldots$ ہے جو کسی مقررہ قانون کی بموجب بنا ہے اور فرض کرو

$$س_ن = ا_1 + ا_2 + ا_3 + \ldots + ا_ن$$

اگر $س_ن$ کی ایک معین محدود انتہا $س$ ہے جبکہ $ن$ کو نامحدود طور پر بڑھایا جاتا ہے تو لامتناہی سلسلے $ا_1 + ا_2 + ا_3 + \ldots + ا_ن + \ldots$ کو مستدق کہا جاتا ہے اور $س$ کو اس کا انتہائی مجموعہ یا صرف اس کا مجموعہ کہتے ہیں ۔

ہم اس باب میں س ن کی انتہا کو (جبکہ ن کو لا انتہا بڑھا دیا جائے) ظاہر کرنے کے لیے ترقیم نہا س ن استعمال کرینگے جب کبھی یہ انتہا موجود ہو۔

وہ شرط کہ نہا س ن = س یہ ہے کہ اختیاری طور پر منتخب کردہ ہر مثبت عدد صہ کے تناظر، خواہ صہ کتنا ہی چھوٹا ہو، ن کی ایک قیمت ن متعین ہو سکے ایسی کہ س ۔ س ن کی مطلق قیمت، صہ سے کم ہو ن کی ہر قیمت کے لیے جو ن صہ سے بڑی یا اس کے مساوی ہو۔

جب سلسلہ ا ۱ + ا ۲ + ... + ا ن + ... ، س کی طرف مستدق ہو تو سلسلہ ا ن+۱ + ا ن+۲ + ... مستدق ہے اور اس کا انتہائی مجموعہ س ۔ س ہے جس کو ب ن سے تعبیر کیا جا سکتا ہے ۔ عدد ب ن کو مستدق سلسلہ ا ۱ + ا ۲ + ... + ا ن + ... کا ن رقموں کے بعد والا باقی کہتے ہیں ۔ باقی ب ۱، ب ۲، ... ، ب ن ، ... عددوں کا ایک تواتر بناتے ہیں ایسا کہ (247)
نہا ب ن = ۰ ، یہ امر مشاہدہ طلب ہے کہ سلسلے کا استدقاق مان لینے کے بعد ہی باقی ب ن کا کوئی مفہوم ہو سکتا ہے ۔

عدد ا ن+۱ + ا ن+۲ + ... + ا ن+م کو ب ن، م سے تعبیر کیا جا سکتا ہے اور عددوں ب ن، ۱ ، ب ن، ۲ ، ب ن، ۳ ، ... کو ہم ن رقموں کے بعد والے جزوی باقی کہینگے ۔ یہ مشاہدہ طلب ہے کہ یہ جزوی باقی ب ن، م ، ن اور م کی تمام قیمتوں کے لیے متعین عددوں کے طور پر موجود ہوتے ہیں خواہ دیا ہوا سلسلہ مستدق ہو یا نہ ہو۔

کسی مستدق سلسلہ ا ۱ + ا ۲ + ا ۳ + ... + ا ن + ... کا انتہائی مجموعہ اکثر کے ا ۱ سے تعبیر کیا جاتا ہے ۔

۱۹۳ ـــــ سلسلہ $ا_۱ + ا_۲ + ا_۳ + \cdots + ا_ن + \cdots$ ایسا ہو سکتا ہے کہ اعداد $س_ن$ کی کوئی معین انتہا نہ ہو جبکہ ن کو لا انتہا بڑھا دیا جائے۔ حسب ذیل صورتیں پیدا ہو سکتی ہیں:-

(۱) یہ ہو سکتا ہے کہ اختیاری طور پر منتخب کردہ ہر مثبت عدد ک کے مناظر خواہ وہ کتنا ہی بڑا ہو ن کی ایک قیمت $ن_ک$ معین ہو سکے ایسی کہ اعداد $س_{ن_ک}$، $س_{ن_ک+۱}$، ...، $س_{ن_ک+م}$، ... سب کے سب ہم علامت ہوں اور سب کے سب عدداً ک سے بڑے ہوں۔ اس صورت میں $س_ن$، ن کے ساتھ غیر معین طور پر بڑھتا ہے خواہ مثبت سمت میں یا منفی سمت میں؛ اس صورت میں سلسلہ کو متسع کہتے ہیں۔ اس اتساع کے واقعہ کو بعض اوقات نہا $س_ن = ∞$، یا نہا $س_ن = -∞$ سے تعبیر کرتے ہیں بموجب اس کے کہ $س_ن$ مثبت سمت میں بڑھے یا منفی سمت میں۔

(۲) اگر $س_ن$ مطلق قیمت میں ن کے ساتھ غیر معین طور پر حسب سابق بڑھے مگر $ن_ک$ خواہ کتنا ہی بڑا کیوں نہ لیا جائے $س_{ن_ک}$، $س_{ن_ک+۱}$، ...، $س_{ن_ک+م}$، ... میں مثبت اور منفی دونوں رقمیں ہوں تو یہ کہہ سکتے ہیں کہ سلسلہ عدم تعین کے غیر معین حدود کے درمیان اہتزاز کرتا ہے۔ تاہم اس کو ایسی صورت میں بالعموم متسع کہتے ہیں اور اتساع کے اس واقعہ کو نہا $س_ن = \pm ∞$ سے تعبیر کرتے ہیں۔

(۳) یہ ہو سکتا ہے کہ گو $س_ن$ کی کوئی معین انتہا نہ ہو جبکہ ن کو غیر معین طور پر بڑھا دیا جائے مگر ن کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے ایک تواتر (فرض کرو $ن_1$، $ن_2$، $ن_3$، ....) کا انتخاب کرنا ممکن ہو ایسا کہ $س_ن$ ایک معین انتہا کی طرف متدق ہو بشرطیکہ ن صرف وہ قیمتیں اختیار کرے جو اس تواتر میں ہیں۔

اس صورت میں سلسلہ کو اہتزازی سلسلہ کہتے ہیں، لیکن بعض اوقات اہتزازی سلسلے متسع کہلاتے ہیں۔ وہ اہتزازی سلسلہ جس میں $س_ن$، ن کی ہر قیمت کے لیے عدداً کسی مستقل مثبت عدد سے کم ہو عدم تعین کے محدود حدود کے درمیان اہتزاز کرنیوالا سلسلہ کہلاتا ہے۔

یہ آسانی کے ساتھ دیکھا جا سکتا ہے کہ اگر کسی سلسلہ کی رقمیں سب کی سب ایک ہی علامت کی ہوں تو سلسلہ صورت (۱) کے مطابق متسع ہے ورنہ متدق۔ (248)

سلسلہ $۱ + ۲ + ۳ + \ldots + ن + \ldots$

اور $\frac{۱}{۱} + \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۳} + \ldots + \frac{۱}{ن} + \ldots$

دونوں متسع ہیں کیونکہ ہر صورت میں $س_ن$، ن کے ساتھ غیر معین طور پر بڑھتا ہے اور مستقل علامت رکھتا ہے۔

سلسلہ $۱ - ۲ + ۳ - ۴ + ۵ - \ldots$ عدم تعین کے غیر معین حدود کے درمیان اہتزاز کرتا ہے۔ کیونکہ $س_ن = -\frac{۱}{۲}ن$ جبکہ ن جفت ہو اور $س_ن = \frac{۱}{۲}(ن + ۱)$ جبکہ ن طاق ہو؛ اس طرح جیسے ن بڑھتا ہے $س_ن$ عددی قیمت میں بڑھتا ہے اور نہایت $س_ن = \pm \infty$

سلسلہ $۱ + ۱ - ۲ + ۱ + ۱ - ۲ + ۱ + ۱ - ۲ + \ldots$ عدم تعین کے

محدود حدود کے درمیان اہتزاز کرتا ہے۔ س ن، ۱، ۲ یا صفر قیمت اختیار کرتا ہے بموجب اس کے کہ ن کی شکل ۳ ر + ۱، ۳ ر + ۲، یا ۳ ر ہو۔

سلسلہ جب ع + جب ۲ ع + ... + جب ن ع + ...

جہاں ع کی کوئی مستقل قیمت ہے جو نہ صفر ہے اور نہ ۲π کا ضعف ہے عدم تعیین کے محدود انتہاؤں کے درمیان اہتزاز کرتا ہے۔ اس صورت میں

$$س_ن = \frac{جب\ (ن+\frac{1}{2})ع}{2جم\frac{ع}{2}} - \frac{جم\ (ن+\frac{1}{2})ع}{2جم\frac{ع}{2}} = \frac{1}{2}\left[\frac{جب\ ن ع}{قم\frac{ع}{2}} قم ن ع - جم ن ع\right]$$

پس یہ ظاہر ہے کہ س ن ایک معین انتہا کی طرف مستدق نہیں ہوتا کیونکہ جم (ن + ½) ع کی کوئی معین انتہا نہیں ہے جبکہ ن کو غیر معین طور پر بڑھا دیا جائے۔ لیکن س ن، ن کی ہر قیمت کے لیے ½ (۱ + جم ع/۲) قم ع/۲ سے عدداً کم یا اس کے مساوی ہے۔

۱۹۳ (۱) ـــــ سلسلہ $ا_۱ + ا_۲ + ا_۳ + ... + ا_ن + ...$ کے استدقاق کے لیے ضروری اور کافی شرط یہ ہے کہ اختیاری طور پر منتخب کردہ ہر مثبت عدد عا کے جواب میں خواہ عا کتنا ہی چھوٹا ہو ن کی ایک قیمت ن عا متعین ہو سکے ایسی کہ ن عا رقموں کے بعد جزوی باقی سب کے سب مطلق قیمت میں عا سے کم ہوں۔

یہ دکھانے کے لئے کہ یہ شرط ضروری ہے مان لو کہ سلسلہ مستدق ہے اور اس طرح س کا وجود ہے۔ تب ن کی ایک قیمت ن عا متعین ہو سکتی ہے ایسی کہ

$س - س_{ن_{عا}}$، $س - س_{ن_{عا}+1}$، $س - س_{ن_{عا}+2}$، ... $س - س_{ن_{عا}+م}$، ...

سب کے سب مطلق قیمت میں $\frac{1}{2}$ عا سے کم ہیں ۔ اِس سے اِس واقعہ کا اظہار ہوتا ہے کہ نہا $\frac{س_ن}{ن}$ = س جبکہ عا کی اختیاری قیمتیں حساب میں لیگئی ہوں ۔

اب $ل_{ن+عا+1} + ل_{ن+عا+2} + \cdots + ل_{ن+عا+م} = (س_{ن+عا} - س_{ن+عا+م}) - (س_{ن} - س_{ن+عا})$

اور پھر یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ چونکہ $س_{ن+عا} - س_{ن}$، $س_{ن} - س_{ن+عا+م}$ دونوں عدداً $\frac{1}{2}$ عا سے کم ہیں اس لیے $ل_{ن+عا+1} + ل_{ن+عا+2} + \cdots + ل_{ن+عا+م}$ عدداً عا سے کم ہے؛

اور یہ م کی سب قیمتوں ۱، ۲، ۳، ... کے لیے درست ہے ۔

پھر یہ دِکھانے کے لیے کہ اوپر کی شرط کافی ہے ہم ایک اصول کی طرف رجوع کرتے ہیں جو استدقاق کے عام اصول کے طور پر مشہور ہے ۔ اِس اصول کے مطابق عددوں کے ایک توالی $س_1$، $س_2$، ...، $س_ن$، ... کی ایک معین انتہا ہوگی بشرطیکہ اختیاری طور پر منتخب کردہ ہر مثبت عدد عا کے جواب میں ن کی ایک قیمت $ن_{عا}$ متعین ہو سکے ایسی کہ اعداد (249)

$س_{ن+عا+1} - س_{ن}$، $س_{ن+عا+2} - س_{ن}$، ...، $س_{ن+عا+م} - س_{ن}$، ...

سب کے سب مطلق قیمت میں عا سے کم ہوں ۔ پس شرط کے کافی ہونے کے لیے ہمیں صرف یہ دیکھنا ہے کہ آیا $س_{ن+عا+م} - س_{ن}$، جزوی باقی

$ب_{ن، م}$ یا $ل_{ن+عا+1} + ل_{ن+عا+2} + \cdots + ل_{ن+عا+م}$ کے مساوی ہے ۔

اگر م = ا لیا جائے تو شرط میں یہ بات شامل ہے کہ ن کی

کافی بڑی قیمت لینے سے $ا_{ن+۱}$ اتنا چھوٹا بنایا جا سکتا ہے جتنا ہم چاہیں؛ پس یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ سلسلہ کے استدقاق کی ضروری شرط یہ ہے کہ نہا $ا_{ن}$ = ۰ ۔ لیکن یہ شرط بطور خود کافی نہیں ہے ۔

مستدق سلسلہ کے استدقاق کی تیزی ن کی اُس کم سے کم قیمت سے ناپی جا سکتی ہے جو صہ کی ایک دی ہوئی قیمت کے متناظر ایسی ہو کہ سب کے سب جزوی باقی $ب_{ن،م}$ مطلق قیمت میں صہ سے کم ہوں؛ یعنی رقموں کی اُس تعداد سے جن کا لینا ضروری ہے تاکہ جزوی باقی سب کے سب کسی مقررہ عدد سے کم ہوں ۔

ہندسی سلسلہ ۱ + لا + لا^{۲} + ... کی صورت میں جو قیمت $\frac{۱}{۱-لا}$ کی طرف مستدق ہوتا ہے جبکہ لا عدداً ایک سے کم ہو ہم دیکھتے ہیں کہ

$$ا_{ن+۱} + \cdots + ا_{ن+م} = \frac{لا^{ن}(۱-لا^{م})}{۱-لا}$$

اور لا کو مثبت فرض کرنے سے یہ صہ سے کم ہوگا م کی تمام قیمتوں کے لیے اگر $\frac{لا^{ن}}{۱-لا} <$ صہ ؛ اس صورت میں ن کی مناسب قیمت وہ صحیح عدد ہے جو $\frac{لوک صہ + لوک (۱-لا)}{لوک لا}$ سے عین بڑا ہے ۔ ن کی قیمت بڑھتی ہے جیسے لا بڑھتا ہے، اور اس لیے اس سلسلہ کے استدقاق کی تیزی گھٹتی ہے جیسے لا بڑھتا ہے ؛ لا جب ایک پر پہنچتا ہے تو ن غیر معین طور پر بڑھتا ہے ؛ اس طرح سلسلہ کا استدقاق غیر معین طور پر سست ہو جاتا ہے ۔ اگر لا = ۱ تو سلسلہ صریحاً متسع ہے ۔

۱۹۴ ——— اب ہم مستدق سلسلہ $ا_{۱} + ا_{۲} + \cdots + ا_{ن} + \cdots$ کی اُس صورت پر غور کرینگے جس میں مثبت رقمیں غیر معین تعداد میں ہیں اور نیز منفی رقمیں غیر معیّن تعداد میں ۔ فرض کرو کہ $|ا_{ن}|$ سے $ا_{ن}$ کی عددی قیمت

تعبیر کیجئے ہے، اِس طرح | ل ن | ، ل ن کے مساوی ہے یا۔ ل ن کے بموجب اس کے کہ ل ن مثبت ہے یا منفی۔ اب سلسلہ

| ل ۱ | + | ل ۲ | + | ل ۳ | + ... + | ل ن | + ...

پر غور کرو۔

اگر یہ آخری سلسلہ متدق ہے تو اصلی سلسلہ کو مطلقاً متدق کہتے ہیں لیکن اگر سلسلہ Σ | ل ن | متبع ہے تو سلسلہ Σ ل ن کو (250)
نیم متدق یا مشروطاً متدق یا اتفاقاً متدق کہتے ہیں۔

سلسلہ آ۲ - آ۲ + آ۳ + ... مطلقاً متدق ہے کیونکہ سلسلہ آ۲ + آ۲ + ... متدق ہے؛ لیکن سلسلہ آ۱ - آ۱ + آ۱ - ... صرف مشروطاً متدق ہے کیونکہ سلسلہ آ۱ + آ۱ + آ۱ + ... متبع ہے۔

سلسلہ ل ۱ - ل ۲ + ل ۳ - .... جس میں ارقام باری باری سے مثبت منفی ہیں ہمیشہ متدق (مطلقاً یا مشروطاً) ہوگا اگر ہر رقم عدداً رقم مابعد سے بڑی ہو اور نیز نہایت ل ن = ۰ کیونکہ

(-۱)ن ب ن، م = (ل ن+۱ - ل ن+۲) + (ل ن+۳ - ل ن+۴) + ...

= ل ن+۱ - (ل ن+۲ - ل ن+۳) - ....

اور اس لیے (-۱)ن ب ن، م مثبت ہے اور ل ن+۱ سے کم ہے یا اس کے مساوی۔ پس یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ن منتخب ہو سکتا ہے اتنا بڑا کہ | ب ن، م | صہ م کی تمام قیمتوں کے لیے خواہ صہ کتنا ہی چھوٹا ہو۔ اس لیے سلسلہ متدق ہے۔

۱۹۵ ـــــ مشروطاً متدق سلسلے میں رقموں کی ترتیب کو بدلا جائے

تو بالعموم مجموعہ بدل جائیگا۔ فرض کرو کہ پہلی ف مثبت رقموں کا مجموعہ $س_{ف}$ ہے اور پہلی ق منفی رقموں کا مجموعہ جن کی علامتیں بدل دی گئی ہیں $سَ_{ق}$ ہے تب اگر سلسلہ کو دوبارہ مرتب کیا جائے اِس طور پر کہ مثبت رقموں کا تواتر نہ بدلے اور نیز منفی رقموں کا تواتر نہ بدلے اور سلسلہ کی پہلی ف + ق رقموں میں سے ف رقمیں مثبت ہوں اور ق رقمیں منفی تو اس طور پر ترتیب یافتہ سلسلہ کا مجموعہ $س_{ف} - سَ_{ق}$ کی انتہا ہے جبکہ ف اور ق کو غیر معین طور پر بڑھا دیا جائے۔ اب چونکہ تواتر $س_{ف}$، $سَ_{ق}$ میں سے ہر ایک مثبت رقموں پر مشتمل ہے اس لیے $س_{ف}$ کی اور $سَ_{ق}$ کی انتہائیں دونوں محدود اور معین ہیں یا ورنہ لامتناہی۔ بموجب فرض دونوں محدود اور معین نہیں ہیں کیونکہ دیا ہوا سلسلہ مطلقاً مستدق نہیں ہے، اس لیے $س_{ف}$، $سَ_{ق}$ کی انتہاؤں میں سے کم از کم ایک لامتناہی ہے۔ اگر دونوں انتہائیں لامتناہی ہیں تو نہا ($س_{ف} - سَ_{ق}$) کی قیمت ف اور ق کی قیمتوں کے دو تواتروں پر منحصر ہوگی۔ اگر $س_{ف}$، $سَ_{ق}$ کی انتہاؤں میں سے صرف ایک لامتناہی ہے تو نہا ($س_{ف} - سَ_{ق}$) لامتناہی ہے اور اس لیے اصلی سلسلہ مستدق نہیں تھا۔ اگر سلسلہ کی اصلی ترتیب $ا_{۱} - ا_{۲} + ا_{۳} - ا_{۴} + \dots$ میں علامتیں باری باری سے مثبت اور منفی ہوں تو ف اور ق نسبتِ تساوی میں غیر معین طور پر بڑے ہو جاتے ہیں، لیکن اگر بالفرض ہم سلسلہ کو ترتیب $ا_{۱} + ا_{۳} - ا_{۲} + ا_{۵} - ا_{۴} + \dots$ میں لکھیں تو ف اور ق نسبت ۲ : ۱ میں غیر معین طور پر بڑے ہو جاتے ہیں، اور $س_{ف_{۲}} - سَ_{ق}$

اور س ق - سَ ق کی انتہائیں جبکہ ق کو غیر معیّن طور پر بڑھا دیا جائے بالعموم مساوی نہیں ہوتیں
مثلاً نیم مستدق سلسلہ ۱ - ½ + ⅓ - ¼ + ... پر غور کرو۔ اس کے مجموعہ کو
س سے تعبیر کیا جائے تو

$$س_{۴ن} = ۱ - \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۳} - \frac{۱}{۴} + \frac{۱}{۵} - \dots - \frac{۱}{۴ن}$$

$$= \sum_{۱}^{ن} \left(\frac{۱}{۴ن-۳} + \frac{۱}{۴ن-۱} - \frac{۱}{۴ن-۲} - \frac{۱}{۴ن} \right)$$

(251)

فرض کرو کہ سلسلہ س میں رقموں کی ترتیب کو بدلا گیا ہے اور اس طرح سلسلہ
۱ + ⅓ - ½ + ⅕ + ¼ - ⅐ + ... حاصل کیا گیا ہے۔ اِس کے مجموعہ کو سَ
سے تعبیر کرو تو ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$سَ_{۴ن} = \sum_{۱}^{ن} \left(\frac{۱}{۴ن-۳} + \frac{۱}{۴ن-۱} - \frac{۱}{۴ن-۲} \right)$$

$$\text{پس} \quad سَ_{۴ن} - س_{۴ن} = \sum_{۱}^{ن} \left(\frac{۱}{۴ن-۲} - \frac{۱}{۴ن} \right)$$

$$= \frac{۱}{۲} \sum_{۱}^{ن} \left(\frac{۱}{۲ن-۱} - \frac{۱}{۲ن} \right) = \frac{۱}{۲} س_{۲ن}$$

اس لیے جب ن لا انتہا بڑا ہو تو سَ = ¾ س۔ یہ مثال ڈرشلی (Dirichlet.) نے دی تھی جس نے سب سے اول یہ بتایا کہ نیم مستدق سلسلہ کا مجموعہ رقموں کی ترتیب پر منحصر ہوتا ہے۔

۱۹۶ ——— ریمن (Riemann) نے ثابت کیا ہے کہ نیم مستدق سلسلہ کی رقموں کو ایسی ترتیب میں مکرر مرتب کیا جا سکتا ہے کہ اِس نئے سلسلہ کا انتہائی مجموعہ کوئی دی ہوئی قیمت عہ اختیار کر سکے۔

فرض کرو کہ عہ مثبت ہے؛ اول ف مثبت رقمیں لو جہاں ف ایسا ہے کہ س_ف - ۱ < عہ اور س_ف > عہ؛ پھر ق منفی رقمیں لو

جہاں ق ایسا منتخب کیا جائے کہ $س_{ق} - سَ_{ق-ا} > عہ$ اور $س_{ق} - سَ_{ق} < عہ$؛
ثانیاً ف مثبت رقمیں لو ایسی کہ $س_{ق+ف-ا} - سَ_{ق} > عہ$ اور $س_{ق+ف} - سَ_{ق} < عہ$؛
پھر قَ منفی رقمیں لو ایسی کہ $س_{ق+ف} - سَ_{ق+قَ} > عہ$ اور $س_{ق+ف} - سَ_{ق+قَ-ا} < عہ$
اور علیٰ ہذا القیاس۔ اس طریقہ پر عمل جاری رکھنے سے ہمیں ایک سلسلہ حاصل ہوتا ہے ایسا کہ اس کا مجموعہ، عہ سے اس قدر فرق رکھتا ہے جو اس سلسلہ کی آخری رقم سے کم ہے، پس اگر ہم اس سلسلہ کی رقموں کی تعداد کو لا انتہا بڑا کر دیں تو اس کا مجموعہ عہ کی طرف مستدق ہوگا۔
یہ بھی ثابت کیا جا سکتا ہے کہ رقموں کو ایسی مکرر ترتیب میں رکھا جا سکتا ہے کہ نیا سلسلہ متسع ہو یا یہ کہ وہ اہتزاز کرے۔

ملتف سلسلوں کا استدقاق

۱۹۷ ——— فرض کرو کہ ملتف عددوں کا ایک تواتری $ی_{ا}، ی_{۲}، ی_{۳}، \ldots، ی_{ن}، \ldots$ ہے جس میں $ی_{ن}$ لان + خ مان کو تعبیر کرتا ہے جہاں لان اور مان حقیقی عدد ہیں۔ فرض کرو

$$س_{ن} = ی_{ا} + ی_{۲} + \ldots + ی_{ن}،$$

$$س_{ن} = لا_{ا} + لا_{۲} + لا_{۳} + \ldots + لا_{ن}،$$

$$سَ_{ن} = ما_{ا} + ما_{۲} + ما_{۳} + \ldots + ما_{ن}$$

اس طرح $س_{ن} = س_{ن} + خ سَ_{ن}$

اگر س$_ن$ کی ایک مُعین انتہا جبکہ ن کو غیر معین طور پر بڑھا دیا جائے س ہو جو خود ایک ملتف یا حقیقی عدد ہے تو لامتناہی سلسلہ

ی$_۱$ + ی$_۲$ + ی$_۳$ + ... + ی$_ن$ + ...

کو مستدق کہتے ہیں اور س کو اس کا انتہائی مجموعہ یا صرف مجموعہ۔

وہ شرط کہ س = نہا س$_ن$ یہ ہے کہ |س - س$_ن$| صفر کی طرف مستدق ہو جبکہ ن کو غیر معین طور پر بڑھا دیا جائے۔ اس طرح اگر

س - س$_ن$ = غ$_ن$ (جم ط$_ن$ + خ جب ط$_ن$)

(252) تو ہمیں حاصل ہونا چاہیے نہا غ$_ن$ = ۰، اگر س = س + خ س جہاں س اور س حقیقی ہیں تو ہمیں حاصل ہوتا ہے س - س$_ن$ = غ$_ن$ جم ط$_ن$، س - س$_ن$ = غ$_ن$ جب ط$_ن$، تب یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اگر نہا غ$_ن$ = ۰ تو نہا (س - س$_ن$) = ۰، نہا (س - س$_ن$) = ۰، یعنی س$_ن$، س$_ن$ علی الترتیب س اور س کی طرف مستدق ہوتے ہیں۔ پس یہ معلوم ہوتا ہے کہ سلسلہ ی$_۱$ + ی$_۲$ + ی$_۳$ + ... + ی$_ن$ + ... کے مستدق ہونے کے لیے یہ ضروری ہے کہ دو سلسلے لا$_۱$ + لا$_۲$ + لا$_۳$ + ... ، اور ما$_۱$ + ما$_۲$ + ما$_۳$ + ... دونوں مستدق ہونے چاہئیں۔ اِس کے برعکس اگر یہ آخری دو سلسلے مستدق ہیں تو ملتف عددوں کا سلسلہ بھی مستدق ہے، کیونکہ

$|(س + خ_{ن}س) - (س_{ن} + خ_{ن}س)| \leqslant |س - س_{ن}| + |س - س_{ن}|$

اب اگر نہایت $س_{ن} = س$، نہایت $س_{ن} = س$ تو ہم ن کی ایک قیمت $ن_{صہ}$ منتخب کر سکتے ہیں اتنی بڑی کہ

$|س - س_{ن}| < \frac{1}{2}$ صہ، $|س - س_{ن}| < \frac{1}{2}$ صہ بشرطیکہ ن $\geqslant ن_{صہ}$ - پس نتیجہ نکلتا ہے کہ

$|(س + خ_{ن}س) - (س_{ن} + خ_{ن}س)| <$ صہ اگر ن $\geqslant ن_{صہ}$ ؛ اور چونکہ صہ اختیاری ہے اس لیے ہمیں حاصل ہوتا ہے نہا $(س_{ن} + خ_{ن}س) = س + خ_{ن}س$، اور اس طرح ملتف عددوں کا سلسلہ مستدق ہے۔ اگر مجموعوں Σ لا، Σ ما میں سے کسی کی انتہائی قیمت محدود نہ ہو یا ان میں سے کوئی سلسلہ اہتزاز کرے تو سلسلہ Σ ی مستدق نہیں ہوگا۔

فرض کرو کہ ی $_{ن}$ = ر $_{ن}$ (جم طن + خ جب طن)۔ اب ہم یہ ثابت کرینگے کہ سلسلہ Σ ی مستدق ہوگا اگر سلسلہ Σ ر جس میں ہر رقم ر $_{ن}$ متناظر رقم ی $_{ن}$ کا مقیاس ہے مستدق ہو۔ دیا ہوا سلسلہ Σ ر $_{ن}$ (جم طن + خ جب طن) مستدق ہے بشرطیکہ سلسلوں Σ ر $_{ن}$ جم طن، Σ ر $_{ن}$ جب طن میں سے ہر ایک مستدق ہو۔ اب اعداد ر $_{ن}$ جم طن، ر $_{ن}$ جب طن میں سے ہر ایک، عددوں $\pm$ ر $_{ن}$ کے درمیان واقع ہوتا ہے؛ نیز سلسلوں Σ ر جم ط، Σ ر جب ط میں سے ہر ایک کے لیے عدد $س_{ن+م} - س_{ن}$، سلسلہ Σ ر کے متناظر جزوی باقی سے عدداً کم ہے پس اگر یہ آخری سلسلہ Σ ر مستدق ہے تو سلسلوں Σ ر جم ط، Σ ر جب ط میں سے ہر ایک مستدق ہے، اور اس لیے سلسلہ Σ ی $_{ن}$ مستدق ہے۔

اس کا عکس ضروری نہیں کہ درست ہو، چنانچہ سلسلہ

$\Sigma_{ن}$ (جم ط$_{ن}$ + خ جب ط$_{ن}$)

مستدق ہوسکتا ہے اور معہذا سلسلہ $\Sigma_{ن}$ متبع۔

اگر سلسلہ $\Sigma_{ن}$ جو مقیاسوں کے مجموعہ سے بنا ہے مستدق ہو تو سلسلہ

$\Sigma_{ن}$ (جم ط$_{ن}$ + خ جب ط$_{ن}$)

کو مطلقاً مستدق کہتے ہیں۔

مثلاً وہ سلسلہ جس کی عام رقم $ن^{۲}$ (جم ن ط + خ جب ن ط) ہے مطلقاً مستدق ہے کیونکہ سلسلہ $\Sigma_{ن}$ $ن^{۲}$ مستدق ہے؛ لیکن وہ مستدق سلسلہ جس کی عام رقم $ن^{۱}$ (جم ن ط + خ جب ن ط) ہے (جہاں ۲ π > ط > ۰) مطلقاً مستدق نہیں ہے کیونکہ سلسلہ $\Sigma_{ن}$ $ن^{۱}$ متبع ہے۔

مسلسل تفاعل (253)

۱۹۸ ——— فرض کرو کہ ملتف عدد ی = لا + خ ما کا ایک تفاعل ف(ی) ہے جس کی ایک واحد محدود قیمت ہے ی کی ہر قیمت کے لیے جو کسی دیے ہوئے حدود کے درمیان واقع ہے۔ تب اِس تفاعل کی ایک واحد قیمت ہوگی اُس شکل کے ہر نقطہ کے لیے جو ایک خاص رقبہ کے اندر واقع ہوتی ہے۔ یہ رقبہ، ی کو تعبیر کرنیوالے مستوی کا کوئی محدود حصہ ہوسکتا ہے یا اس مستوی کا پورا حصہ۔

کوئی تفاعل نقطہ ی = ی$_{۱}$ پر **مسلسل** کہلاتا ہے اگر ایک **مثبت عدد ع ہمیشہ معلوم کیا جا سکے ایسا کہ ف(ی) ـ ف(ی$_{۱}$) کا**

مقیاس کسی مقررہ مثبت عدد صہ سے خواہ یہ کتنا ہی چھوٹا ہو کم ہو ی کی اُن تمام قیمتوں کے لیے جن کے لیے ی۔ ی، کا مقیاس عا سے کم ہے۔ صہ کی ہر قیمت کے لیے عا کی ایک قیمت موجود ہونی چاہیے۔

کوئی تفاعل جو کسی دیے ہوئے رقبہ کے اندر ہر نقطہ پر اِس شرط کو پورا کرے اِس رقبہ کے اندر مسلسل کہلاتا ہے۔ رقبہ کا احاطہ ممکن ہے شامل ہو یا ممکن ہے شامل نہ ہو۔

یکساں استدقاق

۱۹۹ ـــــ فرض کرو کہ ی یا لا + خ ما کا ایک تفاعل ف$_ن$ (ی) ہے جو کسی رقبہ میں مسلسل ہے۔ تب اگر

سلسلہ ف$_۱$ (ی) + ف$_۲$ (ی) + ف$_۳$ (ی) + ... + ف$_ن$ (ی) + ...

مستدق ہو تو ہم اِس کے انتہائی مجموعہ کو فا (ی) سے تعبیر کر سکتے ہیں۔ فرض کرو کہ مجموعہ

ف$_۱$ (ی) + ف$_۲$ (ی) + ... + ف$_ن$ (ی)

جہاں ن کوئی مستقل عدد ہے س$_ن$ (ی) کے مساوی ہے، تب ف$_{ن+۱}$ (ی) + ف$_{ن+۲}$ (ی) + ... کے انتہائی مجموعہ کو ن رقموں کے بعد والا باقی کہتے ہیں اور اس کو ب$_ن$ (ی) سے تعبیر کر سکتے ہیں۔ پس ہمیں حاصل ہوتا ہے

فا (ی) = س$_ن$ (ی) + ب$_ن$ (ی)

اب فرض کرو کہ کسی دیے ہوئے مثبت عدد صہ کے جواب میں خواہ یہ کتنا ہی چھوٹا ہو ن کی ایک قیمت' ی پر غیر منحصر' معلوم کی جا سکتی ہے ایسی کہ ی کی تمام قیمتوں کے لیے جو کسی دیے ہوئے رقبہ کے اندر موقوعہ نقطوں سے تعبیر ہوتی ہیں ب کا مقیاس صہ سے کم ہے جہاں م ≤ ن تو ہم کہتے ہیں کہ سلسلہ یکساں طور پر مستدق ہوتا ہے ی کی اُن تمام قیمتوں کے لیے جو اُس رقبہ میں موقوعہ نقطوں سے تعبیر ہوتی ہیں۔ صحیح عدد ن قیمت میں صہ پر منحصر ہوگا

لیکن اگر ی رقبہ کے اندر کسی ثابت قیمت ی کے لا انتہا قریب آئے اور تمام باقیوں ب (ی) کے مقیاس کو صہ سے کم کرنے کے لیے ن کو غیر معین طور پر بڑھتا ہوا فرض کرنا ضروری ہو تو نقطہ ی کے قرب میں سلسلہ یکساں طور پر مستدق نہیں ہوتا اور ہم (254) کہتے ہیں کہ وہ لا انتہا سست رفتار سے مستدق ہوتا ہے۔

نقطہ ی کو جس کے لیے صہ منتخب ہو سکے ایسا کہ صورت مذکورۂ بالا واقع ہو وہ نقطہ کہتے ہیں جس کے قرب میں استدقاق غیر یکساں ہے یا بعض اوقات اس کو صرف غیر یکساں استدقاق کا نقطہ کہتے ہیں اگر سلسلہ خود اس نقطہ پر مستدق ہو۔ ایسے نقطہ کا احاطہ کرنے والے کسی رقبہ کے لیے یہ ناممکن ہے کہ ن کی کوئی مستقل قیمت مقرر کیجا سکے ایسی کہ اس رقبہ کے اندر ی کی تمام قیمتوں کے لیے ب کے مقیاس کافی طور پر چھوٹی مثبت مقدار صہ سے کم ہوں؛ اور اِس لیے یہ سلسلہ یکساں طور پر اِس کل رقبہ میں مستدق نہیں ہوتا اگر ی = ی تو سلسلہ یا مستدق ہو سکتا ہے یا قسیع۔

ہم اِس امر کو یوں بیان کر سکتے ہیں:۔

فرض کرو کہ جیسے ی کسی ثابت قیمت ی کے نزدیک آتا ہے

ایک مثبت عدد صہ مقرر ہو سکتا ہے ایسا کہ سلسلہ ف۱ (ی) + ف۲ (ی) + ف۳ (ی) + ۔۔۔۔ کی رقموں کی وہ تعداد ن (جن کا لینا ضروری ہے تاکہ |ب م (ی)| < صہ جہاں م ≤ ن) ی - ی۱ کے مقیاس پر منحصر ہو اس طور پر کہ ن مسلسل بڑھتا ہے جیسے مق |(ی - ی۱)| گھٹتا ہے اور لا انتہا بڑا ہو جاتا ہے جبکہ مق (ی - ی۱) لا انتہا چھوٹا ہو جاتا ہے تو ہم کہتے ہیں کہ سلسلہ ی۱ کے قرب میں غیر یکساں طور پر مستدق ہوتا ہے۔

ایسے کسی نقطہ کے قرب میں سلسلہ کے استدقاق کی شرح لا انتہا تیزی سے متغیر ہوتی ہے اور جب مق |ی - ی۱| کو لا انتہا گھٹایا جاتا ہے تو سلسلہ لا انتہا سست رفتار سے مستدق ہوتا ہے۔

یہ مشاہدہ طلب ہے کہ کوئی مستدق عددی سلسلہ لا انتہا سست رفتار سے مستدق نہیں ہو سکتا؛ مثلاً جب، ی = ی تو سلسلہ ف۱ (ی) + ف۲ (ی) + ۔۔۔۔ کا استدقاق، اگر سلسلہ مستدق ہے تو، لا انتہا سست نہیں ہے؛ صرف اُس صورت میں جبکہ ی متغیر ہو اس طور پر کہ مق |(ی - ی۱)| لا انتہا گھٹے سلسلہ

ف۱ (ی) + ف۲ (ی) + ۔۔۔۔

لا انتہا سست رفتار سے مستدق ہوتا ہے۔ پس یہ کہنے کی بجائے کہ کوئی سلسلہ ایک نقطہ پر غیر یکساں طور پر مستدق ہے یہ کہنا زیادہ صحیح ہے کہ سلسلہ اُس نقطہ کے قرب غیر یکساں طور پر مستدق ہے۔ رقموں کی وہ تعداد ن جن کا لینا ضروری ہے تاکہ باقی ف۱ (ی) کے مقیاس کافی طور پر چھوٹے عدد صہ سے کم ہو سکیں بڑھتی ہے جیسے ی قیمت ی۱ کے نزدیک آتا ہے اور لا انتہا بڑی ہو جاتی ہے جب مق |ی - ی۱| مسلسل

گھٹتا جاتا ہے، اور پھر اگر سلسلہ نقطہ ی پر مستدق ہے تو رقموں کی یہ تعداد یا تک ایک محدود قیمت اختیار کر لیتی ہے۔ پس یہ عدد ن خود ایسے نقطہ کے قرب میں غیر مسلسل ہے۔

اگر کسی رقبہ ا میں اس کے ہر نقطہ پر ہمیں حاصل ہو (255)

$$|ف_1(ی)| \leqslant ا_1، |ف_2(ی)| \leqslant ا_2، \ldots، |ف_ن(ی)| \leqslant ا_ن \ldots$$

جہاں $ا_1، ا_2 \ldots ا_ن \ldots$ مستقل مثبت عدد ہیں ایسے کہ سلسلہ $ا_1 + ا_2 + ا_3 + \ldots + ا_ن + \ldots$ مستدق ہے تو سلسلہ

$$ف_1(ی) + ف_2(ی) + \ldots$$

رقبہ ا میں یکساں طور پر مستدق ہوتا ہے۔ اس مسئلہ سے یکساں استدقاق کی ایک جانچ ملتی ہے جو خاص خاص صورتوں پر استعمال کرنے میں بڑے کام آتی ہے؛ اس کو ویرسٹراس کی جانچ کہتے ہیں۔ اس کو ثابت کرنے کے لیے ہم دیکھتے ہیں کہ اگر صہ کوئی اختیاری طور پر منتخب کردہ مثبت عدد ہو تو ن منتخب ہو سکتا ہے ایسا کہ $ا_{ن+1} + ا_{ن+2} + \ldots + ا_{ن+م}$ صہ سے کم ہو جہاں ن ⩽ ن صہ۔ نیز ی کی ہر قیمت کے لیے

$$\left| ف_{ن+1}(ی) + ف_{ن+2}(ی) + \ldots + ف_{ن+م}(ی) \right|$$

کا مقیاس $ا_{ن+1} + ا_{ن+2} + \ldots + ا_{ن+م}$ سے بڑا نہیں ہے اور اس لیے صہ سے کم ہے۔ چونکہ م کی ہر قیمت کے لیے یہ درست ہے ہم دیکھتے ہیں کہ ملتف سلسلہ مستدق ہے اور ی کی ہر قیمت کے لیے |ب_ن(ی)| < صہ،

Weierstrass's test

بشرطیکہ ن ≥ ن صہ - اس لیے سلسلہ رقبہ ا میں یکساں طور پر مستدق ہوتا ہے۔

نوٹ :- بعض مصنفین سلسلہ کو ایک دیے ہوئے رقبہ میں یکساں مستدق اُس وقت کہتے ہیں جبکہ ایک عدد ن معلوم ہو سکے ایسا کہ ی کی تمام قیمتوں کے لیے باقی ب ن کا مقیاس صہ سے کم ہو۔ لیکن ہماری تعریف جو اس کتاب میں دی گئی ہے اس تعریف سے زیادہ وسیع ہے؛ ایسے سلسلوں کا بنانا ممکن ہے جو ہماری تعریف کی بموجب یکساں طور پر مستدق نہ ہوتے ہوں لیکن اُس تعریف کی بموجب ہوں جو دیگر مصنفین بیان کرتے ہیں۔

۲۰۰ ـــــ اگر تفاعلات ف (ی)، ف (ی)، ... مسلسل ہوں ی کی تمام قیمتوں کے لیے جو ایک دیے ہوئے رقبہ ا میں موقوعہ نقطوں سے تعبیر ہوتی ہیں تو تفاعل فا (ی) جو مستدق سلسلہ ⊵ ف (ی) کے مجموعہ کو تعبیر کرتا ہے ایک مسلسل تفاعل ہے ی کی تمام قیمتوں کے لیے جو اِس رقبہ ا میں موقوعہ نقطوں سے تعبیر ہوتی ہیں بشرطیکہ سلسلہ ⊵ ف (ی) پورے رقبہ ا میں یکساں طور پر مستدق ہو۔

کیونکہ ہمیں حاصل ہوتا ہے فا (ی) = س ن + ب ن جہاں ن مثبت صحیح عدد ہے ایسا کہ ی کی زیر بحث تمام قیمتوں کے لیے ب ن کا مقیاس صہ سے کم ہے۔ فرض کرو کہ ی میں مف ی کا اضافہ کر دیا گیا ہے اور فرض کرو کہ اِس اضافہ کے متناظر فا (ی)، س ن، اور ب ن میں اضافے علی الترتیب مف فا (ی)، مف س ن، مف ب ن ہیں۔ تب چونکہ بموجب فرض ب ن اور ب ن + مف ب ن کے مقیاس دونوں صہ سے کم ہیں اس لیے مف ب ن کا مقیاس ۲ صہ سے کم ہے۔

نیز چونکہ $س_{ن}$، ی کا ایک مسلسل تفاعل ہے اس لیے اگر مف ی کا مقیاس کافی چھوٹا ہو تو مف $س_{ن}$ کا مقیاس صہ سے کم ہوگا؛ پس اگر مق مف ی ایک خاص قیمت سے کم ہو تو مف $س_{ن}$ + مف $ب_{ن}$ کا یا مف فا (ی) کا مقیاس ۳ صہ سے کم ہے کیونکہ مف $س_{ن}$ + مف $ب_{ن}$ (256) کا مقیاس مف $س_{ن}$ اور مف $ب_{ن}$ کے مقیاسوں کے مجموعہ سے بڑا نہیں ہے۔ اب ۳ صہ کو ہم اتنا چھوٹا لے سکتے ہیں جتنا چاہیں، اس لیے مف ی کو کافی چھوٹا لینے سے مق مف فا (ی) کو اتنا چھوٹا بنایا جا سکتا ہے جتنا ہم چاہیں؛ اِس کے وہی معنے ہیں کہ تفاعل فا (ی) مسلسل ہے۔

یہ مشاہدہ طلب ہے کہ اس ثبوت کے لیے یکساں استدقاق کی وہ کم سخت تعریف کافی ہے جو دفعہ ۱۹۹ کے نوٹ میں دی گئی ہے۔

۲۰۱ ——— اگر ی کی قیمت $ی_{۱}$ کے لیے اس کے قرب میں سلسلہ کا استدقاق غیر یکساں ہو تو یہ ضروری نہیں ہے کہ سلسلہ کا مجموعہ مسلسل ہو؛ اس صورت میں دفعہ ماسبق کا استدلال ناکام رہتا ہے۔ تفاعل ف (ی) کی انتہائی قیمت جبکہ ی = $ی_{۱}$، ف ($ی_{۱}$) ہے لیکن اس سے یہ مستنبط نہیں ہوتا کہ جیسے ی، $ی_{۱}$ کی طرف متدق ہوتا ہے $\overset{ن}{\underset{۱}{\Sigma}}$ {ف (ی) - ف ($ی_{۱}$)} صفر کی طرف متدق ہوتا ہے۔ ہم مجموعہ $\overset{ن}{\underset{۱}{\Sigma}}$ {ف (ی) - ف ($ی_{۱}$)} کو فا (ن، ی - $ی_{۱}$) سے تعبیر کر سکتے ہیں، جو ن اور ی - $ی_{۱}$ کا تفاعل ہے۔ اب جبکہ ی کو پہلے $ی_{۱}$ کے مساوی بنایا جاتا ہے اور پھر ن کو لاتناہی بنایا جاتا ہے تو فا (ن، ی - $ی_{۱}$) کی انتہائی قیمت صفر ہے، لیکن اگر ن کو پہلے لاتناہی بنایا جائے اور بعد میں ی - $ی_{۱}$ کو صفر تو فا (ن، ی - $ی_{۱}$) کی انتہائی قیمت کا

صفر ہونا ضروری نہیں ہے۔

اِس واقعہ کی تمثیل کے لیے اسٹوکس (Stokes) حقیقی سلسلہ

$$\frac{۱+۵\,لا}{۲(۱+لا)}+\cdots+\frac{لا(لا+۲)\,ن^{۲}+لا(۴-لا)\,ن+۱-لا}{ن(ن+۱)\{(ن-۱)لا+۱\}(ن\,لا+۱)}+\cdots$$

پر غور کرتا ہے۔ اگر لا = ۰ تو یہ سلسلہ ہو جاتا ہے

$$\frac{۱}{۲\times۱}+\cdots+\frac{۱}{ن(ن+۱)}+\cdots$$

اب سلسلہ بالا کی عام رقم ہے

$$\frac{۱}{ن(ن+۱)}+\frac{۲\,لا}{\{(ن-۱)لا+۱\}(ن\,لا+۱)}$$

یا $\left\{\frac{۱}{ن}+\frac{۲}{(ن-۱)\,لا+۱}\right\}-\left\{\frac{۱}{ن+۱}+\frac{۲}{ن\,لا+۱}\right\}$

اس لیے سلسلہ کا مجموعہ ۳ ہے خواہ لا کوئی قیمت سوائے صفر کے اختیار کرے۔

سلسلہ $\frac{۱}{۲\times۱}+\frac{۱}{۳\times۲}+\cdots$ کا مجموعہ ایک ہے اور اس لیے دیے ہوئے سلسلہ کا مجموعہ، لا کی قیمت صفر کے قرب میں غیر مسلسل ہے۔

ن رقموں کے بعد باقی $\frac{۱}{ن+۱}+\frac{۲}{ن\,لا+۱}$ ہے؛ اِس کو صہ کے مساوی رکھنے سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ

$$ن=\frac{\left\{لا+۲-صہ(لا+۱)+لا\left\{صہ(لا+۱)-(لا+۲)\right\}^{۲}-۴\,صہ\,لا\,(صہ-۳)\right\}}{۲\,صہ\,لا}$$

جو لا انتہا بڑھتا ہے جیسے لا، لا انتہا چھوٹا ہوتا ہے۔ اس لیے دیا ہوا سلسلہ لا انتہا سُست رفتار سے متدق ہوتا ہے جبکہ لا، لا انتہا چھوٹا ہو۔ سلسلہ کے مجموعہ میں عدم تسلسل کی یہی وجہ ہے۔

(257) سلسلوں کے یکساں اور غیر یکساں استمرار کے درمیان امتیاز کا انکشاف بالعموم سیڈیل (Siedel)

سے منسوب کیا جاتا ہے جس نے اپنا مضمون "Note über eine Eigenschaft" بیویرین اکاڈیمی کے "Transactions" بابتہ ۱۸۴۴ء میں شایع کیا تھا۔ لیکن یہ نظریہ اس سے قبل اسٹوکس نے ایک مقالہ[1] "On the Critical Values of the sums" میں شایع کیا تھا جس کو اُس نے کیمبرج فلاسیفکل سوسائٹی کے روبرو ۶ دسمبر ۱۸۴۷ء کو پڑھا تھا۔ اگرچہ اِس نظریہ کو سیڈیل نے اسٹوکس کی بہ نسبت بعض باتوں میں زیادہ مکمل طور پر بیان کیا ہے تاہم اسٹوکس کو اس امر میں سبقت حاصل ہے کہ اُس نے اُن تفاعلوں کے عدم تسلسل کی اصلی وجہ دریافت کی جو لامتناہی سلسلوں سے تعبیر ہوتے ہیں[2]۔ اس مضمون میں حال میں جو ترقی ہوئی ہے اُس میں یکساں اور غیر یکساں استدقاق کے درمیانی امتیاز کو بہت اہمیت حاصل ہے۔

سیڈیل نے اِس امر کو حسب ذیل مسئلہ میں مختصر کر دیا ہے:۔ اگر ایک مستدق سلسلہ دیا جائے جس کی واحد ارقام متغیری کے مسلسل تفاعل ہیں اور جو ی کے ایک غیر مسلسل تفاعل کو تعبیر کرتا ہے تو ایک نقطہ کے عین قرب میں جہاں تفاعل غیر مسلسل ہے ی کی قیمتیں مقرر کی جا سکتی ہیں ایسی کہ اِن کے لیے سلسلہ اِتنی سست رفتار سے مستدق ہو جتنی ہم چاہیں۔

سلسلہ ہندسیہ

۲۰۲ ——— سلسلہ ہندسیہ ۱ + ی + ی^{۲} + ... + ی$^{ن-۱}$ پر غور کرو جہاں ی = لا + خ ما = ر (جم ط + خ جب ط)۔ اس سلسلہ کا مجموعہ ہے

$$\frac{۱ - ی^{ن}}{۱ - ی} \text{ یا } \frac{۱ - ر^{ن} (\text{جم ن ط} + \text{خ جب ن ط})}{۱ - ر (\text{جم ط} + \text{خ جب ط})}$$

رکھو ۱ - ر جم ط = غہ جم ف، ر جب ط = غہ جب ف

---

[1] دیکھو Stoke's "Collected Works" Vol.I.

[2] اس انکشاف کی تاریخ کے لیے دیکھو Reiff s "Geschichte . . . . . "

تو $\quad غہ = +\sqrt{۱ - ۲ ر جم ط + ر^۲}$

پس مجموعہ ہو جاتا ہے

$$\frac{۱}{غہ}(جم فہ + خ جب فہ) - \frac{ر^ن}{غہ}\{جم (ن ط + فہ) + خ جب (ن ط + فہ)\} \text{ ؛}$$

اور ن کو جب لا انتہا بڑا کر دیا جاتا ہے تو اس مجموعہ کی دوسری رقم کا مقیاس لا انتہا چھوٹا ہو جاتا ہے اگر $ر < ۱$ ؛ لیکن اگر $ر > ۱$ تو یہ لا متناہی ہو جاتا ہے

پس یہ لا متناہی سلسلہ

$$۱ + ی + ی^۲ + \ldots\ldots + ی^{ن-۱} + \ldots\ldots$$

مستدق ہوتا ہے اگر ی کا مقیاس ایک سے کم ہو اور تب اس کا مجموعہ ہے

$$\frac{۱}{غہ}(جم فہ + خ جب فہ) = \frac{۱ - ر جم ط + خ ر جب ط}{۱ - ۲ ر جم ط + ر^۲}$$

اگر ی کا مقیاس ایک سے بڑا ہو تو سلسلہ متبع ہوگا ؛ اور اگر مق ی ایک ہو تو بھی سلسلہ مستدق نہیں ہوگا کیونکہ دو سلسلوں کے جس ن ط اور کے جب ن ط کے مجموعے جو دفعہ ۴۷ میں معلوم کیے جا چکے ہیں ایک معین انتہا پر نہیں پہنچتے جبکہ ن کو لا انتہا بڑا کر دیا جاتا ہے۔ (258)

سلسلہ اور اس کے مجموعہ کے حقیقی اور خیالی حصوں کو مساوی رکھنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\frac{۱ - ر جم ط}{۱ - ۲ ر جم ط + ر^۲} = ۱ + ر جم ط + ر^۲ جم ۲ ط + \ldots\ldots + ر^ن جم ن ط + \ldots\ldots \text{ ،}$$

$$\frac{ر جب ط}{۱ - ۲ ر جم ط + ر^۲} = ر جب ط + ر^۲ جب ۲ ط + \ldots\ldots + ر^ن جب ن ط + \ldots\ldots \text{ ؛}$$

یہ سلسلے ر کی تمام قیمتوں کے لیے جو ± ۱ کے درمیان واقع ہوں درست ہیں سوائے $ر = ۱$ اور $ر = -۱$ کے جن کے لیے یہ سلسلے مستدق نہیں ہیں۔ اس کا مشاہدہ کرنے کے لیے ابتدائی سلسلہ میں صرف ی کی بجائے۔ ی

رکھنے کی ضرورت ہے۔

سلسلہ ہندسیہ، ی کی تمام قیمتوں کے لیے یکساں طور پر مستدق ہے اگر ی کا مقیاس $\geqslant$ ۱-ضہ سے۔ جہاں ضہ کوئی مستقل مثبت عدد ہے خواہ یہ کتنا ہی چھوٹا ہو۔ کیونکہ پہلی ن رقموں کے بعد باقی $\frac{\text{ی}^{\text{ن}}}{\text{۱-ی}}$ ہے اور اس کا مقیاس $\frac{(\text{۱-ضہ})^{\text{ن}}}{\text{ضہ}}$ سے کم ہے؛ تب سلسلہ ایسا ہوگا کہ ی کی ان تمام قیمتوں کے لیے جن کا مقیاس $\leqslant$ ۱-ضہ سے

$$|\text{ب}_{\text{ن}}(\text{ی})| \leqslant \text{صہ}$$

اگر $\frac{(\text{۱-ضہ})^{\text{ن}}}{\text{ضہ}} < \text{صہ}$، یا اگر ن $> \frac{\text{لوک ضہ} + \text{لوک صہ}}{\text{لوک (۱-ضہ)}}$

پس چونکہ ن کا منتخب کرنا ممکن ہے اس طرح کہ ی کی تمام قیمتوں کے لیے (جن کے مقیاس $\leqslant$ ۱-ضہ سے) ن رقموں کے بعد والے باقی صہ سے کم ہوں اور چونکہ ن کی اس سے تمام بڑی قیمتوں کے لیے یہ درست ہے اس لیے ایسی تمام قیمتوں کے لیے سلسلہ یکساں طور پر مستدق ہوتا ہے۔

اس طرح یہ ثابت ہو چکا کہ سلسلہ ہندسیہ کسی ایسے دائرہ سے محدود رقبہ میں یکساں طور پر مستدق ہے جو اکائی نصف قطر والے (مرکز مبدا پر) دائرہ کے اندر واقع ہو اور اس کا ہم مرکز ہو۔

صعودی صحیح قوتوں کے سلسلے

۲۰۳ ——— اب ہم اس عام قوتی سلسلہ

$$\text{ا}_{\text{۰}} + \text{ا}_{\text{۱}}\text{ی} + \text{ا}_{\text{۲}}\text{ی}^{\text{۲}} + \cdots + \text{ا}_{\text{ن}}\text{ی}^{\text{ن}} + \cdots$$

پر غور کرینگے جہاں ا۰، ا۱، ا۲، .... مختلف عدد ہیں جو مختلف متغیری پر منحصر نہیں ہیں۔ فرض کرو کہ ی کا مقیاس ر سے تعبیر ہوتا ہے اور ا۰، ا۱، ا۲، .... کے مقیاس ع۰، ع۱، ع۲، .... سے مقیاسوں کا سلسلہ ہے

ع۰ + ع۱ ر + ع۲ ر۲ + ... + عن رن + ...

(256) اگر یہ سلسلہ مستدق ہو تو ی کا مندرجہ بالا سلسلہ مطلقاً مستدق ہوگا۔ اگر مقیاسوں کا سلسلہ ر کی کسی قیمت کے لیے مستدق ہوتا ہو تو ر کی اس سے چھوٹی قیمتوں کے لیے وہ مستدق ہوگا؛ اور اگر وہ ر کی کسی قیمت کے لیے متسع ہو تو ر کی اس سے بڑی قیمتوں کے لیے بھی وہ متسع ہوگا۔ سلسلہ ع۰ + ع۱ ر + ع۲ ر۲ + ... سے متعلق تین صورتیں پیدا ہو سکتی ہیں:-

(۱) یہ سلسلہ، صفر سے مختلف ر کی بعض قیمتوں کے لیے مستدق ہو سکتا ہے اور باقی دوسری قیمتوں کے لیے متسع؛ تب ایک مثبت عدد غہ موجود ہوتا ہے ایسا کہ یہ سلسلہ مستدق ہوتا ہے جبکہ ر < غہ اور متسع ہوتا ہے جبکہ ر > غہ۔ جب، ر = غہ تو سلسلہ مستدق ہو سکتا ہے یا متسع۔

(۲) یہ سلسلہ ر کی تمام قیمتوں کے لیے مستدق ہو سکتا ہے؛ اس امر کو غہ = ∞ سے ظاہر کرنا سہولت بخش ہے۔

(۳) یہ سلسلہ ر کی تمام قیمتوں کے لیے سوائے ر = ۰ کے متسع ہو سکتا ہے؛ اس کو غہ = ۰ سے ظاہر کیا جا سکتا ہے۔

کسی دی ہوئی صورت میں عدد غہ معلوم کرنے کے لیے ہم عن/ن کی قیمتوں پر غور کرتے ہیں۔ یہ ہو سکتا ہے کہ عن/ن ایک معین انتہا | کی طرف مستدق ہو جبکہ ن کو لا انتہا بڑھا دیا جائے؛ ایسی صورت میں اگر صہ کوئی اختیاری طور پر منتخب کردہ مثبت عدد ہو اتنا چھوٹا جتنا ہم چاہیں تو عن/ن، ن کی تمام قیمتوں کے لیے (مع ایسی قیمتوں کی ایک محدود تعداد کے

استثنا کے) ۱ + صہ اور ۱ - صہ کے درمیان واقع ہوتا ہے - زیادہ عام صورت میں یہ ہو سکتا ہے کہ ایک مثبت عدد ۱ موجود ہو ایسا کہ ن کی تمام قیمتوں کے لیے (سوائے ایک محدود جٹ کے) عہ$_{ن}$ ، ۱ + صہ سے کم ہو اور نیز ایسا ہو کہ ن کی قیمتوں کی لامتناہی تعداد کے لیے ۱ + صہ اور ۱ - صہ کے درمیان واقع ہو - ہر صورت میں عدد غہ = $\frac{۲}{۱}$ - اس کو دیکھنے کے لیے یہ ثابت کرنا کافی ہوگا کہ سلسلہ مستدق ہوتا ہے اگر ر < $\frac{۱}{۱}$ اور متسع ہوتا ہے اگر ر > $\frac{۱}{۱}$ - کیونکہ ن کی تمام قیمتوں کے لیے سوائے ایک محدود جُٹ کے عہ$_{ن}$ ر^{ن} < (۱ + صہ)^{ن} ر^{ن} جہاں صہ اختیاری ہے ؛ اگر ر < $\frac{۱}{۱}$ تو ہم صہ کو منتخب کر سکتے ہیں ایسا کہ (۱ + صہ) ر < ۱ - تب سلسلہ کی تمام رقمیں (سوائے اِن کے ایک محدود جٹ کے) اُس سلسلہ ہندسیہ کی متناظر رقموں سے کم ہونگی جس کی نسبت مشترک (۱ + صہ) ر ایک سے کم ہے ؛ اس لیے سلسلہ مستدق ہے - اگر ر > $\frac{۱}{۱}$ تو صہ منتخب ہو سکتا ہے ایسا کہ (۱ - صہ) ر > ۱ ، اور اس طرح ن کی قیمتوں کی لامتناہی تعداد کے لیے عہ$_{ن}$ ر^{ن} > (۱ - صہ)^{ن} ر^{ن} > ۱ ؛ اس لیے سلسلہ متسع ہے -

اگر عہ$_{ن}$ کی انتہا صفر کی طرف مستدق ہو جبکہ ن کو لا انتہا بڑھا دیا جائے تو ر کی ہر قیمت کے لیے سلسلہ مستدق ہوتا ہے - کیونکہ اس صورت میں عہ$_{ن}$ < صہ^{ن} جہاں صہ منتخب ہو سکتا ہے ایسا کہ صہ ر < ۱ ، اور یہ ن کی ہر قیمت کے لئے (سوائے ایسی قیمتوں کے ایک محدود جٹ کے) درست ہے - پس سلسلہ کی ہر رقم سوائے اِن کی ایک محدود تعداد کے ایک مستدق سلسلہ ہندسیہ کی متناظر رقم سے کم ہے اور اس لیے سلسلہ مستدق (266)

ہے۔ اس صورت میں غہ = ∞ ۔

اگر عہ$_{ن+۱}$ غیر معین طور پر بڑی قیمتیں رکھے یعنی اگر کوئی ایسا عدد موجود نہ ہو جو تمام عددوں عہ$_{ن+۱}$ سے بڑا ہو تو سلسلہ ر کی تمام قیمتوں کے لیے الّا ر = ۰ متسع ہوتا ہے۔ اس صورت میں غہ = ۰ ۔ کیونکہ اگر ر کو کوئی قیمت سوائے صفر کے دی جائے تو سلسلہ کی اُن رقموں کی تعداد لا انتہا ہوتی ہے جن میں سے ہر ایک اکائی سے بڑی ہے اور اس لیے سلسلہ متسع ہے۔

۲۰۴ ——— دفعہ ماسبق میں یہ دکھایا جا چکا ہے کہ ایک عدد غہ موجود ہوتا ہے (جو ممکن ہے صفر ہو یا غیر واجب قیمت ∞ اختیار کرے) ایسا کہ سلسلہ عہ + عہ ر + عہ ر^{۲} + ... مستدق ہوتا ہے ر کی ہر قیمت کے لیے جو غہ سے چھوٹی ہو، اور متسع ہوتا ہے ر کی ہر قیمت کے لیے جو غہ سے بڑی ہو۔

نقطہ ی = ۰ کو مرکز مانکر اس کے گرد نصف قطر غہ کا ایک دائرہ کھینچو۔ اِس دائرہ کو سلسلہ اُ + اُ ی + اُ ی^{۲} + ...

کے **استدقاق کا دائرہ** کہتے ہیں اور اس کے نصف قطر کو سلسلہ کے **استدقاق کا نصف قطر** کہتے ہیں۔

استدقاق کا نصف قطر محدود ہو سکتا ہے یا صفر یا لا متناہی۔

یہ ثابت کیا جائیگا کہ سلسلہ اُ + اُ ی + اُ ی^{۲} + ... کسی نقطہ ی کیلئے جو استدقاق کے دائرہ کے اندر واقع ہو مطلقاً مستدق ہوتا ہے، اور کسی نقطہ ی کے لیے جو اس دائرہ کے باہر واقع ہو متسع ہوتا ہے۔ لیکن کسی ایسے

نقطہ کے لیے جو استدقاق کے دائرہ کے محیط پر واقع ہو سلسلہ کے استدقاق سے متعلق کوئی ٹھیک عام بیان نہیں دیا جا سکتا۔

اب یہ امر کہ سلسلہ مطلقاً مستدق ہے اگر مق ی < غہ اس واقعہ سے منتج ہوتا ہے کہ ایسی صورت میں مقیاسوں کا سلسلہ مستدق ہوتا ہے۔ اور یہ امر کہ سلسلہ متسع ہے اگر مق ی کی قیمت ر > غہ اس واقعہ سے منتج ہوتا ہے کہ استدقاق کی ضروری شرط نہا | ح$_{ن}$ ی$_{ن}$ | = ۰ پوری نہیں ہوتی۔ کیونکہ | ح$_{ن}$ ی$_{ن}$ | = (ر/غہ)^{ن} عہ$_{ن}$ غہ^{ن}، اور ن کی قیمتوں کی لاتناہی تعداد کے لیے

عہ$_{ن}$ غہ^{ن} > (۱ − غہ صہ)^{ن}؛ اس لئے اگر صہ منتخب کیا جائے ایسا کہ

ر (۱/غہ − صہ) > ۱

تو ہم دیکھتے ہیں کہ | ح$_{ن}$ ی$_{ن}$ | > ۱، ن کی قیمتوں کی لامتناہی تعداد کے لئے۔

(261) ۲۰۵ ——— اب یہ دکھایا جائیگا کہ سلسلہ ا$_{۰}$ + ا$_{۱}$ ی + ا$_{۲}$ ی^{۲} + ... کسی دائرہ میں جس کا نصف قطر استدقاق کے نصف قطر سے کم ہو اور جس کا مرکزی = ۰ ہو یکساں طور پر مستدق ہوتا ہے۔ فرض کرو کہ اس دائرہ کا نصف قطر غہ − ک ہے اور فرض کرو کہ غہ ایک ثابت عدد ہے غہ اور غہ − ک کے درمیان۔ فرض کرو غہ − ک = غہ − صہ۔

باقی ا$_{ن}$ ی$_{ن}$ + ا$_{ن+۱}$ ی$_{ن+۱}$ + ... کے انتہائی مجموعہ کا مقیاس سلسلہ

عہ$_{ن}$ ر$_{ن}$ + عہ$_{ن+۱}$ ر$_{ن+۱}$ + ...

یا عہ$_{ن}$ غہ$_{۱}^{ن}$ (ر/غہ$_{۱}$)^{ن} + عہ$_{ن+۱}$ غہ$_{۱}^{ن+۱}$ (ر/غہ$_{۱}$)$^{ن+۱}$ + ...

کے انتہائی مجموعہ سے متجاوز نہیں ہوتا۔ لیکن اعداد $\text{عن}_{\text{ن}}$، $\text{عن}_{\text{ن}+1}$، $\text{عن}_{\text{ن}+1}$، ... سب کے سب کسی ثابت عدد ک سے کم ہیں کیونکہ سلسلہ متدق ہے جبکہ ر = غ؛ اس لیے سلسلہ کا مجموعہ ک $\{(\frac{\text{ب}}{\text{غ}})^{\text{ن}} + (\frac{\text{ب}}{\text{غ}})^{\text{ن}+1} + \ldots\}$ سے یا ک $(\frac{\text{ب}}{\text{غ}})^{\text{ن}}$ $(1 - \frac{\text{ب}}{\text{غ}})^{-1}$ سے کم ہے، اور یہ ک $(1 - \frac{\text{ب}}{\text{غ}})^{\text{ن}}$ $\text{غ}^{\text{ن}}$ سے کم ہے۔ اگر صہ اختیاری طور پر منتخب کردہ ایک مثبت عدد ہو تو ن کی ایک قیمت ن متعین ہو سکتی ہے ایسی کہ ن ≥ ن کے لیے ک $(1 - \frac{\text{ب}}{\text{غ}})^{\text{ن}}$ $\text{غ}^{\text{ن}}$ < صہ۔ اس لیے سلسلہ $\text{ا}_{\text{ن}}$ + $\text{ا}_{\text{ن}}$ ی + $\text{ا}_{\text{ن}}$ ی^2 + ... کے باقی ب (ی) کا مقیاس صہ سے کم ہے ن ≥ ن کے لیے اور ی کی تمام قیمتوں کے لیے ایسی کہ مق ی ≤ غ۔ ک؛ اس لیے سلسلہ کا استدقاق نصف قطر غ۔ک کے دائرہ میں یکساں ہے۔ یہ درست ہے خواہ کتنا ہی چھوٹا عدد ک (< ۰) لیا جائے، لیکن یہ دعوی کرنا غیر صحیح ہوگا کہ استدقاق کے دائرہ میں استدقاق بالضرور یکساں ہوتا ہے۔

سلسلہ $\text{ا}_{\text{ن}}$ + $\text{ا}_{\text{ن}}$ ی + $\text{ا}_{\text{ن}}$ ی^2 + ... کے مجموعہ کو ی کی اُن قیمتوں کے لیے جن کے مقیاس استدقاق کے نصف قطر سے کم ہیں فا (ی) سے تعبیر کریں تو دفعہ ۲۰۰ کی رو سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ فا (ی)، استدقاق کے دائرہ کے اندر موقوعہ تمام نقطوں کے لیے ی کا ایک مسلسل تفاعل ہے۔ اگر استدقاق کا نصف قطر لامتناہی ہو تو مستوی کے تمام محدود نقطوں کے لیے فا (ی) مسلسل ہوتا ہے۔

سلسلوں $1 + ی + ی^۲ + ی^۳ + \dots$

اور $1 + \frac{ی}{۱} + \frac{ی^۲}{۲} + \frac{ی^۳}{۳} + \dots$

کے استدقاق کا نصف قطر ایک ہے۔ ان کے مجموعوں کے تفاعل فا(ی) اکائی نصف قطر کے دائرہ کے اندر ی کے مسلسل تفاعل ہیں۔

سلسلہ $1 + \frac{ی}{ل_۱} + \frac{ی^۲}{ل_۲} + \frac{ی^۳}{ل_۳} + \dots + \frac{ی^ن}{ل_ن} + \dots$

کے استدقاق کا نصف قطر لاتناہی ہے؛ مجموعہ کا تفاعل فا(ی)، ی کی تمام محدود قیمتوں کے لیے مسلسل ہے۔

سلسلہ $1 + ل_۱ ی + ل_۲ ی^۲ + \dots + ل_ن ی^ن + \dots$

کے استدقاق کا نصف قطر صفر ہے۔

(262) ۲۰۶ ـــــ استدقاق کے دائرہ کے محیط پر سلسلہ کا استدقاق ابتک زیر بحث نہیں آیا ہے۔ مسئلہ کے عام ہونے پر اثر نہیں پڑیگا اگر ہم استدقاق کے نصف قطر کو ایک فرض کرلیں۔

یہ دکھایا جا سکتا ہے کہ سلسلہ $ا_۰ + ا_۱ ی + ا_۲ ی^۲ + \dots$ جبکہ تمام سر حقیقی ہوں استدقاق کے دائرہ پر کے نقطوں کے لیے مستدق ہوتا ہے سوائے نقطہ ی = ۱ کے اگر سر سب کے سب مثبت ہوں اور سوائے نقطہ ی = -۱ کے اگر سر باری باری سے مثبت اور منفی ہوں بشرطیکہ ہر دو صورتوں میں سر $ا_۰$، $ا_۱$، $ا_۲$، ... مطلق مقدار کے لحاظ سے نزولی ترتیب میں ہوں اور بشرطیکہ $ا_ن$ کی انتہا جبکہ ن کو لا انتہا بڑھا دیا جائے صفر ہو۔

فرض کرو کہ $س_ن = ا_۰ + ا_۱ ی + ا_۲ ی^۲ + \dots + ا_{ن-۱} ی^{ن-۱}$

اور فرض کرو کہ سر سب کے سب مثبت ہیں، تب

$$\text{س}_{\text{ن}}(۱-ی) = ا_{\text{ن}} - ا_{\text{ن}-۱}\,ی^{\text{ن}} - ی\{(ا_{۱}-ا_{۰}) + (ا_{۲}-ا_{۱})ی + (ا_{۳}-ا_{۲})ی^{۲} + \dots + (ا_{\text{ن}-۲} - ا_{\text{ن}-۱})ی^{\text{ن}-۲}\}$$

اب چونکہ سلسلہ $(ا_{۱}-ا_{۰}) + (ا_{۲}-ا_{۱}) + (ا_{۳}-ا_{۲}) + \dots$

مستدق ہے (دیکھو دفعہ ۱۹۴، نوٹ) اس لیے یہ دو سلسلے

$(ا_{۱}-ا_{۰}) + (ا_{۲}-ا_{۱})$ جم ط $+ (ا_{۳}-ا_{۲})$ جم ۲ط $+ \dots$

$(ا_{۱}-ا_{۰}) + (ا_{۲}-ا_{۱})$ جب ط $+ (ا_{۳}-ا_{۲})$ جب ۲ط $+ \dots$

بھی مستدق ہیں کیونکہ یہ سب جیوب اور جیوب التمام $\pm$ ۱ کے درمیان واقع ہوتی ہیں، پس

سلسلہ $(ا_{۱}-ا_{۰}) + (ا_{۲}-ا_{۱})ی + (ا_{۳}-ا_{۲})ی^{۲} + \dots$

مستدق ہے اگر مق ی = ۱ - چونکہ $|ا_{\text{ن}}\,ی^{\text{ن}}|$ کی انتہا صفر ہے جبکہ ن لامتناہی ہو اس لیے ہم دیکھتے ہیں کہ نہایت $\text{س}_{\text{ن}}(۱-ی)$ محدود ہے جبکہ مق ی = ۱، پس نہایت $\text{س}_{\text{ن}}$ محدود ہے سوائے اُس صورت کے جبکہ ی = ۱۔

اگر سلسلہ کی رقمیں متبادلاً مثبت اور منفی ہیں تو ی کو - ی میں بدلنے سے یہ صورت متذکرہ صدر صورت میں تحویل ہو جاتی ہے۔

لیکن جبکہ ی = ۱ یا متبادلہ علامتوں کے سروں کی صورت میں

جبکہ ی = -۱ سلسلہ کا مستدق ہونا متعین نہیں ہوا' اس کا انحصار سلسلہ کی نوعیت پر ہوتا ہے۔ یہ ہو سکتا ہے کہ سلسلہ استدقاق کے دائرہ پر صرف نیم مستدق ہو۔

اگر سلسلہ کے سر ملتف ہوں تو ہم ایسے سلسلہ کو دو سلسلوں میں توڑ سکتے ہیں جن میں سے ایک میں سر حقیقی ہوں اور دوسرے میں خیالی۔ پھر ان دو سلسلوں پر الگ الگ غور کیا جا سکتا ہے۔

(263)

سلسلہ $۱ + \frac{ی}{۱} + \frac{ی^۲}{۲} + \frac{ی^۳}{۳} + \dots$

مستدق ہے جبکہ متی ی = ۱ سوائے اُس صورت کے جبکہ ی = ۱' پس یہ دو سلسلے

$\Sigma \frac{۱}{ن}$ جم ن ط' $\Sigma \frac{۱}{ن}$ جب ن ط دونوں مستدق ہیں سوائے اس کے کہ پہلا سلسلہ متسع ہوتا ہے جبکہ ط صفر ہو یا ۲π کا جفت ضعف۔

۲۰۷ ——— فرض کرو کہ فا (لا)' لا کا وہ مسلسل تفاعل ہے جو سلسلہ $ا_۰ + ا_۱ لا + ا_۲ لا^۲ + \dots$ کے مجموعہ کو تعبیر کرتا ہے جس کے سر حقیقی ہیں اور جو لا کی ایک سے چھوٹی حقیقی قیمتوں کے لئے مستدق ہے۔ ہم مان لیتے ہیں کہ یہ سلسلہ متسع ہوتا ہے جبکہ لا < ا لیکن یہ کہ سلسلہ $ا_۰ + ا_۱ + ا_۲ + \dots$ جو لا = ۱ رکھنے سے حاصل ہوتا ہے مستدق ہے۔

اب ہم یہ بتائینگے کہ سلسلہ $ا_۰ + ا_۱ + ا_۲ + \dots$ کا مجموعہ فا (لا) کی انتہا ہے جبکہ لا ایک سے چھوٹی قیمتوں سے بڑھ کر انتہائی قیمت ایک تک پہنچتا ہے۔ پس مسلسل تفاعل فا (لا) جو لا = ۱ کے لیے فا (۱) = نہا $_{لا=۱}$ فا (لا) سے تعبیر ہوتا ہے سلسلہ $ا_۰ + ا_۱ + ا_۲ لا^۲ + \dots$ کے مجموعہ کو

تعبیر کرتا ہے جبکہ لا = ۱۔ یہ مسئلہ آبیل[1] نے بیان کیا تھا۔
فرض کرو کہ س$_ن$ = ا$_۰$ + ا$_۱$ + ا$_۲$ + ... ا$_ن$ تو س$_ن$ = ا اور اس
مسئلہ کی بموجب جو دفعہ ۲۰۹ میں ثابت کیا جائیگا چونکہ سلسلے

ا$_۰$ + ا$_۱$ لا + ا$_۲$ لا^۲ + ... + ا$_ن$ لا^ن + ...،

۱ + لا + لا^۲ + ... + لا^ن + ...

دونوں مطلقاً مستدق ہیں جبکہ لا < ۱، اس لیے ان کا حاصل ضرب

س$_۰$ + س$_۱$ لا + س$_۲$ لا^۲ + ... + س$_ن$ لا^ن + ...

مستدق ہے اور اس کا انتہائی مجموعہ فا (لا) \ (۱ - لا) ہے جو اوپر کے
دو سلسلوں کے انتہائی مجموعوں کا حاصلِ ضرب ہے۔ نہا س$_ن$
کو س سے تعبیر کرو تو عدد ن منتخب ہو سکتا ہے ایسا کہ س، س$_۱$، س$_۲$،
.... سب کے سب س + صہ اور س - صہ کے درمیان واقع ہوں
جہاں صہ اختیاری طور پر منتخبہ مثبت عدد ہے۔
ن کی ایسی کسی قیمت کے لیے س$_ن$ لا^ن + س$_{ن+۱}$ لا$^{ن+۱}$ + ... کا مجموعہ
(س + صہ) لا^ن \ (۱ - لا) اور (س - صہ) لا^ن \ (۱ - لا)
کے درمیان واقع ہوتا ہے۔ اس لیے فا (لا)
(س + صہ) لا^ن + (۱ - لا) (س$_۰$ + س$_۱$ لا + ... + س$_{ن-۱}$ لا$^{ن-۱}$)

[1] دیکھو Crelle's journal, Vol; I

اور (س-صہ) لا^{ن} + (ا-لا) (س$^{ن-۱}$ + س$^{ن-۲}$ لا + ... + س لا$^{ن-۱}$)
کے درمیان واقع ہوتا ہے۔
اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ

| فا(لا) - س | < صہ + | س | (ا-لا^{ن}) + (ا-لا) (| س$^{ن-۱}$ | + | س | + ... + | س لا$^{ن-۱}$ |)

صہ کے جواب میں عدد ن مقرر ہو جانے کے بعد ہم لا کی ایک قیمت (فرض کرو لا) منتخب کر سکتے ہیں ایسی کہ | فا(لا) - س | عدداً ۲ صہ سے چھوٹا ہو کیونکہ ا > لا ⩾ لا^{ن} اور ا - لا اور ا - لا^{ن} اتنے چھوٹے لیے جا سکتے ہیں جتنے ہم چاہیں اگر لا کا مناسب انتخاب کیا جائے۔ اب چونکہ ۲ صہ اختیاری چھوٹا عدد ہے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ فا(لا) کی انتہا لا = ا کے لئے س ہے۔ (264)

اگر ا$_{۰}$، ا$_{۱}$، ا$_{۲}$، ... ملتف عدد ہوں تو ہم سلسلہ کو دو حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں ایک حقیقی اور دوسرا خیالی۔ تب مسئلہ کا اطلاق ہر حصہ پر الگ الگ ہوتا ہے اور اس لیے وہ پورے سلسلہ کے لیے درست ہے۔

ثانیاً فرض کرو کہ فا(ی) وہ مسلسل تفاعل ہے جو سلسلہ ا$_{۰}$ + ا$_{۱}$ ی + ا$_{۲}$ ی^{۲} + ... کے مجموعہ کو جبکہ مق ی < ا تعبیر کرتا ہے جہاں ملتف عدد ر (جم ط + خ جب ط) ہے۔ یہ سلسلہ اِن دو حصوں

ا$_{۰}$ + ا$_{۱}$ ر جم ط + ا$_{۲}$ ر^{۲} جم ۲ ط + ... ،

خ (ا$_{۱}$ ر جب ط + ا$_{۲}$ ر^{۲} جب ۲ ط + ...) ،

میں تقسیم ہو سکتا ہے اور مسئلہ بالا ان دو سلسلوں میں سے ہر ایک کے لیے درست ہے۔ اس لیے اگر سلسلہ $أ_0 + أ_1 ی + أ_2 ی^2 + \ldots$ مستدق ہو جبکہ ی = جم ط + خ جب ط تو اس کا مجموعہ، ر = ا کے لیے فا (ی) کی انتہا ہے جبکہ ط کی قیمت کو مستقل رکھا جائے۔ تب وہ تفاعل جو اس سلسلہ سے تعبیر ہوتا ہے استدقاق کے دائرہ کے محیط کے کسی نقطہ پر مسلسل ہے بلحاظ ان نقاط کے جو اس نقطہ میں سے گذرنیوالے استدقاق کے دائرہ کے نصف قطر پر ہیں۔

اس دفعہ کی تحقیق کی ضرورت واضح کرنے کے لیے ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اگر سلسلہ

$أ_0 + أ_1 لا + أ_2 لا^2 + \ldots$

کی رقموں کی ترتیب کو بدل دیا جائے تو اوپر کا مسئلہ نئے سلسلہ کے لیے درست نہ ہوگا۔ مثلاً ان دو حقیقی سلسلوں

$لا - \frac{1}{2} لا^2 + \frac{1}{3} لا^3 - \frac{1}{4} لا^4 + \ldots$، اور $لا + \frac{1}{3} لا^3 - \frac{1}{2} لا^2 + \frac{1}{5} لا^5 + \frac{1}{7} لا^7 - \frac{1}{4} لا^4 + \ldots\ldots$

پر غور کرو۔ جب تک کہ لا ایک سے چھوٹا رہتا ہے یہ سلسلے مطلقاً مستدق ہوتے ہیں اور ان کا مجموعہ ایک ہی ہوتا ہے، لیکن جب، لا = ا تو ان سلسلوں کے مجموعے مساوی نہیں ہوتے جیسا کہ دفعہ ۱۹۵ میں دکھایا جا چکا ہے۔ پہلے سلسلہ کا مجموعہ لا کی قیمت لا = ا تک مسلسل ہے لیکن دوسرے سلسلہ کا مجموعہ ایسا نہیں ہے۔

۲۰۸ ——— ی کی قوتوں کے دو الگ الگ سلسلے

$أ_0 + أ_1 ی + أ_2 ی^2 + \ldots$،

$ب_0 + ب_1 ی + ب_2 ی^2 + \ldots$

نہیں ہو سکتے ایسے کہ دونوں، نصف قطرک (ک > ۰) کے دائرہ میں موقوعہ تمام نقطوں کے لیے ایک ہی قیمت فا (ی) کی طرف مستدق ہوں - چونکہ وہ ی = ۰ کے لیے ایک ہی قیمت کی طرف مستدق ہوتے ہیں اس لیے ہمیں حاصل ہونا چاہیے ا۱ = ب۱، اور اس طرح یہ سلسلے ا۱ ی + ا۲ ی۲ + ...، ب۱ ی + ب۲ ی۲ + ... ایک ہی قیمت کی طرف مستدق ہوتے ہیں جبکہ مق ی ≤ ک - یہ ناممکن ہے تاوقتیکہ یہ دو سلسلے

ا۱ + ا۲ ی + ا۳ ی۲ + ...، ب۱ + ب۲ ی + ب۳ ی۲ + ...

دونوں مستدق نہ ہوں اور مق ی ≤ ک کے لیے ان کے انتہائی مجموعے ایک ہی نہ ہوں - اِن دو سلسلوں کے استدقاق کے نصف قطروں میں سے ہر ایک ≤ ک اور ان کے مجموعہ تفاعل (Sum functions) دونوں ان کے استدقاق کے دائروں کے اندر مسلسل ہیں - چونکہ اِن کے مجموعہ تفاعل نصف قطرک کے دائرہ کے اندر ی کی ہر قیمت کے لیے سوائے ی = ۰ کے مماثل ہیں اس لیے اِن تفاعلوں کے تسلسل سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ وہ مماثل ہیں جبکہ ی = ۰ اور اس لیے ا۱ = ب۱ - اِسی طرح عمل کو جاری رکھنے سے یہ دکھایا جا سکتا ہے کہ اِن دو سلسلوں کے تمناظر سر سب کے سب مساوی ہیں اور اس لیے یہ سلسلے مماثل ہیں - (265)

دو سلسلوں کے حاصل ضرب کا استدقاق

۲۰۹ ـــــ فرض کرو کہ دو مطلقاً مستدق سلسلوں

$$ا_۱ + ا_۲ + ا_۳ + \cdots + ا_ن + \cdots$$

$$ب_۱ + ب_۲ + ب_۳ + \cdots + ب_ن + \cdots$$

کے انتہائی مجموعے س ، سَ سے تعبیر ہوتے ہیں۔ تب یہ دکھایا جا سکتا ہے کہ سلسلہ

$$ا_۱ ب_۱ + (ا_۱ ب_۲ + ا_۲ ب_۱) + \cdots + (ا_۱ ب_ن + ا_۲ ب_{ن-۱} + \cdots + ا_ن ب_۱) + \cdots$$

جو دیے ہوئے سلسلوں کو باہم ضرب دینے سے حاصل ہوا ہے مستدق ہے اور اس کا انتہائی مجموعہ س سَ ہے۔

اس حاصل ضربی سلسلے کی ن رقموں کے مجموعہ کو س ن سے تعبیر کرو اور فرض کرو کہ ا اور ب کے مقیاس علی الترتیب عہ اور بہ ہیں۔ اب چونکہ سلسلے س ، سَ مطلقاً مستدق ہیں، اس لیے مقیاسوں کے سلسلے مستدق ہیں؛ ان کے مجموعوں کو مہ ، مَہ سے تعبیر کرو اور فرض کرو

$$ثن = عہ بہ + (عہ بہ + عہ بہ) + \cdots + (عہ بن + عہ بن-۱ + \cdots + عن بہ)$$

تب ہمیں حاصل ہوتا ہے س ن سَ ن - س ن = ا_۲ ب_ن + ا_۳ ب_{ن-۱} + \cdots + ا_ن ب_۲

اس لیے مق (س ن سَ ن - س ن) ≤ عہ بن + عہ بن-۱ + \cdots عن بہ

$$\leq مہ مَہ ن - ثن$$

اب ثن < مہ مَہ ن < ثہ ن کیونکہ ثہ ن میں حاصل ضرب مہ مَہ ن کی بہ نسبت زیادہ رقمیں ہیں اور ثن میں مہ مَہ کی بہ نسبت کم رقمیں ہیں؛ پس ثن کی انتہا جبکہ ن کو لاانتہا بڑھایا جاتا ہے محدود ہے، اور چونکہ ثن ، ثہ ن کی

انتہائیں ایک ہی ہونی چاہئیں اس لیے ان میں سے ہر ایک ہ م کے مساوی ہے؛ اس طرح مق (س سَ - س) کی انتہا صفر ہے یا س = س سَ -

زیادہ عام طور پر یہ دکھایا جا سکتا ہے کہ اِس مسئلہ کی صحت کے لیے یہ کافی ہے کہ سلسلوں ا۱ + ا۲ + ...، ب۱ + ب۲ + ... میں سے صرف ایک مطلقاً مستدق ہو اور دوسرا مشروطاً مستدق ۔ اگر یہ دو سلسلے صرف مشروطاً مستدق ہوں تو حاصل ضربی سلسلہ ا۱ ب۱ + (ا۱ ب۲ + ا۲ ب۱) + ... کا مستدق ہونا ضروری نہیں ہے لیکن اس کے مستدق ہونے کی صورت میں یہ دکھایا جا سکتا ہے کہ اس کا مجموعہ دیے ہوئے دو سلسلوں کے مجموعوں کا حاصل ضرب ہے[1] ۔

دوہرے سلسلوں کا استدقاق (266)

۲۱۰ ——— فرض کرو کہ مثبت حقیقی عددوں عہ ر، س کے ایک دوہرے توالی

عہ۱، ۱، عہ۱، ۲، عہ۱، ۳، ...، عہ۱، س، ....

عہ۲، ۱، عہ۲، ۲، عہ۲، ۳، ...، عہ۲، س، ....

. . . . . .

عہ ر، ۱، عہ ر، ۲، عہ ر، ۳، ...، عہ ر، س، ....

. . . . . .

پر ہم غور کرتے ہیں ۔

[1] ان نتیجوں کے ثبوت کے لیے دیکھو مصنف کی کتاب Theory of functions of a real variable صفحات ۵۰۰، ۵۰۱ ۔

مان لو کہ جب ہر صف کے عددوں کو باہم جمع کیا جاتا ہے تو ان کے مجموعہ کی ایک معین انتہا ہے؛ فرض کرو کہ پہلی، دوسری، ... رویں، ... صفوں کے لیے اس انتہائی مجموعہ کی قیمتیں $س_1$، $س_2$، ... $س_ر$، ... ہیں۔ نیز یہ مان لو کہ سلسلہ $س_1 + س_2 + \cdots + س_ر + \cdots$ مستدق ہے اور اس کا انتہائی مجموعہ س ہے۔ یہ ثابت کیا جائیگا کہ سلسلہ

$$ع_{1،1} س + ع_{2،2} س + \cdots + ع_{ر،ر} س + \cdots$$

جو کسی ایک ستون کے عددوں کو جمع کرنے سے حاصل ہوتا ہے مستدق ہے اور اگر اس کا انتہائی مجموعہ م سے تعبیر ہو تو سلسلہ

$$م_1 + م_2 + م_3 + \cdots$$

مستدق ہے اور اس کا انتہائی مجموعہ س ہے۔

یہ بات کہ $ع_{1،1} س + ع_{2،2} س + \cdots + ع_{ر،ر} س + \cdots$ مستدق ہے اس واقعہ سے نتیجہ ہوتی ہے کہ اس سلسلہ کی ہر رقم مستدق سلسلہ $س_1 + س_2 + س_3 + \cdots + س_ر + \cdots$ کی تناظر رقم سے چھوٹی ہے۔ ایک مثبت عدد پ منتخب کیا ہو ایسا کہ ر اعداد

$$م_1 - \sum_{ن=1}^{ن=پ} ع_{ن،1}،\ م_2 - \sum_{ن=1}^{ن=پ} ع_{ن،2}،\ \ldots،\ م_ر - \sum_{ن=1}^{ن=پ} ع_{ن،ر}$$

سب کے سب صہ سے چھوٹے ہوں۔ اس لیے

$$م_1 + م_2 + \cdots + م_ر < صہ + س_1 + س_2 + \cdots + س_پ \text{ یا } < صہ + س$$

اور چونکہ یہ ر کی ہر قیمت کے لیے درست ہے اس لیے سلسلہ $م_1 + م_2 + \cdots$

مستدق ہے اور اس کا انتہائی مجموعہ $\leqslant$ س، کیونکہ صہ اختیاری چھوٹا عدد ہے۔ نیز عدد صحیح ق منتخب ہو سکتا ہے ایسا کہ ر اعداد

$$س_{۱} - \sum_{ن=۱}^{ن=ق} ع_{۱،ن}\ ،\quad س_{۲} - \sum_{ن=۱}^{ن=ق} ع_{۲،ن}\ ،\ \ldots\ ،\ س_{ر} - \sum_{ن=۱}^{ن=ق} ع_{ر،ن}$$

سب کے سب صہ سے چھوٹے ہوں۔ اِس لیے سلسلہ $م_{۱} + م_{۲} + \ldots$ کا انتہائی مجموعہ $س_{۱} + س_{۲} + \ldots + س_{ر}$ صہ سے بڑا ہے؛ اور چونکہ یہ ر کی ہر قیمت کے لیے درست ہے اس لیے یہ انتہائی مجموعہ $\leqslant$ س صہ۔ اب چونکہ صہ اختیاری چھوٹا عدد ہے اسلئے سلسلہ $م_{۱} + م_{۲} + \ldots$ کا انتہائی مجموعہ $\leqslant$ س، لیکن یہ ثابت کیا جا چکا ہے کہ یہ انتہائی مجموعہ $\leqslant$ س۔ پس یہ انتہائی مجموعہ س کے مساوی ہے۔

اگر مثبت اعداد $ع_{ر،س}$ ایسے ہوں کہ سلسلوں $ع_{۱،۱} + ع_{۲،۱} + \ldots$ میں سے ہر سلسلہ ایک عدد س کی طرف مستدق ہو اور اس طور پر کہ سلسلہ $س_{۱} + س_{۲} + \ldots$ مستدق ہو تو ہم کہتے ہیں کہ اعداد $ع_{ر،س}$ مثبت عددوں کے ایک مستدق دوہرے سلسلہ کی رقمیں ہیں اور اس سلسلہ کا مجموعہ س ہے۔ (267) اِس ثابت شدہ مسئلہ کی بموجب اِس دوہرے سلسلہ کا انتہائی مجموعہ وہی ہوگا خواہ عمل جمع پہلے س کے لحاظ سے اور پھر ر کے لحاظ سے ہو یا اِس ترتیب کے بالعکس۔ اس طرح

$$\sum_{ر=۱}^{ر=\infty} \sum_{س=۱}^{س=\infty} ع_{ر،س} = \sum_{س=۱}^{س=\infty} \sum_{ر=۱}^{ر=\infty} ع_{ر،س} = س$$

اگر عددوں $ع_{ر،س}$ پر ایک ہی علامت کے ہونے کی قید نہ ہو اور اگر اعداد

| عر،س | ایک مستدق دوہرے سلسلے کی رقمیں ہوں تو ہم کہتے ہیں کہ اعداد عر،س ایک مطلقاً مستدق دوہرے سلسلے کی رقمیں ہیں۔

اگر وہ دوہرا سلسلہ جس کی رقمیں عر،س ہیں مطلقاً مستدق ہو تو

$$\sum_{ر=۱}^{ر=\infty} \sum_{س=۱}^{س=\infty} ع_{ر،س} = \sum_{س=۱}^{س=\infty} \sum_{ر=۱}^{ر=\infty} ع_{ر،س}$$

کیونکہ فرض کرو عر،س = بر،س - جر،س جہاں جر،س = ۰ جبکہ عر،س مثبت ہوتا ہے اور بر،س = ۰ جبکہ عر،س منفی ہوتا ہے۔ پس دیے ہوئے سلسلہ کو دو سلسلوں کا فرق خیال کر سکتے ہیں جن کی رقمیں مثبت اعداد بر،س اور جر،س ہیں۔ اب چونکہ وہ سلسلہ جس کی عام رقم بر،س + جر،س ہے مستدق ہے اسلئے وہ دو سلسلے جنکی عام رقمیں بر،س اور جر،س ہیں دونوں مستدق ہیں اور ان کے مجموعے کسی ایک ترتیب میں لئے جا سکتے ہیں۔ پس یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اس سلسلہ کا مجموعہ جسکی عام رقم عر،س ہے کسی ایک ترتیب میں حاصل جمع کو متاثر کئے بغیر لیا جا سکتا ہے۔

مسئلہ $\sum_{ر=۱}^{ر=\infty} \sum_{س=۱}^{س=\infty} ع_{ر،س} = \sum_{س=۱}^{س=\infty} \sum_{ر=۱}^{ر=\infty} ع_{ر،س}$

اس وقت بھی درست ہے جبکہ اعداد عر،س ملتف ہوں اگر مقیاسوں | عر،س | کا سلسلہ مطلقاً مستدق ہو۔ کیونکہ اگر عر،س = جر،س + خ ضر،س تو وہ سلسلے

جن کی عام رقمیں جہ، ضہ ہیں دونوں مطلقاً مستدق ہیں اور اس لیے مطلوبہ نتیجہ برآمد ہوتا ہے۔

اِس عام مسئلہ کو شکل ذیل میں بھی بیان کیا جا سکتا ہے:۔

اگر $ل_1 + ل_2 + ل_3 + ل_4 + \ldots$ حقیقی یا ملتف عددوں کا ایک مستدق سلسلہ ہو اور اگر ہر رقم $ل_ر$ کو ایک مطلقاً مستدق سلسلہ

$$ل_{ر،1} + ل_{ر،2} + ل_{ر،3} + \ldots$$

کے انتہائی مجموعہ سے بیان کیا جائے تو دیے ہوئے سلسلہ کی بجائے، اس کے انتہائی مجموعہ کو بدلے بغیر، سلسلہ

$$\sum_{پ=1}^{پ=ص} ک_پ ل_{پ،1} + \sum_{پ=1}^{پ=ص} ک_پ ل_{پ،2} + \ldots$$

رکھا جا سکتا ہے بشرطیکہ سلسلہ (268)

$$س_1 + س_2 + س_3 + \ldots$$

مستدق ہو جہاں $س_ر$ سے

$$|ل_{ر،1}| + |ل_{ر،2}| + |ل_{ر،3}| + \ldots$$

کا انتہائی مجموعہ تعبیر ہوتا ہے۔

اس مسئلہ کی ایک اہم صورت جس سے ہم بعد میں استفادہ کرینگے حسب ذیل ہے:۔

اگر $ا_1 + ا_2 ی + ا_3 ی^2 + \ldots$ ایک مستدق سلسلہ ہو جس کا انتہائی مجموعہ فا (ی)

ہے اور اگر $|_{۰}$، $|_{۱}$، $|_{۲}$ ... حسب ذیل مطلقاً مستدق سلسلوں

$$ب_{۰،۰} + ب_{۰،۱} ما + ب_{۰،۲} ما^{۲} + ب_{۰،۳} ما^{۳} + \ldots$$

$$ب_{۱،۰} + ب_{۱،۱} ما + ب_{۱،۲} ما^{۲} + ب_{۱،۳} ما^{۳} + \ldots$$

$$ب_{۲،۰} + ب_{۲،۱} ما + ب_{۲،۲} ما^{۲} + ب_{۲،۳} ما^{۳} + \ldots$$

کے انتہائی مجموعے ہوں تب اگر سلسلہ $|_{۰} + |_{۱} (ی) + |_{۲} (ی)^{۲} + \ldots$ مستدق ہو جہاں $|_{ر}$ سے سلسلہ $|ب_{ر،۰}| + |ب_{ر،۱} ما| + |ب_{ر،۲} ما^{۲}| + \ldots$ کا مجموعہ تعبیر ہوتا ہے تو سلسلہ

$$(ب_{۰،۰} + ب_{۰،۱} ی + ب_{۰،۲} ی^{۲} + \ldots) + (ب_{۱،۰} + ب_{۱،۱} ی + ب_{۱،۲} ی^{۲} + \ldots) ما$$

$$+ (ب_{۲،۰} + ب_{۲،۱} ی + ب_{۲،۲} ی^{۲} + \ldots) ما^{۲} + \ldots$$

جو دیے ہوئے سلسلہ میں $|_{۰}$، $|_{۱}$، $|_{۲}$ ... کی بجائے اندراج کرنے سے حاصل ہوتا ہے اور جس کی رقموں کو ما کی قوتوں کے لحاظ سے ترتیب دیا گیا ہے مستدق ہے اور اس کا انتہائی مجموعہ فا (ما، ی) ہے جو وہی ہے جو دیے ہوئے سلسلہ کا ہے۔

مسئلہ ثنائی

۲۱۱ ——— سلسلہ

$$۱ + م ی + \frac{م (م-۱)}{۲!} ی^{۲} + \frac{م (م-۱) (م-۲)}{۳!} ی^{۳} + \ldots$$

جس میں ی کی قوتیں صحیح اعداد ہیں اور جس کو ی کی صعودی قوتوں میں

ترتیب دیا گیا ہے ایک بہت اہم سلسلہ ہے۔
اُس خاص صورت میں جبکہ م مثبت صحیح عدد ہو یہ سلسلہ محدود ہوتا ہے اور اس کا مجموعہ (۱+ی)^{م} ہوتا ہے۔ اس کا ثبوت جو بالعموم دیا جاتا ہے ی کی ملتف قیمت پر بھی اطلاق پذیر ہے۔
ہم فرض کرینگے کہ ی ایک ملتف عدد ہے لیکن اپنی توجہ صرف اُس صورت تک محدود رکھینگے جس میں م حقیقی ہو۔ اس صورت میں $\frac{\text{ع}_{\text{ن}}}{\text{ع}_{\text{ن}+۱}} = \frac{\text{ن}+۱}{\text{ن}-\text{م}}$ جس کی انتہائی قیمت ایک ہے۔ اس لیے اس سلسلہ کے استدقاق کا نصف قطر ایک ہے۔ اکائی نصف قطر کے اِس دائرہ کے اندر کسی نقطہ ی پر یہ سلسلہ مطلقاً مستدق ہے اور اکائی سے کم نصف قطر والے کسی دائرہ میں یکساں طور پر مستدق ہے۔ (269)
سلسلہ کے انتہائی مجموعہ کو ف (م) سے تعبیر کرنے اور دفعہ ۲۰۹ کا مسئلہ استعمال کرنے سے استدقاق کے دائرہ کے اندر موقوعہ نقطوں کے لیے ہمیں حاصل ہوتا ہے

ف (م$_{۱}$) × ف (م$_{۲}$) = ف (م$_{۱}$ + م$_{۲}$)

اور اس لیے ف (م$_{۱}$) ف (م$_{۲}$) ف (م$_{۳}$) ... ف (م$_{ق}$) = ف (م$_{۱}$ + م$_{۲}$ + ... + م$_{ق}$)

اول فرض کرو کہ م مختصر ترین شکل میں ایک مثبت کسر $\frac{\text{ب}}{\text{ق}}$ ہے۔

رکھو م$_{۱}$ = م$_{۲}$ = ... = م$_{ق}$ = $\frac{\text{ب}}{\text{ق}}$ تو

[ف ($\frac{\text{ب}}{\text{ق}}$)]^{ق} = ف (پ)

اس لیے ف $(\frac{ب}{ق})$، ف (پ) کا ق واں جذر ہے یعنی $(ا+ی)^{\frac{ب}{ق}}$ کا۔

فرض کرو کہ

$ا + ر جم ط = ر جم فہ$، $ر جب ط = ر جب فہ$

تب $(ا+ی)^{\frac{ب}{ق}} = ر^{\frac{ب}{ق}} (جم پ فہ + خ جب پ فہ)$

اور اس کے ق ویں جذروں کی قیمتیں ہیں

$$ر^{\frac{ب}{ق}} \left\{ جم \frac{پ فہ + ۲ س ۲}{ق} + خ جب \frac{پ فہ + ۲ س ۲}{ق} \right\}$$

جہاں س کی قیمتیں ۰، ۱، ۲، ...، ق-۱ ہیں۔ نیز

$$ر = + \sqrt{ا + ۲ ر جم ط + ر^۲}$$

اور ہم فہ کو $مسا \frac{ر جب ط}{ا + ر جم ط}$ کی وہ قیمت فرض کر سکتے ہیں جو حادہ ہے (مثبت یا منفی)؛ ایسی قیمت موجود ہوتی ہے کیونکہ جم فہ استدقاق کے دائرہ کے اندر موقوعہ تمام نقطوں کے لیے مثبت ہے۔

پس ہم دیکھتے ہیں کہ $ر^{\frac{ب}{ق}} \left\{ جم \frac{پ فہ + ۲ س ۲}{ق} + خ جب \frac{پ فہ + ۲ س ۲}{ق} \right\}$ کی ایک قیمت ف $(\frac{ب}{ق})$ ہے اور س کی ہمیشہ وہی قیمت ہونی چاہیے کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ استدقاق کے دائرہ کے اندر تمام نقطوں کے لیے ف $(\frac{ب}{ق})$ ایک مسلسل تفاعل ہے۔

س کی یہ قیمت معلوم کرنے کے لیے رکھو فہ = ۰، تب ف $(\frac{ب}{ق})$ حقیقی ہے

اور اس لیے

$$\text{ق}^{\frac{\text{ت}}{\text{ق}}} \left\{ \text{جم} \frac{\text{ت س} \pi}{\text{ق}} + \text{خ جب} \frac{\text{ت س} \pi}{\text{ق}} \right\}$$

کی ایک حقیقی قیمت کے مساوی ہونا چاہیے اور اس لیے س = ۰ یا س = $\frac{1}{2}$ ق اگر ق جفت ہے۔ اگر ر کافی طور پر چھوٹا ہے تو ف ($\frac{\text{ت}}{\text{ق}}$) یقیناً مثبت ہے؛ اس لیے س، $\frac{1}{2}$ ق کے مساوی نہیں ہو سکتا اور اس لیے صفر ہونا چاہیے۔

اس طرح ہم نے ثابت کر دیا کہ سلسلہ کا مجموعہ جبکہ م ایک مثبت منطق عدد $\frac{\text{ت}}{\text{ق}}$ ہو $(1+\text{ی})^{\frac{\text{ت}}{\text{ق}}}$ کی خاص قیمت ہے یعنی

$$(1 + 2 \text{ر جم ط} + \text{ر}^2)^{\frac{\text{ت}}{2\text{ق}}} \left(\text{جم} \frac{\text{ت فہ}}{\text{ق}} + \text{خ جب} \frac{\text{ت فہ}}{\text{ق}} \right)$$

(270) جس میں جملہ $(1 + 2 \text{ر جم ط} + \text{ر}^2)^{\frac{\text{ت}}{2\text{ق}}}$ اپنی حقیقی قیمت رکھتا ہے اور فہ، مس $\frac{\text{ر جب ط}}{1 + \text{ر جم ط}}$ کی عددی طور پر کم سے کم قیمت ہے جہاں ی = ر (جم ط + خ جب ط)۔

ثانیاً فرض کرو کہ م ایک مثبت غیر منطق عدد ہے؛ ہم اس کو مثبت منطق عددوں م$_1$، م$_2$، ... م$_ر$، ... کے ایک تواتر کی انتہا سمجھینگے۔ تب یہ دکھایا جا سکتا ہے کہ ف (م)، تواتر ف (م$_1$)، ف (م$_2$)، ... ف (م$_ر$)، ... کی انتہا ہے، یا ف (م) = نہا ف (م$_ر$)۔ استدقاق کے دائرہ کے اندر کسی نقطہ ی کے لیے حاصل ہوتا ہے

$$ف(م_ر) = ۱ + م_ر ی + \frac{م_ر(م_ر-۱)}{|۲} ی^۲ + \cdots + \frac{م_ر(م_ر-۱)\cdots(م_ر-ن+۲)}{|ن-۱} ی^{ن-۱} + ب_ن (ی)$$

جہاں $|ب_ن (ی)|$ مستدق سلسلہ

$$\frac{ن(ن+۱)\cdots(ن+ن-۱)}{|ن} |ی|^ن + \frac{ن(ن+۱)\cdots(ن+ن)}{|ن+۱} |ی|^{ن+۱} + \cdots$$

کے انتہائی مجموعہ سے کم ہے جس میں ن ایک ثبت صحیح عدد ہے جو $م_۱، م_۲، \ldots$ ؛ $م_۱، \ldots$ میں سے ہر ایک سے بڑا ہے۔ ن کی کافی طور پر بڑی تمام قیمتوں کے لیے ہمیں حاصل ہوتا ہے $|ب_ن (ی)| < صہ^ن$ تمام اعداد م کے لیے جہاں صہ اختیاری ثبت عدد ہے۔ یہ واضح ہے کہ محدود سلسلہ

$$۱ + م_ر ی + \frac{م_ر(م_ر-۱)}{|۲} ی^۲ + \cdots + \frac{م_ر(م_ر-۱)\cdots(م_ر-ن+۲)}{|ن-۱} ی^{ن-۱}$$

کے مجموعہ کی انتہا جبکہ $م_ر$ م کی طرف مستدق ہو یہ ہے

$$۱ + م ی + \frac{م(م-۱)}{|۲} ی^۲ + \cdots + \frac{م(م-۱)\cdots(م-ن+۲)}{|ن-۱} ی^{ن-۱}$$

اور اس لیے یہ، $ف(م_ر) - ب_ن (ی)$ کی انتہا ہے۔ غیر منطق قوت کی تعریف جو دفعہ ۱۸۶ میں دی گئی ہے اس کی بموجب $(۱+ی)^م$ کی خاص قیمت کی انتہا $(۱+ی)^م$ ہے۔ چونکہ $|ب_ن (ی)| < صہ^ن$ تمام اعداد $م_۱، م_۲، \ldots$ ؛ $م_۱، \ldots$ کے لئے سلسلۂ $|ب_ن (ی)|$ جسکی

ایک مُعیّن قیمت ہونی چاہیے ⩽ صہ ہے۔
پس یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ

$$1 + م ی + \frac{م(م-1)}{\underline{2}} ی^2 + \dots + \frac{م(م-1)\dots(م-ن+2)}{\underline{ن-1}} ی^{ن-1}$$

(1+ی)^م کی خاص قیمت سے بقدر ایک ایسے عدد کے مختلف ہے جس کا مقیاس ن کی کافی طور پر بڑی تمام قیمتوں کے لیے صہ سے بڑا نہیں ہے۔ اس لیے ثابت ہوا کہ ثنائی سلسلہ م کی مثبت غیر منطق قیمت کے لیے مستدق ہے اور (1+ی)^م کی صدر قیمت کے مساوی ہے۔ (271)

آخر میں فرض کرو کہ م ایک منفی عدد ۔م ہے۔ تب ہمیں حاصل ہوتا ہے ف (م) ف (م،) = ف (۰) = 1، اس لیے ف (م) = $\frac{1}{ف(م،)}$، یا ف (م)، (1+ی)^م کی صدر قیمت کا مقلوب ہے یا (1+ی)^م کی صدر قیمت ہے۔

ہم اس پورے نتیجہ کو اِس طرح بیان کر سکتے ہیں:۔

سلسلہ $1 + م ی + \frac{م(م-1)}{\underline{2}} ی^2 + \dots + \frac{م(م-1)\dots(م-ن+1)}{\underline{ن}} ی^ن$

کا مجموعہ، ی کی ان تمام قیمتوں کے لیے جن کا مقیاس + ایک سے کم ہے، (1+ی)^م کی صدر قیمت کے مساوی ہے جو یہ ہے

$(1 + 2 ر جم طہ + ر^2)^{\frac{1}{2}م}$ (جم م فہ + خ جب م فہ)

جبکہ م کوئی حقیقی عدد ہو۔ جملہ بالا میں ی کا مقیاس رہے اور

اس کی دلیل طہ ہے، اور فہ ہست $\frac{\text{رجب طہ}}{\text{۱+رجم طہ}}$ کی وہ قیمت ہے جو $\pm \frac{1}{2}\pi$ کے درمیان واقع ہوتی ہے۔

یہ نتیجہ کوشی نے حاصل کیا تھا اور اسکی کتاب "Analyse Algébrique" میں ملیگا۔

۲۱۲ ——— اب صرف اُس صورت پر غور کرنا باقی رہگیا ہے جب کہ مق ی = ۱،

سلسلہ $1+م+\frac{م(م-1)}{\lfloor 2}+\frac{م(م-1)(م-2)}{\lfloor 3}+\dots$

کی رقموں کو $ا_0$، $ا_1$، $ا_2$ ... سے تعبیر کریں تو $\frac{ا_{ن+1}}{ا_ن}=(م-ن)\backslash(ن+1)$،

اگر ن > م تو یہ نسبت منفی ہے اور اس لیے ایک خاص رقم کے بعد اِس سلسلہ کی رقمیں باری باری سے مثبت اور منفی ہیں۔ یہ سلسلہ دفعہ ۱۹۴ کی رو سے مستدق ہے اگر بلحاظ مقدار اس کی رقمیں گھٹتی جائیں اور آخرالامر لاانتہا چھوٹی ہو جائیں۔ یہ بات اُس وقت ہوگی جبکہ ن۔م < ن+۱ یعنے جبکہ م > -۱، پس سلسلہ نیم مستدق ہوتا ہے اگر م > -۱؛ لیکن اگر م < -۱ تو وہ قسع ہوتا ہے کیونکہ رقموں کی مطلق مقداریں غیر معین طور پر بڑھتی ہیں۔

یہ ثابت کرنے کے لیے کہ جب م > -۱ تو $ا_ن$ کی مطلق مقدار غیر معین طور پر گھٹتی ہے جیسے ن غیر معین طور پر بڑھتا ہے مثبت عدد م+۱ کی بجائے س لکھو اور $|ا_ن|$ کے لیے جو جملہ ہے اُس میں اجزائے ضربی کی کسی خاص تعداد کے حاصل ضرب کو ک سے تعبیر کرو۔ تب اگر

س سے عین بڑا صحیح عدد ر ہو تو حاصل ہوتا ہے

$$|ا_ن| = ک(ا - \frac{س}{ر})(-\frac{س}{ر+ا})\cdots(ا-\frac{س}{ن})$$

$$< ک[(ا+\frac{س}{ر})(ا+\frac{س}{ر+ا})\cdots(ا+\frac{س}{ن})]^{-ا}$$

$$< ک[ا+س(\frac{ا}{ر}+\frac{ا}{ر+ا}+\cdots+\frac{ا}{ن})]^{-ا}$$

سلسلہ $\frac{ا}{ر}+\frac{ا}{ر+ا}+\frac{ا}{ر+۲}+\cdots$ کی پہلی ر رقموں کا مجموعہ $> \frac{ا}{۲}$ اور ان کے بعد ۲ ر رقموں کا مجموعہ بھی $> \frac{ا}{۲}$، اور علیٰ ہذا القیاس۔ اس لئے ن کی کافی طور پر بڑی قیمت کے جواب میں سلسلہ کا مجموعہ $\frac{ا}{۲}$ کے کسی مقررہ ضعف سے بڑا ہوتا ہے اور اس لئے سلسلہ کا مجموعہ ن کے ساتھ لاانتہا بڑھتا ہے۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ $|ا_ن|$ لاانتہا گھٹتا ہے جیسے ن لاانتہا بڑھتا ہے۔ جب م = -ا تو ثنائی سلسلہ کی رقمیں متبادلاً +ا اور -ا ہیں اور اس لئے سلسلہ مستدق نہیں ہوتا۔

دفعہ ۲۰۶ کے مسئلہ سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ سلسلہ

$$ا + م ی + \frac{م(م-ا)}{|۲} ی^۲ + \cdots$$

مستدق ہوتا ہے جبکہ مق ی = ا بشرطیکہ م > -ا اور ی ≠ -ا

(272) جب، ی = -ا تو سلسلہ کی تمام رقمیں ایک خاص رقم کے بعد ایک ہی علامت کی ہوتی ہیں؛ پس معلومہ جانچ

$$نہا_ن (ا + \frac{ا_ن}{ا_{ن-ا}}) > ا$$

لگانے سے سلسلہ مستدق ہوگا اگر

$$نہا_ن \{ا - (ن-م-ا)\backslash ن\} > ا،$$

یا اگر م < ۰

دفعہ ۲۰۷ میں مذکورہ مسئلہ کی بموجب جب سلسلہ

$$۱ + م ی + \frac{م(م-۱)}{\lfloor ۲} ی^۲ + \dots$$

استدقاق کے دائرہ پر مستدق ہوتا ہو تو اس کا مجموعہ جملہ

$$(۱ + ۲ ر جم ط + ر^۲)^{\frac{۱}{۲}م} (جم م ف + خ جب م ف)$$

کی قیمت ہے اس نقطہ پر۔ ہم پورے نتیجہ کو اِس طرح بیان کر سکتے ہیں:-

سلسلہ $۱ + م ی + \frac{م(م-۱)}{\lfloor ۲} ی^۲ + \dots + \frac{م(م-۱)\dots(م-ن+۱)}{\lfloor ۲} ی^ن + \dots$

ی کی تمام قیمتوں کے لیے مستدق ہوتا ہے جبکہ مق ی = ۱ بشرطیکہ م مثبت ہو؛ نیز مستدق ہوتا ہے اگر م صفر اور - ۱ کے درمیان ہو ی کی تمام قیمتوں کے لیے سوائے ی = - ۱ کے اور اِس صورت میں ی کی دلیل π ہے۔ یہ سلسلہ متسع ہوتا ہے جبکہ م = - ۱ اور جبکہ م > - ۱ ی کی تمام قیمتوں کے لیے جن کے لیے سلسلہ مستدق ہوتا ہے اس کا مجموعہ $(۲ + ۲ . جم ط)^{\frac{۱}{۲}م} (جم \frac{۱}{۲} م ط + خ جب \frac{۱}{۲} م ط)$ ہے جہاں ط کی قیمت $\pm \pi$ کے درمیان واقع ہے۔

ابیل (Abel) نے ایک مقالہ میں جو (Crelle's journal v d.i) میں شایع ہوا تھا م کی ملتف قیمتوں کے لیے مسئلہ ثنائی کی عام صورت پر بحث کی ہے۔

ضعفی زاویوں کے دائری تفاعل

۲۱۳ ——— عام شکل میں مسئلہ ثنائی کا ایک اہم اطلاق (جم ط + خرجب ط)م کا پھیلاؤ ہے جس کی خاص قیمت ڈیموائر کے مسئلہ کی رو سے جم م ط + خرجب م ط ہے اگر ط = ± π کے درمیان واقع ہو۔ (جم ط + خرجب ط)م کو شکل جم م ط × (۱ + خر مس ط)م میں لکھنے سے

$$\text{جم م ط} + \text{خرجب م ط} = \text{جم م ط}\left[\left\{1 - \frac{\text{م (م - ۱)}}{\lfloor 2}\ \text{مس}^2\ \text{ط} + \dots\right\}\right.$$

$$\left. + \text{خر}\left\{\text{م مس ط} - \frac{\text{م (م - ۱) (م - ۲)}}{\lfloor 3}\ \text{مس}^3\ \text{ط} + \dots\right\}\right]$$

بشرطیکہ سلسلہ مستدق ہو؛ یہ شرط پوری ہوگی اگر ط حدود $\pm \frac{1}{4}\pi$ کے درمیان واقع ہو خواہ م کی قیمت کچھ ہی ہو، اور نیز یہ شرط پوری ہوگی اگر ط = $\pm \frac{1}{4}\pi$ بشرطیکہ م > -۱،

(273)

(۱) فرض کرو کہ م مثبت ہے، تب

$$\text{جم م ط} = \text{جم}^{\text{م}}\ \text{ط}\left\{1 - \frac{\text{م (م - ۱)}}{\lfloor 2}\ \text{مس}^2\ \text{ط}\right.$$

$$\left. + \frac{\text{م (م - ۱) (م - ۲) (م - ۳)}}{\lfloor 4}\ \text{مس}^4\ \text{ط} - \dots\right\}$$

(۱) .....

$$\text{جب م ط} = \text{جم}^{\text{م}}\ \text{ط}\left\{\text{م مس ط} - \frac{\text{م (م - ۱) (م - ۲)}}{\lfloor 3}\ \text{مس}^3\ \text{ط} + \dots\right\}$$

(۲) .....

م کی تمام قیمتوں کے لیے بشرطیکہ ط، $\pm \frac{1}{4}\pi$ کے درمیان واقع ہو، اور نیز یہ سلسلے درست ہیں ط = $\pm \frac{1}{4}\pi$ کے لیے بھی — دفعہ ۵۱ میں

جو ضابطے حاصل کئے گئے تھے وہ مثبت صحیح عدد م کی صورت کے لیے تھے اور اِس صورت میں استدقاق کی شرط نہیں ہے۔ مندرجہ بالا نتیجے اِن ضابطوں کی توسیعات ہیں۔

(۲) فرض کرو کہ م منفی ہے، تب م کو۔م میں بدلنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\text{جم}^{م} ط = ۱ - \frac{م(م+۱)}{۲} \text{مس}^{۲} ط + \frac{م(م+۱)(م+۲)(م+۳)}{۴} \text{مس}^{۴} ط + \dots \quad \dots (۳)$$

$$\text{جب م ط جم}^{م} ط = م \text{مس} ط - \frac{م(م+۱)(م+۲)}{۳} \text{مس}^{۳} ط + \dots \quad \dots (۴)$$

جو م کی تمام مثبت قیمتوں کے لیے درست ہیں بشرطیکہ ط، $\pm \frac{۱}{۴} \pi$ کے درمیان واقع ہو۔ یہ نتیجے ط $= \pm \frac{۱}{۴} \pi$ کے لیے صرف اُس صورت میں درست ہیں جبکہ م، ۱ اور صفر کے درمیان واقع ہو۔

۲۱۴ ——— دفعہ ماسبق کے ضابطے (۱) اور (۲) اُس صورت میں جبکہ م ایک مثبت صحیح عدد ہو ساتویں باب میں جم م فہ اور جب م فہ کے جملوں کو جب فہ کی صعودی قوتوں کے سلسلوں میں حاصل کرنے میں استعمال ہو چکے ہیں۔ اب ہم اسی طرح کے جملے معلوم کرینگے جبکہ م مثبت صحیح عدد نہ ہو۔

ہم ثابت کر چکے ہیں کہ جب، م ایک جفت مثبت صحیح عدد ہو تو

$$\text{جم}^{م} فہ = ۱ - \frac{م^{۲}}{۲} \text{جب}^{۲} فہ + \frac{م^{۲}(م^{۲}-۲^{۲})}{۴} \text{جب}^{۴} فہ$$

$$- \frac{م^{۲}(م^{۲}-۲^{۲})(م^{۲}-۴^{۲})}{۶} \text{جب}^{۶} فہ + \dots \quad \dots (۵)$$

اور جب م ایک طاق مثبت صحیح عدد ہو تو

$$\text{جب م فہ} = \text{م جب فہ} - \frac{\text{م}(\text{م}^2-1^2)}{3!}\text{جب}^3\text{ فہ}$$

$$+\frac{\text{م}(\text{م}^2-1^2)(\text{م}^2-3^2)}{5!}\text{جب}^5\text{ فہ} - \ldots\ldots; \quad \ldots\ldots(6)$$

(274) یہ جملے اِس طرح حاصل کیے گئے تھے کہ جم م فہ اور جب م فہ کے لیے جو جملے جم فہ اور جب فہ کی قوتوں میں تھے ان میں جم فہ کی قوتوں کی بجائے ۱ - جب^2 فہ کی قوتیں درج کی گئی تھیں اور پھر اِن قوتوں کو (جو مثبت صحیح عدد تھے) مسئلہ ثنائی کے ذریعہ پھیلا کر نتیجہ کو جب فہ کی قوتوں میں ترتیب دیا گیا تھا - یہی سلسلے حاصل ہونگے جبکہ م کوئی مثبت صحیح عدد ہو بلا لحاظ جفت یا طاق ہونے کے بشرطیکہ جم فہ مثبت ہو اور یہ اس وقت مثبت ہوگا جبکہ فہ، $\pm\frac{1}{2}\pi$ کے درمیان واقع ہو - اب ۱ - جم^2 فہ کی قوتیں ضرور نہیں کہ صحیح اعداد ہی ہوں لیکن مسئلہ ثنائی برہنہم اطلاق پذیر ہوگا کیونکہ تمام سلسلے مستدق ہونگے - چونکہ جب^2 فہ کی قوتوں کے تمام سلسلے مستدق ہوتے ہیں اور چونکہ جم م فہ، جب م فہ کے اصلی جملوں میں سے ہر جملہ میں رقموں کی صرف ایک محدود تعداد شامل ہوتی ہے اس لیے پھیلاؤں کے نتیجے کو جب^2 فہ کی قوتوں کے ایک سلسلہ میں مرتب کیا جا سکتا ہے - اِس طرح ہم دیکھتے ہیں کہ اگر م کوئی مثبت صحیح عدد ہو تو سلسلوں (۵) اور (۶) میں سے ہر ایک درست ہے بشرطیکہ فہ، $\pm\frac{1}{2}\pi$ کے درمیان واقع ہو؛ پہلا سلسلہ رقموں کی محدود تعداد پر مشتمل نہیں ہوتا جب تک کہ م جفت نہ ہو، اور دوسرا سلسلہ جب تک کہ م طاق نہ ہو -

فرض کرو کہ سلسلہ

$$1+\text{م}(\text{خ جب فہ})+\frac{\text{م}^2}{2!}(\text{خ جب فہ})^2+\frac{\text{م}(\text{م}^2-1^2)}{3!}(\text{خ جب فہ})^3+\ldots\ldots$$

کا انتہائی مجموعہ ف (م) سے تعبیر ہوتا ہے۔ یہ سلسلہ، سلسلہ (۶) کو خ سے ضرب دیکر سلسلہ (۵) میں جمع کرنے سے حاصل ہوا ہے۔
جب، م مثبت صحیح عدد ہو تو ف (م) = جم م فہ + خ جب م فہ
اگر فہ، $\pm\frac{1}{2}\pi$ کے درمیان واقع ہے۔ اب جبکہ $م_1$، $م_2$ صحیح اعداد ہوں تو

ف ($م_1$) × ف ($م_2$) = (جم $م_1$ فہ + خ جب $م_1$ فہ) (جم $م_2$ فہ + خ جب $م_2$ فہ)

= جم ($م_1$ + $م_2$) فہ + خ جب ($م_1$ + $م_2$) فہ

= ف ($م_1$ + $م_2$)

اِن دو سلسلوں ف ($م_1$)، ف ($م_2$) کا حاصل ضرب ایک ہی شکل کا ہوگا خواہ $م_1$، $م_2$ کچھ ہی ہوں۔ پس دفعہ ۲۰۹ کا مسئلہ استعمال کر کے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ مساوات

ف ($م_1$) × ف ($م_2$) = ف ($م_1$ + $م_2$)

$م_1$ اور $م_2$ کی تمام قیمتوں کے لیے درست ہے کیونکہ سلسلے مطلقاً متدق ہیں۔ لہٰذا

ف ($م_1$) ف ($م_2$) ف ($م_3$) ... ف ($م_ق$) = ف ($م_1$ + $م_2$ + ... + $م_ق$)

اب فرض کرو کہ $م_1 = م_2 = ... = م_ق = \frac{پ}{ق}$ جہاں پ اور ق مثبت صحیح عدد ہیں تب

$$\{ف\left(\frac{پ}{ق}\right)\}^{ق} = ف (پ)$$

پس $\{ف (پ)\}^{\frac{1}{ق}}$ کی ایک قیمت $ف\left(\frac{پ}{ق}\right)$ ہے اور اس لیے اس کی شکل ہے (275)

$$جم \frac{پ\ فہ + ۲ س \pi}{ق} + خ جب \frac{پ\ فہ + ۲ س \pi}{ق}$$

جہاں س کوئی صحیح عدد ہے۔ اب جبکہ فہ = ۰ تو ف $(\frac{ب}{ق}) = ۱$، اس لیے چونکہ مجموعہ ف $(\frac{ب}{ق})$ مسلسل بدلتا ہے جیسے فہ، $-\frac{۱}{۲}\pi$ سے $+\frac{۱}{۲}\pi$ تک بڑھتا ہے ہمیں حاصل ہونا چاہئے س = ۰ اگر فہ ان حدود کے درمیان واقع ہے، پس اس صورت میں

$$\text{میں} \quad ف(\frac{ب}{ق}) = \text{جم} \frac{ب}{ق} \text{فہ} + \text{خ جب} \frac{ب}{ق} \text{فہ}$$

ثانیاً فرض کرو کہ م ایک مثبت غیر منطق عدد ہے جو منطق اعداد $م_۱، م_۲، م_۳ \ldots$ کے ایک تواتر کی انتہا ہے۔ تب

$$ف(م^{س}) = ۱ + م^{س}(\text{خ جب فہ}) + \frac{م^{۲س}}{|۲}(\text{خ جب فہ})^۲ + \ldots$$

$$+ \frac{م^{س}(م^{۲س}-۱^۲)\ldots(م^{۲س}-(۲ر-۳)^۲)}{|۲ر-۱}(\text{خ جب فہ})^{۲ر-۱}$$

$$+ \frac{م^{۲س}(م^{۲س}-۲^۲)\ldots(م^{۲س}-(۲ر-۲)^۲)}{|۲ر}(\text{خ جب فہ})^{۲ر} + ب$$

جہاں $|ب$، اس مستدق سلسلہ

$$\frac{ن(ن^۲+۱^۲)\ldots(ن^۲+(۲ر-۱)^۲)}{|۲ر+۱}|\text{جب فہ}|^{۲ر+۱}$$

$$+ \frac{ن(ن^۲+۲^۲)\ldots(ن^۲+(۲ر)^۲)}{|۲ر+۲}|\text{جب فہ}|^{۲ر+۳} + \ldots$$

کے انتہائی مجموعہ کے مقیاس سے کم ہے۔ ن ایک مثبت عدد ہے جو تمام اعداد م، م، ... سے بڑا ہے۔ فہ کی ہر مقررہ قیمت کے جواب میں ر منتخب ہو سکتا ہے ایسا کہ |ب| < صہ، م کی تمام قیمتوں م، م، م، .... کے لیے جہاں صہ کوئی اختیاری مثبت عدد ہے۔

ف (م) کی انتہا یعنی جم م فہ + خ جب م فہ کی انتہا جبکہ س کو لا انتہا بڑھا دیا جائے جم م فہ + خ جب م فہ ہے تب یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ

$$1 + م (\text{خ جب فہ}) + \frac{م^2}{\lfloor 2} (\text{خ جب فہ})^2 + \ldots$$

$$+ \frac{م (م^2 - 1^2) \ldots (م^2 - ر - 2^2)}{\lfloor ر - 1} (\text{خ جب فہ})^{ر-1}$$

$$+ \frac{م^2 (م^2 - 2^2) \ldots (م^2 - ر - 2^2)}{\lfloor ر} (\text{خ جب فہ})^ر$$

اور جم م فہ + خ جب م فہ میں بقدر اُس عدد کے فرق ہے جس کا مقیاس صہ سے تجاوز نہیں کرتا۔ اب چونکہ صہ اختیاری ہے یہ (276)
ثابت ہو چکا کہ $\pm \frac{1}{2}\pi$ کے درمیان فہ کی ہر قیمت کے لیے لا متناہی سلسلہ، جم م فہ + خ جب م فہ کی طرف مستدق ہوتا ہے۔

آخر الامر فرض کرو کہ م منطق یا غیر منطق منفی عدد۔ م ہے۔ تب چونکہ ف (م) ف (م) = ف (۰) = ۱، اس لیے

$$ف(م) = \frac{1}{\text{جم م فہ} + \text{خ جب م فہ}} = \text{جم م فہ} + \text{خ جب م فہ}$$

پس اس طرح یہ ثابت ہو چکا کہ یہ دو سلسلے

$$\text{جم م فہ} = 1 - \frac{م^2}{\lfloor 2} \text{جب}^2 \text{فہ} + \frac{م^2 (م^2 - 2^2)}{\lfloor 4} \text{جب}^4 \text{فہ} - \ldots, \quad \ldots \quad (5)$$

$$\text{جب م فہ} = م \text{جب فہ} - \frac{م (م^2 - 1^2)}{\lfloor 3} \text{جب}^3 \text{فہ}$$

$$+ \frac{م (م^2 - 1^2)(م^2 - 3^2)}{\lfloor 5} \text{جب}^5 \text{فہ} - \ldots, \quad \ldots \quad (6)$$

درست ہیں فہ کی تمام قیمتوں کے لیے جو $\pm \frac{1}{2}\pi$ کے درمیان واقع ہوں خواہ م کوئی حقیقی عدد ہو۔

یہ دو سلسلے مطلقاً مستدق ہوتے ہیں جبکہ فہ $= \pm \frac{1}{2}\pi$ کیونکہ اِن میں سے پہلے سلسلہ کی عام رقم کی مطلق قیمت کو $ا_ر$ سے تعبیر کرنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\frac{ا_{ر+1}}{ا_ر} = \frac{(2ر+1)(2ر+2)}{(2ر)^2 - م^2} = \left(1 + \frac{3}{2ر} + \frac{1}{2ر^2}\right)\left(1 - \frac{م^2}{2ر^2}\right)$$

اس لیے $\quad$ نہایت $\left(\frac{ا_{ر+1}}{ا_ر} - 1\right) = \frac{3}{2}$

اور اس طرح معلومہ جانچ کی بموجب سلسلہ مستدق ہے۔ اسی طرح یہ دکھایا جا سکتا ہے کہ سلسلہ (6) مستدق ہے۔ دفعہ ۲۰۷ میں بیان کردہ آئیل کے مسئلہ کی بموجب سلسلے (5) اور (6) قیمتوں جم $\frac{1}{2}$ م π، $\pm$ جب $\frac{1}{2}$ م π کی طرف مستدق ہوتے ہیں جبکہ فہ $= \pm \frac{1}{2}\pi$۔

اسی طرح کے ثبوت سے یہ معلوم ہوگا کہ یہ دو سلسلے

$$\text{جم م فہ} \mid \text{جم فہ} = ۱ - \frac{م^۲ - ۱^۲}{\lfloor ۲} \text{جب}^۲ \text{فہ} + \frac{(م^۲ - ۱^۲)(م^۲ - ۳^۲)}{\lfloor ۴} \text{جب}^۴ \text{فہ} - \dots ، \quad \dots (۷)$$

$$\text{جب م فہ} \mid \text{جم فہ} = م \text{جب فہ} - \frac{م(م^۲ - ۲^۲)}{\lfloor ۳} \text{جب}^۳ \text{فہ}$$

$$+ \frac{م(م^۲ - ۲^۲)(م^۲ - ۴^۲)}{\lfloor ۵} \text{جب}^۵ \text{فہ} - \dots ، \quad \dots (۸)$$

درست ہیں م کی تمام حقیقی قیمتوں کے لیے بشرطیکہ فہ، $\pm \frac{۱}{۲} \pi$ کے درمیان واقع ہو۔

سلسلے (۷) اور (۸) درست نہیں جبکہ فہ $= \pm \frac{۱}{۲} \pi$۔

(277) سلسلہ (۷) صرف اس وقت مختتم ہوتا ہے جبکہ م ایک طاق صحیح عدد ہو اور سلسلہ (۸) صرف اس وقت جبکہ م ایک جفت صحیح عدد ہو۔

۲۱۵ ——— اگر ہم جم م فہ + خ جب م فہ کے لیے وہ سلسلہ لیں جو (۵) اور (۶) سے حاصل ہوتا ہے اور ی = خ جب فہ رکھیں تو چونکہ (جم فہ + خ جب فہ)^م = $(\sqrt{۱ + ی^۲} + ی)^م$ ہمیں یہ پھیلاؤ ملتا ہے

$$(\sqrt{۱ + ی^۲} + ی)^م = ۱ + م ی + \frac{م^۲}{\lfloor ۲} ی^۲ + \frac{م(م^۲ - ۱^۲)}{\lfloor ۳} ی^۳ + \frac{م^۲(م^۲ - ۲^۲)}{\lfloor ۴} ی^۴$$

$$+ \dots + \frac{م(م^۲ - ۱^۲) \dots (م^۲ - (۲س - ۳)^۲)}{\lfloor ۲س - ۱} ی^{۲س - ۱}$$

$$+ \frac{م^۲(م^۲ - ۲^۲) \dots (م^۲ - (۲س - ۲)^۲)}{\lfloor ۲س} ی^{۲س} + \dots$$

اسی طرح (۷) اور (۸) سے

$$(\sqrt{1+ی^۲}+ی)^م \Big/ \sqrt{1+ی^۲} = 1+م ی + \frac{م^۲-۱^۲}{|۲} ی^۲ + \frac{م(م^۲-۲^۲)}{|۳} ی^۳ + \dots$$

$$+ \frac{م(م^۲-۲^۲)\dots(م^۲-(۲س-۲)^۲)}{|۲س-۱} ی^{۲س-۱}$$

$$+ \frac{(م^۲-۱^۲)(م^۲-۳^۲)\dots(م^۲-(۲س-۱)^۲)}{|۲س} ی^{۲س} + \dots$$

یہ دکھایا جا سکتا ہے کہ یہ پھیلاؤ درست ہیں م کی تمام قیمتوں کے لیے بشرطیکہ ی کا مقیاس ایک سے کم ہو۔ بعض مصنفین اِن پھیلاؤں کو بلا واسطہ راست حاصل کرتے ہیں اور پھر سلسلوں (۵)، (۶)، (۷)، اور (۸) کو اخذ کرتے ہیں۔ لیکن اِن سلسلوں کو ابتدائی طریقوں سے دریافت کرنا آسان نہیں ہے الا آنکہ ی $\sqrt{1+ی^۲}$ کا مقیاس ایک سے کم ہو؛ ہمیں اس قید کے ساتھ جم م فہ، جب م فہ کے لیے یہ سلسلے حاصل ہونگے صرف اس وقت جبکہ فہ، $\pm \frac{۱}{۴}\pi$ کے درمیان واقع ہو اور یہی قید سلسلوں (۱) اور (۲) کے لیے لازم ہے۔ تاہم تسلسل کے اصول کو استعمال کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اوپر کے پھیلاؤ، اِن سلسلوں کے استدقاق کی وسعت | ی | < ۱ میں درست ہیں۔

۲۱۶ ——— اگر سلسلوں (۵) اور (۶) میں فہ کی بجائے $\frac{۱}{۲}\pi$ - فہ

رکھا جائے تو ہمیں ذیل کے سلسلے حاصل ہوتے ہیں جو فہ کی صفر اور π کے درمیان قیمتوں کے لیے درست ہیں :-

$$\text{جم م}\left(\frac{\pi}{2}-\text{فہ}\right)=1-\frac{\text{م}^2}{\lfloor 2}\text{جم}^2\text{فہ}+\frac{\text{م}^2(\text{م}^2-2^2)}{\lfloor 4}\text{جم}^4\text{فہ}-\ldots \quad (9)$$

$$\text{جب م}\left(\frac{\pi}{2}-\text{فہ}\right)=\text{م جم فہ}-\frac{\text{م}(\text{م}^2-1^2)}{\lfloor 3}\text{جم}^3\text{فہ}+\ldots,\ldots \quad (10)$$

اب ہم جم م فہ اور جب م فہ کے لیے سلسلے معلوم کر سکتے ہیں جبکہ فہ کی کوئی قیمت ہو۔ اگر فہ = ر π + فہ جہاں فہ، $\pm\frac{1}{2}\pi$ کے درمیان ہے اور ر ایک صحیح عدد ہے تو (278)

$$\text{جم م فہ}=\text{جم م ر π جم م فہ}-\text{جب م ر π جب م فہ}$$

نیز جب فہ = $(-1)^{\text{ر}}$ جب فہ۔ پس اگر فہ، $(\text{ر}\pm\frac{1}{2})\pi$ کے درمیان واقع ہو تو

$$\text{جم م فہ}=\text{جم م ر π}\left(1-\frac{\text{م}^2}{\lfloor 2}\text{جب}^2\text{فہ}+\ldots\right)$$

$$-\text{جب}(\text{م}-1)\,\text{ر π}\left\{\text{م جب فہ}-\frac{\text{م}(\text{م}^2-1^2)}{\lfloor 3}\text{جب}^3\text{فہ}+\ldots\right\}$$

$$\ldots \quad (11)$$

اسی طرح

$$\text{جب م فہ}=\text{جب م ر π}\left(1-\frac{\text{م}^2}{\lfloor 2}\text{جب}^2\text{فہ}+\ldots\right)$$

$$+\text{جم}(\text{م}-1)\,\text{ر π}\left\{\text{م جب فہ}-\frac{\text{م}(\text{م}^2-1^2)}{\lfloor 3}\text{جب}^3\text{فہ}+\ldots\right\},\ldots(12)$$

لہ ضابطوں (11)، (12)، (13)، (14) کو ڈی ۔ ایف ۔ گریگوری نے Cambridge Mathematical Journal vol. IV میں شائع کیا تھا۔

اسی طریقہ پر (۹) اور (۱۰) سے حسب ذیل سلسلے حاصل ہونگے :-

$$\text{جم م فہ} = \text{جم م} (۲ر+۱) \frac{\pi}{۲} \left\{ ۱ - \frac{م^۲}{\lfloor ۲} \text{جم}^۲ \text{فہ} + \dots \right\}$$

$$+ \text{جم} (م-۱)(۲ر+۱) \frac{\pi}{۲} \left\{ م \, \text{جم فہ} - \frac{م(م^۲-۱^۲)}{\lfloor ۳} \text{جم}^۳ \text{فہ} + \dots \right\} \quad (۱۳)$$

$$\text{جب م فہ} = \text{جب م} (۲ر+۱) \frac{\pi}{۲} \left\{ ۱ - \frac{م^۲}{\lfloor ۲} \text{جم}^۲ \text{فہ} + \dots \right\}$$

$$+ \text{جب} (م-۱)(۲ر+۱) \frac{\pi}{۲} \left\{ م \, \text{جم فہ} - \frac{م(م^۲-۱^۲)}{\lfloor ۳} \text{جم}^۳ \text{فہ} + \dots \right\} \quad (۱۴)$$

جہاں فہ، ر π اور $(ر+۱)\pi$ کے درمیان واقع ہے۔

۲۱۷ ——— کچھ مفید سلسلے، (۵) اور (۶)، (۷) اور (۸) سے م کو مخصوص قیمتیں دینے سے اخذ کیے جا سکتے ہیں[۱]۔ فرض کرو فہ $= \frac{۱}{۲}\pi$ تب (۵) اور (۶) میں م کی بجائے لا لکھنے سے حاصل ہوتا ہے

$$\text{جم} \frac{۱}{۲} \pi \text{ لا} = ۱ - \frac{\text{لا}^۲}{\lfloor ۲} + \frac{\text{لا}^۲ (\text{لا}^۲ - ۲^۲)}{\lfloor ۴} - \dots \quad (۱۵)$$

$$\text{جب} \frac{۱}{۲} \pi \text{ لا} = \text{لا} - \frac{\text{لا} (\text{لا}^۲ - ۱^۲)}{\lfloor ۳} + \frac{\text{لا} (\text{لا}^۲ - ۱^۲)(\text{لا}^۲ - ۳^۲)}{\lfloor ۵} - \dots \quad (۱۶)$$

نیز (۵) اور (۸) میں م $= ۲$ لا، فہ $= \frac{۱}{۶}\pi$ فرض کرنے سے حاصل ہوتا ہے

---

[۱] اس دفعہ کے سلسلے شیل باک (Shellbach) نے حاصل کیے تھے، دیکھو "Crelle's Journal vol. XLVIII" ان پر گلیشر (Glaisher) نے بھی Messenger of Mathematics, vols. II & vII میں بحث کی ہے (۱۵) اور (۱۶) کے مماثل سلسلے ایم۔ ڈیلوڈنے "Bulletin de la Soc. Math. de France, vol.xi" میں دیے ہیں۔

$$\text{جم}\frac{1}{۳}\pi\text{ لا} = ۱ - \frac{\text{لا}^۲}{\lfloor ۲} + \frac{\text{لا}^۲(\text{لا}^۲-۱^۲)}{\lfloor ۴} - \frac{\text{لا}^۲(\text{لا}^۲-۱^۲)(\text{لا}^۲-۲^۲)}{\lfloor ۶} + \cdots \quad (۱۷)$$

$$\text{جب}\frac{1}{۳}\pi = \frac{1}{۲}\sqrt{۳}\left\{\text{لا} - \frac{\text{لا}(\text{لا}^۲-۱^۲)}{\lfloor ۳} + \frac{\text{لا}(\text{لا}^۲-۱^۲)(\text{لا}^۲-۲^۲)}{\lfloor ۵} - \cdots\right\} \quad (۱۸)$$

(279) π کی قوتوں کے لیے مختلف سلسلے حاصل کیے جا سکتے ہیں اس کے لیے جم $\frac{1}{۲}\pi$ لا، جب $\frac{1}{۲}\pi$ لا، ... کو لا کی قوتوں میں پھیلایا جائے اور لا کی قوتوں کے سروں کو اوپر کے سلسلوں سے متناظر قوت کے سروں کے مساوی رکھا جائے؛ مثلاً (۱۶) سے لا^۳ کے سروں کو مساوی رکھنے سے حاصل ہوتا ہے

$$\frac{\pi^۳}{۳۲} = \frac{1}{۲}\times\frac{1}{۳} + \frac{1}{۲}\times\frac{1}{۵} + \frac{۳}{۴}\times\frac{1}{۲}\times\frac{1}{۷} + (۱+\frac{1}{۳})\frac{۵\times۳\times۱}{۶\times۴\times۲}\times\frac{1}{۹}(۱+\frac{1}{۳}+\frac{1}{۵})$$

$$+ \cdots\cdots$$

کسی زاویہ کے دائری ناپ کا پھیلاؤ اس کی جیب کی قوتوں میں

۲۱۸ ——— اگر پھیلاؤں (۵) اور (۶) میں جو جم م فہ، جب م فہ کے لیے جب فہ کی قوتوں میں ہیں ہم ان سلسلوں کو م کی صعودی قوتوں کے سلسلوں کے طور پر مرتب کریں جو ہم دفعہ ۲۱۰ کی رو سے کر سکتے ہیں کیونکہ سلسلے

$$۱ + \frac{\text{م}^۲}{\lfloor ۲}\text{جب}^۲\text{ فہ} + \frac{\text{م}^۲(\text{م}^۲+۲)}{\lfloor ۴}\text{جب}^۴\text{ فہ} + \cdots\cdots,$$

$$\text{م جب فہ} + \frac{\text{م}(\text{م}^۲+۱^۲)}{\lfloor ۳}\text{جب}^۳\text{ فہ} + \cdots\cdots$$

مستدق ہیں تو ہم م کی مختلف قوتوں کے سروں کو جم م فہ جب م فہ کے پھیلاؤں کے (جو فہ کی قوتوں میں ہوں) متناظر سروں کے مساوی رکھ سکتے ہیں؛ مثلاً (۲) سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\text{فہ} = \text{جب فہ} + \frac{1}{2}\frac{\text{جب}^3 \text{فہ}}{3} + \frac{3\times 1}{4\times 2}\times\frac{\text{جب}^5 \text{فہ}}{5} + \dots$$

$$+ \frac{1\times 3\times 5\times \dots (2ر-1)}{2\times 4\times 6\cdots 2ر}\frac{\text{جب}^{2ر+1} \text{فہ}}{2ر+1} + \dots ، \dots . \quad (19)$$

اور (۵) سے

$$\text{فہ}^2 = \text{جب}^2 \text{فہ} + \frac{2}{3}\frac{\text{جب}^4 \text{فہ}}{2} + \frac{4\times 2}{5\times 3}\frac{\text{جب}^6 \text{فہ}}{3} + \dots .$$

$$+ \frac{2\times 4\cdots (2ر-2)}{3\times 5\cdots (2ر-1)}\frac{\text{جب}^{2ر} \text{فہ}}{ر} + \dots ، \dots . \quad (20)$$

یہ درست ہیں $\pm\frac{1}{2}\pi$ کے درمیان فہ کی قیمتوں کے لیے یا جبکہ فہ $= \pm\frac{1}{2}\pi$ - ہم اِن کو شکل ذیل میں بھی لکھ سکتے ہیں

$$\text{جب}^{-1} \text{لا} = \text{لا} + \frac{1}{2}\frac{\text{لا}^3}{3} + \frac{3\times 1}{4\times 2}\frac{\text{لا}^5}{5} + \dots ، \dots . \quad (19)$$

$$(\text{جب}^{-1} \text{لا})^2 = \text{لا}^2 + \frac{2}{3}\frac{\text{لا}^4}{2} + \frac{4\times 2}{5\times 3}\frac{\text{لا}^6}{3} + \dots ، \dots . \quad (20)$$

جہاں جب$^{-1}$ لا دونوں مساواتوں میں وہ مثبت یا منفی حادہ زاویہ ہے جس کی جیب لا کے مساوی ہے۔

سلسلہ (۱۹) کو نیوٹن نے دریافت کیا تھا؛ طریقِ ثبوت کوشی کا ہے

(280) ۲۱۹ ـــــــ سلسلہ (۲۰) میں لا کو لا + ھ میں بدلنے اور مساوات کی جانبین میں ھ کے سروں کو مساوی رکھنے سے (یہ عمل لا کے لحاظ سے تفرق کرنے کے حمائل ہے جو دفعات ۲۱۰ اور ۲۰۸ کے مسئلوں کو استعمال کرنے سے جایز قرار دیا جا سکتا ہے) سلسلہ حاصل ہوتا ہے

$$\frac{\text{جب}\, ا\, \text{لا}}{\text{را} - \text{لا}^{۲}} = \text{لا} + \frac{۲}{۳}\text{لا}^{۳} + \frac{۴ \times ۲}{۵ \times ۳}\text{لا}^{۵} + \dots, \dots \quad (۲۱)$$

یا لا کی بجائے جب فہ رکھنے سے

$$\frac{\text{فہ}}{\text{جب فہ جم فہ}} = ۱ + \frac{۲}{۳}\text{جب}^{۲}\text{فہ} + \frac{۴ \times ۲}{۵ \times ۳}\text{جب}^{۴}\text{فہ} + \dots, \dots \quad (۲۲)$$

یا ۲ فہ = طہ لکھنے سے

$$\frac{\text{طہ}}{\text{جب طہ}} = ۱ + \frac{۱}{۳}(۱ - \text{جم طہ}) + \frac{۲ \times ۱}{۵ \times ۳}(۱ - \text{جم طہ})^{۲} + \dots$$

جس کو لکھ سکتے ہیں

$$\text{طہ قم طہ} = ۱ + \frac{۱}{۳}\text{سہم طہ} + \frac{۲ \times ۱}{۵ \times ۳}\text{سہم}^{۲}\text{طہ} + \dots, \dots \quad (۲۳)$$

نیز (۲۲) میں مس فہ = ما رکھنے سے سلسلہ حاصل ہوتا ہے

$$\text{مس}^{-۱}\text{ما} = \frac{\text{ما}}{۱ + \text{ما}^{۲}}\left\{۱ + \frac{۲}{۳}\frac{\text{ما}^{۲}}{۱ + \text{ما}^{۲}} + \frac{۴ \times ۲}{۵ \times ۳}\frac{\text{ما}^{۴}}{(۱ + \text{ما}^{۲})^{۲}} + \dots\right\}$$

.. (۲۴)

جیوب اور جیوب التمام کی قوتوں کو ضعفی زاویوں کی جیوب اور جیوب التمام میں بیان کرنا

۲۲۰ ——— اب ہم یہ دکھائینگے کہ شکل جم^م ط جب^ن ط کے جملے کس طرح آسانی کے ساتھ ط کے ضعفوں کی جیوب یا جیوب التمام میں بیان کیے جا سکتے ہیں۔ ہم اول تو اُس صورت تک اپنی توجہ محدود رکھینگے جس میں م اور ن مثبت صحیح اعداد ہوں۔ فرض کرو کہ ی = جم ط + خ جب ط، تب ی^۲ = جم ط - خ جب ط؛ پس ۲ جم ط = ی + ی^۲ اور ۲ خ جب ط = ی - ی^۲، اور

(۲ جم ط)^م (۲ خ جب ط)^ن = (ی + ی^۲)^م (ی - ی^۲)^ن

اگر ہم بائیں طرف کے جملہ کو ی اور ی^۲ کی قوتوں میں پھیلائیں تو نتیجہ کو ایک ایسے سلسلہ میں مرتب کیا جا سکتا ہے جس کی رقمیں اِن دو شکلوں ک (ی^ر + ی^۲ر)، ک (ی^ر - ی^۲ر) میں سے ایک کے مانند ہونگی جہاں ک ایک ضارب ہے جو م، ن اور ر پر منحصر ہے۔

اب ی^ر = جم رط + خ جب رط اور ی^۲ر = جم رط - خ جب رط بموجب مسئلہ ڈیموائر۔ اس لیے

ک (ی^ر + ی^۲ر) = ۲ ک جم رط،

۲ ک (ی^ر - ی^۲ر) = ۲ خ ک جب رط

اس طرح ہمیں جم^ن ط جب^ن ط کے لیے مطلوبہ جملہ، ط کے ضعفوں کی جیوب یا جیوب التمام کے ایک سلسلہ میں حاصل ہو چکا۔

مثال (281)

جب^۵ ط جم^۶ ط کو ط کے ضعفوں کے سلسلہ میں بیان کرو۔

ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$(۲ خ جب ط)^۵ (۲ جم ط)^۶ = (ی - ی^{-۱})^۵ (ی + ی^{-۱})^۶ = (ی^۲ - ی^{-۲})^۵ (ی + ی^{-۱})$$

یا
$$= (ی^{۱۰} - ۵ی^۸ + ۱۰ی^۶ - ۱۰ی^۴ + ۵ی^۲ - ۱ ی^{-۲})(ی + ی^{-۱})$$

یا
$$= ی^{۱۱} + ی^۹ - ۵ی^۷ - ۵ی^۵ + ۱۰ی^۳ + ۱۰ی - ۱۰ی^{-۱} - ۵ی^{-۳} + ۵ی^{-۵} - ی^{-۷} - ی^{-۹} - ی^{-۱۱}$$

جو ۲ خ (جب ۱۱ ط + جب ۹ ط - ۵ جب ۷ ط - ۵ جب ۵ ط + ۱۰ جب ۳ ط + ۱۰ جب ط) کے مساوی ہے

$$\therefore \text{جب}^۵ \text{ط جم}^۶ \text{ط} = \frac{۱}{۱۰۲۴} (\text{جب ۱۱ ط} + \text{جب ۹ ط} - ۵ \text{ جب ۷ ط} - ۵ \text{ جب ۵ ط} + ۱۰ \text{ جب ۳ ط} + ۱۰ \text{ جب ط})$$

اس عمل کو اس طرح بھی مرتب کر سکتے ہیں:-

$$(۲ \text{جم ط})^۶ = ۱ + ۶ + ۱۵ + ۲۰ + ۱۵ + ۶ + ۱$$

$$(۲ \text{خ جب ط})(۲ \text{جم ط})^۴ = ۱ + ۵ + ۹ + ۵ - ۵ - ۹ - ۵ - ۱$$

$$(۲ \text{خ جب ط})^۲ (۲ \text{جم ط})^۶ = ۱ + ۴ + ۴ - ۴ - ۱۰ - ۴ + ۴ + ۴ + ۱$$

$(۲ خ جب ط)^۳ (۲ جم ط)^۶ = ۱ + ۳ + ۰ - ۸ - ۶ + ۸ + ۶ - ۳ - ۱$

$(۲ خ جب ط)^۴ (۲ جم ط)^۶ = ۱ + ۲ - ۳ - ۸ + ۲ + ۱۲ + ۲ - ۸ - ۳ + ۲ + ۱$

$(۲ خ جب ط)^۵ (۲ جم ط)^۶ = ۱ + ۱ - ۵ - ۵ + ۱۰ + ۱۰ - ۱۰ - ۱۰ + ۵ + ۵ - ۱ - ۱$

جہاں بائیں جانب ی کی قوتیں ترک کر دی گئی ہیں اور کسی سطر کا کوئی عدد اس کے اوپر کی سطر میں جو عدد اِس کے عین سر پر ہے اِس کو اس سے ماقبل کے عدد میں سے تفریق کرنے سے حاصل ہوا ہے۔

عددی اعمال حساب کو انجام دینے کا یہ سہولت بخش طریقہ ڈی مارگن[1] نے اپنی کتاب (Double Algebra and Trig.) میں دیا ہے۔

۲۲۱ ——— ہم ط کے ضِعفوں کی جیوب یا جیوب التمام کی رقوم میں $(۲ جم ط)^م$ اور $(۲ جب ط)^م$ کے لیے ضابطے دفعہ ماسبق میں مستعمل طریقہ کے ذریعہ حاصل کر سکتے ہیں جبکہ م ایک مثبت صحیح عدد ہو۔ چنانچہ

$$(۲ جم ط)^م = (ی + \frac{۱}{ی})^م = ی^م + م ی^{م-۲} + \frac{م(م-۱)}{\lfloor ۲} ی^{م-۴} + \dots + \frac{۱}{ی^م}$$

اس لیے $۲^{م-۱} جم^م ط = جم م ط + م جم (م-۲) ط + \frac{م(م-۱)}{\lfloor ۲} جم (م-۴) ط + \dots$

جہاں آخری رقم ہے

$$\frac{۱}{۲} \frac{\lfloor م}{\lfloor \frac{۱}{۲} م \lfloor \frac{۱}{۲} م}$$ ، یا $$\frac{\lfloor م}{\lfloor \frac{۱}{۲} م - ۱ \lfloor \frac{۱}{۲} م + ۱} جم ط$$

[1] De Morgan.

بموجب اس کے کہ م جفت ہے یا طاق۔

اسی طرح

$$(۲ خ جب ط)^م = (ی - ی^{-۱})^م = ی^م - م ی^{م-۲} + \frac{م(م-۱)}{\lfloor ۲} ی^{م-۴} - \dots + (-۱)^م ی^{-م}$$

سے ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$۲^{م-۱} (-۱)^{\frac{م}{۲}} \text{جب}^م ط = \text{جم}\, م ط - م\, \text{جم}(م-۲) ط + \frac{م(م-۱)}{\lfloor ۲} \text{جم}(م-۴) ط - \dots$$

$$+ (-۱)^{\frac{م}{۲}} \frac{\lfloor م}{۲ \lfloor \frac{۱}{۲} م \lfloor \frac{۱}{۲} م}$$

جبکہ م جفت ہو، یا

$$۲^{م-۱} (-۱)^{\frac{م-۱}{۲}} \text{جب}^م ط = \text{جب}\, م ط - م\, \text{جب}(م-۲) ط + \frac{م(م-۱)}{\lfloor ۲} \text{جب}(م-۴) ط \quad (282)$$

$$- \dots + (-۱)^{\frac{م-۱}{۲}} \frac{\lfloor م}{\lfloor (\frac{۱}{۲} م - ۱) \lfloor (\frac{۱}{۲} م - ۱)}$$

جبکہ م طاق ہو۔

یہ ضابطے ساتویں باب میں حاصل کیے جا چکے ہیں۔

۲۲۲ ——— اب ہم ط کے ضعفوں کی جیوب اور جیوب التمام کی رقوم میں جم ط، جب ط کے اُن پھیلاؤں پر غور کرینگے جبکہ م - ۱ سے بڑا کوئی حقیقی عدد ہو۔

دفعہ ۲۱۲ کی رو سے

$$۲^{م}(\pm \text{جم} \tfrac{۱}{۲} \text{فہ})^{م} \text{جم م} (\tfrac{۱}{۲} \text{فہ} - \text{ک} \pi)$$

$$= ۱ + \text{م جم فہ} + \frac{\text{م}(\text{م}-۱)}{\lfloor ۲} \text{جم ۲ فہ} + \frac{\text{م}(\text{م}-۱)(\text{م}-۲)}{\lfloor ۳} \text{جم ۳ فہ} + \dots$$

$$۲^{م}(\pm \text{جم} \tfrac{۱}{۲} \text{فہ})^{م} \text{جب م} (\tfrac{۱}{۲} \text{فہ} - \text{ک} \pi)$$

$$= \text{م جب فہ} + \frac{\text{م}(\text{م}-۱)}{\lfloor ۲} \text{جب ۲ فہ} + \frac{\text{م}(\text{م}-۱)(\text{م}-۲)}{\lfloor ۳} \text{جب ۳ فہ} + \dots$$

جہاں فہ (۲ک - ۱) π اور (۲ک + ۱) π کے درمیان واقع ہے سلسلہ اول کو جم عہ سے اور سلسلہ دوم کو جب عہ سے ضرب دیکر جمع کرنے سے

$$۲^{م}(\pm \text{جم} \tfrac{۱}{۲} \text{فہ})^{م} \text{جم} (\text{عہ} - \tfrac{۱}{۲} \text{م فہ} + \text{م ک} \pi) = \text{جم عہ} + \text{م جم} (\text{عہ} - \text{فہ})$$

$$+ \frac{\text{م}(\text{م}-۱)}{\lfloor ۲} \text{جم} (\text{عہ} - ۲ \text{فہ}) + \frac{\text{م}(\text{م}-۱)(\text{م}-۲)}{\lfloor ۳} \text{جم} (\text{عہ} - ۳ \text{فہ}) + \dots$$

جہاں فہ (۲ک - ۱) π اور (۲ک + ۱) π کے درمیان واقع ہے۔ فرض کرو کہ فہ = ۲ طہ تب اگر ک جفت (= ۲ س) ہو تو

$$۲^{م} \text{جم}^{م} \text{طہ جم} (\text{عہ} - \text{م طہ} + ۲ \text{م س} \pi)$$

$$= \text{جم عہ} + \text{م جم} (\text{عہ} - ۲ \text{طہ}) + \frac{\text{م}(\text{م}-۱)}{\lfloor ۲} \text{جم} (\text{عہ} - ۴ \text{طہ}) + \dots$$

جہاں طہ $= ۲ \text{س} \pi - \frac{۱}{۲} \pi$ اور $۲ \text{س} \pi + \frac{۱}{۲} \pi$ کے درمیان واقع ہے۔ لیکن اگر ک طاق (= ۲ س + ۱) ہو تو

$$۲^{م}(-\text{جم}\,ط)^{م}\,\text{جم}\,(ع-م\,ط+م\,۲\,س+۱\,\pi)$$

$$=\text{جم}\,ع+م\,\text{جم}\,(ع-۲\,ط)+\frac{م\,(م-۱)}{۲}\,\text{جم}\,(ع-۴\,ط)+\ldots$$

جہاں ط، $۲\,س\,\pi+\frac{۱}{۲}\,\pi$ اور $۲\,س\,\pi+\frac{۳}{۲}\,\pi$ کے درمیان واقع ہے۔

ان نتیجوں میں رکھو $ع = م\,ط$ تو

$$۲^{م}\,\text{جم}^{م}\,ط\,\text{جم}\,۲\,م\,س\,\pi$$

$$=\text{جم}\,م\,ط+م\,\text{جم}\,(م-۲)\,ط+\frac{م\,(م-۱)}{۲}\,\text{جم}\,(م-۴)\,ط+\ldots\text{،}\quad(۲۵)$$

جہاں ط، $۲\,س\,\pi-\frac{۱}{۲}\,\pi$ اور $۲\,س\,\pi+\frac{۱}{۲}\,\pi$ کے درمیان واقع ہے، نیز (283)

$$۲^{م}\,(-\text{جم}\,ط)^{م}\,\text{جم}\,(۲\,س+۱)\,م\,\pi$$

$$=\text{جم}\,م\,ط+م\,\text{جم}\,(م-۲)\,ط+\frac{م\,(م-۱)}{۲}\,\text{جم}\,(م-۴)\,ط+\ldots\text{،}\quad(۲۶)$$

جہاں ط، $۲\,س\,\pi+\frac{۱}{۲}\,\pi$ اور $۲\,س\,\pi+\frac{۳}{۲}\,\pi$ کے درمیان واقع ہے۔

پھر، رکھو $ع = م\,ط+\frac{۱}{۲}\,\pi$ تو

$$۲^{م}\,\text{جم}^{م}\,ط\,\text{جب}\,۲\,م\,س\,\pi$$

$$=\text{جب}\,م\,ط+م\,\text{جب}\,(م-۲)\,ط+\frac{م\,(م-۱)}{۲}\,\text{جب}\,(م-۴)\,ط+\ldots\text{،}$$

جہاں ط، $۲\,س\,\pi-\frac{۱}{۲}\,\pi$ اور $۲\,س\,\pi+\frac{۱}{۲}\,\pi$ کے درمیان واقع ہے، نیز $\ldots\quad(۲۷)$

$$۲^{م}\,(-\text{جم}\,ط)^{م}\,\text{جب}\,(۲\,س+۱)\,م\,\pi$$

$$=\text{جب}\,م\,ط+م\,\text{جب}\,(م-۲)\,ط+\frac{م\,(م-۱)}{۲}\,\text{جب}\,(م-۴)\,ط+\ldots\text{،}\quad(۲۸)$$

جہاں ط، $۲\,س\,\pi+\frac{۱}{۲}\,\pi$ اور $۲\,س\,\pi+\frac{۳}{۲}\,\pi$ کے درمیان واقع ہے۔

پھر ط کو ط $-\frac{۱}{۲}\,\pi$ میں بدلو اور رکھو $ع = م\,ط$ تو

$$۲^{م}\,\text{جب}^{م}\,ط\,\text{جم}\,م\,(۲\,س+\frac{۱}{۲})\,\pi$$

$= \text{جم}\, م\, \text{طہ} - م\, \text{جم}\,(م-۲)\,\text{طہ} + \frac{م(م-۱)}{۲}\,\text{جم}\,(م-۴)\,\text{طہ} - \ldots$ (۲۹)

جہاں طہ، ۲ س π اور (۲ س + ۱) π کے درمیان واقع ہے، نیز
۲^{م} (- جب طہ)^{م} جم م (۲ س + $\frac{۳}{۲}$) π

$= \text{جم}\, م\, \text{طہ} - م\, \text{جم}\,(م-۲)\,\text{طہ} + \frac{م(م-۱)}{۲}\,\text{جم}\,(م-۴)\,\text{طہ} - \ldots$ (۳۰)

جہاں طہ، (۲ س + ۱) π اور (۲ س + ۲) π کے درمیان واقع ہے۔
$$(-1)^ر\frac{(2ر-1)(2ر-3)\cdots 1\times}{2ر\times\cdots\times 6\times 4\times 2}$$

کے مساوی ہے۔ پس جب $جا^{-1}$ لا کے پھیلاؤ میں $لا^{2ر+1}$ کا سر ہے

$$\frac{1}{2ر+1}\ \frac{1\times 3\times 5\times\cdots(2ر-1)}{2\times 4\times 6\times\cdots\times 2ر}$$

اسلئے

$$جا^{-1}لا=لا+\frac{1}{2}\times\frac{لا^3}{3}+\frac{1\times 3}{2\times 4}\frac{لا^5}{5}+\cdots+\frac{1\times 3\times 5\cdots(2ر-1)}{2ر\cdots 6\times 4\times 2}\frac{لا^{2ر+1}}{2ر+1}+\cdots$$

اس ثبوت سے صرف یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ سلسلہ $\pm \frac{1}{2^{\prime}}$ کے درمیان لا کی قیمتوں کے لئے درست ہے لیکن اِس واقعہ کو استعمال کرنے سے کہ اس سلسلہ کا مجموعہ اسکے استدقاق کے دائرہ میں مسلسل ہے یہ بتایا جا سکتا ہے کہ یہ سلسلہ درست رہتا ہے اگر لا $\pm$ ۱ کے درمیان ہو۔

دائرہ کی ترتیع

۲۵۱ (ا) — وہ مشہور مسئلہ جو دائرہ کو مربع میں تحویل (Squaring the circle) کرنیکا ہے یعنی ایک مربع بنانیکا جس کا رقبہ ایک دئے ہوئے دائرہ کے مساوی ہو اِس مسئلہ کے مماثل ہے کہ ایک خط مستقیم بنایا جائے جو طول میں ایک دئے ہوئے دائرہ کے محیط کے مساوی ہو۔ وہ طریقہ عمل جو اس مسئلہ عملی کے حل کرنے میں استعمال کیا جاتا ہے اقلیدسی ہے جسمیں صرف دائروں اور خطوطِ مستقیم کو اقلیدسی نظام کے اصولِ موضوعہ کی بموجب کھینچنے کا عمل شامل ہے۔

اس مسئلہ عملی کو اس طرح بیان کیا جا سکتا ہے کہ وہ ایک خط مستقیم کو جسکا طول عدد π سے تعبیر ہوتا ہے بنانیکا مسئلہ ہے جبکہ ایک دئے ہوئے محدود خط کا طول طول کی اکائی متصور ہو۔ لیمبرٹ نے یہ بات ثابت کی کہ عدد π غیر منطق ہے یعنی اسکو شکل $\frac{ف}{ق}$ میں بیان نہیں کیا جا سکتا جہاں ف اور ق صحیح عدد ہیں اور ایک دوسرے کے لحاظ سے مفرد ہیں لیکن یہ امر واقعہ اس بات کو ثابت کرنیکے لئے کافی نہیں ہے کہ طول π کا خط مستقیم بنانا ناممکن ہے کیونکہ غیر منطق طول (806) کے خطوط مستقیم کی ایک خاص جماعت اقلیدسی طریقہ عمل سے حاصل کیجا سکتی ہے۔ اس سلسلہ میں بنیادی اہمیت رکھنے والی ایک کڑی کا

اضافہ ہوا جبکہ لیوول (Liouville) [۱] نے علوی اعداد کے وجود کو ثابت کیا جو جبری اعداد سے مختلف ہیں۔ جبری عدد وہ ہے جو کسی درجہ ن کی ایک جبری مساوات کی ایک اصل ہوتا ہے جبکہ اس مساوات کے سر منطق عدد ہوں، مسئلہ کی عمومیت پر اثر نہیں پڑتا اگر ان سروں پر مثبت یا منفی صحیح عدد ہونیکی قید عائد کیجائے۔ علوی عدد وہ ہے جو کسی ایسی جبری مساوات کی اصل نہیں ہو سکتا جس کے سر منطق (یا صحیح عدد) ہوں۔ خود لیوول نے علوی عددوں کی مثالیں دی ہیں لیکن وہ پہلی صورت جس میں ایک عدد کو جو علم التحلیل میں بہت معروف ہے علوی ثابت کیا گیا تھا عدد نو کی تھی جس کی علویت ہرمائٹ (Hermite) نے قائم کی۔ ہرمائٹ کے بعد لنڈی میا (Lindemann) [۲] نے اس امر کا ثبوت دیا کہ π ایک علوی عدد ہے۔ اس نے یہ عام تر مسئلہ ثابت کیا کہ اگر نو = ما تو یہ دو عدد لا اور ما دونوں جبری نہیں ہو سکتے اِلّا بصورت آنکہ لا = ۰ ما = ۱۔ وہ آسان ثبوت کہ نو اور π علوی عدد ہیں بعد میں ہلبرٹ، ہرووز (Hurwitz) اور گارڈن (Gordan) [۳] نے دئے۔ گارڈن کے ثبوت کی ترمیم شدہ شکل یہاں دی جائے گی۔

یہ ثبوت کہ π ایک علوی عدد ہے اس امر کے مماثل ہے کہ کسی ہندسی عمل کے ذریعہ جسمیں صرف خطوط مستقیم اور دائرے استعمال کئے گئے ہوں دائرہ کو ایک مربع میں تحویل کرنا ناممکن ہے، یا زیادہ عام صورت میں یہ کہ کسی جبری منحنیوں کے ذریعہ ایسا کرنا ناممکن ہے۔ کیونکہ کسی ایسے عمل کے یہ معنی ہیں کہ π کو کسی خاص

---

۱ Liouville's journal vol. xvi. 1851

۲ Mathematische Annalen, vol. xx. 1882.

۳ " " vol. xliii, 1893

جبری مساوات کی ایک اصل کے طور پر ظاہر کیا گیا ہے جہاں یہ مساوات خطوط مستقیم اور دائروں یا دوسرے جبری منحنیوں کی کارپیزی مساواتوں کو ترکیب دینے سے حاصل ہوئی ہے۔ دائرہ کو مربع میں تحلیل کرنیکا مسئلہ ایسا ہے کہ جس نے صدیوں تک علماء ریاضی کے دماغوں کو محو فریب رکھا اور اسلئے لنڈرمن کا ثبوت اس مسئلہ کے عدم امکان کے متعلق اس لحاظ سے بڑی اہمیت رکھتا ہے کہ وہ تاریخی دلچسپی کے ایک مسئلہ سے متعلق ہے۔

۲۵۱ (ب) — یہ دکھانے کے لئے کہ عدد ہو علوی ہے مان لو (بفرض امکان) کہ ہو اس شرط

$$ا_0 + ا_1 ہو + ا_2 ہو^2 + \dots + ا_ن ہو^ن = 0$$

کو پورا کرتا ہے جہاں $ا_0$، $ا_1$، $ا_2$... مثبت یا منفی صحیح عدد ہیں اور (307)
$ا_0$ ایک مثبت صحیح عدد ہے۔ اب یہ دکھانے کے لئے کہ اس مفروضہ سے ہم اس مسئلہ کے ضد پر پہنچتے ہیں یہ ثابت کیا جائیگا کہ ایک عدد ک متعین ہو سکتا ہے ایسا کہ

$$ک ا_0 ص + ف_1 ک ا_1 ہو ص + ف_1 ک ا_2 ہو^2 ص + ف_2$$

$$\dots ک ا_ن ہو^ن = ص_ن + ف_ن$$

جہاں ص، $ص_1$، $ص_2$... مثبت یا منفی صحیح عددوں کو تعبیر کرتے ہیں اور ف، $ف_1$، $ف_2$... $ف_ن$ اُن عددوں کو تعبیر کرتے ہیں جو عدداً ایک سے کم ہیں اور یہ کہ $ف_1 + ف_2 + \dots + ف_ن$ عدداً ایک سے کم ہے، نیز $ص_1 + ص_2 + \dots + ص_ن$ صفر نہیں ہے

ابتدائی مساوات کو ک سے ضرب دینے سے ہم دیکھتے ہیں کہ ایک صحیح عدد اور عدداً ایک سے چھوٹے عدد کا مجموعہ صفر کے مساوی حاصل ہوتا ہے جو ناممکن ہے۔ ک کی تعیین کے لئے جملہ

$$\text{فہ}(\text{لا}) = \frac{\text{لا}^{\text{پ}-1}}{\text{پ}-1}\left\{(1-\text{لا})(2-\text{لا})\ldots(\text{ن}-\text{لا})\right\}^{\text{پ}}$$

پر غور کرو جہاں پ، ن سے بڑا اور ا سے بڑا ایک مفرد عدد ہے۔ ہم فہ (لا) کو اِسے لا کی قوتوں میں پھیلانے کے بعد ج $\frac{\text{لا}^{\text{پ}-1}}{\text{پ}-1}$ + ج $\text{لا}^{\text{پ}}$ + ... ج $\text{لا}^{\text{ن پ}+\text{پ}-1}$ سے ظاہر کر سکتے ہیں۔ اب فہ (لا) کے متواتر مشتق تفاعلوں کو

فہ(لا)، فہ′ (لا)، ...، فہ$^{(\text{س})}$ (لا)، ...، فہ$^{(\text{ن پ}+\text{پ}-1)}$ (لا)

سے تعبیر کرنے سے ہم دیکھتے ہیں کہ

فہ(پ) (۰)، فہ(پ+۱) (۰)، ...، فہ$^{(\text{ن پ}+\text{پ}-1)}$ (۰)

سب کے سب پ کے ضِعف ہیں، لیکن فہ$^{(\text{پ}-1)}$ (۰)، پ کا ضِعف نہیں ہے کیونکہ $\frac{\text{ان}}{\text{پ}}$، پ کے لحاظ سے مفرد ہے۔ نیز اگر صحیح عددوں ۱، ۲، ۳، ...، ن میں سے ایک م سے تعبیر ہو تو ہم دیکھتے ہیں کہ فہ (م)، فہ′ (م)، ...، فہ$^{(\text{پ}-1)}$ (م) سب کے سب معدوم ہوتے ہیں اور فہ$^{(\text{پ})}$ (م)، فہ$^{(\text{پ}+1)}$ (م)، ...، فہ$^{(\text{ن پ}+\text{پ}-1)}$ (م) سب کے سب

پ سے تقسیم پذیر صحیح عدد ہیں۔

فرض کرو کہ ک پ سے

$$\sum_{ر=۰}^{ر=ن پ + پ - ۱} \text{ل}_ر \times ج_ر$$

یا فہ$_{(پ-۱)}$(۰) + فہ$_{(پ)}$(۰) + ... + فہ$_{(ن پ + پ - ۱)}$(۰)

تعبیر ہوتا ہے، اِس طرح ک پ، پ کا ضِعف نہیں ہے کیونکہ فہ$_{(پ-۱)}$(۰)، پ سے تقسیم پذیر نہیں ہے۔ یہ دکھایا جائیگا کہ ک پ کی وہ قیمت جو مفرد عدد پ کی کافی طور پر بڑی قیمت کے جواب میں ہے مطلوبہ عدد ک ہے۔

چونکہ ل، پ کے لحاظ سے مفرد ہے اسلئے ک پ ل، پ کا ضِعف نہیں ہے۔

ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\text{ک}_پ \text{ل}_م \text{ق}_م = \text{ل}_م \sum_{ر=۰}^{ر=ن پ + پ - ۱} \text{ل}_ر \times ج_ر \text{ق}_م$$

$$= \text{ل}_م \sum_{ر=۰}^{ر=ن پ + پ - ۱} ج_ر \{ م_ر + ر م_{ر-۱} + ر(ر-۱) م_{ر-۲} + ... + \text{ل}_ر \}$$

$$+ \frac{م_{ر+۱}}{ر+۱} + \frac{م_{ر+۲}}{(ر+۱)(ر+۲)} + ... \}$$

اب چونکہ $\frac{م_{ر+۱}}{ر+۱} + \frac{م_{ر+۲}}{(ر+۱)(ر+۲)} + ...$ کا انتہائی مجموعہ (308)

$$م_ر \{ ۱ + م + \frac{م^۲}{\underline{۲}} + ... \}$$

کے انتہائی مجموعہ سے یا م قوم سے کم ہے اس لئے اس انتہائی مجموعہ کو م طہ ر قوم سے تعبیر کیا جا سکتا ہے جہاں ۰ < طہ ر < ۱۔ اب ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\text{ک پ ل م قوم} = \text{ل م}\{\text{فہ}(\text{م}) + \text{فہ}'(\text{م}) + \dots + \text{فہ}^{(\text{ن پ} + \text{پ} - 1)}(\text{م})\}$$

$$+ \text{ل م قوم} \sum_{\text{ر}=\text{ن پ}+\text{پ}-1}^{\text{ر}=\text{پ}-1} \text{ج}_{\text{ر}} \text{طہ}^{\text{ر}}_{\text{م}}$$

بائیں جانب کی پہلی رقم ایک مثبت یا منفی صحیح عدد ہے جو پ سے تقسیم پذیر ہے اور دوسری رقم عدداً

$$< |\text{ل م قوم}| \sum_{\text{ر}=\text{ن پ}+\text{پ}-1}^{\text{ر}=\text{پ}-1} |\text{ج}_{\text{ر}}| \text{م}^{\text{ر}}$$

یا

$$< |\text{ل م قوم}| \frac{\text{م}^{\text{پ}-1}}{\text{پ}-1} \{(1+\text{م})(2+\text{م}) \dots (\text{ن}+\text{م})\}^{\text{پ}}$$

جو

$$< |\text{ل م قوم}| \frac{\text{ن}^{\text{پ}-1}}{\text{پ}-1} \{(1+\text{ن})(2+\text{ن}) \dots (\text{ن}+\text{ن})\}^{\text{پ}}$$

اب پ کو کافی بڑا لینے سے عدد

$$\{\text{ن}(\text{ن}+1)(\text{ن}+2) \dots (\text{ن}+\text{ن})\}^{\text{پ}} \Big\backslash \frac{}{\text{پ}-1}$$

اتنا چھوٹا بنایا جا سکتا ہے جتنا ہم چاہیں۔ فرض کرو کہ ک، ک پ کی وہ قیمت ہے جبکہ پ اسقدر بڑا ہے کہ

$$\frac{ن^{ب-1}}{|ب-1|}\{(1+ن)(2+ن)\ldots(ن+ن)\}^{ب}\{|_1|_0+|_1|_0^2$$

$$+\ldots+|_ن|_0^ن\}$$

ایک سے کم ہے۔

پس ہمیں حاصل ہوتا ہے کہ $ک(|_0+|_1|_0^2+\ldots$

$+|_ن|_0^ن)$ تین عددوں کا مجموعہ ہے جنمیں سے ایک، ایک صحیح عدد ہے جو پ سے تقسیم پذیر نہیں ہے اور دوسرا ایک صحیح عدد ہے جو پ سے تقسیم پذیر ہے اور تیسرا ایک عدد ہے جو ایک سے کم ہے، اور یہ ناممکن ہے۔ پس چونکہ $|_0^0$ مساوات

$$|_0+|_1|_0+|_2|_0^2+\ldots+|_ن|_0^ن=0$$

کی اصل نہیں ہو سکتا جسکے سر منطق ہیں اس لئے وہ ایک علوی عدد ہے۔

۲۵۱ (ج)۔ اگر π بفرض امکان ایک جبری مساوات کی اصل ہو جسکے سر منطق ہیں تو $خ\pi$ بھی ایسی مساوات کی اصل ہوگا۔ مان لو کہ $خ\pi$، مساوات

$$ج(لا-ع_1)(لا-ع_2)\ldots(لا-ع_س)=0$$

کی ایک اصل ہے جسکے سر منطق ہیں، اس طرح عددوں $ع_1, ع_2, \ldots, ع_س$ میں سے ایک عدد $خ\pi$ ہے۔

چونکہ $|_0^{خ\pi}=-1$، اسلئے $(1+|_0^{ع_1})(1+|_0^{ع_2})\ldots(1+|_0^{ع_س})=0$

اب اجزائے ضربی کو باہم ضرب دے لینے کے بعد اسکی شکل ہے

$$|_0+|_0^{ق_1}+|_0^{ق_2}+\ldots+|_0^{ق_ن}=0$$

جہاں ا ایک مثبت صحیح عدد ہے۔

(309) یہ ظاہر ہے کہ ج عہ۱، ج عہ۲،... ج عہن کے تمام متشاکل تفاعل صحیح عدد ہیں اسلئے ج بہ۱، ج بہ۲،... کے تمام متشاکل تفاعل بھی صحیح عدد ہیں۔ ہم لیتے ہیں

$$\text{فہ}(\text{لا}) = \frac{\text{لا}^{\text{پ}-1}}{\lfloor \text{پ}-1} \text{ج}^{\text{ن}}_{\text{ن پ}+\text{پ}-1} \{(\text{لا}-\text{بہ}_1)(\text{لا}-\text{بہ}_2)\ldots(\text{لا}-\text{بہ}_{\text{ن}})\}^{\text{پ}}$$

جہاں پ ایک مفرد عدد ہے جو ا، ن، ج، $\text{ج}^{\text{ن}}_{\text{ا بہ}_1 \text{بہ}_2 \ldots \text{بہ}_{\text{ن}}}$ ا سب سے بڑا ہے۔

اب فہ (لا) کو $\text{ج}^{\text{لا}^{\text{ن پ}+\text{پ}-1}}_{\text{پ}-1}$ لا$^{\text{پ}-1}$ + ج$^{\text{لا}^{\text{پ}}}_{\text{پ}}$ + ... + ج$^{\text{لا}^{\text{ن پ}+\text{پ}-1}}_{\text{ن پ}+\text{پ}-1}$ سے تعبیر کرنے سے ہم دیکھتے ہیں کہ فہ$^{(\text{پ})}$ (۰)، فہ$^{(\text{پ}+1)}$ (۰)، ... فہ$^{(\text{ن پ}+\text{پ}-1)}$ (۰)

سب کے سب پ کے صحیح عددی ضعف ہیں اور فہ$^{(\text{پ}-1)}$ (۰)، پ کا ضعف نہیں ہے۔ نیز اگر م $\leq$ ن تو فہ (بہ م)، فہ (بہ م)، ... فہ$^{(\text{پ}-1)}$ (بہ م) سب کے سب صفر ہیں اور $\sum_{\text{م}=1}^{\text{ن}}$ فہ$^{(\text{پ})}$ (بہ م)، $\sum_{\text{م}=1}^{\text{ن}}$ فہ$^{(\text{پ}+1)}$ (بہ م)، ...، $\sum_{\text{م}=1}^{\text{ن}}$ فہ$^{(\text{ن پ}+\text{پ}-1)}$ (بہ م) سب کے سب صحیح عدد ہیں جو پ سے تقسیم پذیر ہیں۔

فرض کرو کہ

$$\text{ک پ} = \sum_{\text{ر}=\text{پ}-1}^{\text{ن پ}+\text{پ}-1} \text{ل ر} \times \text{ج} = \text{فہ}^{(\text{پ}-1)}(۰) + \text{فہ}^{(\text{پ})}(۰) + \ldots + \text{فہ}^{(\text{ن پ}+\text{پ}-1)}(۰)$$

اس طرح ک پ ا ، پ کا ضعیف نہیں ہے۔

نیز ک پ فو بہم = $\sum_{ر=پ-1}^{ن پ+پ-1}$ ج ر { بہم + ر بہم ۱- + ... + ا ر + $\frac{ن^{ر+1}}{ر+1}$

$$+ \left\{ \cdots + \frac{\text{بہم}^{ر+2}}{(ر+1)(ر+2)} \right\}$$

$$= \text{فہ}(\text{بہم}) + \text{فہ}'(\text{بہم}) + \cdots + \text{فہ}^{(ن پ+پ-1)}(\text{بہم})$$

$$+ \text{فو} |\text{بہم}| \sum_{ر=پ-1}^{ن پ+پ-1} \text{ج ر طہ ر} |\text{بہم}|^{ر}$$

جہاں اعداد | طہ ر | سب کے سب صفر اور ایک کے درمیان واقع ہیں۔

$$\text{عدد} \left| \sum_{ر=پ-1}^{ن پ+پ-1} \text{ج ر طہ ر} |\text{بہم}|^{ر} \right|$$

$$\text{عدداً} < \sum_{ر=پ-1}^{ن پ+پ-1} \text{اج ر} |\text{بہم}|^{ر}$$

$$\text{یا} < \frac{\text{بہ}^{پ-1}}{\lfloor پ-1} \text{ج}^{ن پ+پ-1} \{(\text{بہ}+|\text{بہ}_1|)(\text{بہ}+|\text{بہ}_2|)\cdots(\text{بہ}+|\text{بہ}_ن|)\}^{پ}$$

جہاں بہ، عددوں | بہ۱ | ، | بہ۲ | ، ... ، | بہ ن | میں سے سب سے بڑا ہے۔

اب ہم پ کو اتنا بڑا لیتے ہیں کہ

$$\left\{ \text{و}^{\text{ا}\text{ب}\text{ا}} + \text{و}^{\text{ا}\text{ب}\text{ا}} + \dots + \text{و}^{\text{ا}\text{ب}\text{ا}} \right\} \frac{\text{ب}^{\text{پ}-1}}{\text{پ}-1} \text{ج}_{\text{ن}\text{پ}+\text{پ}-1} \left\{ (\text{ب}+\text{ا}\text{ب}\text{ا})(\text{ب}+\text{ا}\text{ب}\text{ا}) \dots \right\}^{\text{پ}}$$

$$< 1$$

فرض کرو کہ پ کی اس قیمت کے جواب میں ک پ کی قیمت ک ہے تو ہم دیکھتے ہیں کہ ک (ا + و$^{\text{ا}}$ + و$^{\text{ا}}$ + ... + و$^{\text{ا}}$) تین عددوں کے مجموعہ کے طور پر بیان ہو سکتا ہے جنمیں سے ایک، پ کا ضعف ہے، دوسرا ایک صحیح عدد ہے پ سے ناتقسیم پذیر، اور تیسرا ایک عدد ہے ایک سے کم، اس لئے یہ ناممکن ہے کہ مجموعہ معدوم ہو سکے۔ (310)
پس یہ ثابت ہو چکا کہ ۲۲ کسی جبری مساوات کی اصل نہیں ہو سکتا جسکے سر صحیح عدد ہوں اور اس لئے وہ ایک علوی عدد ہے۔

دائرہ کی تقریبی تربیع

۲۵۲ — دائرہ کی تربیع کا مسئلہ جو ۲۲ کی قیمت متعین کرنیکے مماثل ہے تقرب کے کسی مطلوبہ درجہ تک حل ہو سکتا ہے اگرچہ متعدد سلسلوں میں سے کسی ایک سلسلہ میں رقموں کی کافی تعداد لیجائے جو ۲۲ کے لئے حاصل کئے جا چکے ہیں۔ سادہ ترین سلسلہ جو حاصل ہو سکتا ہے گریگوری کے سلسلہ میں ط = ۱/۴ ۲۲ رکھنے سے ملتا ہے۔ چنانچہ

$$\frac{1}{4}\pi = 1 - \frac{1}{3} + \frac{1}{5} - \frac{1}{7} + \dots$$

لیکن یہ سلسلہ اسقدر سست رفتار سے متدق ہوتا ہے کہ ۲۲ کو محسوب کرنیکے لئے اسکا کوئی عملی فائدہ نہیں۔

۲۵۳ ۔ اگر ہم تماثلہ $\frac{1}{4}\pi = \text{مس}^{-1}\frac{1}{2} + \text{مس}^{-1}\frac{1}{3}$ استعمال کریں اور $\text{مس}^{-1}\frac{1}{2}$، $\text{مس}^{-1}\frac{1}{3}$ کی بجائے انکی قیمتیں گریگوری کے سلسلہ سے لیکر درج کریں تو

$$\frac{\pi}{4} = \frac{1}{2} - \frac{1}{3}\left(\frac{1}{2}\right)^3 + \frac{1}{5}\left(\frac{1}{2}\right)^5 + \dots\dots$$

$$+ \frac{1}{3} - \frac{1}{3}\left(\frac{1}{3}\right)^3 + \frac{1}{5}\left(\frac{1}{3}\right)^5 + \dots\dots$$

اس کو یولر کا سلسلہ کہتے ہیں۔

اسی تماثلہ سے ایک دوسرا سلسلہ حاصل ہو سکتا ہے اگر $\text{مس}^{-1}\frac{1}{2}$ اور $\text{مس}^{-1}\frac{1}{3}$ کی بجائے اُن کی قیمتیں سلسلہ ذیل سے جو دفعہ ۲۱۹ میں حاصل کیا گیا تھا لیکر رکھی جائیں

$$\text{مس}^{-1}\text{لا} = \frac{\text{لا}}{1+\text{لا}^2}\left\{1 + \frac{2}{3}\frac{\text{لا}^2}{1+\text{لا}^2} + \frac{4\times 2}{5\times 3}\left(\frac{\text{لا}^2}{1+\text{لا}^2}\right)^2 + \dots\dots\right\}$$

تب ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\frac{1}{4}\pi = \frac{4}{10}\left\{1 + \frac{2}{3}\times\frac{2}{10} + \frac{4\times 2}{5\times 3}\left(\frac{2}{10}\right)^2 + \dots\dots\right\}$$

$$+ \frac{3}{10}\left\{1 + \frac{2}{3}\times\frac{1}{10} + \frac{4\times 2}{5\times 3}\left(\frac{1}{10}\right)^2 + \dots\dots\right\}$$

۲۵۴ ۔ دوسرے سلسلے جو اسی طرح حاصل ہوئے ہیں مختلف محاسبوں نے استعمال کئے ہیں۔ کلاسن (Clausen)[1] نے اپنا سلسلہ تماثلہ $\frac{1}{4}\pi = 2\,\text{مس}^{-1}\frac{1}{3} + \text{مس}^{-1}\frac{1}{7}$ سے گریگوری کا سلسلہ استعمال کرکے حاصل کیا۔ میخن (Machin) کا سلسلہ، ضابطہ

[1] دیکھو مضمون On the call of π" by E. Frisby in the Messenger of Math. vol. II

$$\frac{1}{4}\pi = 4\,\text{مس}^{-1}\frac{1}{5} - \text{مس}^{-1}\frac{1}{239}$$

سے حاصل ہوا ہے۔ ڈیس (Dase) نے مماثلہ

$$\frac{1}{4}\pi = \text{مس}^{-1}\frac{1}{2} + \text{مس}^{-1}\frac{1}{5} + \text{مس}^{-1}\frac{1}{8}$$

استعمال کی۔ میخین کے سلسلہ کی ایک آسان تر شکل رتھرفورڈ (Rutherford) نے لی تھی جس نے مماثلہ $\frac{1}{4}\pi = 4\,\text{مس}^{-1}\frac{1}{5} - \text{مس}^{-1}\frac{1}{70} + \text{مس}^{-1}\frac{1}{99}$ استعمال کی۔ ہٹن (Hutton)[1] نے یہ سلسلہ

$$\pi = 3.14 \left\{ 1 + \frac{2}{3}\times\frac{1}{10} + \frac{2}{3}\times\frac{4\times2}{5\times3}\times\frac{1}{10^2} + \cdots \right\}$$

$$+ .056 \left\{ 1 + \frac{2}{3}\times\frac{2}{100} + \frac{2}{3}\times\frac{4\times2}{5\times3}\times\left(\frac{2}{100}\right)^2 + \cdots \right\}$$

دیا جو لا مس$^{-1}$ لا کو $\frac{\text{لا}^2}{1+\text{لا}^2}$ کی قوتوں میں پھیلا کر اس پھیلاؤ میں لا $= \frac{1}{3}$ اور لا $= \frac{1}{7}$ رکھنے اور کلاسن کی مماثلہ استعمال کرنے سے حاصل ہوا ہے۔

یولر نے یہ سلسلہ

$$\pi = \frac{28}{10}\left\{ 1 + \frac{2}{3}\left(\frac{2}{100}\right) + \frac{4\times2}{5\times3}\left(\frac{2}{100}\right)^2 + \cdots \right\}$$

$$+ \frac{30336}{100000}\left\{ 1 + \frac{2}{3}\left(\frac{144}{100000}\right) + \frac{4\times2}{5\times3}\left(\frac{144}{100000}\right)^2 + \cdots \right\}$$

[1] Phil. Trans. 1776

دیا ہے جو متماثلہ

$$\pi = ۲۰ \text{ مس}^{-۱} \frac{۱}{۷} + ۸ \text{ مس}^{-۱} \frac{۳}{۷۹}$$

سے اخذ ہو سکتا ہے۔

ڈبلیو شہانکس (W. Shanks) نے π کی قیمت اعشاریہ کے ۷۰۷ مقامات تک محسوب کی ہے[۵۱]

لارڈ براونکر (Lord Brouncker) رائل سوسائٹی کے پہلے صدر نے ۱۶۵۸ء میں مسلسل کسر

$$\frac{۱}{+۱} \quad \frac{۱^۲}{+۲} \quad \frac{۳^۲}{+۲} \quad \frac{۵^۲}{+۲} \quad \ldots = \frac{۱}{۴} \pi$$

دی تھی۔

یہ کسر معمولی قاعدے سے گریگوری کے سلسلہ $۱ - \frac{۱}{۳} + \frac{۱}{۵} - \frac{۱}{۷} + \ldots$ کو مستحیل کرنے سے حاصل ہوئی ہے۔ سٹرن[۵۲] (Stern) نے مسلسل کسر

$$\frac{۱}{۲} \pi = ۱ + \frac{۱}{+۱} \quad \frac{۱ \times ۲}{+۱} \quad \frac{۲ \times ۳}{+۱} \quad \frac{۳ \times ۴}{+۱} \quad \ldots$$

دی ہے۔

دائرہ کی تربیع کے مضمون کی تاریخ کا ایک دلچسپ تذکرہ انسائیکلوپیڈیا بریٹانیکا اشاعت نہم میں مقالہ "Squaring of the circle" میں ملیگا۔ نیز دیکھو گلیشر کا مقالہ On the quadrature of the circle 1580-1630 میسنجر آف میتھماٹیکس جلد سوم میں۔

مثلثی متماثلات

۲۵۵ ــــ دفعہ ۱۹۰ مثال (۵) کی طرح یہ دکھایا جا سکتا ہے کہ مقداروں ا، ب، ج، .... کی کسی تعداد کے درمیان کسی متماثل جبری رشتہ ف (ا، ب، ج، .....) = ۰ سے دو متناظر مثلثی متماثلات اخذ ہو سکتی ہیں

---

۵۱ دیکھو Proc. Royal Soc. vols. xxi. xxii

۵۲ نیز دیکھو سلوسٹر کا نوٹ، Crelle's Journal, vol. x – Phil. Mag. ۱۸۶۹ء میں

(313) یہ اس طرح حاصل ہونگی کہ ا، ب، ج، .... کو ملتف قیمتیں
جم عہ + خ جب عہ، جم بہ + خ جب بہ، جم جہ + خ جب جہ، ....
دیجائیں اور محصلہ تماثلہ کو شکل
فہ (عہ، بہ، جہ، ...) + خ پہ (عہ، بہ، جہ، ...) = ۰
میں تحویل کیا جائے تو مثلثی تماثلات
فہ (عہ، بہ، جہ، ...) = ۰، پہ (عہ، بہ، جہ، ....) = ۰
حاصل ہونگی جنمیں عہ، بہ، جہ، ... کی جیوب اور جیوب التمام شامل ہونگی۔
تحویل کا کام بالعموم مختصر ہو سکتا ہے اگر جم عہ + خ جب عہ،
جم بہ + خ جب بہ، .... کی بجائے رمزی شکلیں فو عہ، فو بہ، فو جہ، ....
استعمال کیجائیں۔

مثال

تماثلہ $\frac{(\text{لا}-\text{ب})(\text{لا}-\text{ج})}{(\text{ا}-\text{ب})(\text{ا}-\text{ج})} + \frac{(\text{لا}-\text{ج})(\text{لا}-\text{ا})}{(\text{ب}-\text{ج})(\text{ب}-\text{ا})} + \frac{(\text{لا}-\text{ا})(\text{لا}-\text{ب})}{(\text{ج}-\text{ا})(\text{ج}-\text{ب})} = ۱$

سے متماثلہ ذیل اخذ کرو

$$\frac{\text{جب}(\text{طہ}-\text{بہ})\,\text{جب}(\text{طہ}-\text{جہ})}{\text{جب}(\text{عہ}-\text{جہ})\,\text{جب}(\text{عہ}-\text{بہ})}\,\text{جب}\,۲(\text{طہ}-\text{عہ}) + \frac{\text{جب}(\text{طہ}-\text{جہ})\,\text{جب}(\text{طہ}-\text{عہ})}{\text{جب}(\text{بہ}-\text{جہ})\,\text{جب}(\text{بہ}-\text{عہ})}\,\text{جب}\,۲(\text{طہ}-\text{بہ})$$
$$+ \frac{\text{جب}(\text{طہ}-\text{عہ})\,\text{جب}(\text{طہ}-\text{بہ})}{\text{جب}(\text{جہ}-\text{عہ})\,\text{جب}(\text{جہ}-\text{بہ})}\,\text{جب}\,۲(\text{طہ}-\text{جہ}) = ۰$$

فرض کرو لا = فو ۲خ طہ، ا = فو ۲خ عہ، ب = فو ۲خ بہ، ج = فو ۲خ جہ تو

$$\frac{(\text{لا}-\text{ب})(\text{لا}-\text{ج})}{(\text{ا}-\text{ب})(\text{ا}-\text{ج})} = \frac{(\text{فو}\,{}^{۲\text{خ}\,\text{طہ}} - \text{فو}\,{}^{۲\text{خ}\,\text{بہ}})(\text{فو}\,{}^{۲\text{خ}\,\text{طہ}} - \text{فو}\,{}^{۲\text{خ}\,\text{جہ}})}{(\text{فو}\,{}^{۲\text{خ}\,\text{عہ}} - \text{فو}\,{}^{۲\text{خ}\,\text{بہ}})(\text{فو}\,{}^{۲\text{خ}\,\text{عہ}} - \text{فو}\,{}^{۲\text{خ}\,\text{جہ}})} = \frac{\left\{\text{فو}^{\text{خ}(\text{طہ}-\text{بہ})} - \text{فو}^{-\text{خ}(\text{طہ}-\text{بہ})}\right\}\left\{\text{فو}^{\text{خ}(\text{طہ}-\text{جہ})} - \text{فو}^{-\text{خ}(\text{طہ}-\text{جہ})}\right\}}{\left\{\text{فو}^{\text{خ}(\text{عہ}-\text{بہ})} - \text{فو}^{-\text{خ}(\text{عہ}-\text{بہ})}\right\}\left\{\text{فو}^{\text{خ}(\text{عہ}-\text{جہ})} - \text{فو}^{-\text{خ}(\text{عہ}-\text{جہ})}\right\}}$$
$$\times\, \text{فو}^{۲\text{خ}(\text{طہ}-\text{عہ})}$$

یا $= \frac{\text{جب}(\text{ط}-\text{ب})\,\text{جب}(\text{ط}-\text{جـ})}{\text{جب}(\text{عـ}-\text{ب})\,\text{جب}(\text{عـ}-\text{جـ})} \left\{ \text{جم}\,2(\text{ط}-\text{عـ}) + \text{خ جب}\,2(\text{ط}-\text{عـ}) \right\}$

پس ہر کسر کو اس طریقہ پر مستقیل کرنے اور خر کے سر کو صفر کے مساوی رکھنے سے ثابت شدنی متماثلہ حاصل ہوتی ہے۔

سلسلوں کا جمع کرنا

۲۵۶ — جب کسی محدود یا غیر محدود سلسلہ

$$\text{ا}_0 + \text{ا}_1 \text{لا} + \text{ا}_2 \text{لا}^2 + \ldots\ldots$$

کا مجموعہ معلوم ہو تو سلسلوں

$$\text{ا}_0 \text{جم عـ} + \text{ا}_1 \text{لا جم}(\text{عـ}+\text{ط}) + \text{ا}_2 \text{لا}^2 \text{جم}(\text{عـ}+2\text{ط}) + \ldots\ldots,$$

$$\text{ا}_0 \text{جب عـ} + \text{ا}_1 \text{لا جب}(\text{عـ}+\text{ط}) + \text{ا}_2 \text{لا}^2 \text{جب}(\text{عـ}+2\text{ط}) + \ldots\ldots$$

کے مجموعے س_1 اور س_2 اخذ ہو سکتے ہیں۔

فرض کرو $\text{ف}(\text{لا}) = \text{ا}_0 + \text{ا}_1 \text{لا} + \text{ا}_2 \text{لا}^2 + \ldots\ldots$

تو $\text{قو}_{\text{خ}\,\text{عـ}}\,\text{ف}(\text{لا قو}_{\text{خ}\,\text{ط}}) = \text{س}_1 + \text{خ س}_2$

اور نیز $\text{قو}_{-\text{خ}\,\text{عـ}}\,\text{ف}(\text{لا قو}_{-\text{خ}\,\text{ط}}) = \text{س}_1 - \text{خ س}_2$ (313)

اسلئے $\text{س}_1 = \frac{1}{2}\left\{ \text{قو}_{\text{خ}\,\text{عـ}}\,\text{ف}(\text{لا قو}_{\text{خ}\,\text{ط}}) + \text{قو}_{-\text{خ}\,\text{عـ}}\,\text{ف}(\text{لا قو}_{-\text{خ}\,\text{ط}}) \right\}$

اور $\text{س}_2 = \frac{1}{2\text{خ}}\left\{ \text{قو}_{\text{خ}\,\text{عـ}}\,\text{ف}(\text{لا قو}_{\text{خ}\,\text{ط}}) - \text{قو}_{-\text{خ}\,\text{عـ}}\,\text{ف}(\text{لا قو}_{-\text{خ}\,\text{ط}}) \right\}$

اس طرح س۱، اور س۲ کی جو قیمتیں حاصل ہوں اِن کو اب حقیقی شکل میں تحویل کیا جا سکتا ہے۔

مثالیں

(۱) جمع کرو سلسلہ

جم ع + لا جم (ع + ب) + لا۲ جم (ع + ۲ب) + ... + لا^ن جم {ع + (ن − ۱) ب}

اب $\frac{۱ - لا^{ن}}{۱ - لا} = ۱ + لا + لا^{۲} + ... + لا^{ن-۱}$

اِسمیں لا کو لا فو خ ب میں تبدیل کرو اور فو خ ع سے ضرب دو تو

$$\frac{فو\ خ ع\ (۱ - لا^{ن}\ فو^{ن}\ خ^{ن}\ ب)}{۱ - لا\ فو\ خ\ ب} = فو\ خ ع + لا\ فو^{۲}\ خ (ع + ب) + لا^{۲}\ فو^{۳}\ خ (ع + ۲ب) + ...$$

$$... + لا^{ن-۱}\ فو^{ن}\ خ \{ع + (ن - ۱) ب\}$$

اور اسی طرح

$$\frac{-فو\ خ ع\ (۱ - لا^{ن}\ فو^{ن}\ -خ^{ن}\ ب)}{۱ - لا\ فو\ -خ\ ب} = -فو\ خ ع + لا\ فو^{۲}\ -خ (ع + ب) + لا^{۲}\ فو^{۳}\ -خ (ع + ۲ب) + ...$$

$$... + لا^{ن-۱}\ فو^{ن}\ -خ \{ع + (ن - ۱) ب\}$$

اسلئے دیے ہوئے سلسلہ کا مجموعہ ہے

$$\frac{۱}{۲} \left\{ فو\ خ ع\ \frac{۱ - لا^{ن}\ فو^{ن}\ خ^{ن}\ ب}{۱ - لا\ فو\ خ\ ب} + فو\ -خ ع\ \frac{۱ - لا^{ن}\ فو^{ن}\ -خ^{ن}\ ب}{۱ - لا\ فو\ -خ\ ب} \right\}$$

$$\text{یا } \frac{1}{2} \frac{\text{قو}^{\text{خ}^{\text{عہ}}}(1-\text{لا}^{\text{ن}}\text{قو}^{\text{خ}^{\text{ن}}\text{بہ}})(1-\text{لا}\text{قو}^{\text{خ}^{\text{بہ}}}) + \text{قو}^{\text{خ}^{\text{عہ}}}(1-\text{لا}^{\text{ن}}\text{قو}^{\text{خ}^{\text{ن}}\text{بہ}})(1-\text{لا}\text{قو}^{\text{خ}^{\text{بہ}}})}{(1-\text{لا}\text{قو}^{\text{خ}^{\text{بہ}}})(1-\text{لا}\text{قو}^{\text{خ}^{\text{بہ}}})}$$

$$\text{جو} = \frac{\text{جم عہ} - \text{لا جم}(\text{عہ}-\text{بہ}) - \text{لا}^{\text{ن}}\text{جم}(\text{عہ}+\text{ن بہ}) + \text{لا}^{\text{ن}+1}\text{جم}(\text{عہ}+\overline{\text{ن}-1}\,\text{بہ})}{1 - 2\,\text{لا جم بہ} + \text{لا}^{2}}$$

(۲) جمع کرو لامتناہی سلسلہ

$$\text{جب عہ} + \text{لا جب}(\text{عہ}+\text{بہ}) + \frac{\text{لا}^{2}\text{جب}(\text{عہ}+2\,\text{بہ})}{\underline{|2}} + \cdots + \frac{\text{لا}^{\text{ن}}\text{جب}(\text{عہ}+\text{ن بہ})}{\underline{|\text{ن}}}$$

اب $$\text{قو}^{\text{لا}} = 1 + \text{لا} + \frac{\text{لا}^{2}}{\underline{|2}} + \cdots + \frac{\text{لا}^{\text{ن}}}{\underline{|\text{ن}}} + \cdots\cdots$$

اسمیں لا کی بجائے لا قو$^{\text{خ}^{\text{بہ}}}$ رکھو اور قو$^{\text{خ}^{\text{عہ}}}$ سے ضرب دو تو

$$\text{قو}^{\text{لا قو}^{\text{خ}^{\text{بہ}}}\text{خ}^{\text{عہ}}} = \text{قو}^{\text{خ}^{\text{عہ}}} + \text{لا قو}^{\text{خ}^{\text{(عہ}+\text{بہ)}}} + \frac{\text{لا}^{2}}{\underline{|2}}\text{قو}^{\text{خ}^{\text{(عہ}+2\,\text{بہ)}}} + \cdots + \frac{\text{لا}^{\text{ن}}}{\underline{|\text{ن}}}\text{قو}^{\text{خ}^{\text{(عہ}+\text{ن بہ)}}} + \cdots$$

اور اسی طرح

$$\text{قو}^{\text{لا قو}^{-\text{خ}^{\text{بہ}}}\text{خ}^{\text{عہ}}} = \text{قو}^{\text{خ}^{\text{عہ}}} + \text{لا قو}^{-\text{خ}^{\text{(عہ}+\text{بہ)}}} + \frac{\text{لا}^{2}}{\underline{|2}}\text{قو}^{-\text{خ}^{\text{(عہ}+2\,\text{بہ)}}} + \cdots + \frac{\text{لا}^{\text{ن}}}{\underline{|\text{ن}}}\text{قو}^{-\text{خ}^{\text{(عہ}+\text{ن بہ)}}} + \cdots$$

پس دئے ہوئے سلسلہ کا مجموعہ ہے

$$\frac{1}{2\text{خ}^{2}}\left\{\text{قو}^{\text{لا قو}^{\text{خ}^{\text{بہ}}}\text{خ}^{\text{عہ}}} - \text{قو}^{\text{لا قو}^{-\text{خ}^{\text{بہ}}}\text{خ}^{\text{عہ}}}\right\}$$

یا $$\frac{1}{2\text{خ}^{2}}\text{قو}^{\text{لا جم بہ}}\left\{\text{قو}^{\text{خ}(\text{لا جب بہ} + \text{عہ})} - \text{قو}^{-\text{خ}(\text{لا جب بہ} + \text{عہ})}\right\} \quad (814)$$

جو $$= \text{قو}^{\text{لا جم بہ}}\,\text{جب}(\text{عہ} + \text{لا جب بہ})$$

۲۵۷ — اب ہم چند مثالیں دینگے جن سے یہ معلوم ہوگا کہ دائری تفاضلوں کے قوت نمائی جملے کس طرح جملوں کو سلسلوں میں پھیلانے میں کام آتے ہیں۔

(۱) $(۱-۲لا جم طہ + لا^۲)^{-۱}$ کو لا کی قوتوں کے ایک سلسلے میں پھیلانا جہاں لا ایک سے کم ہے۔ اب

$$(۱-۲لا جم طہ + لا^۲)^{-۱} = (۱-لا\,قو^{خ طہ})^{-۱}\,(۱-لا\,قو^{-خ طہ})^{-۱}$$

اسکو جزوی کسرات میں بیان کرنے سے وہ

$$= \frac{۱}{۲خ جب طہ}\left(\frac{قو^{خ طہ}}{۱-لا\,قو^{خ طہ}} - \frac{قو^{-خ طہ}}{۱-لا\,قو^{-خ طہ}}\right)$$

اور ہر کسر کو لا کی قوتوں میں پھیلانے سے حاصل ہوتا ہے

$$\frac{۱}{۲خ جب طہ}\left(قو^{خ طہ} + لا\,قو^{۲خ طہ} + لا^۲ قو^{۳خ طہ} + \dots + لا^{ن-۱}\,قو^{ن خ طہ} + \dots\right)$$

$$-\frac{۱}{۲خ جب طہ}\left(قو^{-خ طہ} + لا\,قو^{-۲خ طہ} + لا^۲ قو^{-۳خ طہ} + \dots + لا^{ن-۱}\,قو^{-ن خ طہ} + \dots\right)$$

جو $= قم طہ\,(جب طہ + لا جب ۲طہ + لا^۲ جب ۳طہ + \dots + لا^{ن-۱} جب ن طہ + \dots)$

اسی طرح یہ دکھایا جا سکتا ہے کہ

$$\frac{۱-لا^۲}{۱-۲لا جم طہ + لا^۲} = ۱ + ۲لا جم طہ + ۲لا^۲ جم ۲طہ + \dots + ۲لا^{ن} جم ن طہ + \dots$$

(۲) لوک $قو$ $(۱+۲لا جم طہ + لا^۲)$ کو لا کی قوتوں میں پھیلانا جہاں لا ایک سے کم ہے۔ چونکہ

$$لوک_{قو}(۱+۲لا جم طہ + لا^۲) = لوک_{قو}(۱+لا\,قو^{خ طہ}) + لوک_{قو}(۱+لا\,قو^{-خ طہ})$$

اسلئے بائیں جانب کے ہر لوکارتم کو پھیلانے سے دفعہ ۲۵۰ کا ضابطہ (۹) حاصل ہوتا ہے۔

(۳) $\text{قو}^{\text{لا}}$ جب (ب لا + ج) کو پھیلانے کے لئے ہم لکھ سکتے ہیں جملہ

$$\frac{1}{2\text{خ}}\left\{\text{قو}^{\text{خج}}\times\text{قو}^{\text{خ}(1+\text{خ ب})\text{لا}}-\text{قو}^{\text{خج}}\times\text{قو}^{\text{خ}(1-\text{خ ب})\text{لا}}\right\}$$

اب اگر ہم $\text{قو}^{\text{خ}(1+\text{خ ب})\text{لا}}$ ، $\text{قو}^{\text{خ}(1-\text{خ ب})\text{لا}}$ کو لا کی قوتوں میں پھیلائیں تو $\text{لا}^{\text{ن}}$ کا سر ملتا ہے

$$\frac{1}{2\text{خ}}\frac{1}{\text{ن}}\left\{\text{قو}^{\text{خج}}(1+\text{خ ب})^{\text{ن}}-\text{قو}^{\text{خج}}(1-\text{خ ب})^{\text{ن}}\right\}$$

فرض کرو کہ $\frac{\text{ب}}{1}$ = مس ع تو یہ جملہ ہو جاتا ہے (315)

$$\frac{1}{2\text{خ}}\frac{1}{\text{ن}}(1^2+\text{ب}^2)^{\frac{1}{2}\text{ن}}\left\{\text{قو}^{\text{خ}(\text{ج}+\text{ن ع})}-\text{قو}^{\text{خ}(-\text{ج}+\text{ن ع})}\right\}$$

یا $$\frac{1}{\text{ن}}(1^2+\text{ب}^2)^{\frac{1}{2}\text{ن}}\text{جب}(\text{ج}+\text{ن ع})$$

پس یہ جملہ مطلوبہ پھیلاؤ میں $\text{لا}^{\text{ن}}$ کا سر ہے۔

(۴) اگر یہ دیا جائے کہ جب لا = ن جب (لا + ع) تو لا کو ن کی قوتوں میں پھیلاؤ جہاں ن < ۱۔

چونکہ $$\text{قو}^{\text{خلا}}-\text{قو}^{-\text{خلا}}=\text{ن}\left\{\text{قو}^{\text{خ}(\text{لا}+\text{ع})}-\text{قو}^{-\text{خ}(\text{لا}+\text{ع})}\right\}$$

یا $$\text{قو}^{2\text{خلا}}-1=\text{ن قو}^{\text{خع}}\left\{\text{قو}^{2\text{خ}(\text{لا}+\text{ع})}-1\right\}$$

اسلئے $\frac{\text{و}^{2\text{خ}}\text{لا}}{\text{و}^{\text{خ}}\text{لا}} = \frac{\text{ا} - \text{ن و}^{-\text{خ}}\text{عہ}}{\text{ا} - \text{ن و}^{-\text{خ}}\text{عہ}}$

لوکا رتم لینے اور بائیں جانب کو پھیلانے سے

$$\text{۲ خ}(\text{لا} + \text{ک ط}) = \text{ن}(\text{و}^{\text{خ}}\text{عہ} - \text{و}^{-\text{خ}}\text{عہ}) + \frac{\text{ن}^{2}}{2}(\text{و}^{2\text{خ}}\text{عہ} - \text{و}^{-2\text{خ}}\text{عہ}) + \dots$$

پس $\text{لا} + \text{ک ط} = \text{ن جب عہ} + \frac{1}{2}\text{ن}^{2}\text{جب ۲عہ} + \frac{1}{3}\text{ن}^{3}\text{جب ۳عہ} + \dots$

جہاں ک ایک صحیح عدد ہے۔

اگر ب، ایک مثلث کا زاویہ ہو اور ا سے کم ہو تو ہم ب کے دائری ناپ کو $\frac{\text{ب}}{\text{ا}}$ کی قوتوں میں پھیلا سکتے ہیں۔ چونکہ

$$\text{جب ب} = \frac{\text{ب}}{\text{ا}}\text{جب}(\text{ب} + \text{ج})$$

اسلئے $\text{ب} = \frac{\text{ب}}{\text{ا}}\text{جب ج} + \frac{1}{2}\frac{\text{ب}^{2}}{\text{ا}^{2}}\text{جب ۲ج} + \frac{1}{3}\frac{\text{ب}^{3}}{\text{ا}^{3}}\text{جب ۳ج} + \dots$

کیونکہ اس صورت میں ک = ۰

پندرہویں باب پر مثالیں

۱۔ ثابت کرو کہ $\frac{\text{ا} + \text{ب ی}}{\text{ا} - ۲\text{ی جم ف} + \text{ی}^{2}}$ کے پھیلاؤ میں جبکہ اسکو ی کی قوتوں میں پھیلایا جائے عام رقم ہے

$$\frac{\text{ا جب}(\text{ن} + ۱)\text{ف} + \text{ب جب ن ف}}{\text{جب ف}}\ \text{ی}^{\text{ن}}$$

اور $\frac{۱ + ب ی}{(۱ - ۲ ی \text{ جم } فہ + ی^۲)^۲}$ کے پھیلاؤ میں عام رقم ہے

$$\frac{(ن+۳) \text{ جب } (ن+۱) فہ - (ن+۱) \text{ جب } (ن+۳) فہ}{۴ \text{ جب}^۳ فہ} \text{ ا ی}^ن$$

$$+ \frac{(ن+۲) \text{ جب } ن فہ - ن \text{ جب } (ن+۲) فہ}{۴ \text{ جب}^۳ فہ} \text{ ب ی}^ن$$

(یولر)

(316) ۲ ۔ اگر مس لا = $\frac{ن \text{ جب } عہ}{۱ - ن \text{ جم } عہ}$ تو ثابت کرو کہ

لا = ن جب عہ + $\frac{۱}{۲}$ ن^۲ جب ۲ عہ + $\frac{۱}{۳}$ ن^۳ جب ۳ عہ + ...

جبکہ ن ایک سے کم ہے۔

۳ ۔ اگر مم ما = مم لا + قم عہ قم لا تو ثابت کرو کہ

ما = جب لا جب عہ - $\frac{۱}{۲}$ جب ۲ لا جب^۲ عہ + $\frac{۱}{۳}$ جب ۳ لا جب^۳ عہ - ...

۴ ۔ اگر مس $\frac{۱}{۲}$ طہ = $\left(\frac{۱ + ل}{۱ - ل}\right)^{\frac{۱}{۲}}$ مس $\frac{۱}{۲}$ فہ تو ثابت کرو کہ

طہ = فہ + ۲ ل جب فہ + $\frac{۲ ل^۲}{۲}$ جب ۲ فہ + $\frac{۲ ل^۳}{۳}$ جب ۳ فہ + ...

جہاں ل = $\frac{۱}{۲} + \left(\frac{۱}{۲}\right)^۳ + ۲ \left(\frac{۱}{۲}\right)^۵ + ۵ \left(\frac{۱}{۲}\right)^۷ + \ldots\ldots\ldots$

۵ ۔ اگر مس طہ = لا + مس عہ تو ثابت کرو کہ

طہ = عہ + لا جم عہ - $\frac{۱}{۲}$ لا^۲ جم^۲ عہ جب ۲ عہ - $\frac{۱}{۳}$ لا^۳ جم^۳ عہ جم ۳ عہ

+ $\frac{۱}{۴}$ لا^۴ جم^۴ عہ جب ۴ عہ + ...

۶ — اگر $(۱+م)$ مس ط = $(۱-م)$ مس فہ جبکہ ط اور فہ مثبت عادہ زاوئے ہوں تو ثابت کرو کہ

$$ط = فہ - م جب ۲فہ + \frac{۱}{۲} م^۲ جب ۴فہ - \frac{۱}{۳} م^۳ جب ۶فہ + \dots$$

۷ — اگر مس عہ = جم ۲ سہ مس لہ تو ثابت کرو کہ

$$لہ - عہ = مس^۲ سہ جب ۲عہ + \frac{۱}{۲} مس^۴ سہ جب ۴عہ + \frac{۱}{۳} مس^۶ سہ جب ۶عہ + \dots \dots \dots$$

۸ — اگر جب لا = ن جم $(لا+عہ)$ تو لا کو ن کی صعودی قوتوں میں پھیلاؤ۔

۹ — ثابت کرو کہ $(۱ - ۲ لا جم ط + لا^۲)^{-ن}$ کے پھیلاؤ میں $لا^پ$ کا سر ہے

$$۲\{ \frac{۱}{پ} جم پ ط + \frac{۱}{۱} \frac{ن}{پ-۱} جم (پ-۲)ط + \frac{۱}{۲} \frac{ن}{پ-۲} \frac{ن+۱}{پ-۲} جم (پ-۴)ط + \dots \}$$

جہاں $۱^م$ $(۱ - لا^۲)^{-ن}$ کے پھیلاؤ میں $لا^م$ کا سر ہے۔

۱۰ — ثابت کرو کہ $۱۱^۲ = ۱۸ \sum_{ن=۰}^{ن=\infty} \frac{ن \, ن}{۲ن+۲}$

۱۱ — ثابت کرو کہ کسی مثلث میں

$$لوک ج = لوک ا - \frac{ب}{ا} جم ج - \frac{۱}{۲} \frac{ب^۲}{ا^۲} جم ۲ج - \frac{۱}{۳} \frac{ب^۳}{ا^۳} جم ۳ج - \dots$$

یہ فرض کر لیا گیا ہے کہ ب، ا سے کم ہے۔

۱۲ — اگر مساوات $ا لا^۲ + ب لا + ج = ۰$ کی اصلیں خیالی ہوں تو ثابت کرو کہ $(ا لا^۲ + ب لا + ج)^{-۱}$ کے پھیلاؤ میں $لا^ن$ کا سر ہے

$$\frac{ا^{\frac{ن}{۲}} جب (ن+۱) ط}{ج^{\frac{ن}{۲}+۱} جب ط}$$

جہاں طہ، معادات ب قط طہ + ۲ √(ا۲ + ب۲) ج = ۰ سے حاصل ہوا ہے۔

۱۳ — اگر پ۲ = $\frac{(۱+ن)^۲ \text{جم}^۲ \text{طہ} + (۱-ن)^۲ \text{جب}^۲ \text{طہ}}{(۱+ن)^۲ \text{جم}^۲ \text{طہ} + (۱-ن)^۲ \text{جب}^۲ \text{طہ}}$ تو لوک و پ کو طہ جفت ضعفوں کی جیوب التمام کے ایک سلسلہ میں پھیلاؤ۔

۱۴ — لوک و جم (طہ + $\frac{۱}{۴}$ π) کو طہ کے ضعفوں کی جیوب اور جیوب التمام کے ایک سلسلہ میں پھیلاؤ۔

۱۵ — ثابت کرو کہ $\frac{\pi}{۴} = \frac{۱۷}{۲۱} \frac{۱۳}{۳۴۳ \times ۸۱} + \dots + \left\{ \frac{(-۱)^{ن+۱}}{۱-۲ن} \frac{۲}{۳}^{۱-ن} \right\} + \dots$ (317)

$$\dots + \left\{ \frac{۱}{۲ن-۱} \right\} + \dots$$

۱۶ — ثابت کرو کہ ۱ - $\frac{۱}{۷} + \frac{۱}{۹} - \frac{۱}{۱۵} + \frac{۱}{۱۷} - \frac{۱}{۲۳} + \frac{۱}{۲۵} - \dots$

$$= \frac{(۱+\sqrt{۲})\pi}{۸} \dots$$

۱۷ — $(\sqrt{۱}-۱)^{\sqrt{-۱}}$ کی سب قیمتیں معلوم کرو۔

۱۸ — ثابت کرو کہ $(۱ + ۱\sqrt{-۱} \text{ مس } \text{فہ})^{\text{لوک}(۱ \text{ قط } \text{فہ})} \cdot \text{فہ}^{\sqrt{-۱}}$ ایک حقیقی عدد ہے اور اسکی قیمت معلوم کرو۔

۱۹ — اگر ا جم طہ + ب جب طہ = ج جہاں ج > √(ا۲ + ب۲) تو ثابت کرو کہ

طہ = (۴ن+۱) $\frac{\pi}{۲}$ + خ لوک $\frac{ج + \sqrt{ج^۲ - ا^۲ - ب^۲}}{\sqrt{ا^۲ + ب^۲}}$ ۔ مس$^{-۱}$ $\frac{ا}{ب}$

۲۰ — لا^{ن} + ۱ کے اُس جملہ سے جو اجزائے ضربی میں ہے یہ اخذ کرو کہ جب ن

جفت ہو تو

$$\text{مس}^{-1}\frac{\text{جب ن ط}}{1+\text{جم ن ط}} = \text{مس}^{-1}\frac{\text{جب ۲ ط} - ۲\,\text{جم}\frac{\pi}{ن}\,\text{جب ط}}{1+\text{جم ۲ ط} - ۲\,\text{جم}\frac{\pi}{ن}\,\text{جم ط}}$$
$$+\,\text{مس}^{-1}\frac{\text{جب ۲ ط} - ۲\,\text{جم}\frac{۲\pi}{ن}\,\text{جب ط}}{1+\text{جم ۲ ط} - ۲\,\text{جم}\frac{۲\pi}{ن}\,\text{جم ط}} + \dots$$

۲۱ ــ تماثل $\frac{1}{\text{لا}-\text{ا}} - \frac{1}{\text{لا}-\text{ب}} = \frac{\text{ا}-\text{ب}}{(\text{لا}-\text{ا})(\text{لا}-\text{ب})}$ سے اخذ کرو

جم (ط + ص) جب (ط − ب) − جم (ط + ب) جب (ط − ص) = جب (ص − ب) جم ۲ط،
جب (ط + ص) جب (ط − ب) − جب (ط + ب) جب (ط − ص) = جب (ص − ب) جب ۲ط

۲۲ ــ ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{مس}^{-1}\text{ص}}{\text{ص}} + \frac{\text{مس}^{-1}\text{ب}}{\text{ب}} + \frac{\text{مس}^{-1}\text{ج}}{\text{ج}} = \frac{\pi}{۲}\,\text{لوک}\,\frac{۳\sqrt{۳}+۲}{۳\sqrt{۳}-۲} = ۳\left(۱ - \frac{۱}{۷} + \frac{۱}{۱۳} - \frac{۱}{۱۹} + \frac{۱}{۲۵} - \dots\right)$$

جہاں ص، ب، ج اکائی کے تین جذر الکعب ہیں۔

۲۳ ــ اساس ا + ب خ ب ج + د خ کے لوکارتموں کو شکل ا + ب خ میں بیان کرو۔

۲۴ ــ اگر $\text{مس}^{-1}\left(\frac{۱}{۴}\,\text{ط} + \frac{۱}{۲}\,\text{ب}\right) = \text{مس}^{-1}\left(\frac{۱}{۴}\,\text{ط} + \frac{۱}{۲}\,\text{ف}\right)$ تو ثابت کرو کہ

$$\text{م}\,\text{مس}^{-1}\frac{\text{جب ب}}{\text{خ}} = \text{ن}\,\text{مس}^{-1}\frac{\text{جب ف}}{\text{خ}}$$

۲۵ ــ کسی مثلث میں ثابت کرو کہ

$$\text{ا}^{\text{ن}}\,\text{جم ن ب} + \text{ب}^{\text{ن}}\,\text{جم ن ا} = \text{ج}^{\text{ن}} - \text{ن ا ب ج}^{\text{ن}-۲}\,\text{جم (ا − ب)}$$
$$+ \frac{\text{ن (ن − ۳)}}{\text{لا ۲}}\,\text{ا}^{۲}\,\text{ب}^{۲}\,\text{ج}^{\text{ن}-۴}\,\text{جم ۲ (ا − ب)} - \dots$$

جہاں ن ایک مثبت صحیح عدد ہے۔

۲۶ ۔ اگر لوک$_{و}$ لوک$_{و}$ لوک$_{و}$ (ع + خ ب) = ف + خ ق

تو $\frac{\text{و}^{\text{ف}}}{\text{جم}^{\text{ق}}}$ جم (و$^{\text{ف}}$ جب ق) = $\frac{۲}{۲}$ لوک$_{و}$ (ع^{۲} + ب^{۲}) "

اور $\frac{\text{و}^{\text{ف}}}{\text{جب}^{\text{ق}}}$ × جب (و$^{\text{ف}}$ جب ق) = مس^{۲} $\frac{\text{ب}}{\text{ع}}$

(318) ۲۷ ۔ اگر و$^{\text{لا}}$ جم لا کو لا کی صعودی قوتوں میں پھیلایا جائے تو ثابت کرو کہ

لا$^{\text{ن}}$ کا سر $\frac{\text{ن}^{\frac{۲}{۲}}}{\lfloor\text{ن}}$ جم $\frac{\text{ن}\pi}{۲}$ ہے۔

۲۸ ۔ ثابت کرو کہ

$\frac{۱}{(۱+\text{و جم ط})^{۲}}$ = قط^{۳} ۲ لہ + ... + (−۱)$^{\text{ن}}$ ۲ قط^{۳} ۲ لہ مس لہ (۱ + ن جم ۲ لہ) جم ن ط + ...

جہاں ۲ لہ، جب^{۲} ا و کی کم سے کم مثبت قیمت ہے۔

۲۹ ۔ ثابت کرو کہ سلسلہ

$\frac{۱}{۱\times۳\times۵\ldots(۲\text{م}+۱)} - \frac{۱}{۳\times۵\times۷\ldots(۲\text{م}+۳)} + \ldots$ ∞ تک

کو شکل $\frac{\lfloor\text{م}\ \pi + \text{ب}}{\text{ج}^{\text{م}}}$ میں بیان کیا جا سکتا ہے جہاں ل م، ب م، ج م صحیح عدد ہیں اور

ل م = ۱ × ۳ × ۵ ... (۲م − ۱)، ج م = $\frac{\lfloor۲\text{م}}{۲^{۲\text{م}-۲}}$

ب م = (۲م − ۱) ب م−۱ − $\frac{۲}{\lfloor(\text{م}-۱)}$

۳۰ ۔ ثابت کرو کہ

جب$^{\text{ن}}$ ط جم ن ف = جب$^{\text{ن}}$ ف جم ن ط + ن جب$^{\text{ن}-۱}$ ف جم (ن − ۱) ط جب (ط − ف)

$$+\frac{ن(ن-۱)}{۲\lfloor} \text{جب}^{ن-۲}\text{فہ جم}(ن-۲)\text{طہ جب}^{۲}(\text{طہ}-\text{فہ})+\ldots+\text{جب}^{ن}(\text{طہ}-\text{فہ})$$

جہاں ن ایک مثبت صحیح عدد ہے۔

۳۱ ۔ ثابت کرو کہ متماثلہ

$$\frac{\text{جم ۲ عہ}}{\text{جب}\frac{۱}{۲}(\text{عہ}-\text{بہ})\text{جب}\frac{۱}{۲}(\text{عہ}-\text{جہ})\text{جب}\frac{۱}{۲}(\text{عہ}-\text{ضہ})}=\text{ہ جب}\frac{۱}{۲}(\text{عہ}+\text{بہ}+\text{جہ}+\text{ضہ})$$

۳۲ ۔ ثابت کرو کہ $۱+\frac{۱}{۳}-\frac{۱}{۵}-\frac{۱}{۷}+\ldots=\frac{\pi}{۲\sqrt{۲}}$

۳۳ ۔ مستا (جم طہ + خ جب طہ) کو شکل ا + خ ب میں تحویل کرو اور اسلئے ثابت کرو کہ

$$\text{جم طہ}-\frac{۱}{۳}\text{جم ۳ طہ}+\frac{۱}{۵}\text{جم ۵ طہ}-\ldots=\pm\frac{\pi}{۴}$$

جہاں اوپر کی یا نیچے کی علامت لینی چاہئے بموجب اسکے کہ جم طہ مثبت ہے یا منفی

۳۴ ۔ ثابت کرو کہ لوک (۱+جم ۲ طہ + خ جب ۲ طہ) کی ایک قیمت لوک (۲ جم طہ) + خ طہ ہے جبکہ طہ، $-\frac{۱}{۲}\pi$ اور $\frac{۱}{۲}\pi$ کے درمیان واقع ہو۔ گریگوری کا سلسلہ اخذ کرو۔

ثابت کرو کہ جبتا (جم طہ + خ جب طہ) کی ایک قیمت ہے

$$\text{جم}^{۱}\sqrt{\text{جب طہ}}+\text{خ لوک}_{\text{و}}\left(\sqrt{\text{جب طہ}}+\sqrt{۱+\text{جب طہ}}\right)$$

جبکہ طہ، صفر اور $\frac{۱}{۲}\pi$ کے درمیان واقع ہو۔

۳۵ ۔ سلسلہ $\sum_{ن=۱}^{\infty}$ ا$_{ن}$ $\text{فو}^{(۲ن+۱)}$ جب $(۲ن+۱)$ ا کا مجموعہ معلوم کرو جہاں

$$\text{ا}_{ن}=\frac{۲}{۲ن+۱}-\frac{۱}{۲ن-۱}-\frac{۱}{۲ن+۳}$$

۳۶ ۔ کسی مثلث میں اگر ا > ج تو ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{جم ن ا}}{\text{ب}^{\text{ن}}} = \frac{1}{\text{ج}^{\text{ن}}}\left\{1 + \text{ن}\frac{\text{ا}}{\text{ج}}\text{جم ب} + \frac{\text{ن(ن+۱)}}{\text{۲}}\frac{\text{ا}^{\text{۲}}}{\text{ج}^{\text{۲}}}\text{جم ۲ ب}\right.$$

$$\left. + \frac{\text{ن(ن+۱)(ن+۲)}}{\text{۳}}\frac{\text{ا}^{\text{۳}}}{\text{ج}^{\text{۳}}}\text{جم ۳ ب} + \ldots\right\}$$

(319)

۳۷ ۔ ثابت کرو کہ

$$(\text{مس ا لا})^{\text{۲}} = \text{لا}^{\text{۲}} - \frac{1}{4}(1+\frac{1}{2})\text{لا}^{\text{۴}} + \frac{1}{3}(1+\frac{1}{3}+\frac{1}{5})\text{لا}^{\text{۶}} - \ldots$$

$$+ \frac{(-1)^{\text{ن-۱}}}{\text{ن}}\left(1+\frac{1}{3}+\ldots+\frac{1}{\text{۲ن-۱}}\right)\text{لا}^{\text{۲ن}} + \ldots$$

جہاں لا ± ۱ کے درمیان واقع ہے۔

۳۸ ۔ اگر ع = لوک مس $(\frac{\pi}{4} + \frac{1}{2}\text{لا})$ = لا + $\frac{1}{3}$ لا^{۳} + $\frac{1}{5}$ لا^{۵} + ...

تو ثابت کرو کہ لا = ع − $\frac{1}{3}$ ع^{۳} + $\frac{1}{5}$ ع^{۵} − .....

۳۹ ۔ مس $\left\{\text{خرج لوک}\frac{\text{ا} - \text{خ ب}}{\text{ا} + \text{خ ب}}\right\}$ کو منطق بناؤ۔

۴۰ ۔ ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{جم لا}}{\text{(ن-۱) ن+۱}} + \frac{\text{جم ۲ لا}}{\text{ن-۲ ن+۲}} + \ldots + \frac{\text{جم ن لا}}{\text{۲ن}}$$

$$= \frac{2^{\text{ن-۱}}(1+\text{جم لا})^{\text{ن}}}{\text{۲ن}} - \frac{1}{2(\text{ن})^{2}}$$

۴۱ ۔ اگر ن ایک مثبت صحیح عدد ہو اور

مس ط = ۱ + ن جم ط + ... + $\frac{\lfloor ن+ر-۲}{\lfloor ن-۱ \lfloor ر-۱}$ جم$^{ر-۱}$ ط جم (ر-۱) ط + ...

تو ثابت کرو کہ

۲ مس جب^{ن} ط = $\{(۱+(-۱)^{ن}\}(-۱)^{\frac{۱}{۲}ن}$ جم ن ط + $\{۱-(-۱)^{ن}\}(-۱)^{\frac{۱}{۲}(ن-۱)}$ جب ن ط

۴۲ ۔ ثابت کرو کہ مس مس مس ... مس لا (ن ماسوں تک) کا پھیلاؤ ہے

لا + ۲ن $\frac{\text{لا}^{۳}}{\lfloor ۳}$ + ۴ن (۵ن - ۱) $\frac{\text{لا}^{۵}}{\lfloor ۵}$ + $\frac{۸ن}{۳}$ (۵۷ن^{۲} - ۸۴ن + ۱۱) $\frac{\text{لا}^{۷}}{\lfloor ۷}$ + ...

۴۳ ۔ اگر مس ($\frac{۱}{۴}$ عہ - فہ) = مس ۳ $\frac{۱}{۴}$ عہ تو ثابت کرو کہ

فہ = $\frac{۱}{۳\times۱}$ جب عہ - $\frac{۱}{۳^{۳}\times۲}$ جب ۲ عہ + $\frac{۱}{۳^{۵}\times۳}$ جب ۳ عہ - ....

۴۴ ۔ اگر مس ط < ۱ تو ثابت کرو کہ

مس^{۲} ط - $\frac{۱}{۲}$ مس^{۴} ط + $\frac{۱}{۳}$ مس^{۶} ط - .... = جب^{۲} ط + $\frac{۱}{۲}$ جب^{۴} ط + $\frac{۱}{۳}$ جب^{۶} ط + ...

۴۵ ۔ ثابت کرو کہ

۱ + $\frac{ن(ن-۱)}{\lfloor ۳}$ + $\frac{ن(ن-۱)(ن-۲)(ن-۳)}{\lfloor ۶}$ + $\frac{ن(ن-۱)(ن-۲)(ن-۳)(ن-۴)(ن-۵)}{\lfloor ۹}$ + ...

$= \frac{۱}{۳}\left\{۲^{ن}+(-۱)^{ن}\times۲ \text{ جم } \frac{۲ن\pi}{۳}\right\}$

۴۶ ۔ ثابت کرو کہ مساواتیں

لا^{۲} جب ۲ عہ + ما^{۲} جب ۲ بہ + ی^{۲} جب ۲ جہ - ۲ ما ی جب (بہ + جہ) - ۲ ی لا جب (جہ + عہ)
- ۲ لا ما جب (عہ + بہ) = ۰،

لا^{۲} جم ۲ عہ + ما^{۲} جم ۲ بہ + ی^{۲} جم ۲ جہ - ۲ ما ی جم (بہ + جہ) - ۲ ی لا جم (جہ + عہ)
- ۲ لا ما جم (عہ + بہ) = ۰،

حسب ذیل قیمتوں کے جوڑوں میں سے کسی سے پوری ہوتی ہیں :-

لا : ما : ی = جب^{2} $\frac{1}{2}$ (بہ - جہ) : جب^{2} $\frac{1}{2}$ (جہ - عہ) : جب^{2} $\frac{1}{2}$ (عہ - بہ)

یا = جب^{2} $\frac{π}{2}$ (بہ - جہ) : جم^{2} $\frac{1}{2}$ (جہ - عہ) : جم^{2} $\frac{1}{2}$ (عہ - بہ)

یا = جم^{2} $\frac{1}{2}$ (بہ - جہ) : جب^{2} $\frac{1}{2}$ (جہ - عہ) : جم^{2} $\frac{1}{2}$ (عہ - بہ)

یا = جم^{2} $\frac{1}{2}$ (بہ - جہ) : جم^{2} $\frac{1}{2}$ (جہ - عہ) : جب^{2} $\frac{1}{2}$ (عہ - بہ)

۴۷ ۔ اگر طہ کی مختلف قیمتیں طہ$_{1}$، طہ$_{2}$، طہ$_{3}$، طہ$_{4}$ ہوں جو مساوات (320)

ا جم ۲ طہ + ب جب ۲ طہ + ج جم طہ + د جب طہ + ع =

کو پورا کرتی ہیں تو ثابت کرو کہ

$$\frac{ا}{\text{جم س}} = \frac{ب}{\text{جب س}} = \frac{-ج}{2\,\text{جم}(\text{س}-\text{طہ})} = \frac{-د}{2\,\text{جب}(\text{س}-\text{طہ})} = \frac{ع}{2\,\text{جم}\frac{1}{2}(\text{طہ}+\text{طہ}_{2}-\text{طہ}_{3}-\text{طہ}_{4})}$$

جہاں ۲ س = طہ$_{1}$ + طہ$_{2}$ + طہ$_{3}$ + طہ$_{4}$

۴۸ ۔ ثابت کرو کہ

(-۱)$^{\frac{1}{2}ن}$ مس^{ن} طہ = ۱ - ن قط^{2} طہ جم^{2} طہ + $\frac{ن(ن-۲)}{\lfloor ۲}$ قط^{4} طہ جم^{4} ۲ طہ - ...، (ن جفت)

(-۱)$^{\frac{1}{2}(ن-۱)}$ مس^{ن} طہ = ن قط طہ جب طہ - $\frac{ن(ن-۱)}{\lfloor ۲}$ قط^{2} طہ جب ۲ طہ + ...، (ن طاق)

۴۹ ۔ اگر جب$^{-1}$ لا = ا$_{1}$ لا + ا$_{3}$ لا^{3} + ا$_{5}$ لا^{5} + ... تو ثابت کرو کہ سلسلہ

ا$_{3}$ لا^{3} + ا$_{9}$ لا^{9} + ا$_{15}$ لا^{15} + ...

کا مجموعہ $\frac{1}{3}\left\{\text{جم}^{-1}\left(\frac{3لا - لا^{3}}{1 - 3لا^{2}}\right) + \text{جب}^{-1}لا\right\}$ ہے۔

۵۰ ۔ اگر مساوات لا^{ن} + ب$_{1}$ لا$^{ن-1}$ + ب$_{2}$ لا$^{ن-2}$ + ... + ب$_{ن}$ = ۰ کی ن اصلیں عہ، بہ، جہ، ... ہوں تو ثابت کرو کہ

$$\text{مس}^{-1}\frac{\text{عہ جب طہ}}{\text{عہ جم طہ} - \text{لا}} + \text{مس}^{-1}\frac{\text{بہ جب طہ}}{\text{بہ جم طہ} - \text{لا}} + \dots\dots$$

$$= \text{مس}^{-1}\frac{\text{ب}_1 \text{جب طہ} \times \text{لا}^{\text{ن}-1} + \text{ب}_2 \text{جب ۲ طہ} \times \text{لا}^{\text{ن}-2} + \dots + \text{ب}_{\text{ن}} \text{جب ن طہ}}{\text{لا}^{\text{ن}} + \text{ب}_1 \text{جم طہ} \times \text{لا}^{\text{ن}-1} + \text{ب}_2 \text{جم ۲ طہ} \times \text{لا}^{\text{ن}-2} + \dots + \text{ب}_{\text{ن}} \text{جم ن طہ}}$$

۵۱ — اگر $(1-\text{ج})\,\text{مس طہ} = (1+\text{ج})\,\text{مس فہ}$ تو سلسلوں

$\text{ج جب ۲ طہ} - \frac{1}{2}\text{ج}^2\text{جب ۴ طہ} + \frac{1}{3}\text{ج}^3\text{جب ۶ طہ} - \dots$

$\text{ج جب ۲ فہ} + \frac{1}{2}\text{ج}^2\text{جب ۴ فہ} + \frac{1}{3}\text{ج}^3\text{جب ۶ فہ} + \dots$

میں سے ہر ایک طہ − فہ کے مساوی ہے جہاں طہ اور فہ ایک ساتھ معدوم ہوتے ہیں اور ج < ۱ −

۵۲ — ثابت کرو کہ

$$\text{جم}\frac{1}{3}\pi + \frac{1}{2}\text{جم}\frac{2}{3}\pi + \frac{1}{3}\text{جم}\frac{3}{3}\pi + \dots \infty \text{ تک} = 0$$

۵۳ — ثابت کرو کہ سلسلہ

$$\text{جم لا} + \frac{1}{3\times 2}\text{جم ۳ لا} + \frac{3\times 1}{5\times 4\times 2}\text{جم ۵ لا} + \frac{5\times 3\times 1}{7\times 6\times 4\times 2}\text{جم ۷ لا} + \dots$$

حسب ذیل قیمتیں اختیار کرتا ہے

(۱) $\text{جب}^{-1}(\text{جم}\frac{1}{2}\text{لا} - \text{جب}\frac{1}{2}\text{لا})$، جبکہ $\pi > \text{لا} >$ −

(۲) $-\text{جب}^{-1}(\text{جم}\frac{1}{2}\text{لا} + \text{جب}\frac{1}{2}\text{لا})$، جبکہ $2\pi > \text{لا} > \pi$

۵۴ — اگر $\text{ج} = \text{جم}^2\text{طہ} - \frac{1}{3}\text{جم}^3\text{طہ جم ۳ طہ} + \frac{1}{5}\text{جم}^5\text{طہ جم ۵ طہ} - \dots$

تو ثابت کرو کہ $\text{مس ۲ ج} = 2\,\text{مم}^2\text{طہ}$

۵۵ — ثابت کرو کہ

$$\text{عہ جم}^{\text{ن}}\text{جب}(\text{عہ جب بہ}) + \text{عہ جم}^{\text{ن}-1}\text{جب}(\text{عہ جب ۲ بہ}) + \dots \text{عہ جم}^{\text{ن}-(\text{ن}-1)}\text{جب}\{\text{عہ جب (ن − ۱) بہ}\} =$$

اگر بہ $= 2\pi \setminus \text{ن}$ −

۵۶ ــ ثابت کرو کہ

جب طہ × جب طہ ــ $\frac{1}{2}$ جب ۲طہ جب^{2} طہ + $\frac{1}{3}$ جب ۳طہ جب^{3} طہ ــ ...

$= \text{مم}^{-1}(1 + \text{مم طہ} + \text{مم}^{2}\text{ طہ})$

(321)

۵۷ ــ ثابت کرو کہ

لوک (قم لا) $= 2(\text{جم}^{2}\text{ لا} - \frac{1}{2}\text{ جب}^{2}\text{ ۲لا} + \frac{1}{3}\text{ جم}^{2}\text{ ۳لا} - \frac{1}{4}\text{ جب}^{2}\text{ ۴لا} + \ldots)$

۵۸ ــ ثابت کرو کہ

$\text{جم}^{-1}(1-\text{لا}) = \sqrt{2\text{لا}}\left\{1 + \frac{1}{3}\times\frac{1}{2}(\frac{\text{لا}}{2}) + \ldots + \frac{1}{2\text{ن}+1}\frac{1\times3\times5\ldots(2\text{ن}-1)}{2\times4\times6\ldots2\text{ن}}(\frac{\text{لا}}{2})^{\text{ن}}\right.$

$\left. + \ldots\ldots\ldots\right\}$

۵۹ ــ ثابت کرو کہ سلسلہ

$1 - \frac{1}{2}\text{جم طہ} + \frac{1\times3}{2\times4}\text{جم ۲طہ} - \frac{1\times3\times5}{2\times4\times6}\text{جم ۳طہ} + \ldots$ کا مجموعہ $\frac{\text{جم}^{\frac{1}{2}}\text{ طہ}}{\text{جم}\frac{1}{2}\text{ طہ}}$

ہے جہاں طہ، $\pm\pi$ کے درمیان واقع ہے ــ

امثلہ ذیل کے لامتناہی سلسلوں کا مجموعہ معلوم کرو:ــ

۶۰ــ جم طہ ــ $\frac{1}{3}$ جم ۳طہ + $\frac{1}{5}$ جم ۵طہ ــ .....

۶۱ــ $1 - \frac{\text{جم ۲طہ}}{|2} + \frac{\text{جم ۴طہ}}{|4} - \ldots\ldots\ldots$

۶۲ــ $\text{جم طہ} + \frac{\text{قم طہ}}{|1}\text{جم ۲طہ} + \frac{\text{قم}^{2}\text{ طہ}}{|2}\text{جم ۳عہ} + \ldots\ldots$

۶۳ــ جم طہ جم ۲طہ + جم ۲طہ جم ۳طہ + $\frac{1}{|2}$ جم ۳طہ جم ۴طہ

$+ \frac{1}{|3}$ جم ۴طہ جم ۵طہ + ...

۶۴۔ جب ط − $\frac{1}{3}$ جب ۳ ط + $\frac{1}{5}$ جب ۵ ط − ..... ۔

۶۵۔ $\frac{\text{جم ط}}{3\times2\times1} + \frac{\text{جم ۲ ط}}{4\times3\times2} + \frac{\text{جم ۳ ط}}{5\times4\times3} + \dots$ ۔

۶۶۔ جم ع + $\frac{\text{جم (ع + ۲ ب)}}{3} + \frac{\text{جم (ع + ۴ ب)}}{5} + \dots$ ۔

۶۷۔ جم ط جم ف − $\frac{1}{2}$ جم ۲ ط جم ۲ ف + $\frac{1}{3}$ جم ۳ ط جم ۳ ف − .... ۔

۶۸۔ مس ع جب ۲ لا + $\frac{\text{مس}^2 \text{ع جب ۳ لا}}{2} + \frac{\text{مس}^3 \text{ع جب ۴ لا}}{3} + \dots$ ۔

۶۹۔ $1 + \frac{\text{جم ط}}{\text{فو}}$ جم (جب ط) + $\frac{\text{فو}^2 \text{ جم ط}}{2}$ جم (۲ جب ط) + $\frac{\text{فو}^3 \text{ جم ع}}{3}$ جم (۳ جب ط) + ۔

۷۰۔ جب ط × جب ظ − $\frac{1}{2}$ جب^2 ط × جب ۲ ظ + $\frac{1}{3}$ جب^3 ط × جب ۳ ظ − ..... ۔

۷۱۔ م جب ع − $\frac{1}{2}$ م^2 جب^2 ۲ ع + $\frac{1}{3}$ م^3 جب^3 ۳ ع − .... ، جہاں م < ۱ ۔

(322)

سولھواں باب

زائدی تفاعلات

۲۵۸ ــ زائدی جیب التمام، جیب، مماس، .... کی تعریف پندرہویں باب میں مساواتوں

جمزع = ½ (قوع + قوٗع)، جیزع = ½ (قوع - قوٗع)، مسزع = جیزع \ جمزع،

ممزع = ۱ \ مسزع، قطزع = ۱ \ جمزع، قمزع = ۱ \ جیزع

کے ذریعہ ہو چکی ہے جہاں قوت نما قوٗ، قوٗ اپنی صدر قیمتیں رکھتے ہیں۔ یہ زائدی تفاعل، خزع کے دائری تفاعلوں کی رقوم میں حسب ذیل مساواتوں کے ذریعہ بیان ہوتے ہیں:-

جمزع = جم خزع، جیزع = - خ جب خزع، مسزع = - خمس خزع،

ممزع = خ مم خزع، قطزع = قط خزع، قمزع = خ قم خزع

زائدی تفاعلوں کے درمیان رشتے

۲۵۹ ــ زائدی تفاعلوں کے درمیان حسب ذیل رشتے تعریفوں سے فوراً حاصل ہوتے ہیں:-

جمزع² - جیزع² = ۱، ..... (۱)

قطز^{۲} ع + مسز^{۲} ع = ۱، . . . . . (۲)

ممز^{۲} ع + قمز^{۲} ع = ۱، . . . . . (۳)

یہ رشتے دائری تفاعلوں کے درمیان حسب ذیل رشتوں

جم^{۲} ط + جب^{۲} ط = ۱، قط^{۲} ط − مس^{۲} ط = ۱، قم^{۲} ط − مم^{۲} ط = ۱

کے جواب میں ہیں اور انہیں ط = خ ع رکھنے سے فوراً اخذ ہوتے ہیں۔ رشتوں (۱)، (۲)، (۳) سے اور زائدی تفاعلوں کی تعریفوں کی مدد سے کسی بھی زائدی تفاعل کو کسی دوسرے زائدی تفاعل کی رقوم میں بیان کیا جا سکتا ہے۔ نتائج حسب ذیل جدول میں دئے گئے ہیں۔ (328)

	جزء = لا	جمز ع = لا	مسز ع = لا	ممز ع = لا	قطز ع = لا	قمز ع = لا
جزء =	لا	$\sqrt{لا^{۲}-۱}$	$\frac{لا}{\sqrt{۱-لا^{۲}}}$	$\frac{۱}{\sqrt{لا^{۲}-۱}}$	$\frac{\sqrt{۱-لا^{۲}}}{لا}$	$\frac{۱}{لا}$
جمز ع =	$\sqrt{۱+لا^{۲}}$	لا	$\frac{۱}{\sqrt{۱-لا^{۲}}}$	$\frac{لا}{\sqrt{لا^{۲}-۱}}$	$\frac{۱}{لا}$	$\frac{\sqrt{۱+لا^{۲}}}{لا}$
مسز ع =	$\frac{لا}{\sqrt{۱+لا^{۲}}}$	$\frac{\sqrt{لا^{۲}-۱}}{لا}$	لا	$\frac{۱}{لا}$	$\sqrt{۱-لا^{۲}}$	$\frac{۱}{\sqrt{۱+لا^{۲}}}$
ممز ع =	$\frac{\sqrt{۱+لا^{۲}}}{لا}$	$\frac{لا}{\sqrt{لا^{۲}-۱}}$	$\frac{۱}{لا}$	لا	$\frac{۱}{\sqrt{۱-لا^{۲}}}$	$\sqrt{۱+لا^{۲}}$
قطز ع =	$\frac{۱}{\sqrt{۱+لا^{۲}}}$	$\frac{۱}{لا}$	$\sqrt{۱-لا^{۲}}$	$\frac{\sqrt{لا^{۲}-۱}}{لا}$	لا	$\frac{لا}{\sqrt{۱+لا^{۲}}}$
قمز ع =	$\frac{۱}{لا}$	$\frac{۱}{\sqrt{لا^{۲}-۱}}$	$\frac{\sqrt{۱-لا^{۲}}}{لا}$	$\sqrt{لا^{۲}-۱}$	$\frac{لا}{\sqrt{۱-لا^{۲}}}$	لا

جمع کے ضابطے

۲۶۰ — چونکہ جمز(ع ± و) = جم خ(ع ± و) = جم خ ع جم خ و ∓ جب خ ع جب خ و

پس جمز(ع ± و) = جمز ع جمز و ∓ جبز ع جبز و ، ..... (۴)

اسی طرح جبز(ع ± و) = جبز ع جمز و ± جمز ع جبز و ، ..... (۵)

یہ زائدی جیب التمام اور جیب کے لئے جمع کے ضابطے ہیں، بلاشبہ انکی تصدیق ان تفاعلوں کی قوت نما قیمتوں کو درج کرنے سے ہو سکتی ہے۔

(۴) اور (۵) سے ہم اخذ کرتے ہیں

$$\text{مسز}(ع \pm و) = \frac{\text{مسز ع} \pm \text{مسز و}}{1 \mp \text{مسز ع مسز و}} \text{ ، ..... (۶)}$$

$$\text{ممز}(ع \pm و) = \frac{\text{ممز ع ممز و} \pm 1}{\text{ممز و} \pm \text{ممز ع}} \text{ ، ..... (۷)}$$

۲۶۱ — چونکہ جبز(ع + و) + جبز(ع − و) = ۲ جبز ع جمز و ،

جبز(ع + و) − جبز(ع − و) = ۲ جمز ع جبز و ،

جمز(ع + و) + جمز(ع − و) = ۲ جمز ع جمز و ،

اور جمز(ع + و) − جمز(ع − و) = ۲ جبز ع جبز و ،

اسلئے ع، و کو علی الترتیب $\frac{1}{2}(ع + و)$، $\frac{1}{2}(ع - و)$ میں بدلنے سے (324)

حسب ذیل ضابطے حاصل ہوتے ہیں

$$\left.\begin{array}{l} \text{جبز ع + جبز و} = 2 \text{ جبز} \frac{1}{2}(ع+و) \text{ جمز} \frac{1}{2}(ع-و) \text{ ،} \\ \text{جبز ع − جبز و} = 2 \text{ جمز} \frac{1}{2}(ع+و) \text{ جبز} \frac{1}{2}(ع-و) \text{ ،} \\ \text{جمز ع + جمز و} = 2 \text{ جمز} \frac{1}{2}(ع+و) \text{ جمز} \frac{1}{2}(ع-و) \text{ ،} \\ \text{جمز ع − جمز و} = 2 \text{ جبز} \frac{1}{2}(ع+و) \text{ جبز} \frac{1}{2}(ع-و) \text{ ،} \end{array}\right\} \text{ ... (۸)}$$

یہ ضابطے دو زائدی جیوب یا جیوب التمام کو جمع کرنے یا تفریق کرنیکے لئے ہیں۔

ضعفوں یا تحت ضعفوں کیلئے ضابطے

